دیوانِ حبیب

از

سید محمد کاظم حبیب موسوی لکھنوی کنتوری

حیدرآباد دکن

مطبع شمسی

۱۳۱۹ھ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

باہتمام محمد ابراہیم خان اکبرآبادی در بلدہ حیدرآباد دکن

[illegible]

تقریظات

ترتیب دیوان

تقریظ دیوان چکیده خامه جناب فضیلت پناه حقیقت و معارف دستگاه عمدة المولوی سید بهاء الدین المدعو به محمد عبد الله التقوی الکنتوری قدس سره

حمد را با تو نسبتی است درست — بر در هر که رفت بر در تست

همای خامه را بال کشای پرواز بسمت رفیع حمد بلند آن محمودی است که کلام بلاغت نظامش مطلع مهر تابان نوع بنوع صنائع و اسرار و شاه بیت اوج سخن است بنا بر تصدیق اعجاز مختار که به اشاره انگشت سبابه او جرم قمر دو نیمه شد به رنگ مصراع و در کنی جهانیان [illegible] موزون ارسی [illegible] مدحش را نیرو [illegible] کجا که تا رفت حمد و نعت آن احمدی که همانا این احمد بی میم یکتا و آل و اصحاب انقیاد منقیا به [illegible] و خویشتن را بر سر این [illegible] انگیز [illegible] پس از حمد بر زبان اشعار [illegible] به تحمید و صلوة و تسلیم گزارش دادن لازم [illegible] گزارش [illegible] با ظهار آنچه بحرف باطن [illegible] تحتم که درین زمانه کساد آشیانه کلامی از [illegible] شگاف بگوشش درخورد [illegible] کلام سابقان و لاحقان [illegible] کرده سبب [illegible] گردید [illegible] در گرفت که از که چنین ها ظهور پذیرفت فصاحتش [illegible] گویا [illegible] فصیح و بلیغی است که سحبان وائل [illegible] است و کعب ابن [illegible] گ[illegible]ند

واشاعتِ اشعهٔ سخنش مگر که ظهوری را ظهورے ۔ نے نے بل اعجاز نظم و نثرش کراز
دیوان و منشآتش هویداست بلا شائبه امتراء ید بیضاوی الکلیم ازان پیداست ۔
ینعم علی جنّتهِ النعیم صداے [illegible] اندگان اشعار اوست ۔ و یزری علی نسیم التسنیم
نداے بویندگان نفحات فقرات نثر آبدار او ۔ حقا که اوست محبوب سخن رسان
و حبیبِ سخنوران کلامش را اگر تاج سر سخنوران دانم پندارم که سخنے لاجواب
است و شخصش را اگر افسر فرقِ سخندانان گویم ۔ برآنگارم که سخنے سراسر حق و صواب
حروفِ عشرهٔ فصاحت و بلاغت بهم گر بشرست که بلسانِ [illegible] عشرهٔ مارا خاص
در کلامش تراز بخشیده اند ۔ و مهارت در محاوره و زبان دانی را نازے است
که الحق مراد و ذاتِ کمالات آیاتش بمو داے قد قرّ الحق الی مکانه آخر باستواری و
استقرار رسانیده ۔ همانست که محرز قصبات السّبق در مضمار سخن گو [illegible] بادر [illegible]
است ۔ و بله سخنش را از هر جنس گران سنگے بیش عرشیان چه [illegible] از [illegible] و ادبین
نامش که محمد باقر کاظم است آشکار و چه آشکار که همواره پایدار ۔ و از ینست که هواے
اشعار در سرش پیچید ۔ و به تدوین دیوانے گردید که اینک [illegible] دانشوران [illegible] ادگان
[illegible] بزمِ نظّارِ سخن را باعث هزاران انبساط و سرور ۔ و والهانِ غزاله غزل را ناشیٔ
بے پایان نشاط و حبور هر چند در ارو دست ۔ فاما کلامی است که به همسری مغز سراپا نغز
آن لسانِ عربی را امکِ [illegible] نیست ۔ و پارسی را پارسے [illegible] ۔ بود [illegible] اطوار [illegible]
و آثار لیل و نهار که طبائع بنی نوع انسا[illegible]
وابسوسے آسانی و ناز [illegible]

بـ[illegible]

برگ ریزی خزان از حسرت نادیده دست رسی خویش در قعر عدم پنهان - از انجا که منشیٔ فقرات تقریظ و ابیات تاریخ الف و الیاے چند دست کم شمار را با ارکان - پس ختم بر تاریخ پسندیده شعرے چند از طبع ناموزون که چنین آوردها چنان اوست موزون گردیده وهی هذا

وله تاریخ

ایا شاعر بے عدیل و همال
سبا پاے تو نور عین جمال
کلامم فصیح تو هر کس شنفت
که سبحان چو ان ترا در سخن
محمد کرا ناظمت نام شد
به چون تو او سیے تماشر [illegible]
فصاحت همه آن زبان تو
مرا فکر تاریخ ترتیب بود
بر اندیشه ام سر تراشی دلیس
سخے تازه دیوان که تاریخ او

سخن سنج ذی فهم و صاحب کمال
ز نظمت شده تیره عین الکمال
همین گفت چون من بلا قیل و قال
نموداست بیچون و هم بے مثال
شده بر سیادت همین اسم و ال
دلیل است بیّن بر این کُل حال
بلاغت به هر شعر آنست حال
که این فرد آورد بیک خیال
فصیحش به مینی و شیرین مقال
۱۳۰۹ سنه ۱۳۰۶
هزار است و سیصد بشش هفت سال

تقریظ دلپذیر ریختۂ خامۂ مودت شمامۂ سرآمد شعرائے دکن ماہر علم و فن مرحوم جناب میر کاظم علی خان صاحب شعلہ خلف الصدق جناب میر احمد علی خانصاحب شہید دہلوی اعلی اللہ مقامہما فی اعلی علیین در صنعت تعطیل *

حمد داور داد گر را سرودم — و سر در درگاه او سودم

اللهم صل وسلم علی رسوله الاطهار واله الاحرار ۵

صل علی روح رسول الورا — صل علی روح امام الهدا

که سراسر کلام گرم صدر مکرم رعد آسا را مطالعه کردم دلم سرور حاصل کرد و همه مراد کامل اولاً سر کلک مرا محرک مدعا کرده ام و مدح کلام او را ادا کرده ام - مادام در مدح او سرگرمم - و همواره مادح صدر مکرمم ۵

کلام او سراسر طور آمد — که در مصرع دلم مسرور آمد

الحاصل که ماه کمال او در هر سواد ملک ساطع آمده و مهر کلام او در کل ممالک لامع والله که هر هر مصراع کلام او سحر حلال دارد و هر سطر او سلک گوهر کمال کردگار همه آدم و داور کل عالم او را الا کلام اسم ملک الکلام عطا کرده و دل آگاه و صدر او را کل کمال داده ۵

سحر حلال کامده در هر کلام واه — در هر کلام کامده سحر حلال واه

عالم و ماهر کمال علوم — همه کس را کلام او معلوم

الله الله واه واه صد واه واه — والله که او در عرصه کلام سام آمده -

دم معرکہ دم کلک او دم حسام ۔ در سواد ہر ہر سطر او محو اوج حور گردد ۔ ہر کس کہ او را مطالعہ کردہ مدام دل او مسرور گردد ۔ کلک او عطارد سما ۔ ہر دو مصراع او مطلع او لے ۔ حاصل کلام ہر کس مدّاح مکرّم ما در آمدہ و در ہر دل محامد او و ولا ؎

کلام او ہمہ اسرار آمد ۔۔۔ ہمہ مصراع او در کار آمد

ہر مصراع او ماہ سما آسا معلے و ہر مطلع گرم او مطلع مہر وار مطلا ۔ او مصدر ہمہ کمال و حکم ۔ و در کُلِّ علم و عمل عالم آسا عَلَم ۔ اللہ صمد او را مدام مسلم دار و عمر ممدود و طالع مسعود او را ہموارہ مکرم ؎

سحر حلال کردہ در ہر کلام ادا ۔۔۔ در ہر کلام کردہ سحر حلال ادا

داور حاور طالع او را ہر دم مسعود و محمود و مکرم دارا د و دور سما را مساعد او و ما دم ؎

ساطع مدام لمعہ مہر کلام او ۔۔۔ دار دالہ دور کمال ہر دوام او ۔۔۔ والسلام

قطعۂ تاریخ

ہست سید کاظم او استاد سخن ۔۔۔ عرصہ گاہ نظم را یک شہسوار

گفت دیوانے فصیح و ہم بلیغ ۔۔۔ کاین کلام آمد از وبس یادگار

مرحبا بر طبع نیکش مرحبا ۔۔۔ آفرین بر کلک فکرش صد ہزار

ہم سخنہا یش بود شاہ سخن ۔۔۔ در میانِ شاعران نامدار

نیک طبع و نیک فکر و نیک خلق ۔۔۔ نیک ذات و نیک خوئی ذی وقار

روز میدان سخن بہر عدوش ۔۔۔ ہست کلکِ دو زبانش ذوالفقار

بوئے اخلاقش بہمراہ صبا ۔۔۔ گر عبور آرد سوے ملک تتار

نافہ میریزد غزال تبتے ۔۔۔ بر قدمہاے وی از بہر نثار

گر وزد بر خس نسیم خلق او ۔۔۔ گل ببار آرد ہمی خس جائی خار

بر علو فکر او نازد فلک   بر درش خورشید بیساید عذار
جز بمداحی او نکشاده لب   بلبل از بستان و کبک از کوهسار
نی کسی زاده چو او در علم و فضل   زامّهات چار نیسان در فخار

بی نقط

دارد او را داور عالم مدام   گرد او مسرور و هردم کامگار
او که کامل آمده در کل علم   سعد دارد طالع او کردگار

تحت النقط

همچو سودا طبع صائب دارد او   دایم او را دار پا پروردگار
مطلع او بر لب هر کس بود   آمده هر مصرع او یادگار

فوق النقط

هست او استاد اندر هر سخن   آنکه ذاتش نادر آمد در شمار
آنکه هر شعر او شعر بے مثال   نثر او نثره صفت در روزگار

گفت شعله صوری و هم معنوی
اینک آمد سه صد و شش بر هزار
سنه ۱۳۰۶ هجری

وله

هست یکتای زمان فخر جهان سید حبیب   یک قلم دیوان او چون جمع شد از فضل رب
صوری و هم معنوی هاتف بگوش شعله گفت   یکهزار و سه صد و شش سال طبع آمد عجب
سنه ۱۳۰۶ هجری

ایضاً قطعہ تاریخ اردو

شکر خدا چھپ گیا طبع کلام حبیب — فرش سے ہی عرش تک سکہ نام حبیب
نشۂ بادے سے ہو گیا مست سدا وہ رہا — جو مے اشعار کا پی گیا جام حبیب
معنی و مضمون شوخ رہتا ہی انکی رکاب — مرکب فکر سخن آج ہے رام حبیب
[illegible] کے واسطے اب خون ہی جاری ہی — معرکہ نظم مین تیز حسام حبیب
نظم کی اقسام مین ایک یہ اوستاد ہین — صورت شمع متانت بلند اب ہے مقام حبیب
جتنے تھے شاعر فضول آپ سے پس پا ہوے — نظم کی جب بزم مین آگیا گام حبیب
سحر بیانی اگر آپ کی کرلے نظر — شاہ سخن کسطرح ہونہ غلام حبیب
منبع اخلاق ہین معدن اشفاق ہین — خاص ہے احباب پر شفقت عام حبیب
شاعر معجز بیان ایسا نہ دیکھا کبھی — آتش و ناسخ سا ہی ہند مین نام حبیب
آپ سے شاعر کے فیض سخن پائے ہین — جاری رہی حشر تک فیض مدام حبیب
آپ کے ہر شعر کو [illegible] نہو معراج آج — عرش سخن کا ہی فرش رفعت بام حبیب

جمع کا دیوان کے شعلہ نے لکھا ہے سال
برق صفت گرم ہے کیا ہے کلام حبیب
سنہ ۱۳۰۶ ہجری

قطعہ تاریخ طبعزاد جناب میرزا ابوالمکارم محمد تقی خلف الصدق مرحوم قاسم علی بیگ المتخلص بعابد تلمیذ سید حضرت میر کاظم علی خان شعلہ مرحوم

سید کاظم علی دیوان جمع کرد — در سخن زان شد عیان شان حبیب

ناظم یکتا بود اندر کلام	ناثر خوش فکر و در طرز عجیب
فی المثل او طوطی ہند آمدہ	نکتہ سنج و عارف و کامل ادیب
نیّر برج سیادت ذات اوست	گوہر دُرجِ فصاحت خوش نصیب
جمع فرمودہ است دیوانی فصیح	ہست کامل در سخن شخص لبیب
سال جمعش با تقی رضوان بگفت	گلشنِ بیخار دیوان حبیب
	سنہ ۱۳۰۶ ہجری

قطعہ تاریخ طبعزاد جناب حکیم سید نوازش علی صاحب لمعہ خلف اکبر حضرت میر کاظم علیخانصاحب شعلہ مغفور

چو جمع گشت کلام حبیب خوش تقریر	فصیح و گرم و لطیف و بلیغ و ہم اعلےٰ
چو مہر چرخ سخن گویمش روا باشد	کہ نثر اوست چو نثرہ و شعر چون شعرےٰ
بگفت ہاتف غیبی بہ لمعہ تاریخش	زہے کلام فصاحت نشان و لطف فزا
	۱۳۰۶ھ

قطعہ تاریخ نتیجۂ فکر شفیقی جناب حکیم سید ثروت علی صاحب لکھنوی وکیل تخلص تلمیذ حضرت شیفتہ کنتوری

خوشا عہدِ فرخ زہے وقت سعد	کہ فرمود تدوینِ دیوان حبیب
چہ دیوان سراپا فصیح و بلیغ	مضامین بدیع و معانی غریب
ندا کرد عیسےٰ پے سال او	نہالیست از باغ فکر حبیب
	سنہ ۱۲۹۹ع

تقریظ رنگینہ کلک گہر سلک عالیجناب بلاغت انتساب مداح خاندان حضرت نبوی منقبت خوان دودمان مرتضوی میرزا محمد جعفر صاحب اوج ادامہ اللہ الی یالقی الفرد والزوج خلف سلطان الذاکرین جناب میرزا سلامت علی صاحب دبیر مرحوم

بسم اللہ خیر الاسما حصرت عن بیان صفاتہ السنۃ البلغا ۔ وقصرت عن ادراک حقیقتہ عقول الحکما صل علی محمد و آلہ ۔ اما بعد بمضمون آیۂ وافی ہدایۂ الا الذین امنوا وعملوا الصالحات و بموجب حدیث شریف ان من الشعر لحکمۃ ۔ صناعۃ شعریہ کہ عموماً یہ مسائل حکمیہ مستلزم ہو اپنے دیگر اصناف تخیل سے کالبدر فی المشرقین ممتاز ہے اور بسکہ بہترین مسائل حکمیہ اخلاق حضرات چہاردہ معصومین صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین کے اذکار اخیار ہیں پس خصوصاً ان بیانات پر مبنی ہونا فی الدارین موجب اعزاز ہے ۔ ازانجا کہ ہنگام قیام چند روزہ حیدرآباد فرخندہ بنیاد جہان اور نعمتہائے متراکب اور فرحت ہائے متعاقب سے بہرہ اندوزی ہوئی ہے امسال بسماعت بعض اشعار بلاغت اشعار عمدۃ الشعرا نخبۃ المتکلمین لبیب حبیب جناب سید محمد کاظم صاحب حبیب کنتوری سے بھی بہرہ یابی ہوئی ۔ ماشاء اللہ کیا کہنا ہے فاضل دوست کی اصلی زبان زبان علما و ثقات ہے ۔ شکوہ الفاظ و سطوت بندش و خوبی رعایات و خوش اسلوبی کنایات کے ساتھ ایسی ایسی غزلیں مشکل طرحوں میں کہی ہیں کہ باید و شاید جنکی تعریف میں زبان قلم قاصر ہے سبحان اللہ وبحمدہ لبس الاحقر محمد جعفر اوج (

تاریخ چکیدۂ خامۂ عنبر شمامہ اکمل الشعرا اجل البلغا و افصح الفصحا عالم علوم ربانی واقف نکات
بیان و معانی حضرت عمدۃ الشعرا جناب مولوی سید کاظم حسین صاحب نقوی الکنتوری المتخلص بہ شیفتہ دام فیوضہم

دیوان چھپا حبیب کنتوری کا — حرفوں کی کشش ہے حسین داماں خیال
سطر سے مضامین مسلسل ہیں بندھے — ہر سطر بنی ہے زلف پیچاں خیال
الفاظ متین اور معانی دلچسپ — ہیں صدر نشین بزم ایوان خیال
افکار بلند نے دکھایا ہے صاف — ہر ایک غزل میں ساز و سامان خیال

گلچین خرد نے سال فصلی ہے لکھا
دیوان حبیب ہے گلستان خیال
۱۳۱۰ فصلی

تقریظ و تاریخ منظوم

از جناب فضیلت مآب کمالات انتساب جامع المعقول والمنقول حاوی الفروع والاصول صاحب التصانیف العدیدۃ المفیدہ مولف الاسفار الکبیرۃ السدیدہ ابوالفرح دہر صدر الدین عصر ثانی شیخ الرئیس مثیل ارسطاطالیس مولوی حکیم وکیل احمد سکندرپوری متخلص بہ عاجز دام مجدہ العالی بالبقی الایام واللیالی

بنام آنکہ تا شد نقش پرداز — ز ہر نقشے نمود آئینۂ راز
بہر امید رنگ حیرتے ریخت — دران نقش و نگار طرفہ انگیخت
زبس نقش و نگار از رنگہا ساخت — درآن از رنگہا نیرنگہا ساخت

به بین صد نقش و هر نقشے دگرگون ⁂ هزاران آفرین بر کلک بیچون
قلم اول بلوح آسمان راند ⁂ بکرسی نقش خاک آنگاه بنشاند
زخوشرنگی نقش تازهٔ او ⁂ بگیتی شد بلند آوازهٔ او
خوشا نقشے که باشد هستی وے ⁂ دلیل ناطق تردستی وے
خوشا نقشے که شد بانی پرست آن ⁂ خوشا لفظے که از معنی پرست آن
اگر لفظ است در معنی ز کلکش ⁂ اگر عنبر و گر گوهر بسلکش
چنان این بزم از حسنش برافروخت ⁂ بر و پروانه و هم شمع را سوخت
لب شیرین ازو آمد شکربار ⁂ که زخم کوهکن زان شد نمکسار
بعذرا جلوهٔ حسن پری داد ⁂ بوامق چشم حیرت پروری داد
شکن پیرای دام زلف لیلی ⁂ جنون فرمای قیس سر بصحرا
بذکر او بود پیوسته بلبل ⁂ سحرخیز صباح خندهٔ گل
صبوح از یاد او نورانیان را ⁂ غذا از روح شد قوت جان را
بکشت فتنه کاران ژاله بار او ⁂ بخاک خاکساران لاله کار او
چمن سامان ز لطفش هر گیاهے ⁂ شکوه کوه در هر برگ کاهے
ازو دارد پری در شیشه انگور ⁂ که گردد از فسونش مست مستور
ستناسای زدرکش دست کوتاه ⁂ رسائے خود درین وادی ست گمراه
خمش عاجز ازین بیشهٔ اسرار ⁂ مکش بر روے معنی رنگ اظهار
زبان بربند و بکشا چشم ادراک ⁂ بکش کحل سواد ماعرفناک
بیا اے ساقی رعنا بریز او ⁂ ز تو جان و دل من عشرت ایجاد

بیا اے روئے تو آرائش گل — بیا اے دیدہ ات خمخانۂ مل
بیا اے ساقی خمخانۂ ناز — بیا اے گلعذار عشوہ پرداز
بدہ جامے کز و گردیم مخمور — بمدح کاظم استاد کنتور
حبیبے شاعرے شیرین بیانی — بلیغے ماہرے شیوا زبانے
بفطنت آفتاب برج ادراک — بفطرت چون گہر در درج ادراک
بہر علم از ضمیرش نکتہ سازے — بہر عقل از دلش شوخی طرازے
مزاجش از فراغ فکر عالی — چراغ افروز فانوس خیالی
ترنم از کلامش نغمہ پرداز — تبسم از لبش در خندۂ ناز
کلامش دلبر رعنا پریزاد — بیانش نو عروس حسن آباد
چو رنگین شاعرے گلشن طرازے — نسیمے واکن از ہر غنچہ رازے
چو مثل آتش آتش زبانے — چو انشا شاعرے روشن بیانے
چہ میرے میر میر د بر خیالش — حسن سودائے حسن مقالش
بود ذوقش فزون از ذوق غالب — بہ نظمش شیفتہ گردید طالب
بسوز از خوبی او داغ بر دل — دل عشق از کلامش برق منزل
چو او باشد بعالم فرد کامل — بجرئت کے شود مومن مقابل
بود شیدا وزیرش بر ہمہ قال — بود ناسخ نصیرش در ہمہ حال
بلندی راز نام او بلندی — شرافت راز طبعش ارجمندی
کمال از ذات او جوہر طرازے — جمال از چہرہ اش نیرنگ سازے
از و خندان بہار خندۂ گل — ز تو عشرت نہ اگلبانگ بلبل

ازو در فطرت شعر معنی بلندے
وزو در نکته سازان ارجمندے

چو فکر او مرتب کرد دیوان
بروہر طبع موزون شد غزل خوان

نمودم فکر نام و سال از بس
ندا آمد ز ہاتف باغ نورس ۱۳۱۹

تعالی الله که این باغ نگارین
ز گل کاری عیان گردد بہارین

ز ہر برگش تجلی زار پیداست
تحیر پرور دیدار موسی ست

گلش در تازگی دریاے سیراب
ز بینش غیرت انوار مہتاب

بہار تازهٔ رنگین معانی است
طلسم شیوهٔ جادو بیانی است

نزاکت بر لبش گلزار بردوش
فصاحت از بیانش یاسمن پوش

عیان خلد از دل آئینهٔ او
طپان صد آفتاب از سینهٔ او

توا ے عاجز باین حیرت نگاری
بحیرانی مکن آئینه داری

دعاے تازه بروے بخوانی
ز لب لولوے غلطان برفشانی

که تا رخسار ه باشد شرر ریز
کزان تار کتان گردد طپش خیز

بہار تازه تا باشد بر خسار
طراز عشوه ہا تا ہست گلکاره

خمار باده تا خمیازه دارد
عروسے تا بہار تازه دارد

کلامش در جہان مقبول باشد
به طالب فیض او مبذول باشد

قطعهٔ تاریخ ریختهٔ کلک شاعر شیرین مقال نکته سنج نازک خیال مکرمی حکیم سید ضامن علی صاحب جلال لکھنوی

یہ شعر تر وہ مضامین تازہ رکھتی ہے
دلون کے جس سے کھلیں غنچہ ہاے سربستہ

جلال لکھدے دعائیہ انکی طبع کا سال ۔۔۔ حبیب کا سخن احباب کا ہو گلدستہ
سنہ ۱۳۱۸ھ

قطعۂ تاریخ طرازش منشی حبابدیع نگار شاشیرین گفتار دانش آموزگار فاضل اجل واکمل عالم بے بدل جناب مولوی سید علی حیدر صاحب طباطبائی لکھنوی دام کرمہ پروفیسر نظام کالج حیدرآباد دکن

جلوہ گر ہے شاہد فکر حبیب ۔۔۔ سب سخنور محو نظارہ ہوئے
نظم مین نے طبع کے گن کر سنین ۔۔۔ کہہ دیا۔ تیرہ سے اٹھارہ ہوئے
۱۳۱۸ھ

تاریخ ہجری و فصلی نتیجہ فکر جناب مولوی سید محمد عسکری صاحب عدیل برادر مصنف

لغز گفتاری نیامد چون حبیب خوش بیان ۔۔۔ بحر مواج است طبعش در خیال و در مثال
تازہ کرد از رشحۂ کلکش خیابان بدیع ۔۔۔ حکمت و اخلاق را فرمود شعری حسب حال
گفت تشبیب آنچنان تہذیب از دستش نہ رفت ۔۔۔ پردہ ہا بر رو کشیدہ در فراق و در وصال
دیدمش اندر تصوف عارفے دانادلے ۔۔۔ شعر او مضراب تار جان بہ بزم حال و قال
گر کتابے از سمار منظوم مے آید بہ دہر ۔۔۔ در زبان ریختہ بودے ہمین بے قیل و قال
فصلی و ہجری نہ چون یابد بیک مصرع بہم ۔۔۔ چون عدیل از فضل او جویدمی تاریخ سال
حافظ شیراز گر بودے بعہدش در جہان ۔۔۔ لاجواب آمد سخن گفتی۔ سخن گو بے مثال
سنہ ۱۳۰۹ف ہندوستانیا سنہ ۱۳۱۹ ہجری

ولہ اردو

تازہ ہے باغ سخن کی زینت ۔۔۔ ہر چمن اسکا ہے رشک جنت

پڑھتی ہے بلبل شیراز کی روح | آج اتممت علیکم نعمۃ
ناز اب کیون نکرے فصل بہار | اوٹھگئی دل سے خزانکی ہیبت
جو نہ مرجھائین گے وہ پہول کہلے | جو نجائے گی وہ آئی رنگت
زیورِ طبع سے دیوانِ حبیب | بنگیا نورِ نگاہ خلقت
کیون نہو آئینہ اہلِ نظر | حُسن تخیل سے ہے وجہ حیرت
ہے تغزل مین بہ رنگِ حافظ | ستتر شانِ جمالِ حکمت
مثلِ صائب دمِ نظمِ تمثیل | ہے خیالات مین لطفِ جدت
اور تصوف کا وہ نکھرا ہوا رنگ | کہ فغانی کو بہی آئی رقت
عشق کی ہوش رُبا کیفیات | جنمین تہذیب سے ہے کیفیت
وصل کا ذکر غذاے تن و روح | داستان ہجر کی شمع خلوت

قطعہ

ایسے اخلاق کے مضمون نایاب | چار دن مین جو بدلدین فطرت
بے تلوّن کی جگہہ استقلال | سفلہ خو ہو تو بنے ذی ہمت
گر خداوند ازل دے توفیق | دل جُبان کا ہو محلّ جرأت
چھوڑ کر تفرقۂ وجہل کو لوگ | خود بنین سالکِ راہِ خُلت
عشقبازی کی عوض پڑہکے غزل | رفتہ رفتہ ہو مہذب خلقت
ہین تمدن مین وہ نادر اشعار | گرم شاہون کی ہو جنسے صحبت
معدلت کے کہین موزون ہین نکات | کہین بد حالے لئے خوی غفلت
کہین نااہل کی صحبت کے مضار | کہین دانا کے تقرب کی صفت

کہین ترغیب سوے صلح وصلاح — کہین تاکیدِ خلوصِ نیت
کہین خوبیٔ قناعت کا بیان — ہے کہین حرص وہوس کی ذلت
کہین یارون کی رفاقت کا بیان — کہین عیارون کی موذی خصلت
ہین کہین علم الٰہی کے نکات — کہین تلمیح حدیث وآیت
کہین بپیرایۂ علم الاشکال — کہین دعوے پہ دلیلِ ہیئت
کسنے اُردو مین دکہایا یہ کمال — آج تک کسکو ملی یہ قدرت

قطعہ

عالمِ علمِ بدیع اور بیان — ہمہ تن کیون نہون وقفِ حیرت
نیچرل رنگ ہے کس لطف کے ساتہ — دیکہئے غور سے اِس کو حضرت
نہوا اون کو یہ انداز نصیب — تہی جنہین حد سے زیادہ حسرت
خوب ہے مصرعِ تاریخ عدیل — جانِ اخلاق وجہانِ حکمت

سنہ ۱۳۱۹ ہجری

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار برادر عزیز مولوی سید سراج الدین احمد نقوی کنتوری سلمہ اللہ القوی نائب فوجدار ریاست چہتپور برادرزادہ جناب شیفتہ کنتوری مدظلہ العالی

اے جرعہ ریز جام فن وی بیخود راح سخن — ہان اندرین میخانہ زن قدحی ز صہبای حبیب
از نکتہ ہا گر ماہرے در شعر بنگر ساحرے — با این کمال شاعری کس نیست ہمتای حبیب
نگریست چون طرز نوی شد ساحری ہم منزوی — آمد عصای موسوی کلک فسون زای حبیب
ملک سخن را ناظم است تاش محمد کاظم است — علم تخلص لازم است از نام زیبای حبیب

هر شعر او شعرِ صفت هم نثر نثرِ مرتبت — باشد ثریا منزلت فکر فلک سای حبیب
بر خط او بنهاده سر زوی کند کسب هنر — ببند و بیر چرخ گر املا و انشای حبیب
روشن نظر والا مزاج فکرش بری از اعوجاج — صد مقتبس همچون سراج از رای بیضای حبیب
دیوان اشعارش نگر با تازه رونق جلوه گر — هر صفحه اش تابنده تر از روی رعنای حبیب
خطش چو خط نو خطان بسته بمسطر تار جان — سطر دلاویزش بدان زلف چلیپای حبیب
تا کی کنی وصفش علم بگذر ازین ره ای قلم — تاریخ دیوان کن رقم بر حسب ایمای حبیب
مشاطهٔ فکر رسا آراست حسنِ سال را — رنگین روش دلکش ادا دیوان زیبای حبیب
دیگر ز طبع نکته بار شد عیسوی سال آشکار — دلکش فصیح و آبدار نظم دل افزای حبیب
چون فکر کامل آمده هم فرس حاصل آمده — محبوب هر دل آمده طرز سخنهای حبیب
شد بهر سمبت کلک من از قلبِ جان آهنگ زن — آرایش شعر و سخن از طبع والای حبیب

خامش سراج پر هوس دل را بیا سا یکنفس
این چار تاریخ از تو بس نذرِ تولای حبیب

قطعهٔ تاریخ من تصنیف سخنور بیمثال شاعر نازک خیال مولوی محمد حبیب ربقاضیا کاکوروی متخلص بمضطر و بقا اسسٹنٹ پرشین پروفیسر مهاراجه کالج جیپور حرسه الله عن الفتن و الشرور

چون ناظم شیوا بیان یعنی حبیب نکته دان — در کشور اردو زبان آراسته باغی گزین
شد منتشر هر چار سو کوچه بکوچه کو بکو — نفحات عنبر بیز او چون بوی زلف نازنین
برخاست شور مرحبا ـ بر شد صدای حبذا — آوازه مدح و ثنا بگذشت از چرخ برین

سطرش بہ نزہت تار جان نقطش چو رد گلرخان ہر نقطہ خال ہندوان خطش چو خطِ مہ جبین

ہر فرد در بزم سخن چون شاہد غنچہ دہن رونق فزاے انجمن فرحت دہِ جانِ حزین

سال اشاعت اے بقا اکرم رقم باصد صفا رنگین ادا شیرین نوا۔ دلچسپ و مقبول و بہین

دیگر شد از فکر رسا سال مسیحی رو نما دلچسپ۔ دلکش دلکشا روشن گزین و دلنشین

سنہ ۱۳۱۹ھ

سنہ ۱۹۰۱ع

ایضاً نتیجہ فکر شاعر شیرین زبان مورخ نکتہ دان منشی محمد محمود جان صاحب دہلوی انگلش کلرک محکمہ عالیہ کونسل ریاست جیپور لازال بالامن والسرور

ناظم و ناثر جناب منشی کاظم جلیب جنکی شہرت ہے سخن مین از زمین تا آسمان

انکا یہ دیوان چھپا کیا خوب روشن اور لطیف جسکی آب و تاب سے شرمندہ روے مہوشان

بول چال اچھی مضامین عمدہ ترکیبین فصیح دلکشا ہین بندشین اور دلنشین طرز بیان

وہ بلاغت وہ فصاحت ہے تمام اشعار مین اہل معنی جسپہ نازان ہین فدا اہل زبان

شمع پر جسطرح سے ہوتے ہین پروانے نثار اہل بزم اوسطرح اس دیوان کی شیدا ہین بجان

ایشیائی شاعری مین دیکھکر یہ جدتین محو حیرت کیون نہون یوروپ کے سارے نکتہ دان

یون لکھی محمود نے تاریخ اسکی حسب حال دیکھکر دیوان پھڑک جاتا ہی ہر اک نوجوان

سنہ ۱۳۱۹ھ


قطعہ تاریخ از نتیجہ فکر جناب سید خواجہ معین الدین چشتی صاحب تخلص سلام شاگرد رشید مصنف

تخلص خالق سے چھپا دیوان مری استاد کا جس کا ہر اک صفحہ ہے گلہاے مضمون سے چمن

کیون نہ ہر ایک بیت اسکی مطلعِ خورشید ہو
بندشِ اشعار سے ہے حسنِ طبیعت پر گواہ
لُٹ رہے ہین گوہرِ مضمون صلائے عام ہے
ہم سے جب احباب نے تاریخ پوچھی ای سلام

آب و تابِ لفظ مین ہے مہ جمالونکی پھبن
سطر ہے گویا پریزادونکی زلفِ پُرشکن
جیب و دامان کو بھرین آ آکے سارے اہلِ فن
کہدیا ہے یہ کلامِ شاہِ اقلیمِ سخن
١٣١٨ھ

وله ایضاً در صنعت دائره



تقریظ گہر ریز کلک جواہر سلک عالم فلسفۂ قدیم و جدید ثانی عمر خیام و رشید وشفیق اعزی و تقی جناب میرزا ہادی صاحب بی اے لکھنوی المتخلص بہ میرزا حرسہ اللہ تعالیٰ

دیوان **حبیب ناسخ وقت** چند اجزا قسمت سے ہمارے ہاتھ آ گئے۔ دل
و دماغ نے مزے لئے۔ روح نے تقویت پائی۔ واقعی شاعر کا دل زمانہ کا آئینہ ہے۔
مگر آئینہ کا صرف ایک ہی رُخ ہوتا ہے بقول شاعر ؎ کہ ادہر سب نظر آتا ہے اودہر کچھ بھی نہین
مگر اس آئینہ کے ہزار رخ ہین۔ اور ہر رُخ مین وہی جلا وہی پرداز۔ وہی عکس وہی انعکاس
کا انداز۔ غرضکہ جہان جو کچھ عالم مین ہو رہا ہے وہ اسمین مرتسم ہو جاتا ہے۔ بلکہ مین اسپر
بھی کچھ ترقی کرونگا۔ وہ یہ ہے کہ آئینہ مین محاذات شخص و عکس مشروط ہے اسمین یہ بھی
قید نہین۔ جو چیزین ابھی پردۂ کمون مین ہین۔ یہان کسی نہ کسی طرح اون کا بروز ہو جاتا
ہے ہمارے اس دعوے کا شاہد عادل یہ **دیوان** ہے اور اس شہادت کے
جانچنے والے بھی وہی لوگ ہونگے جنکو شعر گوئی بلکہ شعر فہمی کا لپکا ہے اور کوئی نہین
سمجھ سکتا بقول **مرزا** ؎ کسطرح وہ سمجھین گے الٰہی میرے دل کی* ہے میری زبان اور فرشتونکی زبان اور
اب ایک اور مطلب کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اس زمانۂ آزادی
مین کہین تو آزادی کا استعمال واجبی اور کہین غیر واجبی بھی ہونے لگا ہے مثلاً یہی بات
جسکا ابھی تذکرہ تھا یعنی شعر فہمی اس زمانہ مین ہر کس و ناکس کا شعار ہو گیا ہے۔ مدرسہ کے
پڑھے ہوئے لڑکے جو چوتھائی نمبر پا کر اردو زبان مین کامیاب ہوئے ہین بسا اوقات
وہ بھی **کریٹک** (نقاد سخن) بن بیٹھتے ہین اور کچھ لکھ لکھا کے صاحبان اخبار کے حوالہ

کر دیتے ہین۔ اونکا چھاپ دینے مین کوئی ہرج نہین بلکہ نفع ہے اور سفہا اوسے نظرِ اعتبار سے دیکھتے ہین۔

اب کھئے کہ ان سے کس قدر امید تنقید ہو سکتی ہے۔ اور اب ذرا یہ بھی سنئے کہ مدرسہ مین آپنے پڑھا کیا ہے اور آپ کو کس قسم کی نظم کی فضیلت پر لکچر دئے گئے ہین بطور آمُوزج نظم آدمی ڈھول ہے۔ گھاس کا پھول ہے۔ آج یہ آتا۔ کل یہ جاتا۔ یا مثلاً ہم ابھی چار مصرعہ اونکے مذاق کے موافق کہکے سُناتے ہین نظم

چمکو چمکو چھوٹے ستارو	مجکو عجب ہے تم کیسا ہو
دنیا کے اوپر ایسے اونچے	نیلی چھت مین ہیرے کے ٹکڑے

مصرعہ آخر کی داد نہ دیجئے گا وہ ہماری قلم سے بیساختہ نکل گیا ہے۔ بلکہ اسے کسی اور صورت سے بگاڑ یا بنا کے پڑھ لیجئے (سطح سمان مین ہیرے ٹکڑے) سطح سما کو سطح فلک پر اسلیئے اختیار کیا ہے کہ اسمین الٹریشن ہے یا مثلاً مرزا سودا کا یہ قطعہ

ایک مینڈک نے یہ مچھلی سے کہا	نطق سے عاری ہی تو ای بے تمیز
وہ زبان حال سے کہنے لگی	واقعی عاجز ہے اسمین یہ کنیز
لیکن اس صوتِ کریہ و سخت سے	آپ کو غرہ ہے جسپر اے عزیز
سنتے سنتے جسکو مین کر ہو گئی	میری خاموشی ہی اس سے بلبلِ نیز

ذرا مصرعہ اخیر کے قافیہ پر اعتراض نہ جڑ دیجئے گا اساتذۂ حال نے اسکے جواز کا فتوے دیدیا ہے لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم اگر یہی شاعری بلکہ یون کہئے کہ اس زمانہ مین شاعری نے یہ ترقی کی ہے تو ایسی شاعری کو ہمارا سلام ہے۔ بہ قول مرزا غالب دہلوی مرحوم ؎

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی	اب آبروے شیوۂ اہل نظر گئی

اِس پچھلے زمانہ مین جو اونکی ترقی اور ہمارے تنزل کا دور ہے - تیس چالیس برس ادہر تک اگرچہ جملہ علوم و فنون کا مذاق احاد قوم سے بھی نسیاً منسیاً ہو چکا تھا - اکثر اسکول جاری ہو چکے تھے کالج کھل چکے تھے - بااینہمہ دو ایک شہر و نمین کچھ لوگ اس فن کے ماہر اور دو ایک اونکے قدردان کہین کہین پائے جاتے تھے - اور اب تو وہ طوفان بے تمیزی اوٹھا ہے کہ ہر طرف سیکڑون شاعر اور ہزارون شاعر گر - اگرچہ حقیقت مین نہ یہ نہ وہ - بیہودہ مضمون تراشی اور بیفائدہ سامعہ خراشی باقی رہگئی ہے -

اِس عہد ناپرسان مین اگر کوئی اپنی پرانی وضع کو نچھوڑے اور اگلے بزرگون کے رویہ پر کسی قدر تغیر مطبوع کے ساتھ جو مقتضاے وقت کا انداز لئے ہوئے ہو کچھ کہہ سنائے تو بسا غنیمت ہے بقول غالب وفاداری بشرطِ استواری عین ایمان ہے

یہانتک جو کچھ ہرزہ سرائی کی اوسکی نسبت ہم زمانہ اور ابناے زمانہ سے موافق اپنے اخلاق کے معافی مانگتے ہین اگرچہ ہمین یقین ہے کہ ہماری خطا قابل عفو نہوگی لیکن تخطیہ کرنے والون سے اتنی التجا ضرور ہے کہ دو باتین ہماری اور سن لین فی الحقیقت دو ہی باتین ہین بلکہ دوسری بات پہلی کی فرع ہے ایک تو یہ کہ ہر شے کے جانچنے کے لئے اپنی پسند اور اپنے مذاق کو معیار نہ ٹھیرانا چاہیئے بلکہ وسیع النظری کو کام فرماکر علم اور فن کے مسلمات اور نتایج کے لحاظ سے نظر کرنا چاہیئے - مثلاً فن موسیقی مین ٹھمری ٹپہ ترانہ قول خیال دہرپت یہ تمام اصناف و انواع مسلمہ موجود ہین - اگر کوئی شخص صرف چلت پھرت کی ٹھمریان پسند کرتا ہو یہ اوس کا مذاق ہے کسیکو اس سے بحث نہین لیکن یہ حق اوسے ہرگز حاصل نہین ہے کہ وہ سپکے گانے کو علانیہ برا کہہ کے

اُن لوگون کا دل دکھائے جنکی عمرین اِس دھن مین صرف ہوئی ہین -
ہمارا مقصود یہ ہے کہ ذوق کی دو قسمین ہین ایک فطری دوسرا اکتسابی اور اہل فن کے نزدیک دوسری
قسم معتبر ہے ورنہ عامی و عالم دونون کا ایک ہی مذاق ہو جائیگا اور یہ محال ہے -
شاید اِس مقصد کے لئے اِس قدر توجہ جو ہو چکی ہے کافی ہو اب دوسری بات بھی سُن لیجئے ایک
قوم کے مذاق کو دوسری قوم کے مذاق کا معیار نہ ٹھیرائے اگر آپکو اُس قوم کے ساتھ انتہا کا حسن ظن ہی کیون نہو
مثلاً عرب اور عجم - اب اگر کوئی شخص عرب کی شاعری کے مذاق کو عجم مین یا بالعکس تلاش کرے تو یہ اُسکا خیال
استحسان کے قابل نہین ہے - یہ اُن دو قومونکا ذکر تھا جنکی سرحدین ملی ہوئی ہین اور اگلے وقتونسے باہمی
تعلقات چلے آتے ہین - اب آپ چاہین کہ انگریزی اور ہندوستانی ایسے دو ملکون کا مذاق جنمین
سات سمندر کا فاصلہ ہے ایک ہی ٹھیرا کے انگریزی پوئٹری کی سادگی کا لطف اُردو شاعری مین تلاش
کرین تو یہ طبع سلیم رکھنے والون کے نزدیک قابل مضحکہ ہے - اِن دو امرون کو ذہن نشین رکھکے آپ ہمارے
بزرگ اور فاضل شاعر کا کلام ملاحظہ فرمائینگے تو اسمین کچھ شک نہین کہ ہر شعر کو پڑھکر یہ مصرعہ آپکو پڑھنا پڑیگا
ع ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است معاف کیجئیگا مین کچھ اپنے مذاق کا بھی مثالاً ذکر کرتا ہون -
مجھے خود غزل مین تغزل از حد پسند ہے - عاشقانہ اور رندانہ اشعار پر میری جان جاتی ہے تعلیم اخلاق اور
نصیحت گری میری چڑھ ہے لیکن کیا مین اِس شیوہ کو مذہباً یا اخلاقاً برا نہین سمجھتا یہ وہی بات ہے کہ پریزادون
کے ناچ کی ہر گت پر میرا دم جاتا ہے مگر کیا اسی مین معاذاللہ خلاف شرع نہین جانتا - فلہذا جو بزرگ شعر کہتے
ہین اور اوسمین قومی رفارم (اصلاح) کا مطلب بھی نکال لیتے ہین جیسا کہ ہمارے فاضل شاعر کا میلان
طبع ہے وہ ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق کو اچھا سمجھے ہین -
اِس سے یہ مطلب نہین کہ دیوان تغزل سے پاک ہے - استغفراللہ اگرچہ اسکے مٹانیکی صریح کوشش
کی گئی ہے اور واعظانہ اشعار بالقصد زیادہ کئے گئے ہین - ہمارے فاضل شاعر نے قومی واعظ کا

عمدہ لیا ہے بلکہ چیدہ چن لیا ہے لہذا ہمکو ایک رندانہ غزلخوان کی حیثیت مین ادب کے ساتھہ اتنا کہنے کی جرأت ہوتی ہے حضرت آپ لاکھہ واعظ سہی آخر غزل گو ضرور ہین بقول مرزا ؎

لطف ابتک تری تقریر مین ہے بلی ہوگی	+	تھا کسی عہد مین تو بھی تو جوان اے واعظ

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش الخ مرزا ؎ وہ قیامت کا بیان اور وہ مے و غلمان کا ذکر - ہمتو کہتے تھے کہ واعظ رند شاہد باز ہے - طبیعت کا رنگ چھپ ہی نہین سکتا - یا یون کہئے کہ مشرقی شاعری خصوصاً تغزل کا اثر وہ جادو ہے جو کبھی سر سے اُترہی نہین سکتا واقعی آپ کا یہ شعر ؎

گیا وہ دور سیاہ مستی رہا فقط نام می پرستی		جو ضعف پیری مین آنکھ کھولی تو کچھ طبیعت بہ بار دیکھا

اسکی تعریف ممکن نہین - یہی ایک شعر نہین بلکہ بہت سے شعر ایسے ہی نکلین گے - مگر مینے یہ شعر بالتخصیص اسلئے چن لیا ہے کہ اسمین دو قسم کے متبائن مذاقونکا اتحاد ہو گیا ہے -

فرصت بہت کم تھی ورنہ تمام اجزا بالاستیعاب دیکھتے اور اپنے مطلب کے اکثر اشعار انتخاب کرنیکا موقع ملتا - لیکن انتخاب سے کیا فائدہ دیوان خود ہی گلدستۂ انظار اہل افکار ہوتا ہے دیکھنے والے دیکھ لین گے اور سمجھنے والے سمجھ لینگے - بالآخر ہم آپ ہی کے ایک شعر مین کچھ تصرف کرکے اپنی اس بے ربط تقریر کو ختم اور اظہار عقیدت کا فرض ادا کرتے ہین -

ہے زمانے کے ہر ایک رنگ کا جلوہ اسمین		کونسی بات ہے جو آپ کے دیوان مین نہین

راقم - مرزا لکھنوی حال وارد حیدرآباد دکن

ولہ قطعہ تاریخ

دیوان ہے نگارخانۂ شعر مرزا تاریخ لکھدو فصلی	شاعر ہے ادیب ناسخ وقت دیوان حبیب ناسخ وقت سنہ ۱۳۱۰ف دکن

تمت

از جناب علامہ مولوی سید کرامت حسین صاحب کنتوری بیرسٹر ایٹ لا دام فیوضہ

جناب والا

تسلیم - مین نے جناب کی دیوان کو جابجا سے پڑہا اور بہت لطف حاصل کیا زبان کی لطافت اور مضامین کی جدت اور حسن بندش آپکا حصّہ ہے ان سب کے ساتہہ ہی بہت سے شعرون مین طرز جدید کی ملاحت بھی موجود ہے جذبات فطرت کو کہین کہین کس خوبی سے ادا کیا ہے سبحان اللہ -

(کرامت حسین - ۲ فروری سنہ ۱۹۰۲ع)

تاریخہائے طبع زاد فارسی مقتدائے ازمنہ آغا تازصحبتہ و معاصرین جناب ترک علی شاہ صاحب ترکی مخاطب بامیر الشعرا

قطعہ

میر ساند در سخن شانی کہ باشان حبیب
میرند پہلو کہ باطبع سخندان حبیب

ہست ہمچون ناسخ مرحوم در بستان نظم
رنگ گلہائے مضامین گلستان حبیب

زورق خود می برد بیرون ز دریائے سخن
از یقین ہر کس کہ گیرد پاک دامان حبیب

گوی نظم و نثر چوگان خیالش میبرد
روئی خود تابند تا مردان ز میدان حبیب

ہر چہ از مدحش بگوئیم کمتر از وصفش بود
زانکہ برتر از سخن سنجان بود شان حبیب

طبع شد دیوان رنگینش چو با صد آب و تاب
ہمچو گل بشگفت قلب دوستداران حبیب

ترک یا آمد ندا چون سال فصلی ختمش
تازہ دلہا را کند ہر فرد دیوان حبیب

سنہ ۱۳۱۱ ف

ولہ

قسم بہ مُغ کہ بمیخانۂ سخن ترکی | نہ چون حبیب برآمد سبوکش معنی
چو گشت طبع دلم گفت سال دیوانش
گلِ کلام حبیب ست روکشِ معنی ۵
سنہ ۱۳۱۹ھ

ناظم ذی ہمتا و شاعر نکتہ سرا جناب حکیم میر بادشاہ صاحب ضیا خلف جناب حکیم میر [...] شاگرد میر علی اوسط رشک مرحوم

مفخر ما حبیب کنتوری | جمع فرمود این زمان دیوان
افتخار زبان اردو شد | ہست معیار این زبان دیوان
چشم عالم ندیدہ خواہد بود | این چنین نظم آن چنان دیوان
جو رمضمون ست زیب ہر بیتش | باغ خلد است بیگمان دیوان
نیست اغراق ای ضیا راست است | مایۂ شعر شاعران دیوان
سنہ ۱۳۱۹ھ

ایضًا اردو

حبیب کا ہے یہ دیوان کہ مخزن خوبی | سخنور ہیں سب انہیں معلوم ہی یہ فن اچھا
ہر ایک شعر میں ہے رنگ ناسخ مغفور | نہ ہوگا دہر میں اس سی کوئی چمن اچھا
میں سچ کہوں یہ مضامین جن سی نکلی ہیں | وہ ہی زبان بہت اچھی وہ ہی دہن اچھا
مجاز و مرسل و تشبیہ و استعارہ مثال | ہر ایک میں ہی یہ مجموعہ سب لے سخن اچھا
اثر کرے نہ دلوں پر بہلا ضیا کیونکر | فسون ہی سحر ہے اعجاز ہے سخن اچھا
سنہ ۱۳۱۹ھ

ہ یعنی شوشہ بود از حساب تذکرہ
مشہور ۱۲

جناب سید احمد حسین صاحب امجد تلمیذ مولانا اثر کی

طبع چون گردید با صد رنگ و بو ہر گل اشعارِ بستانِ حبیب

مصرعۂ تاریخ او امجد بگفت

ہمچو ناسخ است دیوان حبیب
۱۳۱۹ھ

ریختۂ خامۂ عنبرین شمامہ سرمایہ دار جواہر سخن جناب نواب وحید الدین احمد خان صاحب

وحید دہلوی تلمیذ رشید مرزا اسد اللہ خان غالب

تقریظ

میرے دوست صمیم عنایت فرمائے قدیم مولوی سید کاظم صاحب المتخلص بہ حبیب ایسے خطۂ مردم خیز کے رہنے والے ہین جہان کے ذرونکو آفتاب کی تابش حاصل ہے۔ کنتور اگرچہ مضافات فیض آباد سے ایک چھوٹا سا قریہ ہے۔ مگر اسکو دار الخلافہ علم کہنا بیجا نہین ہے بڑے بڑے علما اور ادیب اس کے خاک سے پیدا ہوکے اور زمانہ مین شمس و قمر ہوکر چمکے حبیب صاحب کے نسبت یہ کہنا کہ یہ بڑے ذی علم ذی رتبہ شاعر ہین۔ کوئی تعجب کی بات نہین بلکہ تحصیل حاصل ہے۔ ان کے فضل و کمال کی دلیل ان کا کلام ہے جو معرض طبع مین آیا اور فروغ دیدۂ اہل نظر ہوا۔ دیوان کے دیکھنے سے ظاہر ہو کہ لطافت طبیعت نازک خیالی جو فن شعر کے واسطے لازم ہے۔ وہ انکا حصہ ہے ہر شعر ایک لطیفہ ہر بیت ایک چٹکلہ ہے۔ کہ سامعین کے دل پھڑک اُٹھتے ہین سچ ہے جب تک کلام مین اپنے محل و موقع

پر شیرینی اور نمکینی نہو۔ سب بے لطف ہے۔ کدیور سخن نے اس بوقلمون گلدستہ کو صنائعِ سخن سے اراستہ کیا ہے۔ اور اس گوشوارۂ شاہد سخن کو انواع نظم سے مرصع کیا ہے۔ گویا ایک حُقّہ جواہر ہے کہ طرح طرح کے نگینون سے مملو ہے صیرفیِ سخن مزے لیتے ہین اور نقادِ کلام داد دیتے ہین کیا اہل دہلی کیا اہل لکھنؤ سب قدر کی نظر سے دیکھتے ہین اگرچہ اس گل نو دمیدہ گلستان خوبی نے ہندوستان کے آب وہوا مین پرورش پائی ہے لیکن طرۂ دستار دکن بنکر اپنی ابرو بڑھائی ہے دیوان مولوی سید کاظم صاحب حبیب کنتوری اہل نظر کی آنکھون کا نور بلکہ اہل جہان کے لئے مایہ سرور ہے۔

قطعہ تاریخ

حبیب نکتہ پرور طبع فرمود	چہ دیوان شمع بزم عقل و دانش
وحید این سال تاریخش رقم زد	کہ نقد نظم دلکش (بادبی غش)

۱۳۱۹ھ

غلط نامہ دیوان عجیب

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴	۹	نقص کمال	نقص و کمال	۲۹	۱۲	خوب کیا	خوب کہا
۹	۱۸	فرار	فراز	۳۱	۱۳	نکالو	تگاپو
۱۰	۸	باتھہ	ہاتھہ	"	۱۶	باہی	ماہی
۱۱	۱۹	ویگر	دیگر	"	۱۷	ررق	رزق
۱۳	۴	ـــے	ـے	۳۳	۱۲	عبادت	عیادت
۱۸	۱۰	پڑا	پڑتا	۳۴	۱۶	ہوتا ہے	ہونا ہے
۱۹	۱۲	طاہر	طائر	۳۶	۱۷	دیکھو	دیکھہ
۲۰	۱۱	نظر سحر سے	نظر سے	۳۷	۱۰	گنا	گنہہ
"	۱۴	جویاے رار	جویاے راز	۳۸	۱	چینا	جینا
۲۲	۳	کیا مین	کھلین	"	۱۱	دسمن	دشمن
"	۹	جایا	جاتا	۳۹	۸	عبادت	عیادت
۲۳	۱۱	ہواچہا	ہوااچہا	۴۰	۴	گسمتہ	گسمتہ
۲۴	۷	ترے	تیرے	۴۱	۵	سنکون	سکون
۲۵	۱	مزہ	مژہ	"	۱۷	یدل	ایدل
۲۶	۱۲	مژدہ محبت	مژدہ داغ محبت	۴۲	۱	سمجھلو	سمجھو
۲۹	۸	میرے دل	میرے دل کو	۴۸	۱۱	جواز	جواد

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵۴	۸	معاہدون	معاہدون مین	۱۰۰	۱۷	لر	کر
۵۶	۱۱	نالہ کہ	نالہ کر	۱۰۱	۱۱	کے پہر	کے ہے پہر
۵۹	۳	ہوسن	ہوس	〃	۱۸	آلے	آتے
〃	۴	جبرس	جرس	〃	۱۹	رنج وعم	رنج وغم
۶۰	۴	الفت سے	الفت ہے	۱۰۴	۱۵	کر	کمر
۶۱	۳	زیا	ریا	۱۰۶	۱۶	زخم وجگر	زخم جگر
〃	۴	پیشتر	بیشتر	۱۰۷	۱۳	وزراب جھگڑا	ذرات کا جھگڑا
۶۴	۱۹	بتاتے	بناتے	۱۰۹	۱۵	لوائے الفت درد	لوائے درد الفت
۷۳	۵	غبث	عبث	〃	۱۸	امت نہین	امت بنین
۸۱	۱۹	خوب آبرو	خوف آبرو	〃	〃	لیسی	الیسی
۸۲	۸	دائم	دایم	۱۱۰	۴	اجل مین	اجل ہین
۸۳	۵	کہتا	کہنا	۱۱۱	۱۲	مٹا کے	ہٹا کے
۸۷	۱۱	مسلمانون	مسلمانون کو	۱۱۲	۱۴	تواے	نواے
〃	۱۸	کانامہ	گانامہ	۱۱۴	۱۷	صادق کا	صادق ہون
۸۸	۲	بیکڑا	بیڑا	۱۱۶	۱۰	دل ہو	دلپہ ہو
۹۶	۱۲	باد	یاد	۱۱۷	۱۱	فعان	فغان
۹۷	۱	عزت	غربت	۱۱۸	۳	حسن ودیار	حسن یار
〃	۲	بہ ہوگا	پر ہوگا	۱۲۰	۱۱	صدمے	صدقے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲۴	۱۸	اوڑیکے حرف	اوڑے حرف کے	۱۴۴	۲	بیوفار	بے وقار
؍	۱۹	ائیے	اٹھے	؍	۳	ہواگر	ہوگر
۱۲۵	۶	ناسحاب	نہ سحاب	۱۴۶	۴	بن	پن
۱۲۶	۱	تیرسودائی	تیرے سودائی	۱۴۷	۱۶	مین مین	مین ہین
۱۲۷	۲	جیب آستین	جیب وآستین	۱۴۸	۴	جووہ	تووہ
۱۲۸	۴	دامن مین	دامن ہین	؍	۱۳	سِکھہ	سِکّہ
۱۲۹	۲	ستم لب	ستم کب	؍	۱۵	زیان	زبان
۱۳۴	۱۰	غموار	غمخوار	؍	۱۷	قدروددان	قدردان
۱۳۶	۹	انفامین	انفاہین	۱۴۹	۳	نکتب	نکہت
۱۳۷	۱۰	صہاے	صہباے	۱۵۰	۲	حبیب	جیب
۱۳۸	۱۲	ستارون	پہاڑون	۱۵۴	۵	یہ داغ	یہ باغ
؍	۱۷	نہلانے	نہاتے	۱۵۵	۸	شکوکا	شکوہ
۱۳۹	۹	چین جبین	چین برجبین	۱۵۶	۱	صبرطاقت	صبروطاقت
۱۴۰	۳	گردتبہ	گردنیہ	۱۵۸	۹	آگے	آکے
؍	۱۵	مرخلہ	مرحلہ	۱۵۹	۱۴	اگرخلق	گرخلق
؍	۱۶	نانوک	تانوک	۱۶۰	۱۸	نقلاب	نقاب
۴۲	۹	گیادن	گیادل	۱۶۲	۱۲	ہمپہ	ہمپیر
؍	۱۱	کھینچ آیا	کھینچ لایا	۱۶۴	۳	تیززد	تیزرو

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۶۵	۱۳	قلزم	قُلزُم	۲۰۰	۱۴	نوگ	نوک
۱۶۸	۷	چھتی	چھبتی	۲۰۸	۶	تابہ	ناب
۱۶۹	۸	پرادا	پرہیز	〃	۱۲	حبب	جبب
۱۷۰	۱۹	نوزکر	تُوزُکر	۲۱۱	۹	باغ	آیاغ
〃	۵	کبرارما	گھبرایا	〃	۱۸	رگ	ترک
۱۷۱	۱۱	نجاہین	نچائین	۲۱۹	۴	مضمون	مضمون
〃	۱۹	ہین آفتہ	ہین آفت	۲۲۷	۱۷	کرنے	کرلے
۱۷۶	۱۵	فشانہ	فسانہ	۲۳۶	۱۷	شہرت سے	شہرت ہے
〃	۱۷	چھکائی	چھکائین	۲۴۶	۴	کرتا	کرنا
۱۷۹	۵	باب	ناب	〃	۶	مین ہین	مین بھی ہین
〃	۷	قرآن	قران	۲۴۷	۱۷	نامن	مامن
۱۸۲	۱۱	رشک وماہ	رشک ماہ	۲۴۸	۱۴	ہوانادان	نادان
〃	۱۴	دعظ پند	وعظ وپند	۲۴۹	۱	تیش	نیش
۱۸۳	۱۲	پیرمن	پیرہنا	〃	۴	مال	مآل
۱۸۴	۱۲	یشیمان	پشیمان	〃	۱۵	واہ رے	واہ اے
۱۸۶	۳	کرکی	کرلی	۲۵۱	۸	احت	راحت
۱۹۴	۱۵	کہادون کو	کہا دون کو	۲۵۴	۵	روان لطمہ	روان ہے لطمہ
۱۹۶	۸	نہون	سہون	۲۵۷	۱۸	ہے	تھی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۶۰	۱۷	جہپی	جہپتی	۲۷۹	۹	مطلولون	مظلومون
۲۶۱	۱۳	ہین	ہین	〃	۱۱	القین	الفتین
۲۶۲	۱۱	جنپر	جسپر	۲۸۰	۴	سال سے	سال بنے
〃	۱۷	کہنے ہین	کہتے ہین	〃	۵	سیارہ	سیپارہ
۲۷۳	۱۵	دیوائی	دیوالی	〃	۹	صفت	صنعت
۲۷۴	۱	بتخانہ	تلخابہ	〃	۱۵	خیال یہ	خیال تیرا یہ
〃	۱۳	نگرکر	نگرناگر	۲۸۱	۱	نہ تو	تو نہ
۲۷۵	۱	ارغوانی	زعفرانی	〃	۱۲	وادوعا	وادوفا
۲۷۶	۵	یابہ	تابہ	〃	۱۳	سے نجات	سے ہے نجات
〃	۷	خشکی تری	رخشکی تیزی	۲۸۲	۱	دوسرا	دوسرا
۲۷۷	۱۲	مجنونی	محبوبی	〃	۸	بینا	اغنیا
۲۷۸	۶	نقش دم	نقش قدم	〃	۱۱	جسطرح مدتون	جسطرح کوئی مدتون
〃	۸	بہی غبار	بہی ہے غبار	〃	۱۲	اوڈھتا	اوڈھیگا
〃	〃	〃	〃	〃	۱۵	نہین طے	یہین طے
〃	۹	بہی ابر	بہی ہے ابر	۲۸۳	۶	جوہرون ہین	جوہیرو ہین
〃	۱۹	وشرمسار	وہ شرمسار	۲۸۴	۴	کیا محکوسون	کیا ہے محکوسون
۲۷۹	۳	کیون ہیری	کیون نہو ہیری	〃	۶	چین بیٹھے	چین سے بیٹھے
〃	۶	لیتی نہین	لیتی تہین	〃	۱۷	ہوغفور	ہو غور

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۸۵	۴	پاتے ہین	پاتے ہی	۲۹۳	۱	اتا ہے	آتا ہے
〃	۱۵	لیجیئے	لیجے	۲۹۵	۴	عسرین	عمر مین
〃	۱۸	بہی مجہے اپنے	بہی اپنے مجہے	〃	۱۲	وہین	وہی
۲۸۶	۲	الفتیین	الفت مین	۳۰۰	۱	دام من	دامن
〃	〃	ہم رونمائی مین	ہم رونمائی	۳۰۲	۴	رر کھتے	رکھتے
〃	۵	دوڑتا برسان	دوڑنا یرسان	〃	۱۸	یہ میری	پہ میری
〃	۶	ہوئی دولت	ہوئی ہموار دولت	۳۰۴	۱۰	سُنئے	تمسے
۲۸۷	۷	خلعت	خلت	۳۰۷	۷	اے رل	اے دل
〃	۱۱	چہبتے	چہٹتے	۳۱۲	۱۵	ناثیر	تاثیر
۲۸۸	۱۶	یہ واعظ	یہ بھی واعظ	۳۱۴	۲	چہدان	خندان
۲۸۹	۱۷	نہ وہ	نہ بے	۳۱۷	۳	توبولے	تو لوٹے
۲۹۰	۹	سبری	سری	〃	۱۳	گنہہ	گنہگار
〃	۱۸	بیمیریون	بیمہریون	〃	۱۵	شدرکن	شہ دکن
〃	〃	حلاوت	ملاحت	.	۰	.	.

بالخیر

غلط نامہ تقریظ جناب سید مرتضیٰ صاحب فلسفی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۱	قیوضات	فیوض
۳	۱	ذالک	ذاک
۳	۱۸	وانما	انما
۴	۱۵	محیل	فحیل
〃	〃	مخالف	فخالف
۸	۱۹	حمد	صمد
۹	۱۷	اغراض	اعراض
۱۲	۱	آلات	الآلات
〃	۴	احر	احمد
〃	۱۶	واضع	واضح
۱۲	۱۲	ایقاضات	ایقاظات
۱۳	۱۸	مین	مین بین
۱۵	۱۸	نام ملایم	نام ادراک ملایم
۱۶	۶	خس فروش	حسن فروش
〃	۱۲	ملک وعدم	ملکِ عدم
〃	۱۳	رخص	رحض
〃	۱۴	جناج	جناح
〃	۱۵	ما افصح الشعرا	ما افصح حکیم الشعرا
〃	۱۶	یالتیاہ	واتیناہ
〃	۱۷	من الهجراة	من هجرة
۲۰	۴	ہوال	زوال

نحمدک یا احب من کل حبیب

که درین زمان قالب روح خیال و جوهر آئینه مثال سرمایه نکات عجیب

دیوان حبیب

نتیجهٔ فکر افضل الشعراء اکمل الکملاء افصح الفصحاء ابلغ البلغاء طراز بندهٔ معانی عزیز عالیجناب

مولوی سید محمد کاظم المتخلص به حبیب موسوی لکهنوی یادگار خاندان شیخ ناسخ مرحوم

به اهتمام محمد ابراهیم خان اکبرآبادی در بلده حیدرآباد دکن

از افضل المطابع [illegible]

تقریظ من الحکیم المُحقق والفیلسوف المدقق فخر الحکماء المتالھین سلطان الکملاء البازغین الماھر فی العقلیات الحاذق فی الفلسفیات فرید دھرہ وافضل اھل عصرہ طویل الباع الشہیر فی الاصقاع جناب السید مرتضی دامت معالیہ و (حامداً ومصلیاً) بورکت ایام معالیہ

فقیر جس دیوان کی تقریظ لکہہ رہا ہی یہہ رشحۂ فیوض اساتذۂ شعرائے اردو ہی۔ جسکے چند اجزاء وقت تحریر میرے پاس حاضر ہین اور اسمین ہر قسم کے اشعار موجود ہین۔ اگر مذاق توحید حکیمانہ تلاش کرتا ہی تو یہ مطلع غزل سر دیوان ملاحظہ فرمائیے کس مرتبہ کا ہی ؎

حسن جب صورت گر ذوق خود آرائی ہوا		ہر بت بیباک گرم لاف یکتائی ہوا

مولانا جامی نے بھی جو اس رنگ کے اُستاد تھے یہ مطلع خوب فرمایا ہے ؎

حسن خویش از روئے خوبان آشکارا کردہ		پس بچشم عاشقان خود را تماشا کردہ

اسمین شک نہین کہ نزاکت معنی کے ساتھ مولانا نے وہ انسجام اس مطلع مین صرف کیا ہی کہ جسکی نظیر ملنا مشکل ہی جناب حبیب کنتوری نے بھی اس مطلع مین گو صنعت انسجام کو تو مرعی نہین فرمایا ہی مگر یہہ بلاغت صرف کی ہی کہ ذات واجب کو عین حسن قرار دیا ہی اور ملا صاحب نے ایسا نہین کیا ہی۔ بلکہ اضافت حسن خویش اور آشکارا کردہ۔ سے مغایرت درمیان ذات واجب اور اوسکے حسن کی واضح کر دی ہی۔ اگرچہ مغایرت اعتباری ہو جسمین وہ مزا مفقود ہی جو ... اور ابہام سے اس مطلع مین جلوہ فرما ہی۔ ذات واجب کا عین حسن اور عین نور و عین ... و عین وجود ہونا سب عبارات ہین اور مصداق ایک ہی ہی ؎

صنعت سہل ممتنع ہے اور انسجام بھی اور تسہیل بھی ... ۱۲

عباد انتا شتی وحسنك واحد		وكل الى ذالك الجمال يشير

آیۂ اللہ نور السمٰوات والارض مین اگرچہ مفسرین ظاہری نور کو بمعنی منور لیتے ہین اور اطلاق نور بر سبیل حقیقت خدا پر نہین کرتے۔ مگر صدر المتالہین وشرف الحکما والعارفین صدر الدین شیرازی نے شرح آیۂ نور مین تحقیق کی ہی کہ اطلاق نور بر سبیل حقیقت ذات واجب پر ہی۔ بہر صورت گر ذوق خود آرائی مین اس حدیث کی طرف اشارہ ہی کہ کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق۔ تناسب لفظی حسن کا ذوق کے ساتھ واضح ہے۔ لفظ بیباک مین نفی وحدۃ حقیقی غیر کی طرف پہلا اشارہ ہے لاف مین گویا اوسکو واضح کردیا اور یہ لفظ موسس لفظ بیباک واقع ہوا اور لاف مین ابطال وحدت غیر اسوجہ سے ہے کہ کل ممکنٌ زوج ترکیبیٌ علی ماتقرر فی الفلسفۃ الالھیۃ یہ طریق ابطال وحدت کا حکیمانہ ہی۔ اس مطلع مین اور بہی معانی دقیقہ حکمیہ ہین جنکو افسوس کہ مین ضیق مقام کیوجہ سے یہان لکھ نہین سکتا تغزل کے پیرایہ مین مطالب حکمیہ الٰہیہ کا ادا کرنا یہ طریقہ حافظ شیرازی کے کلام بلاغت نظام کا ہی جسکے خیاب جبیب اپنے کلام مین سالک ہین۔ اگر صوفیانہ رنگ مطلوب ہو تو اسی غزل کے دوسرے شعر پر نظر فرمائے سہ

دیکھکر آئینۂ وحدت مین کثرت کا جمال		محشرستان تعین کنج تنہائی ہوا

یہ شعر اپنے مرتبے مین بہت ہی پر مغز ہے۔ وحدۃ وجود کے مسئلہ کو عجب عنوان سے نظم فرمایا ہی۔ اس شعر کے نکات کی تسہیل ادراک کے لیے مختصراً جس مسئلہ کا بیان ضروری ہے وہ یہ ہی کہ ان الموجود مع کونہ عین الواجب وغیر قابل للتجزی والانقسام قد انبسط علی ھیاکل الموجودات و ظھر فیھا فلا یخلو عنہ شی من الاشیا بل ھو حقیقتھا وغیرھا انما امتازت و تعددت بتقیدات وتعینات اعتباریۃ ویمثل ذالك بالبحر وظھورہ فی صورۃ امواج کثیرۃ

مع انه ليس هناك الا حقيقة البحر فقط- اس شعر مین لفظ محشرستان نے عجیب لطف دیا ہی- اسلئے کہ حشر کے معنی جمع کے ہین- مصباح المنیر فیومی مین ہے کہ حشرناهم حشرًا من باب قتل جمعتهم والمحشر موضع الحشر- اور تعینات ہی مین وجود حقیقی باعتبار مظاہر کے مجتمع ہے پہر کنج تنہائی سے کیا خوب اشعار وحدة فی الکثرة کا فرمایا ہے- اگر واعظانہ طرز دیکہنا ہی تو اسی غزل کا یہ شعر کیا خوب ہی ؎

کچہہ بجز غفلت نہ ہاتہہ آیا متاع دہر سے	مال دنیا صرف شغل بادہ پیمائی ہوا

وادی مناجات مین یہ شعر کسقدر عمدہ ہی ؎

سناؤن کیا میرے معبود سرگذشت اپنی	مآل یہ ہے کہ خوف معاد لیکے پہرا

کس اختصار کے ساتہہ دوسرے مصرعہ مین تمام سرگذشت معاصی بشری کو چند لفظون مین ادا کردیا ہے- اور (لیکے پہرا) ردیف نے یہان کیا مزا دیا ہی- پہر مآل و معاد مین کسقدر تناسب ہے- ایک دقیق مسئلہ جبر و اختیار کو کس انداز متکلمانہ سے اس شعر مین ادا کردیا ہی- ؎

کیون نہ کرتا ہر سبب ثابت مسبب کا وجود	جبکہ تہا افعال مین مضمر اثر تسخیر کا

اور جہلکا کے اس مقولہ کو کہ الانسان مضطر فی صورت المختار اور حدیث لا جبر و لا تفویض بل امر بین امرین اور حدیث علوی قال لما سئل علی بما ذا عرفت ربك قال عرفت ربي بفسخ العزائم ونقض الهمم لما هممت فحيل بيني وبين همتي وعزمت فخالف القضاء والقدر عزمي فعلمت ان المدبر غيري- کس لطافت سے مصرع ثانی مین ادا فرمایا ہی چونکہ یہ مسئلہ سخت مشکل اور فہم عوام سے باہر ہے لہذا صرف اشارہ کافی سمجہا گیا- اس مسئلہ فلسفہ الہیہ کو کہ وجود عالم ذات واجب سے مثل وجود کلام عن المتکلم یا وجود ضوء عن الشمس ہی- لا کوجود الکتاب عن الکاتب اس شعر مین صرف کیا ہی ؎

روز ہے جلوہ نیا اوسکا ازل سی تا ابد | جو نہین محتاج اک لحظہ کسی تنویر کا

یعنی شمس الوجود جو غنی بالذات ہے اوسی کے جلوہ اور اوسکی ضؤ سے وجود عالم از ازل تا ابد ہی اور اگر وہ ایک آن افاضۂ نور وجود نکرے تو دفعۃً عالم معدوم ہوجاے کما قال اللہ ان اللہ یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکہما من احد من بعدہ ف جدال اور مراء جو ذمایم اخلاق مین سے معدود ہی دیکھو احیاء العلوم امام غزالی کتاب افات اللسان اس کے انجام بد کو اس شعر مین ظاہر کردیا ہی ؎

باہم یہ بات باتین کج بحثیان ہین قتہر | ہوجاتا ہے نفاق نتیجہ جدال کا

ف ملاحظہ فرمائے صنعت انسجام کے ساتھہ یہ شعر ضرب المثل ہونیکے قابل ہی ؎

وہ جفا کرکے وفادار و نہیر + اک نہ اک روز پشیمان ہوگا = یہ مطلع بھی شاید جدید مضمون اسی رنگ مین ہی ؎

ہمارے دل مین تیری زلف کا خیال آیا | خراب ہوگیا اس آئینہ مین بال آیا

اسطور سے خیال زلف کو شاید کسی نے نہین باندہا ہے ف ذوق عاشقانہ اور ذوق صوفیانہ کو اس شعر مین خوب جمع کیا ہے ؎

تم رہو دل مین پھرین ڈہونڈہتے ہم غیر وہین | بدگمان ہوگا نہ ہمسا کوئی غافل ہوگا

یہ زمین بہت پائمال ہی مگر نسیم دہلوی کا ایک شعر اسی زمین مین مجھے یاد ہی۔ بہت خوب کہا ہی ؎

حشر مین نامۂ اعمال دکھائین گے بشر | میرے ہاتھون مین فقط آبلۂ دل ہوگا

حبیب صاحب نے جو غزل اس زمین مین لکھی ہی اوسکا ہر شعر انکی استادی کی دلیل ہے ؎

عاشق زلف ہین ای ابلعدم حشر کے دن | ہم جہان ہونگے وہین شور سلاسل ہوگا

محمل کے قافیہ کو صوفیانہ طرز مین خوب کہا ہی ؎

تیرا یہ لطف و ترحم یہ لگاوٹ یہہ حجاب | کہین مجنون کہین لیلی کہین محمل ہوگا

اسی غزل کے مقطع میں کہ ~ لطف ہی حشر کے دن حسن عقیدت کا حبیب ؞ ساتھ ہر شخص کے اوسکا متوسل ہوگا

اس آیۂ قرآنی کیطرف اشارہ ہی یوم ندعو کل اناس بامامھم الآیہ ۔ یہ تمام غزل جناب حبیب کی اُستادی پر ایک قاطع دلیل ہی۔

وله

چرخ بے مہر کے ہاتھوں نے دکھی دل کیا کیا
خاک میں اسنے چھپائے مہ کامل کیا کیا

شب فرقت میں تیری اے گہر بحر وفا
بھر گئے دیدۂ خونبار سے ساحل کیا کیا

ف میں ناظرین کو اس **دیوان** کے محامد سے اسطرف بھی متوجہ کرتا ہوں کہ فلسفہ تہذیب اخلاق میں کسی اردو شاعر نے غالباً اسقدر توجہ نہ کی ہوگی جسقدر جناب **حبیب** صاحب نے فرمائی ہی۔ یہانتک کہ حرف بار میں تہذیب ہی کے لفظ پر غزل کے ہر شعر کا اختتام ہی ملاحظہ ہو

~ مہر و الفت سے ہے مآل تہذیب
خاکساری سے ہے کمال تہذیب

پوری **غزل** نہایت لطیف ہی۔ اگر بنظر انصاف کوئی شخص اس دیوان کو دیکھیگا تو وہ اس فصل الخطاب میں ایک لمحہ کے لئے توقف نہ کریگا کہ تمام اردو دیوانوں میں یہ دیوان مسائل۔ فلسفہ۔ تہذیب۔ اخلاق پر اسقدر حاوی ہی جسکی نظیر نہیں ملسکتی اور پھر لطف یہ ہی کہ شاعری کے محاسن اور نکات کو بھی اسمیں پورا صرف کیا ہی **ف** کسی شاعر کے اقتدار کلام کا موازنہ کرنیکے لئے یہ بھی دیکھا جاتا ہی کہ اوسکو مشکل اور ناہموار زمینوں پر کیسی قدرت ہے۔ اس مقصد کیلئے جو غزل میرے سامنے ان چند اجزا میں ہے وہ ایک جید برہان حبیب صاحب کی قوت اور قدرت نظم پر ہی۔ **وھوھذا** ہر ایک عروج حکومت سے دوپہر کی دہوپ ہمیشہ ہوتی ہی دولت کی چھاؤں ڈھلتی دہوپ۔ اسمیں یہ شعر نہایت عمدہ کہا ہی ~

تم آکے سامنے غرفہ میں بیٹھ جاؤ اگر
ہمیشہ ہمارے لئے چاندنی ہے ٹھنڈی دہوپ

اس غزل میں نیچرل شاعری اور مشتاقین سین کے مذاق کا یہ کیا اچھا شعر ہے ~

سہانے وقت مین اید ل دم طلوع و غروب
سُہان دکہاتی ہے قدرت کا دیہی دہوپ

مقطع بہی ہمثل کہا ہی ؎ حبیب اگئی پیری سپید بال ہوئی ؛ اُٹہو بلند ہوا آفتاب پہیلی دہوپ

دوسری غزل کی زمین مشکل ہی مگر خوب کہا ہے ؎

ہجر مین وصل کی دی دل نے خبر آپ ہی آپ
جسطرف غور کیا آئے نظر آپ ہی آپ

اسمین سیاست مدن پر چند اشعار قابل دید ہین۔ ؎

پہیل جاتی ہی کسی قوم مین تہذیب جہان
سیکہہ لیتا ہے ہر ایک علم و ہنر آپ ہی آپ

اسمین لفظ ہنر سے اسطرف اشارہ ہی کہ صنعت و حرفت کے عروج سے علاوہ علوم کے ایک قوم دوسری قوم کو اپنا بندہ اور غلام بنا لیتی ہے جو دو نون یا ایک سے بہی بے بہرہ ہون فافہم ولہ

ہو گئی مشترک اغراض مین جب خود غرضی
رو گئے لاکہہ بپا ہوتا ہے شر آپ ہی آپ

یہ شعر لب لباب اون اسباب کا ہی جن سے مسلمانون کی سلطنت فنا و برباد ہو گئی۔ اور آج نصاریٰ اونکے مالک الرقاب بنے یہ شعر اس غزل مین ؎

یہ بہی پاتا ہے شرف قطع منازل کر کے
ماہ نو ہو نہین سکتا ہی قمر آپ ہی آپ

اگرچہ یہ مضمون مُتنبّی اپنے قصاید مین لکہہ چکا ہے مگر لفظ شرف سے ایک قسم کی تازگی پیدا ہو گئی ہی ف ردیف جیم فارسی مین (جہوٹہہ سیچ) کی زمین بہت ہی مشکل تہی مگر کسقدر اچہے اشعار اوسمین نکالے ہین۔ یہ شعر اخلاقی طریقہ مین کیا خوب ہی ؎

کیون نہ بہا گون صحبت اہل دول سی دور دور
ہونگے خوش یہ جب کرون باتین بنا کر جہوٹہہ سیچ

تغزل مین یہ شعر ایسی مشکل زمین مین کسقدر نادر ہی ؎

سیدہی باتون مین وہ اُلجہے ہو گیا برہم مزاج
کان مین کچہہ کہہ گئی زلف معنبر جہوٹہہ سیچ

اس شعر مین ؎ سر پہ خود حضرت انسان نے اوٹہایا وہ بار ؛ کوئی مخلوق نہ جسکا متحمل ٹہیرا

گومضمون حافظ شیراز کا ہی ع آسمان بار امانت نتوانست کشید ؎ قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند۔

اس شعر عالی کے حسن کو کوئی بشر کیا لکھہ سکتا ہی اور اوسکی تقابل کی ہوس کون کرسکتا ہی اصل آیۂ جسکا مضمون حافظ شیراز نے نظم فرمایا ہی انا عرضنا الامانت۔ علی السموٰت والارض فابین ان یحملنہا وحملہا الانسان کان ظلوماً جہولا مگر جناب حبیب نے جب دیکھا کہ حافظ شیراز نے گویا بخلاف آیہ قرآنی کے صرف آسمان ہی سے نفی بار امانت کی ہی۔ حالانکہ آیہ قرآنی مین آسمان وزمین دونون سے یہ نفی مذکور ہی۔ تو اونہون نے یہ تصرف شعری کیا کہ لفظ مخلوق جو دونون سے عام ہے۔ اس مقام پر استعمال فرمایا اور اسطرح حملہا الانسان کی وقعت تخیلی کو بڑہا دیا ہی جو خاصہ شعر ہی

اس شعر مین کہ ع زندگی مین ہوا اوس شوخ کا ملنا دشوار ؎ روح کو جامۂ تن پردہ حایل ٹہیرا

اگرچہ اس مضمون کو جناب حافظ شیراز نے خوب فرمایا ہے کہ ع

حجاب چہرۂ جان میشود غبار تنم ؎ خوشادمی کہ ازین چہرہ پردہ برفگنم

مگر لفظ شوخ نے تغزل کا مزا اصل مضمون عرفانی مین زیادہ کردیا ہے۔ یہ شعر ضرب المثل ہونیکے

قابل ہی ع ہزار کیجے بناوٹ مگر نہین بنتی ؎ کیا تپاک دلون مین جہان ملال آیا

اس شعر مین مضمون مقولہ حکیمانہ جناب امیر مضمر ہی جو نہج البلاغۃ کے کلمات قصار مین ہے کہ ما اضمر احد شیئاً الا وقد ظہر من صفحات وجہہ۔ وفلتات لسانہ۔ مسئلہ رویت ذات واجب کو انداز تغزل سے کسقدر خوب لکھا ہی ع لاکہہ ڈہونڈہا نظر آیا نہ کہین ؎ کیا ٹہکانا بت ہرجای کا۔ یہ اشارہ دلیل ثالث نفی رویت کیجانب ہی۔ اسلئے کہ تلاش الثانی اُس شے سے عادتاً متعلق ہوتی ہی جو کسی جہت مین ہو اور جب جہت ذات واجب سی مسلوب ہو تو پھر رویت اوس کی ممکن نہین ہی اور دوسرے مصرع مین تمام وجوداتِ ممکنہ کو دلائل وجود باری تعالیٰ قرار دیا ہی۔ لہذا وہ اس اعتبار سے گویا ہر جگہ ہی اور بت کے معنی مذاق عارفانہ مین حمد کے ہین۔ لانہا کان وجوداً

حقیقتاً فلا جوف فیہ لانہ فرع زیادۃ الوجود علی الماہیۃ ف یہ شعر دیکھئے کہ لطف زبان کے ساتھ بندش مضامین مین بھی کیا حسن پیدا کیا ہے ؎

جام ٹوٹا تو صدا آئی شکست دل کی	بہہ گیا بادہ گلگون میرے آنسو کیطرح

دوسرا شعر بہت قابل قدر ہے کہ شیرینی زبان مین حلاوت تشبیہات صادقہ کو ملا کر ایسا قند مکرر بنایا ہی جس سے اوسکے اخلاقی مضمون کا مزہ دوبالا ہو گیا ہے ؎

اپنی وہ سید ہی روشن ہی کہ جھلکے جو اکبار	تو ہم آنکھون پہ بٹھائین اوسے ابرو کیطرح

ف رعایت ادب گویا ایک بڑا واجب علینی شاعری کا ہے جسمین متنبی سا شاعر غرّا بدنام ہے جسکہ قصاید مدحتہ مین زمام ادب خدا و رسول بھی اوسکے ہاتھہ سے چھوٹ جاتی ہے مگر حبیب نے اس شعر مین قابل دید مراعات ادب فرمائی ہی ؎

حبیب ہین بند کام تیرے کہان ہین شاہ انام تیرے	نہین پہونچتے امام تیرے ہی بندہ بوتراب کیسا

یہ مقام مقتضی اس جملہ کا تھا کہ جب امام نے وقت مصیبت مین حبیب کی دستگیری نہین کی تو وہ امام کیسے۔ مگر نقص نیاز و تقرب اپنا بیان کرکے یہ بتایا ہے کہ خود بندہ بوتراب مین ہنوز استعداد ہی اسکی نہین آئی کہ امام اُسپر اپنی فیوض و توجہ کو مبذول فرمائین دیکھئے غالب نے یہ نکتہ رکھ دیا ہی ؎

؎ زندگی اپنی جو اس طرح سے گذری غالب	ہم بھی کیا یاد کرینگے کہ خدا رکھتے تھے

ف اس شعر مین حدوث اجسام عالم کی ایک دلیل کیطرف اشارہ فرمایا ہے ؎

سارے حادث متغیر ہین فقط تو ہے قدیم	تیری ہستی ہوئی ہستی و عدم کا باعث

اس شعر مین مصرع اول کے یہ معنی ہین کہ کل عالم اجسام متغیر ہے اسلئے کہ وہ اعراض متغیرہ سے کسیطرح خالی نہین ہو سکتے اور جو متغیر ہے وہ حادث ہے لہذا تمام عالم اجسام حادث ہی چونکہ پہلے مصرع مین مذہب متکلمین حدوث عالم مین اختیار کیا ہی لہذا دوسرے مصرعہ مین ذات واجب

کو۔ فاعل مختار بنابر مذہب اہل کلام کہنا ضروری ہوا۔ اسلئے یہ فرمایا کہ تو اپنے اختیار کی بنا پر جب
چاہے جس حادث کو چیز عدم سے وجود مین لائے اور جب چاہے اوسپر عدم لاحق طاری کرے

ف اگر مین اختصار ان اشعار دیوان جناب حبیب کا کرون جن مین انہون نے مسایل
دقیقۂ فلسفۂ الٰہیہ اور قواعد شریفہ فن اخلاق و دیگر فوائد علمیہ کو صرف کیا ہی تو یہ تقریظ ایک مجموعۂ منتخب
اشعار دیوان اور اوسکی شرح کی صورت پیدا کرے لہذا اب مین اس مقصود کو ناظرین اولی الابصار کی حوالہ کرتا
ہون جنکی خدمتمین یہ دیوان پہونچے گا۔ اور ایک دوسرے ضروری مقصد کی طرف متوجہ ہوتا ہون ہان
اسقدر گذارش کر دینا اور بہی ضروری ہی کہ مین نے اپنے اس بیانمین اس دیوانکی اکثر صنایع فن بدیع کو عمداً
اسلئے فرو گذاشت کیا ہی کہ اوسکی فراوانی سے گویا ہر ورق اس دیوان کا بوستان بدیع ہی بیان احاطہ سے باہر ہے۔ مگر اوس مسئلہ اہم کی
تحریر مین مجھے دو مشکلین درپیش ہین۔ ایک تو یہ کہ کتاب خانہ میرا وطن مین ہے اور یہان دواوین
شعراے اردو بہی میرے پاس نہین ہین البتہ چند دیوان چند شعرا کے وقت تحریر ملگئے ہین جسپر
خامہ فرسائی کی مجال ہوئی مگر انپر سرسری نگاہ کرنے کے بالاستیعاب دیکہنے کی بہی
فرصت نہین ہے دوسرے اس مسئلہ کی تقریر مین ایک گروہ کثیر کی ناخوشی خریدنا ضرور ہی لیکن
اگر مین اسکو قطعاً متروک کرون تو گویا اس تقریظ کا جزو اخیر علت تامہ مفقود ہوا جاتا ہی لہذا الحق
مُرٌّ کہکر ناظرین بالانصاف سے خطاب کی جرأت کرتا ہون اور عرض کرتا ہون کہ اذا رضیت
عنی کرام عشیرتی الخ وہ مسئلہ اہم یہ ہے کہ مصنف دیوان کا مرتبہ شاعری مین بیان کیا جاے
لہذا میرے خیال مین محل بحث یہ کلام ہے کہ جناب حبیب اپنے معاصرین مین کیا مرتبہ رکہتے ہین
جہان تک میری راے اس مسئلہ مین ہی وہ یہ ہی کہ جناب حبیب اپنے اکثر معاصرین پر فایق
ہین۔ مگر یہ تفاضل اون شعراے معاصرین سے نہین ہی جو شاعر بالطبع ہین اور اونکو علوم ادبیہ
سے اسقدر بیخبری ہی کہ اکثر اغلاط لفظیہ و اضحہ سے بہی اونکا کلام پاک نہین ہی اور بجنست

واتفاق کے زور بازو نے اونکو ایک عظیم جاہ و ثروت و قبول کے رتبہ پر پہونچا دیا ہے بلکہ اس تقابل کے موجودہ شعرا ہین جنہون نے کم سے کم صرف و نحو عربی و عروض و ادب کو مقدمات کی حد تک حاصل کیا ہوا اور پھر شاعری کے دائرہ مین قدم رکھا ہو قلیلٌ مّاھو اوریہ مین اونکے کلام کا تقابل عماد الشعرا امیر احمد مینائی مرحوم سے کرتا ہون جو ملک الشعرا اسیر لکھنوی کے نامی شاگرد تھے یہ شعر جناب امیر مینائی کا ہے ؎

روشن دلون کا عیب بھی تشبیہ ہے ہنر	کیونکر نہ بڑہ کے بدر ہو ناخن ہلال کا

اس شعر مین بڑہ کے بدر ہونا ایک زاید کلام ہے۔ اسلئے کہ روشندلون کے عیب کی ہنر سے تشبیہ کے لیئے ہلال اور ناخن ہلال کافی تہا اسوجہ سے کہ ہلال گو ناقص ہو مگر پہر بھی محبوب ہے اور یہ گویا اوسکا ہنر ہے **حشو مستحسن کی ایک عمدہ مثال** کلام ابوطیب متبنی سے گذارش کیجاتی ہو قال یا بنی حارث بن لقمان لا تعدمکم فی الوغی متون العتاق ابو الفتح بن جنی شارح دیوان متبنی نے فرمایا ہو کہ یہان اگر فی الوغی کا لفظ نہ لاتا تو ممدوح ایک چابک سوار ہوتا جسکا پیشہ یہ ہے کہ ہمیشہ گہوڑے پر سوار رہے لیکن شان ملوکیہ یہ ہو کہ اکثر اوقات وہ اپنی تدابیر ملکی مین اپنے مقام پر صرف کرین اور بوقت ضرورت و جنگ گہوڑون پر سوار ہون یہ حشو ایک نصیحت اون والیان ملک کو ہو جو اپنے کمالات کا انحصار چابک سواری نشانہ بازی مین سمجہین۔ پس عربی شاعر کے لیئے یہ فخر کیا کم ہے کہ اوسکا حشو تک ایک مسئلہ سیاست ملکی پر مشتمل ہوتا ہے **حبیب صاحب** نے بھی فطرتی پیرایہ مین کسقدر کلام تام فرمایا ہے ؎

کوشش سے دور ہو نہین سکتا ہو جرم ذات	دہبہ مٹا نہ چرخ پہ تیغ ہلال کا

اگرچہ بظاہر یہ اعتراض ابہر وارد ہوتا ہے کہ دہبہ جرم قمر مین بحالت بدر یہ نمایان ہوتا ہو نہ ہلال مین مگر قمر مین فی الواقع کلف وسیاہی ہمیشہ رہتی ہے بلکہ اوسکی بعض اطراف بھی اس سے خالی نہین

ہین کما تحقق من الآلات الرصدیۃ دوسری ترقی تو دیکہیئے کہ اجسام سفلیہ ارضیہ سے جو ظاہر امعرض زوال و تغیر مین ہین بدذاتی اور بد اصلی کا دہبہ کیا مٹے گا جب اجرام سماویہ سے دہبہ نہ مٹ سکا مگر امیر مرحوم نے اسی طرح مین یہ شعر اسقدر بیمثال کہا ہے کہ انصافاً اونکی استادی پر ایک برہان ساطع ہے ؎

احمد جو تہی رحیم نہ سایہ تہا اسلئی	دل اپنا جائی زیر قدم پایمال کا

دوسری ہمطرح غزل امیر کا مطلع ہے ؎

غیر تو زندہ ہے پہر غم ہے میری جان کسکا	سوگ رکہی ہوئے ہے زلف پریشان کسکا

جناب حبیب کنتوری کا یہ مطلع ہر ؎

غم کرے جز مرے جمعیت دوران کسکا	خاک ہو کر بہی ہر ہر ذرہ پریشان کسکا

ظاہر ہی کہ یہ مطلع جناب حبیب کا جناب مینائی کے مطلع سے بڑہا ہوا ہے خصوصیت کے ساتھ جس چیز مین جناب حبیب کے دیوان کو جناب مینائی بلکہ اکثر دواوین طبقہ اولیٰ و طبقہ ثانی شعرائے لکہنو و دہلی و دیگر معاصرین پر تفضیل ہر وہ کثرت اشتمال عوامض علمیہ و اصول اخلاقیہ و لوادر ایقاصنات قومیہ ہر ثانیاً جناب غالب کا دیوان بہی وقت تحریر سامنے ہر سلطان الشعرا جناب غالب کی کمال شاعری فارسی مین تشکیک کرنا شریعت ادراک مین حرام مطلق ہے اور حقیقتاً وہ اپنے زمانہ مین فخر ہندوستان و نادر زمان تہے مگر اونکی اردو شاعری کہین تو غلبۂ فارسیت نے سے زبان کا مزہ کہو دیتی ہر اور کہین تعقید و اغلاق کے صنم صیاخید لیسے رکہی ہین کہ مقصود شاعر واضح ہونا مشکل ہو گیا ہے مگر جہان کہین یہ ارادہ کر لیا ہر کہ اپنے کمال کا جلوہ دکہا دین۔ اون اشعار مین انصاف یہ ہر کہ قلم توڑ دیے ہین۔ پورے دیوان پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہر کہ اردو شاعری کو شاید وہ اپنا کمال ہی نہ سمجہے تہے اور اسوجہ سے بے التفاتی اور کم توجہی کے بہت آثار اردو کے اشعار مین۔ نظر آتے ہین ہم اس دیوان سے تقابل کے لیے

اونکے چند اشعار نقل کرتے ہین۔ جناب غالب کا سر دیوان مطلع ؎

نقش فریادی ہی کسکی شوخیٔ تحریر کا		کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا

اس مطلع کے معنی مین لوگ کسقدر غلطان و پریشان ہین اسکی تحریر کی ضرورت نہین ہی جناب حبیب کنتوری فرماتے ہین ؎

آہن آئینہ ہے اوسکے عشق کی تاثیر کا	؛	نقش پا ہو ہی ہر اک حلقہ میری زنجیر کا۔

زنجیر کے قافیہ مین جناب غالب کا یہ شعر ہے ؎

بسکہ ہون غالب اسیری مین بھی آتش زیر پا		موئے آتش دیدہ ہی حلقہ میری زنجیر کا

یہ پوری غزل دیوان غالب کی اگر دیوان ہذا کی غزل ہمطرح سے مقابل کیجائے تو اس دیوان کی غزل ضرور اوسپر فایق ہی۔ دیوان غالب کی غزل ؎

ستایش گر ہے زاہد اسقدر جس باغ رضوانکا		وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودون کے طاق نسیان کا

اگر اس دیوان کی اس غزل سے مقابل کیجائے ؎

بڑہا رتبہ یہان تک خود فراموشی مین عرفان کا		کہ محراب حرم ہے عکس میرے طاق نسیانکا

دیکھئے یہ مطلع کیا عظمت و شان رکھتا ہے اور غالب کے رندانہ رنگ کے خلاف صوفیانہ مذاق سے رتبہ فنا فی اللہ کو کس حلاوت سے بیان کیا ہی کوئی عاقل اس مطلع کے تفوق مین مطلع دیوان غالب پر شاید شک نہین کر سکتا اگر پوری اس غزل کا غزل دیوان غالب سے تقابل کیا جائے تو اس غزل حبیب کے سباق الغایات ہونے مین کوئی شبہہ نہین ہو سکتا۔ خصوصًا دربان کے قافیہ مین دونون کے کلام کو ملاحظہ فرمائے غالب۔

اوگا ہی گہر مین ہر سو سبزہ ویرانی تماشا کر		مدار اب کہودنے پر گہاس کے ہے میرے دربان کا

حبیب پہرا وحشت مین برگشتہ قسمت یار کے در سے ؛ ہوا دہوکہا مجہے وان اپنی ہی سایہ پہ دربانکا

دیوان غالب کی غزل جسکا یہ مطلع ہی ؎

حسن غمزہ کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد ‌‌ بارے آرام سے ہین اہل جفا میرے بعد

حبیب کی یہ غزل اسی طرح مین ہے ؎ کیا دکہائینگی حسین نازو ادا میرے بعد ✤ نہ بنیگا کوئی سرمشق جفا میری بعد

پوری غزل کے تقابل سی صاف ظاہر ہے کہ جو تغزل شیرینی زبان و صفائی بندش کلام حبیب مین ہی۔ غزل غالب اس سے بہت علحدہ ہی۔ اسکے علاوہ واعظانہ اور ضرب الامثال کے طور پر جسمین دیوان حبیب اغلب شعرائے اردو کے کلام سے ممتاز ہے یہ دو شعر اس غزل مین کیا خوب لکھے ہین ؎

دوستو یاد رہی شرط محبت ہی یہی ✤ حق سے کرنا میری بخشش کی دعا میری بعد
بخشدی طاعت واجب ہی قضائی معبود ✤ کیا کریگا کوئی یہ دین ادا میرے بعد

میرے بعد کو کیا خوب ثابت کیا ہی۔ اسی زمین مین ایک مشہور غزل زبان زد خاص و عام ہی ؎

آکے سجادہ نشین قیس ہوا میرے بعد ‌‌ نہ رہی وشت مین خالی میری جا میری بعد

میرانیس نے بہی ایک سلام اس زمین مین کہا ہی جسکا ایک شعر مجھے یاد ہے ؎

یاد جو وقت کرینگے یہ کلام رنگین ‌‌ کف افسوس ملین گے شعرا میرے بعد

ثالثاً نظر فقیر مین ابتدائے جس نظم نے جناب حبیب کی شاعری کو وقیع بنایا وہ قصیدہ سالگرہ مبارک حضرت بندگانِ عالی خلد اللہ ملکہ ہی۔ جسکی زمین ہی سالگرہ مقالگرہ یہ قصیدہ میرے خیال مین یہ درجہ رکہتا ہی کہ اگر کوئی شخص عمر بہر ایک شعر نہ کہے اور صرف ایک قصیدہ ایسا لکہے تو اوسکی اوستادی کے سلئے بس ایک قصیدہ ہی کافی ہے اور پہر کسی غزل اور مثنوی اور دوسرے قصیدہ کی ضرورت نہین ہی اگر ذوق دہلوی جو قصیدہ گوئی مین طبقۂ وسطی کے شعرا مین فرد شمار کئے جاتے تہے زندہ ہوتے تو وہ بر سبیل اضطرار اس قصیدہ کے داد دیتے اور پہڑک جاتے۔ اور اس شاعری کے ایسے معترف ہوتے کہ بے اختیار کہہ ترک الاول للآخر پکار اوٹہتے۔ دقت معانی اور شوکت الفاظی اور متانت ترکیب

اور رشاقت تشبیہات و استعارات کو معجب بلکہ معجز انداز سے یکجا فرمایا ہی رابعًا اس دیوان مین یہ عیب ہے کہ عوام پسند نہین ہی۔ اسلئے کہ اوسکی زبان فاضلانہ ہے اور سبب اس کا یہ ہی کہ تمام مہذب السنۂ دنیا کی ۳ طبقے ہین (۱) زبان افاضل وعلمار (۲) زبان متوسطین (۳) عوام کالانعام۔ بازاری لوگون کی زبان معیار اعتبار قسم اوّل ہے۔ یہ زبان دوطرح حاصل ہوتی ہی یا خود تحصیل علوم وصحبت وخدمت علما سے یا یہ کہ خاندان اعلام روزگار واہل کمال مین اوسنے پرورش پائی ہو اور عقل ہیولانی کے بعد ہی سے اوسنے ادراک محسوسات مین وہ الفاظ و محاورات سُنے ہون جو زبان علما پر جاری ہون اور انہین کے امثال الفاظ ومحاورات سے اوسکی زبان آشنا ہو جائے شیخ الرئیس نے فاتحہ باریر میناس الشفا مین ارشاد فرمایا ہے کہ جب بحسب اقتضائے ضرورت مدنیہ انسان کی زبان پر جریان الفاظ ہوا تو اگر معاشرت اوسکی اہل علم سے ہے تو اوسی قسم کے الفاظ اوسنے سنے اور اوس کی قوت حافظہ نے یاد کیے اور وہی اوسکی زبان پر آئے یہ مثل مشہور ہے العلم فی الصغر کالنقش علی الحجر پھر اسنے اگر مقدمات علمیہ تحصیل کر لئے ہین تو یہ کیفیت اوسکا ملکہ روز بروز راسخ القدم ہوتا گیا۔ یہانتک کہ اگر اوس سے یہ کہا جائے کہ وہ طبقۂ اوسط اور ادنیٰ کی زبان کو اپنی تحریر وتقریر مین صرف کرے تو وہ اوسپر بالارادہ بھی قادر نہ ہوگا اور اگر ہوگا تو بڑی مشکل سے جناب **حبیب کنتوری** ایسے خاندان کے افراد سے ہین جو ہندوستان مین علم وفضل کے لئے مثل آفتاب کے مشہور ہے اور اس خاندان کے تصنیفات جلیلہ کے آوازہ سے زمین و زمان مملو ہی لہذا اونکی زبان شعری قسم اول کی ہے جسکو مذاق عامیانہ سے گویا مباینت ہے اور چونکہ لذت نام ملایم من حیث ہو ملایم کا ہے (ادراک) لہذا عوام کو اس سے کچھ التذاذ حاصل ہونا گویا محال ہے اور اسیوجہ سے وہ پسند نہ کرینگے۔ بلکہ اگر جناب **حبیب** ارادہ کرین کہ اپنی زبان

شعری مین زبان قسم ثالث کا رنگ بھرین تو وہ اوسپر قادر بھی نہین ہین عوام الناس کو تو وہی اشعار زیادہ مرغوب ہوتے ہین جو اونکی زبان مین ہون اور اختلاف لسان موجب وحشت ہے۔ اعلیٰ مرتبہ زبان عامیانہ کا وہ ہی جو شاہدان بازاری کا روزمرہ ہے۔ اس زبان کو بموجب قاعدہ مذکورہ وہ شخص بڑی لطافت سے نظم کرسکتا ہی جسنے خود اونکی مہد مین پرورش پائی ہو۔ یا اُنکی صحبت اور معاشرت مین ایک زمانہ دراز بسر کیا ہو۔ ایسے شخص کی نظم مثل برق کے اس حسن فروش طائفہ مین پہونچکر اونکے دل اور زبان پر قابو کریگی اور محافل رقص وسرود کی شمع انجمن بنجائے گی لہذا اگر اس دیوان کی غزلین عوام مین فخر شہرت حاصل نہ کرین تو کچھ محل استغراب واستعجاب نہین ہے۔ خامساً اس دیوان کا مطبوع ہو جانا اردو زبان کے لئے وہ نعمت غیر مترقب ہی جسکا عدیل ومثیل ملنا اسکو باعتبار استقبال شاید محال ہے۔ اسلئے کہ اب اردو شاعری کی دیوار شکستہ پر صرف چند ہی نقش ونگار باقی رہگئے ہین اور وہ ان چند شعرا کے دم قدم سے ثابت ہین جو اساتذہ سلف کے یادگار ہین۔ یہ لوگ بھی اپنے زمانہ شباب کی منزل طی کرچکے ہین انکے بعد اردو شاعری ملک عدم کو کوچ کرجائیگی اور حسرت ویاس اُسپر تا قیامت ماتم کریگی۔ ھذا ما رعف به القلم ورحض به الرقم ورکض به القدم علی جناح الاستعجال والبال فی بلبال وحمس الاعوان موقدة النیران علی نکبات الزمان ولنعم ما قال افصح الشعراء حکیم ابو الطیب المتنبی بیت الی الزمان بنوہ فی شبیبتہ ؛ فسرہم واتیناہ علی الهرم + وقت یضیع وعمر لیت مدتہ ؛ فی غیر امتہ من سالف الامم

تمت فی صباح خامس شهر رمضان المسلک فی شهور ۱۳۱۸ھ من هجرة النبی البشیر النذیر العریان حررہ شین الوجود العینی مرتضی الحسینی النوکھروی الغازی فوری

کان الله له وحقق آماله

قصیدہ

در مدح بادشاہ اسلام پناہ رستم دوران افلاطون زمان سپہ سالار یار وفادار مظفر الممالک فتح جنگ حضور پرنور میر محبوب علیخان بہادر نظام الدولہ نظام الملک آصفجاہ شاہ خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ وادام اللہ علی العلمین برہ واحسانہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

پسند طبع ہے اسے شاید خیال گرہ
کراپنی زلف معقد گرہ پہ ڈال گرہ

ہین ڈہیر تازہ مضامین کے لولوئ شہوار
پرولے انکو دکہادے کے بال بال گرہ

دوہائی تیغ ادا کی پہرے کمان ابرو
کرے جو چوڑکے توسین کو ہلال گرہ

بیکارے طرۂ کاکل کو دیکہہ کر عالم
لگی ہے مصرع قامت پہ بےمثال گرہ

نہ ہول تجہسے کہون جو لگالے آنچل مین
مثال میم معقد ہیری جمال گرہ[۱]

حضور شاہ مین جاتا ہے بہر عرض نیاز
عجیب نہین جو دہن مین بنے مقال گرہ

ہمیشہ مدح مین قاصر ہے گر یہہ ذکر چہڑا
لگائے گا سر زانو مین انفعال گرہ

جواب مین یہی کہنا کہ مین بہی کہتا ہون
ثنائے شاہ بتقریب جشن سال گرہ

کلاوہ بنتا ہے جب رشتۂ حیات جہان
بقا کے قاف کی صورت خجستہ فال گرہ

[۱] میم معقد خط ثلث ونسخ مین لکہی جاتی ہے اوسکی شکل یہ ہی (م)

امین[۵۱] باغ کے جلسے ہین صحبتین گل کی
ردیف ایک ہی پڑہ کر سناوہ پچھلی[۵۴] غزل

وہی گذشتہ[۵۲] و پیوستہ[۵۳] جشن سال گرہ
سخن کے رشتہ مین دی پہر اتصال گرہ

غزل

لگائین یوہین گرہ پر ہزار سالگرہ
سعید ہو میرے پروردگار سالگرہ

لٹاے آج نہ کیون چرخ گوہر انجم
ہے شاہ وقت کی نثر نثار سال گرہ

عدو کے بدلے ہراک تار ہے کلاوے کا
بنے گی صفر کرو گر شمار سال گرہ

خوشی سلامتی شہ کی تہی دلوںمین نہان
جہان مین کرتی ہے پہر آشکار سال گرہ

مثال خضر ہو یارب مرے حضور کی عمر
کرین خوشی سے یوہین بار بار سالگرہ

خطاب جنگی و دولائی پائین گے امرا
بڑہانے آئی ہے جاہ و وقار سال گرہ

شگفتہ ہوتے ہین غنچے ریاض دولت کے
ہمیشہ آتی ہے بنکر بہار سال گرہ

مے طرب سے ہین مسرور سب خواص و عوام
ہے غل سعید ہو اے شہریار سال گرہ

رہین حضور سلامت دعا یہہ مانگ حبیب
کرے کشایش ابواب کار سالگرہ

---

۵۱ - امین باغ ایک محلہ کا نام ہے اندرون بلدہ حیدرآباد متصل دلی دروازہ ۱۲ -

۵۲ - گذشتہ مراد ہے سال گرہ گذشتہ سے جو سنہ ۱۳۱۵ ہجری مین ہوئی تہی

۵۳ - پیوستہ یعنی سال گرہ پیوستہ سنہ ۱۳۱۴ ہجری -

۵۴ پچہلی غزل سے مراد یہی غزل ہے جو سنہ ۱۳۱۵ ہجری کے جلسہ سالگرہ مبارک مین بمقام امین باغ پڑہی گئی تہی -۱۲-

ابہی ہے یاد وہ ترجیع[۵۱] بند ہی سب کو
ہزار عقدۂ مضمون ہون اس طرح مین جلی
ثنا کے لکہنے ہئے مضمون یہ ہے ہمایون جشن
ہو سر غنچۂ لب معشوق خندہ رو شنجرف
سواد چشم ہے کیا عارض حسینان پر
کہ ہی یہ آصف سادس کی مدح جسکی آج
وہ بادشاہ دکن جسکا ناخن تدبیر
یقین ہے صورت روباہ کانپے شیر فلک
بہم ہو غیظ مین ابرو سے گر جبین کی شکن
پڑے جو تیغ کے آئینہ مین بہوون کا عکس
گرائے ہاتہہ سے شمشیر ایک او جہڑ مین
کہلے نہ رستم دستان سے گاوزوری مین
عقیل وہ کہ کسیطرح سے طبیعت مین
ہزار شعر سناتا اسی زمین مین مگر
حبیب دزد مضامین کہین نہ گہات مین ہون
دعا پہ اپنے قصیدہ کو ختم کرتا چند

لطیف و جست تہی ہر ایک حسب حال گرہ
نہ رہنے دے کوئی اے ناخن کمال گرہ
رہے نہ جوڑ[۵۲] قلم مین تراش ڈال گرہ
ہر ایک نقطہ کو تا بجہین لوگ لال گرہ
یہ کہدے نافہ کے مانند کہولے خال گرہ
خدا کے فضل سے تینتیسوین ہی سال گرہ
عمل کے رشتے سے کہولی ہر اک محال گرہ
بہوون مین اوسکی جو دیکہے دم جلال گرہ
بچہائے روے زمین پر قضا کا جال گرہ
بنائے وقت دغا جوہرون کا حبال گرہ
عدوئے شہ کے آنانل کی کہولے ڈہال گرہ
جو دے وہ بند کمر مین دم جدال گرہ
ملال کی نہ پڑے وقت اشتعال گرہ
یہ خوف ہے کہ نہو وجہہ قیل و قال گرہ
سمجہ کے رکہہ قدم اس راہ مین سنبہال گرہ
لگی رہے گی دہن مین دم سوال گرہ

[۵۱] اشارہ ہی ترجیع بند الموسوم بہ مدح محبوب کیطرف جو ۱۳۱۴ ہجری کے جشن سالگرہ مبارک مین بمقام امین باغ پڑہا گیا اور بتائید عالیجناب مہاراجہ بہادر مدار المہام سرکار عالی طبع و شایع ہوا۔

[۵۲] قلم کا جوڑ خوش نویس اور کاتب واہل انشاء کے زمرہ مین نحس سمجہا گیا ہی ۱۲-ح

یہ اوس کریم کا در ہے جہان عطائی گران
او ٹہا کے باندہو تو تنگر سے کہولے مال گرہ

لگا دے سلسلۂ عمر و دولت شہ مین
تو عمر خضر سے دادار بے ہمال گرہ

مدام اسکے رہین دستگیر عقدہ کشا
شگفتہ غنچہ صفت ہو ہر اک محال گرہ

ہو مثل تار شعاعی ہر اک نفس پر نور
لگے عروج کی طالع مین سب بے زوال گرہ

رباالخمسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسن حبیب صورت گر ذوق خود آرائی ہوا
ہر بت بیباک گرم لاف یکتائی ہوا

دیکھکر آئینہ وحدت مین کثرت کا جمال
محشرستان تعین کنج تنہائی ہوا

کچھ بجز غفلت نہ ہاتھ آیا متاع دہر سے
مال دنیا صرف شغل بادہ پیمائی ہوا

وادی تحقیق مین چلکر بڑھی دلکی خلش
کاروان سالار ذوق آبلہ پائی ہوا

اب کہان شیدا ہی صورت آشنا کوئی نہین
سب کو اپنا کر لیا کس کا وہ ہرجائی ہوا

عشق نے سارے زمانہ کو بنایا بدگمان
خود بخود مہر اثر اپنا وجہہ رسوائی ہوا

دست قدرت نے دکھائین ایسی شکلین کھینچکر
کوئی از خود رفتہ اور کوئی تماشائی ہوا

رہنما اوسکا ہے تو جو عاشق حرمان نصیب
جوش وحشت مین غریب دشت پیمائی ہوا

کیا الم کربت مین گر میرا کوئی ہمدم نہین
تجھسا مونس جب رفیق کنج تنہائی ہوا

پردہ غفلت اوٹھا جاتا رہا ضعف البصر
سرمہ تحقیق وجہہ عود بینائی ہوا

جیتے جی حاصل ہوئی دنیا کے جھگڑوں سے نجات
ہے سرافراز جہان جو تیرا سودائی ہوا

ہو گئی قطرہ مین پیدا آرزوئے قرب بحر
سبب دوری کا محرک شوق یکجائی ہوا

کون ہو سکتا تھا دنیا مین کسی کا روشناس
چھپ کے پردہ مین تو وجہ شناسائی ہوا

شاد ہین ہر حال مین ہم مست صہبائے الست
انکو کیا غم گر مخالف چرخ مینائی ہوا

ای سبب دور کرو سے رنج و حرمان طبیب
وہ بھی کوئی شے ہے جسکا یہ تمنائی ہوا

ملول دل کو تیرے در سے شاد لیکے پھرا
ہزار ہاتھ سے نقد مراد لیکے پھرا

کسے ہے راہ طلب مین قرار بعد فنا
میرے غبار کو بھی گردباد لیکے پھرا

تجھے تو حق نے لیے عدل و داد بھیجا تھا
غضب کیا کہ حقوق عباد لیکے پھرا

ہمارے نالۂ شبگیر کا اثر دیکھا
پہ مستغیث گیا اور داد لیکے پھرا

ہوئی نہ وادی پر خار عشق مین وحشت
خیال یار مجھے شاد شاد لیکے پھرا

دلایا اشک ندامت نے جوش رحمت کو
دُرِ مراد مرا خانہ زاد لیکے پھرا

کہونگا مجھ سے جو پوچھے گا یار کیا لایا
غریب دار فنا تیری یاد لیکے پھرا

نہ قدر نقد قناعت کی ہو سکے افسوس
جہان مین نفس دنی کا فساد لیکے پھرا

مجھے نہ کچھ نظر آیا سوائے جلوۂ یار
جدھر جدھر دل روشن سواد لیکے پھرا

سناؤن کیا میرے معبود سرگذشت اپنی
مآل یہ ہے کہ خوف معاد لیکے پھرا

سحر ہوئی شب غم نور الفت حسنین
فلک سے روشنی بامداد لیکے پھرا

ہر اک طریق مین ہوتا خضر منزل مقصد
حبیب شوق ترا تجکو شاد لیکے پھرا

آہن آئینہ ہے اوسکے عشق کی تاثیر کا — نقش پا ہوتی ہے اک حلقہ مری زنجیر کا
دیکھ لے حالت اگر وابستۂ فتراک کی — خود اثر پیدا کرے ہر مرغ دل نخچیر کا
اپنے دیوانہ پہ شفقت آہی جاتی ہے اونہین — عفو کردیتے ہین وقت آتا ہی جب تعزیر کا
روز جلوہ ہے نیا اوسکا ازل سے تا ابد — جو نہین محتاج اک لحظہ کسی تنویر کا
کیون نہ کرتا ہر سبب ثابت مسبب کا وجود — جبکہ تھا افعال مین مضمر اثر تسخیر کا
ہو گئی تقدیر سے وقت اجابت متفق — ذات واجب سے ملا تھا سلسلہ تدبیر کا
ہو سکے مخلوق سے کسطرح خالق کی ثنا — مدح صانع مین کھلا کب منہ کلی تصویر کا
ہر خیال نیک ہے حسن عمل کی یون دلیل — جیسے ہوتا ہے تعلق خواب سے تعبیر کا
دل سے ہے تیری رضا پر ہر گھڑی شاکر جلیب — پیش آئیگا وہی جو ہے لکھا تقدیر کا

ولہ

سمجھے اوٹھا کے فائدہ اصلاح حال کا — جوہر ہے کیمیا عرق انفعال کا
دولت حریص کو ہوئی سامان ملال کا — قرص ورم ہے آبلہ دست سوال کا
اچھا ہوا بٹھا دیا رحمت کے جوش نے — اوٹھنے کو تھا غبار کسی پایمال کا
بنجاتی ہے پری کی طرح دم مین دلفریب — مضمون کی روح پاتے ہی قالب مثال کا
اغیار کو نہ دو خلش باہمی مین دخل — دانتون مین فصل کرتا ہے تنکا خلال کا
خونکی شفق سے تیرہ درونکو بہار باغ — لانا ہے تیغ تیز کا پھل پھول ڈھال کا
ادنی کو منہ لگانے مین کچھ فائدہ نہین — بڑھنے سے حسن گھٹتا ہے عارض کے خال کا
کوشش سے دور ہو نہین سکتا ہے جرم ذات — دھبہ مٹا نہ چشمۂ تیغ ہلال کا
پیری مین ہے شباب کی تصویر رو برو — حیرت فزا نظارہ ہے ہر خط و خال کا

آپس مین اتفاق کی فکرین ضرور ہین — موقع نہین یہ غیرون سے جنگ و جدال کا

دانائی فن سنینگے تو فرمائینگے جلیب
پختہ کلام ہے کسی نازک خیال کا

نقشے دکھا گئے روز عروج و زوال کا — گردون سبق پڑھاتا ہے دنیا کے حال کا
محتاج کو صلہ نہین ملتا کمال کا — گاہک بخیل ہوتا ہے مفلس کے مال کا
باہم یہ بات بات مین کج بحثیان ہین قہر — ہوجاتا ہے نفاق نتیجہ ملال کا
کوشش بقاے نام کی اے دل ضرور ہی — کیا اعتبار عمر سریع الزوال کا
ظالم عبث دلون کے دکھانے مین کد نکر — کچھہ تو بھی خوف کر غضب ذوالجلال کا
جوہر کی قدر صاحب جوہر سے پوچھیے — شہرت پہ حصر کچھہ نہین نقص و کمال کا
کیون جمع مال سے نہ ہو دل اپنا نا اُمید — یان چرخ ہی سہ ماہی مین اعداد سال کا
اُمیدوار ہین تیری رحمت کے اے کریم — غل ہے ہماری قوم مین قحط الرجال کا
محمود آجکل نہین مفلس کی عاقبت — انجام جمع مال ہے فکر مآل کا
اہل کمال کو ہے بناوٹ سے اِحتراز — محتاج وسمہ کب ہوا ابرو ہلال کا

دل سے مٹی ہین رنگ حقیقت پہ اے جلیب
مضمون نہین پسند ہمین خط و خال کا

بڑھا رتبہ یہانتک خود فراموشی مین عرفانکا — کہ محراب حرم ہے عکس میرے طاق نسیان کا
لہو روتی ہی اب پہلے اسے تاکا اوسی جانکا — ڈبویا دلکو ظالم نے بُرا ہو چشم گریان کا
ہوئی کشت اَمل ممنونِ آہ سرد ناکامی — بہانہ ہو گیا رحمت کو اشک گرم دہقانکا
مرے داغون کے پرتو نے کیا قمری کو پروانہ — گمان سرو گلستان پہ ہوا سرو چراغان کا

پھرا وحشت مین مین برگشتہ قسمت یار کو در سے
ہوا دہوکا مجھے وان اپنے ہی سایہ پہ دربان کا

نہ مرغ دل پہنسا وحشی کا تیر سے گرچہ صحرا مین
بچھا تہا جال ہر جا حلقۂ چشم غزالان کا

نہونگے عاشق ابرو کبھی منت کش سوزن
محرک زخم دامن دار ہے چاک گریبان کا

شکایت کیا ہی مہر کی اوس سے جسپہ دل آیا
کوئی اعزاز کرتا ہے بہلا ناخوانده مہمان کا

شہیدان وفا کی خاک و خون نے یہ شرف بخشا
کہ نقشہ تختۂ گل کا پہ کہنچا شہر خموشان کا

چلا ہے قافلہ اشکون کا اب دل خون ہو چلا
ہوی منزل پہ جو کھونٹی ہے تہنگ میر سامان کا

بہار آئی تو گل بوٹے بناؤن جامہ تن پر
سبق لون مین زبان خار صحرا سے گلستان کا

پس مردن بھی میرے پاس آسکتا نہین کوئی
تن وحشی کے ڈر سے بند ہی دروازہ زندان کا

ستا تہا کل حبیب بادہ کش نے مے سے توبہ کی
وہ بیچا آج اک بوتل کو اک جزو اپنے دیوان کا

نہین کم کیف مے سے نشۂ افزونی دولت کا
زبان تو نکو گران ہے شکر منعم کی عنایت کا

یوہین اندوہ سے پہلو نکل آتا ہی راحت کا
نتیجہ جسطرح نور سحر ہے شب کی ظلمت کا

نہ ہے شوق ریاضت اور نہ عزہ ہی عبادت کا
سہارا ہے حبیب بینوا کو تیری رحمت کا

نفس کی آمد و شد سے تن کا ہیدہ ہلتا ہی
نمونہ کاغذ تصویر ہے میری نقاہت کا

چھوٹا ہاتھ سے کلفت مین استقلال کا دامن
یہ آسایش ثمر ہے ای تحمل تیری قوت کا

جنہین ہم آشنا سمجھے تھی وہ سب خود غرض نکلی
کسیکو بھی نہ آیا پاس کچھ صاحب سلامت کا

زبان پہ آ نہین سکتی ہے لذت خوشحالی کی
حریص زہد کرتا ہے تصور حور جنت کا

نجات انسان کو ممکن نہین دنیا کی جھگڑون سے
علایق کی کمی اچھا ذریعہ ہے فراغت کا

کمال دلبری سے عاشقون کا حال دل کہکر
جہان حسن مین کر دیجیے دعوی کرامت کا

دل پر آرزو کا خون نہ کر اے یاس تو ناحق
سمجھ اتنا کہ سرمایہ ہے یہ اک بے بضاعت کا

ڈروں کیوں دل میں تاب آفتاب روز محشر سے
نہ ہوگا کیا وہاں سایہ ترے دامانِ رحمت کا

خدا ستار ہو گر ہے حبیب اب تو تر دامن
مخالف کیا اثر ڈالینگے اسپر خبث نیت کا

یہ ناراضی ہوئی آخر صلہ کیوں میری خدمت کا
بھلا کہئے تو صاحب کوئی باعث بھی کدورت کا

جسے دیکھا ملا ساتھی وہ گویا اچھی حالت کا
نہیں یاروں میں باقی پاس کچھ حسن سلامت کا

طریق توبہ کا ہادی ہے مے شغل میکشی واعظ
سبب آخر کوئی پیر مغاں کر فسخ بیعت کا

قناعت سے بقا ہے نیکنامی کا سبب یوں ہے
مدار زندگانی جیسے سامان حفظ صحت کا

نہ ہو مجلس جب کوئی تو تنہائی غنیمت ہے
بلائے جان اثر ہوتا ہے نا مطبوع صحبت کا

نہیں افسوس کچھ ہم اپنی گمنامی پہ شاکر ہیں
سبب نا اہل کی تحسین ہے گر عام شہرت کا

جہاں تک ہوسکا دیکھا تماشا گاہ عالم میں
ملا بے مثل یارب ہم نمونہ تیری صنعت کا

بجا ہے خود نہ رکھوں کس طرح سے محترم دلکو
ہے آنکھوں کو بھی رشک اسپر کھلی ہے تیری خلوت کا

ابھی تھے مہرباں اب دیکھتا ہوں تشنۂ خوں ہیں
بدلنا ہے ستم بیٹھے بٹھائے آپکی عادت کا

حریص بادہ ہوکر آج مینا سے کر چلتا ہوں
کہاں تک دے گا لونگا امتحاں ساقی کی ہمت کا

قیود انتظامی کس طرح جزو طبیعت ہوں
اثر زائل نہیں ہوتا کبھی قانون فطرت کا

گراں بیجا ہے نخوت حبیب اور شعر پر
طبیعت اوسکی ہے آزاد بندہ ہی حمیت کا

نہ پوچھو حال کچھ ناکامیوں سے مضطر بہت تھا
کریں گے امتحاں اکبار لیکن اور قسمت کا

رہی راحت نہ جب پیدا ہے ایدل رنج کلفت کا
کہ پایانِ شبِ غم ہے سپیدہ صبح عشرت کا

جواب اِسکے سوا او ستمگر کیا دون مین نصیحت کا
کسے معلوم تھا انجام آغاز محبت کا

جلا دیتی ہی اوسکو ہی حسد کی آگ جس دل مین
ہمیشہ انبساط خلق ہے سامان اذیت کا

کدہر آئے یہ ہی رندون کی صحبت حضرت واعظ
ذرا ٹھہرے تو ہو گا روکنا مشکل طبیعت کا

نہین جھکتا کوئی اس سے جھکی جبتک نہ خود انسان
رکوع و سجدہ سکھلاتا ہے خم محراب طاعت کا

مصیبت مین پھنسا دیتی ہی عادت کوچہ گردی کی
عدو سے عافیت گھر ڈھونڈھتی پھرتی ہے شامت کا

کبھی یکسان نہین رہتی زمانہ کی کوئی حالت
ذلت کے سوا کیا ہو سکے انجام نخوت کا

فنا سے پہلے ہو لازم بقائے نام کی کوشش
مٹا جب نقش ہستی کب نشان رہتا ہے تربت کا

نکالیگا وہ حور و خلد لینے کی بھی سو شکلین
دکھایا جسنے آنکھین دیکے جلوہ اپنی قدرت کا

اگر ہے ذوق آرایش تو اخلاق حسن سیکھو
نہین ممکن کسی صورت سے مٹنا حسن سیرت کا

عیوض ہے دلکا دل منظور ہو لینا تو حاضر ہی
یہ وہ سودا نہین ممکن ہو گھٹنا جسکی قیمت کا

حبیب اپنی ہمیشہ اہل دول سے ملکے یہ سمجھا
سبب ہے ابتذال نفس فکر مال و دولت کا

جفا کشونکا تعلق شعار ہو نہ سکا
جو ناگوار ہوا وہ اختیار ہو نہ سکا

وبال جان رہین وقت پسندیان میری
شریک حال کوئی غمگسار ہو نہ سکا

خدا شناس ہوا وہ جو خود شناس ہوا
دوئی کی بو رہی جسمین دوچار ہو نہ سکا

خطا و جرم کا میرے ہوا حساب تو کیا
عطا و لطف کا تیرے شمار ہو نہ سکا

دل حزین پہ ہے خون میری ہر تمنا کا
یہ ناشکیب کبھی رازدار ہو نہ سکا

تری جفا سے ہے جوہر سے خونپہ منحصر ظالم
مری وفا کا مگر انحصار ہو نہ سکا

ڈبویا آبلہ پا نے ناحق جوش جنون
نم آشنا بھی لب خشک خار ہو نہ سکا

نگاہ سوز ہے ازبسکہ جلوۂ عارض — کوئی حسین ترا آئینہ دار ہو نہ سکا
وہ آئینگے یہ خبر سنکے بہر استقبال — ہم اونکے گہر کو گئے انتظار ہو نہ سکا
جو تو نے فرض کیا تہا وہ بیشتر ہہ مجہسے — معاف کر مرے پروردگار ہو نہ سکا
مئے الست کا اتنا تو ہے حبیب اثر — سرور دافع رنج خمار ہو نہ سکا

محبت مین تری خون دل ناشاد ہونا تہا — تاسف کیا ہوا جو اے ستم ایجاد ہونا تہا
نہ تہا قسمت مین جسکی اوس رخ روشن کا نظارہ — اوسے دنیا مین اپنی کور مادرزاد ہونا تہا
رقیب بوالہوس اوٹھتا نہ تہا دلبر کے کوچہ سے — ہماری طرح ملتا تہا وہین برباد ہونا تہا
تجھے پہچانتا تہا پہنس کے بہی چہوٹا تہا آپ کے — مقدر مین اسیر دام اے صیاد ہونا تہا
پسند آئی نہین نشو و نما اے سبزہ مرقد — فلک تجھکو نہ ایسا درپئے بیداد ہونا تہا
دم آخر نہ تہا گر شربت دیدار قسمت مین — پئے تسکین آب خنجر فولاد ہونا تہا
سوال وصل پر برہم ہوئے کیون اسقدر صاحب — نہ تہا منظور گر کچہہ اور ہی ارشاد ہونا تہا
پہنچ جب سر پہ حداد آکر بیڑیان کاٹے — اسیرونکو تمہارے اسطرح آزاد ہونا تہا
پس مردن اثر دکہلا رہی ہین الفتین میری — وہ روتے آئے ہین لاشہ پہ جنکو شاد ہونا تہا
لگایا پہلے دل جب ہم ہوئے عاشق تو یہ غفلت — وہ اگلا ربط اب اے بانئے بیداد ہونا تہا
دل عاشق نہو صد پاش کیون کر اس تغافل سے — نظر انداز ہین وہ داغ جن پہ صاد ہونا تہا
چمکتا زخم تیشہ بنکے تاج تارک خسرو — ادہر دیکھو تمہین شیرین ہمین فرہاد ہونا تہا
حبیب خوش بیان کرتا دو بالا نام ناسخ کو — اسے قید علایق سے مگر آزاد ہونا تہا

سوز الفت جو نمایاں ہوگا
تن مرا سرو چراغاں ہوگا

کبھی وہ شوخ جو مہماں ہوگا
پھر تو کچھ اور ہی ساماں ہوگا

وہ جفا کر کے وفاداروں پر
اک نہ اک روز پشیماں ہوگا

تم اگر روٹھ کے چلے جاؤ گے
مرنا جینا مرا یکساں ہوگا

دلکو وحشت ہے خدا خیر کرے
پھر کوئی جان کا خواہاں ہوگا

نظر بد سے خدا اسکو بچائے
کچھ دنوں میں شہ خوباں ہوگا

کل تو تھا شغل فغان و فریاد
آج کیا ای شب ہجراں ہوگا

میری ناکامی و وحشت سنکر
کوئی گریاں کوئی خنداں ہوگا

ظاہری ہے یہ لگاوٹ ساری
دل تمہیں دیگا جو ناداں ہوگا

ابتو اچھا ہوں بہار آئندہ
جیب ہوگی نہ گریباں ہوگا

عشق مرحوم کی ہے طرز حبیب
خود کہے گا جو سخنداں ہوگا۔

اے محتسب سنبھل یہ ہے موسم بہار کا
آفت ہے توڑنا قدح بادہ خوار کا

دہر کا حساب کا ہے نہ ذرہ ہی شمار کا
ذاتوں ہی و عبده رحمت پروردگار کا

پیری کا ہے جانکسل ہیں جوانی کی حسرتیں
وہ وقت کیف تھا یہ ہے عالم خمار کا

شہباز جان نے ڈالے ہیں تھکا کے بال و پر
قابو ملا نہ مرغ جو نکے شکار کا

واں کد ہے آسمان کو اودھر کوئی یار کو
ہے دیدنی فشار بہار سے غبار کا

طے کر لیے نشیب و فراز جہان تمام
پھر نا ہوا نصیب رہیں کوہسار کا

معشوق کی زبان سے پسندیدہ سب کہیں
ہر دل عزیز ہوتا ہے نغمہ ہزار کا

چھوڑا گیا نہ روح سے اوس حور وش کا ساتھ
دل کو بنایا آئینہ تصویر یار کا

رونے سے میرے دیدۂ یعقوب کیطرح
موںھ ہو گیا سپید شب انتظار کا

خود میرے حال دلکی خبر اونکو ہو گئی
اے برق آہ تونے کیا کام تار کا

رکھو خیال خاطر احباب اے حبیب
کیا اعتبار زندگی مستعار کا

ہمارے دل مین تری زلف کا خیال آیا
خراب ہو گیا اس آئینہ مین بال آیا

کسی کی چشم سیہ کا ہمین خیال آیا
نظر جو دشت جنون مین کوئی غزال آیا

لگا کے ہاتھ مرے منہ کو ہٹ گئے پیچھے
زبان پر کبھی بوسہ کا گر سوال آیا

تمہاری سحر بیانی نے سبکو لے ڈالا
غش آیا رندونکو اور زاہدونکو حال آیا

خوشی کے مارے مرے ہاتھ پانون پھولگئے
چمن مین سامنے جب وہ پری جمال آیا

دہن پہ قفل توکل تہا آگے بڑہ نہ سکا
زبان تک بشریت سے گر سوال آیا

کھڑے ہین کیون دم آخر ہماری بالین پہ
حضور آج کہان آئے کیا خیال آیا

ملا ہر ایک کا مانند جستجو جب کی
ترا حبیب زمانے مین بے مثال آیا

ہمیشہ دہیان رہا آپکو رقیبون کا
برا بھلا نہ ہمارا کبھی خیال آیا

کفن مین خاک لحد کے جو لگ گئی دہبے
غبار خاطر احباب کا خیال آیا

ہزار کیجیے بناوٹ مگر نہین بنتی
گیا تپاک دلون مین جہان ملال آیا

پری جمالون نے مارا ابھرتے ہی ہمکو
دم عروج سے پہلے یہان زوال آیا

جگہ دی گور غریبان مرے غبار کو پھر
کہ ہو کے کوچۂ قاتل سے پائمال آیا

وہ میرے حال پہ کیا مہربان ہوئے قاصد
گیا تھا پانسے حزین وانسے نونہال آیا

گناہ گار چلے سوئے نار جب دم حشر ۔۔۔ کمال رحمت معبود کو جلال آیا

شب سرور جوانی گئی حبیب اوٹھو
خمار بادہ بڑھا وقت انفعال آیا

تو دل مین ہے دل گم ہے ستمگر نہین ملتا ۔۔۔ خود رفتہ ہین ایسے کہ ترا گھر نہین ملتا

ہاتھ آئیگا کیا خاک ہمین گوہر مقصود ۔۔۔ سر پھوڑنے کو چاہین تو پتھر نہین ملتا

توبہ کی سزا دیتے ہین یاران قدح نوش ۔۔۔ بے مانگے ہمین دور مین ساغر نہین ملتا

بیتابی فرقت کبھی ایسی نہین ہوتی ۔۔۔ جب تک کہ دل اے شوخ ستمگر نہین ملتا

سوجھے ہین کیونکر دہن یار کی تشبیہ ۔۔۔ میکش کو کبھی ساغر کو منہ نہین ملتا

کہتے ہین وہ اغیار سے یاد آتا ہون جب مین ۔۔۔ ویسا کوئی بیداد کا خوگر نہین ملتا

بیدل جو ہوا مانتے ہین اہل دل اوسکو ۔۔۔ دل سب کے ہے ہر شخص کو دلبر نہین ملتا

حیران ہے سراپا سے ترے صانع قدرت ۔۔۔ ایسا کسی تصویر کو پیکر نہین ملتا

ہے ماہ جبین یار کی خورشید ہے عارض ۔۔۔ پر ماہ سے یون مہر منور نہین ملتا

چھپ جاتا ہے زینت سے ترا حسن خداداد ۔۔۔ اس عیب سے خالی کوئی زیور نہین ملتا

کھلتا نہین کچھ حال حبیب متوکل
احباب سے بھی اب تو وہ اکثر نہین ملتا

آج شہرہ ترا اے خنجر قاتل ہوگا ۔۔۔ کوئی بیجان کوئی گھائل کوئی بسمل ہوگا

تم رہو گھر مین پھرین ڈھونڈھتے ہم غیر کہین ۔۔۔ بدگمان ہوگا نہ ہمسا کوئی غافل ہوگا

چشم خونبار کی گھٹ جائیگی جب طغیانی ۔۔۔ سیر یہ دامن تر دامن ساحل ہوگا

جان دیکر بھی ہوئے حق محبت نہ ادا ۔۔۔ دل یہ کہتا ہے کچھ اونکا ابھی فاضل ہوگا

عاشق زلف ہین اے اہلِ عدم حشر کے دن
ہم جہان ہونگے وہین شورِ سلاسل ہوگا

دیکھ لو کچھ نہین پہلو مین سوا داغون کے
ہم تمہین مفت ہی دیدینگے اگر دل ہوگا

گل سکھائینگے مجھے جامہ دری فرقت مین
سببِ وحشتِ دل شورِ عنادل ہوگا

چشمِ عاشق مین جو وہ جلوہ فگن ہو جائین
کون پھر پردہ نشینِ حرمِ دل ہوگا

نہ پڑین غیر و نہ چھینٹین مرے خونکی جلاد
ورنہ ہر اک شہدا مین ترے داخل ہوگا

سب مرے حال پریشان کی تماشائی ہین
کون اوس شوخ ستمگار سے قائل ہوگا

گر ہوئے جلوہ فگن نقش و نگار حسرت
قابلِ دید یہ عبرت کدۂ دل ہوگا

جان آئی تنِ قاصد مین کہا جب اوسنے
خیر دیکھین گے اگر ملنے کے قابل ہوگا

کوچۂ یار مین اک دن مری تربت کا نشان
خلق کو آئینہ وار سرِ منزل ہوگا

ہے حبیب ایک ہی ثابت قدم راہ وفا
لاکھ ایذائین ہون یہ کب متزلزل ہوگا

جو غنی ہے وہ دنائت پہ نہ مائل ہوگا
غیر کا دست نگر کیون ترا سائل ہوگا

عالمون مین کبھی ممتاز نہ جاہل ہوگا
دور کس طرح سے فرق حق و باطل ہوگا

تیرا یہ لطف و ترحم یہ لگاوٹ یہ حجاب
کہین مجنون کہین لیلی کہین محمل ہوگا

پر تو عشق پڑا ہوگا مقرر دیکھو
داغ یان سینہ پہ ہے چہرہ پہ وان تل ہوگا

ایک عالم ہی مری حیرت کا تماشائی ہے
منہ کی کھائیگا جو آئینہ مقابل ہوگا

تیرے دیوانیکی زنجیر کا ہر اک حلقہ
جزوِ اعضا صفتِ عقدۂ انامل ہوگا

نالۂ دل کو سنا جب لگے خاموش تھا مین
یہ نہ سمجھا تھا یہی شورش کا حاصل ہوگا

یک بیک ہوگئے وہ درپئے آزار رقیب
کسکی خاطر یہی سمجھے گا جو عاقل ہوگا

خاک ہونے پہ بھی رہ جاتا ہی حسن سیرت
بو نہین جائیگی گل مٹ گی اگر گل ہوگا

وہ جوان ہونگے تو لوٹینگی فرشتونکی وضو
ایک دن چاہ زنخدان چہ بابل ہوگا

سے سے رغبت تو ہی واعظا کو مگر خوف یہ ہی
سبکی ہوگی اگر مردان مین شامل ہوگا

گل نادیدہ پہ پڑ اوسکے عارض ہونگے
ہمسروش تو جو کبھی زینت محفل ہوگا

دیکھ انصاف سے ای برق نگاہ دلبر
میرا ملا خاک مین گر کیا سے تجھے حاصل ہوگا

لطف سے حشر کے دن حسن عقیدہ کا طبیب
ساتھ ہر شخص کے اوسکا متوسل ہوگا

امید لطف و کرم پر جو طبیب بیٹھ گیا
ستایا درد نے بیہوش طبیب بیٹھ گیا

غم فراق سہے ہین یا یہ ناشکیبہ نہین
گذر کے جان سے ہم بیچ قریب بیٹھ گیا

دکھائی اوس لب جان بخش نے مسیحائی
جگر کو تھام کے جب ہم طبیب بیٹھ گیا

خدا نے محفل جانان مین آبرو رکھ لی
ہم اوٹھتے تھے کہ ادب سے رقیب بیٹھ گیا

نہ بار عشق نے اوٹھنے دیا قدم آخر
پہونچ کے در پہ تمہارے طبیب بیٹھ گیا

وفا کا فخر نہ شکوہ ہے بیوفائی کا
خوشی کو وصل کی لازم تھا غم جدائی کا

طریق عشق مین ثابت قدم رہین واعظا
تو پھر یقین ہو رندونکو پارسائی کا

خیال وصل مین پائی وصال کی لذت
وہ پیچھے آئے گیا پہلے غم جدائی کا

ٹپک رہا ہون مین سر و دستانی ترے
مخل ہے حاجب ور شغل جبہ سائی کا

وہ جاگے شبکو مین حسن کے شور بے ہنگام
تو میری آہ کو موقع ملا رسائی کا

تمہارے دور مین نکلی نہ ایک خواہش دل
ہو کبھی نہین قائل مین اس خدائی کا

وصال میں بھی ٹھہرتا نہیں تمہیں دیکھو
ہے میرے دلپہ ابھی تک اثر جدائی کا

شراب مانگونگا ساقی سے یار سے بوسے
رکھونگا شغل غنی ہو کے بھی گدائی کا

کمٹ کے آبلۂ پا بنا ہر اک قلزم
قلق ہوا یہ ہماری برہنہ پائی کا

سوا تری نہیں دیکھا ہے ہمنے اے ظالم
کبھی کسی میں یہ انداز دلربائی کا

وطن چھٹے ہوئے مدت ہوئی حبیب مگر
وہی ملال ہے احباب کی جدائی کا

کبھی وصل یار ہوتا کبھی انتظار ہوتا
مجھے عمر خضر ملتی تو یہی شعار ہوتا

نہیں چھوڑنی تھی لازم ابھی مشق تیر ظالم
ترا ہاتھ صاف ہوتا مرا دل فگار ہوتا

تجھے دیکھا مرغ بسمل مجھے یاد آگیا دل
کہ وہ سینہ میں جو ہوتا یونہیں بیقرار ہوتا

کیا قتل کا جو وعدہ کیا کیوں نہ اسکا ایفا
مری آرزو برآتی ترا اعتبار ہوتا

وہ چلے ہیں اوٹھ کے جسدم نہ بدن میں دم تہا ورنہ
کبھی اشکبار ہوتا کبھی بیقرار ہوتا

یہ بڑی ہی تھی بیقراری تری ہجر میں کہ یار سے
کبھی صبر بھی جو کرتے تو نہ اعتبار ہوتا

چلے رفتہ رفتہ ایسے کہ نہ خاک ہی نہ ہم تھے
کہ جو لوگ دفن کرتے کسی جا مزار ہوتا

ترا عہد ہے جو سچا تو ہے میرے دلکو تسکین
نہ اوسے ثبات ہوتا نہ اسے قرار ہوتا

نہ بڑا جب اونکا ناوک دل منتظر پکارا
مری آرزو برآتی جو جگر کے پار ہوتا

نہ خفا ہو چارہ ساز و تو یہی ہے خواہش دل
مجھے غم دیا تہا جس نے وہی غمگسار ہوتا

غم حشر و رنج دنیا نہ حبیب دل سہی جاتا
مری عمر تلخ ہوتی جو نہ بادہ خوار ہوتا

کیوں نہ خلق سے برتر تجہیں ہم ترا پایا
ہمنے تو نہ عالم میں تجھسا دوسرا پایا

ہو گیا یقین مجکو تمنے دل مرا پایا
اسطرح پہ ہنستے ہو جیسے کچھ بڑا پایا

کم نصیب سا اپنے ہمنے نارسا پایا
عمر بھر رہے جویا پر نہ مدعا پایا

بیخودی سے پیدا ہے گو نظر سے پنہان ہے
دل گیا گیا ہارے یار کا پتا پایا

سمجھ سے سیکڑون فتنے جو جگا کے سوئے ہین
شور حشر دیکھین کے گر اوٹھین جگا پایا

جا سکے نہ مسجد تک جمع تھے بہت زاہد
میکدے سے ہین آ بیٹھے جب نہ راستا پایا

سہتے سہتے ایذائین آج مرگیا عاشق
سچ کہو تمہین واللہ ظلم کرکے کیا پایا

بیٹھکر وہ پہلو مین مسکرا کے کہتے ہین
آرزو ہوئی پوری دل کا مدعا پایا

نکتہ سنج کہتے ہین ای حبیب کیا کہنا
ابتدا مین بھی تیری لطف انتہا پایا

کل محو سیر باغ جو وہ رشک حور تھا
جو غنچہ تھا مثال دل ناصبور تھا

رویا مین جب عیان ہوا طوفان نوح کا
ہر دیدہ جوش سیل سے رشک تنور تھا

رہتا تھا شکوہ دور سے ساقی جو دور دور
رندونکے کیف کا تھا تماشا سرور تھا

بحر طلسم اہل غرض کے کلام تھے
دیکھا خیال کرکے تو سب مکر و زور تھا

تھا گل فشان جو نخل قد سرور زمان
لبریز گل ہر اک سبد و دست حور تھا

بیوقت میرے نالۂ دل نے جگا دیا
اے اہل حشر خواب مین شور نشور تھا

فرقت مین فیض جذب محبت سے جی بچا
گو دور تھا پہ دل سے تمہارے حضور تھا

چھنتی نہ تھی نقاب کی جالی سے رخ کی ضو
چشمے روان تھی جوش پہ دریاے نور تھا

لاکھون تھے ہر جگہ بت ہندو فرنگ و چین
رستہ صنم کے گھر کا نہ تھا رامپور تھا

توڑا قلم عدیل نے پہلی ہی ای حبیب
کہنا اب اسطرح مین غزل کیا ضرور تھا

چرخ بے مہر کے ہاتھوں سے دکھی دل کیا کیا
خاک میں اسنے ملائے مہ کامل کیا کیا

تیغ ابرو کے تصور میں کٹے دل کیا کیا
عشق گیسو میں بلائیں ہوئیں نازل کیا کیا

گر بموشی پہ بھی شب کو تپش دل کیا کیا
مجھکو تڑپاتی رہی صورت بسمل کیا کیا

یا خدا جلد ملے صحبت یاران وطن
جذبہ شوق میں طے کرتے ہیں منزل کیا کیا

دیکھئے وصل ہے تقدیر میں اونسے کہ نہیں
سختیان ہجر کی جھیلی تو ہیں اے دل کیا کیا

صحبت کاکل جانانکا اثر پاکے ہوئے
ہاتھ سے شانہ کے وا عقدۂ مشکل کیا کیا

شب فرقت میں تری او گہر بحر جفا
بھر گئے دیدۂ خونبار سے ساحل کیا کیا

بانئ دشت نوردی سے مجھے کوئی چھڑوا
کئے حداد نے تیار سلاسل کیا کیا

درد و ایذا و غم و غصہ و بدنامی و رنج
کشور عشق میں ہوتے ہیں محاصل کیا کیا

نہ ملا حبیب کوئی ثابت قدم راہ وفا
مار کر مجھکو پشیمان ہوا قاتل کیا کیا

مطرب و ساقی و مینا مے و ساغر تھے بہم
رات کو لطف اوٹھائے لب ساحل کیا کیا

جنکو معلوم نہیں کہتے ہیں شاعر اسکو
پوچھ گوئی پہ ہیں مغرور وہ جاہل کیا کیا

تنگ ہوں شیخ و برہمن کی کشاکش سے جلیب
اپنے میں کرتے ہیں دونوں مجھے شامل کیا کیا

دل میں سکون محال ہے خوف وعید کا
رحمت نے غل مچایا ہے ہل من مزید کا

پیش آتی ہیں حصول مقاصد میں زحمتیں
اکثر مزہ ہے تلخ دوا سے مفید کا

گل طائران سدرہ چڑھاتے ہیں ہر سحر
سینے تو دو مزار کم اپنے شہید کا

سمجھے ہیں ہم ایک چشم زدن میں جہاں کا رنگ
نقشہ کھنچا نظر میں سیاہ و سپید کا

جوش بہار دیکھکے توبہ سے دل ہے سیر
ساقی زمانہ آگیا عہد جدید کا

کیون شاق ہو نہ صدمہ پستی منزلت — ہمت سا نردبان ہے بام امید کا

ظالم کو کب ہے کیفر کردار سے مفر — ہے سخت انتقام بھی ظلم شدید کا

رہنے نہ پائیگی کوئی حد انتظار کی — نکلے گا دم بھی آنکھون سے مشتاق دید کا

دن رات ہے دعا کے لیے چشم منتظر — محتاج کب ہے باب اجابت کلید کا

کلفت سہی تیس روز کی جب تک نہ دے نجات — کیونکر بنیگا ہر مہ نو چاند عید کا

رکھہ سختیون مین اپنے خدا پر نظر حبیب
آسان ہے اوسکو موم بنانا حدید کا

زخم کہانے سے خوشی ایک طرح دل ہوتا — جائے ہر موی بدن ناوک قاتل ہوتا

قلب مغموم کو آزار نہ دیتا یہ حجاب — پردۂ چشم اگر پردۂ محمل ہوتا

چمن آرا کی ریاضت پہ نہ ہوتی جو نظر — طعمۂ برق حوادث مرا حاصل ہوتا

شب تاریک مین تم رخ سے اولٹتے جو نقاب — ایک عالم کو گمان مہ کامل ہوتا

اوسکے کوچے سے اوٹھانا تھا نہ لاشہ میرا — بعد مردن بہی غبار رہ قاتل ہوتا

ہم شب قدر سے ہر شب کو سمجھتے بہتر — گر مے و مطرب و ساقی لب ساحل ہوتا

دم آخر مرے بالین پہ نہ آتے گر آپ — چہوڑنا خانۂ تن جان کو مشکل ہوتا

دیکھہ کر نخوت منعم کو لہو رو دیتا — چشم بے نور نہ گر کاسۂ سائل ہوتا

ابتدا سے تیری الفت جو نہ کرتی مجبور — کبہی بیداد کا خوگر نہ میرا دل ہوتا

طالب وصل کو تہی اسلیے مرنیکی خوشی — روح کو جامۂ تن پردۂ حائل ہوتا

توڑتے آپ نہ آئینہ اگر جھنجھلا کے — دعوی یکتائی کا مجلس مین نہ باطل ہوتا

آنکھ سے آنکھ کا ملنا ہی قیامت تہا حبیب — خواہش دید نہ کی ہوتی جو عاقل ہوتا

ای دل مایوس تیرا مدعا کسنے سُنا
نالہ و فریاد کرکے کیا ملا کسنے سنا

دیدۂ و دل دست و پا الفت مین از خود رفتہ تھے
میرے غمخوارون نے مجھسے کیا کہا کسنے سنا

دار فانی سے سدھاری کیسے کیسے مہربان
لاکھہ مین واماندہ چلاتا رہا کسنے سنا

آپکو بیجا ہی شک افشاے راز عشق کا
ہجر کی شب مین تھا نالہ بے صدا کسنے سنا

بس کرو بہر خدا چلا اوٹھے غمخوار سب
میری ناکامی کا سارا ماجرا کسنے سنا

لب تک آنا ہوگیا دشوار حرف مدعا
حال فرقت وصل مین کسنے کہا کسنے سنا

ہو رہے ہین مہربان ترک وطن پر معترض
ہے ابھی تک حال جور اقربا کسنے سنا

مجھہ پہ جن باتون کا ہے الزام وہ سب ہین غلط
آپسے کسنے کہا مجھہ سے بہلا کسنے سنا

سب رہے مطعون تھی جتنے ہوا خواہان قوم
غیر نفرین و ملامت مرحبا کسنے سنا

منہ مین بے گردش کبھی پڑتا نہین قسمت کا رزق
ہر سحر کرتی ہے یہ غل آسیا کسنے سنا

ہمکو تھی صبح قیامت صبح شام وصل کی
وہ چلے اوٹھکر گرے ہم کیا بجا کسنے سنا

راہ الفت سے ہمیشہ دلکو مین روکا کیا
گر گیا اپنی ہی کب مانا کہا کسنے سنا

سامنے رندونکے ناصح بے اثر ہے وعظ و پند
آپنے کہنے کا جو حق تھا کہا کسنے سنا

کون کہتا ہے کہ صاحب کی شکایت مینے کی
آپ کی بے مہریون کا تذکرہ کسنے سنا

تجھسا ساقی کوئی دریا دل نہین اس دور مین
ہر گھڑی لب پر نعم ہے لفظ لا کسنے سنا

ہین فصل گل مین کی صیاد و گلچین نے جفا
بلبل شوریدہ سر کا ماجرا کسنے سنا

دادرس کوئی نہین اب صبر لازم ہی حبیب
بے سبب جو کچھ ستم ہمپر ہوا کسنے سنا

شکر کہ لو امتحان عشق کا سر ہو گیا
تیغ قاتل سے جدا پہلے مرا سر ہو گیا

کاہش فرقت مین ایسا جسم لاغر ہوگیا
دوش پر اپنے مجھے بار گران سر ہوگیا

موجزن طوفان چشم تر کبھی گر ہوگیا
دیکھ لینا اک کف سیلاب بستر ہوگیا

خط شوق اپنا روان مثل کبوتر ہوگیا
صاف کاغذ طائر مضمون کو شہپر ہوگیا

میہمان آکر اگر وہ حور پیکر ہوگیا
پاسبان رضوان بنے جنت مرا گھر ہوگیا

نالہ کیسا آہ بھی آنے نہ پائی تا بہ لب
دل تڑپ کر بار ہا پہلو سے باہر ہوگیا

میل اون کی طبع نے کچھ غیر کی جانب جو کی
خود صفائی قلب سے یان دل مکدر ہوگیا

فرقت جانان مین دی جان سوی گردون دیکھکر
خلق کو عکس ہلال عید خنجر ہوگیا

اتحاد اوس بت سے کر کے سختیان ایسی ہین
نرم تھا جو قلب مثل موم پتھر ہوگیا

دیکھ کر روئے عرق آلودہ گلشن مین ترا
تر ندامت کے عرق مین ہر گل تر ہوگیا

روئے رنگین پر ہزارون بلبلین شیدا ہوئین
بندۂ بے زر تمہارا ہر گل تر ہوگیا

بعد میرے پھر کوئی جا کر نہ صحرا مین پھرا
جادۂ دشت جنون سد سکندر ہوگیا

وقت بیتابی نکلجاتا ہے قابو سے مگر
طاہر دل اپنا سیمابی کبوتر ہوگیا

خوش ہوئے احباب شادان دیکھکر تجکو حبیب
روئے حاسد آب غیرت سے مگر تر ہوگیا

اتفاقاً اونکا آنا ہوگیا
دل کے جانے کو بہانا ہوگیا

تھا سبک رو توسن عمر روان
عشق کا کل تازیانہ ہوگیا

کہتے ہین سُن سن کے ہان پھر کیا ہوا
حال میرا اک فسانہ ہوگیا

تم جو آئے سب کو حیرت ہوگئی
میرا گھر آئینہ خانہ ہوگیا

کیسے کیسے نامور آئے گئے
کچھ دنون سب کا زمانہ ہوگیا

کیا خبر کیسے ہین یاران وطن
ہمنس کے غربت مین زمانہ ہوگیا

دن بہت گذرے بدلنا چاہیئے | جامۂ ہستی پرانا ہوگیا
میری توبہ کیا تھی توبہ اے غفور | تیری رحمت کو بہانہ ہوگیا

پوچھتے کیا ہو کہان ہی اب حبیب
مر کے بھی اوسکو زمانہ ہوگیا

کب چھپا رہتا ہے الفت کی نظر سی دیکھنا | کھلگیا رازِ محبت چشمِ تر سے دیکھنا
ہوگی کیا معلوم یون حالت دلِ صد چاک کی | چاک ہی پہلو مرا ہمدم اودہر سے دیکھنا
اپنے عصیان کی ندامت سے گھلے جاتے ہین ہم | ہر گھڑی جاری ہین آنسو چشمِ تر سے دیکھنا
بولے گھبرا کر وہ نالے جب سنے احباب کے | یہ نکلتا ہے جنازہ کسکے گھر سے دیکھنا
جذبِ الفت سے ہی مقناطیس و آہن کا اثر | کھینچنا ناوک نہ اے قاتل جگر سے دیکھنا
دیکھ کر غشمین مجھے کہتے ہین وہ مل کر ہاتھ | مرگیا یہ شدتِ دردِ جگر سے دیکھنا
وصف ہو کسطرح سے موئے میان یار کا | کب ہوا مثلِ نظر ممکن نظر سے دیکھنا
خاک میری ہی امانت کوئی جانان ہین صبا | ہوگی برباد اوڑ کے یہ اس رہگذر سے دیکھنا
کرتی ہے چھڑکاؤ شبنم قبرِ عاشق پر سدا | گلفشان ہی شمع کس سوزِ جگر سے دیکھنا
نکلے وہ اس راہ سے پر ہم ہوئے ایسے ناتوان | دو قدم چلکر ہوا ممکن نہ در سے دیکھنا
حالِ دل کیا انکو لکھون ہین بہت جویای یار | سہل ہے خط لیکے دستِ نامہ بر سے دیکھنا

فاتحہ کو ایکدن آیا نہ مرقد پر حبیب
جو نہ ہونا تھا ہوا اوس بےخبر سے دیکھنا

قرب حاصل ہو اگر شاہا تری درگاہ کا | کوہ سے پایہ گران ہو جائے ہر کاہ کا
والہ و شیدا ہون دل سے اوس خدا آگاہ کا | جسکے آگے مرتبہ یکسان گدا و شاہ کا

پیشتر ور راہ حقیقت کے ہین اہل معرفت
جو نہ اس مسلک پہ ہو پابند ہے افواہ کا

واجب و ممکن مین رابطہ کیون نہ بنتا لام وصل
ہائے ہستی سے مقدم ہے الف اللہ کا

بحر ہستی مین حباب آسا ہے نقش زندگی
اے دل ناآشنا مشکل ہے ملنا تھاہ کا

نفس سرکش کے ہوے اہل ریاضت کب مطیع
چل نہین سکتا ہے حیلہ شیر سے روباہ کا

ہے طریقت علم باطن ظاہری تعلیم شرع
بے کسی رہبر کے سمجھا کسنے پھیر اس راہ کا

موجزن ہے دیدۂ عارف مین وہ دریائی نور
خلق مین جاری ہر اک چشمہ جس سے مہر و ماہ کا

دیگیا داد ریاضت کشتگان عشق کو
باغ مین ہر سرو پیکر سب بنگئے بدۂ آہ کا

دلکو گر تیری محبت کا اثر کر دے غنی
غیر ممکن ہے نشان رہجائے حب جاہ کا

بے سبب کب ہے خموشی مین نفس کا جزر و مد
کھینچتے ہین صفحۂ دل پہ الف اللہ کا

ایک مدت سے دل مشتاق جویا ہے حبیب
قائم آل محمد حجت اللہ کا

باتون باتون مین ہوئی برہم طبیعت دیکھنا
دم مین ہوجاتی ہے یون رنجش کہان ورنہ دیکھنا

سر کو ٹکراتا ہون دیوارون سے وحشت دیکھنا
کی ہے برپا مین نے زندان مین قیامت دیکھنا

راہ دیکھی اسقدر آنکھون کی بینائی گئی
اب میسر ہو الٰہی اونکی صورت دیکھنا

آہ سوزان سے جلا کر خاک کر دونگا تجھے
مہر سے منہ چڑھنا نہ خورشید قیامت دیکھنا

جان جاتی ہے بلا سے جائے کچھ پروا نہین
خون بہا ہے منہ ترا وقت شہادت دیکھنا

فائدہ پہونچا ہمین جب کی بدی بدخواہ نے
اسکو کہتے ہین مآل حسن نیت دیکھنا

ہو کے رسوا کی ہے الفت پھر بت بیمہر سے
دل پھنسایا دیدہ و دانستہ شامت دیکھنا

پردہ داری ہے گنہگارون کی آمرزش کیساتھ
ہین نافرمانیان اور اوسکی رحمت دیکھنا

دے رہی ہین حکم اب غیرونکو وہ بیداد کا
ہمکو کرتے ہین عطا جلد وے خدمت دیکھنا

خلق مین ہمکو نہ کچھہ جانکاہیون کا پھل ملا
کون پائے حاصل باغ ریاضت دیکھنا

جنکی آنکھین عیش و عشرت مین کہان ہین آسمان
اونکے حق مین ہے قیامت روز عشرت دیکھنا

پڑگیا کچھہ کام جب ار کہنے لگے کانونپہ ہاتھہ
آجکل ہین روشناس ایسے مروت دیکھنا

بٹگیا غم ایسا دل بہلائیں احباب لئے
رائگان جاتی ہین صاحب سلامت دیکھنا

خاکساری مین ہمیشہ سرفرازی ہے حبیب
پاس بھی آنے نہ پائے بوئے نخوت دیکھنا

کسی مخلوق سے خالق ہے بنایا جاتا
اوسکا ثانی جو کہین ہوتا تو پایا جاتا

چھپ نہ سکتا کبھی ہرگز جو چھپایا جاتا
تیرا جلوہ تو ہے ہر چیز مین پایا جاتا

تو بنا سے جسے رحمت سے بگاڑے اوسے کون
پھر مین بدخواہ سے کسطرح مٹایا جاتا

باتین کہنے کی ہین سب گروہ نہ لیتے ترا نام
کوئی مردہ نہ مسیحا سے جلایا جاتا

یاد کر لیتے ہین معبود کسی حال مین ہون
نام تیرا ہے کہین دل سے بھلایا جاتا

ہوئی گر آپ سے اُمید نہ دلداری کی
سچ یہ ہے دل بھی نہ ہاتھون سے گنوایا جاتا

دیکھتا تو مجھے مین خواب مین جاتا تری پاس
ہوتا پھر ضعف کا احسان جو نہ آیا جاتا

راہ ہستی سے اگر منزل مقصود تھی دور
راستہ اور کوئی مجھکو دکھایا جاتا

سخن حق جو زمانے کے موافق ہوتا
نہ کبھی دار پہ منصور چڑھایا جاتا

پوچھو عاشق سے غم عشق مین لذت کیا ہے
تلخ ہوتا تو نہ اس شوق سے کھایا جاتا

اپنے عشاق کا گر آپ کو ہوتا کچھہ درد
بے سبب روز مرا دل نہ دکھایا جاتا

ہین کہان اونکو مری یاد دلانے والے
ہان کبھی یاد جو آتا تو بھلایا جاتا

رات دن چین نہین سوز محبت سے مجھے
شمع ہوتا تو فقط شبکو جلایا جاتا

ساتھ غیرونکے وہ گلگشت کو نکلی ہی حبیب
آج تو راہ مین ہوتا تو اٹھایا جاتا

اب بھلا قابو مین رہے دل پر حسین پائینگے کیا
جلوہ فرما جس جگہ تو ہے وہان آئینگے کیا

ہم چلے دنیا سے کہدو نامہ بر جائینگے کیا
اب خبر دین موت کی پیغام پہونچائینگے کیا

جا چکے ہوش و خرد جب چارہ گر آئینگے کیا
ہم سنینگے اونکی کیا وہ ہمسے فرمائینگے کیا

ایک منزل ہے عدم کی ایک دم کا راستہ
آگے جانیوالے ہمسے آگے بڑھجائینگے کیا

ہٹ نہ جائین داغ الفت کے بٹھر اے چشم تر
اِن نشانون کے سوا ہم اونکو دکھلائینگے کیا

مر مٹے جو پوچھئے اونکا نہ اب نام و نشان
آپکو بھولے ہوئے مدت کے یاد آئینگے کیا

خوب واقف ہے ہر اک میرے حال سے میرا خدا
کاتب اعمال آخر لکھہ کے لیجائینگے کیا

پختہ کاران محبت کو نسمجھو بو الہوس
جو ہولئے چھا ہوا دل دیکے پچتائینگے کیا

ہین بہار باغ قدرت عارض پر نور یار
گل کھلین لاکھون مگر یہ رنگ و بو پائینگے کیا

سہین اب کس کے ہی سیر باغ و صحرا کی ہوس
مردہ دل خوش ہوگئے کیونکر جا کی بہلائینگے کیا

ہے فنا مین تیرے کشتون کے لئے لطف بقا
یہان مسیحا قم باذن اللہ فرمائینگے کیا

روکنے سے تیرے ناصح بڑہ رہا ہی جذب شوق
سالک راہ محبت ہم ہین باز آئینگے کیا

دم لبون پر منتظر ہے اونسے یہ کہدے کوئی
جان میری جب نکلجائیگی جب آئینگے کیا

دلکو اب باقی نہین عشق مجازی کی ہوس
دامن پاک اپنا ان خارون مین الجھائینگے کیا

گو شب ہجران بہت آزار دیتی ہے مگر
جان تو تجہہ مین ہے ہم جیسی گذرجائینگے کیا

ہوسکا جینے نہ جیتے جی کسیدم التفات
قتل کرکے مجکو وہ جلاد پچتائینگے کیا

بادۂ احمر ہو گر خون دل ہے ای حبیب
ساقیانِ بادہ پیما مجکو ترسا ئینگے کیا

کرکے طے راہ خرابات جہان دل ٹھہرا
شام کے وقت مسافر سر منزل ٹھہرا

کرکے طے بحر ہوس شیب مین کچھ دل ٹھہرا
کف دریا کی طرح سے لب ساحل ٹھہرا

سر پہ خود حضرت انسان نے اٹھایا وہ بار
کوئی مخلوق نہ جسکا متحمل ٹھہرا

چارہ سازونکو ہمیشہ رہی تسکین کی فکر
نہ ملا شاہد مقصد نہ میرا دل ٹھہرا

مہر عارض کی تجلی سے بہا یخ کی طرح
آئینہ کب مرے چہرہ کے مقابل ٹھہرا

خلق مین دست و گریبان ہین عروج اور زوال
ایک حالت پہ نہ دو دن مہ کامل ٹھہرا

تیری تصویر مین عاجز ہوا مانی خیال
اسکو جو دعوی اعجاز تہا باطل ٹھہرا

زندگی مین ہوا اوس شوخ کا ملنا دشوار
روح کو جامۂ تن پردۂ حایل ٹھہرا

چمن دہر مین دو روز شگفتہ رہے دل
اہل دنیا کی ریاضت کا یہ حاصل ٹھہرا

نہین آسان ہی برے وقت مین ثابت قدمی
پانون ٹھہرا ابھی کسی کا تو بہ مشکل ٹھہرا

قید ملت نے نزو کا مجھے آزادی سے
ایک دم ہوکے نہ پابند سلاسل ٹھہرا

قیس کی طرح سے سرگشتہ ہون ای بخت سیاہ
تو ہی لیلی مقصود کا محمل ٹھہرا

نامہ جب اونکو لکھا سوچکے کچھہ چاک کیا
کوئی اسرار محبت کا نہ حامل ٹھہرا

راستی کب ہوئی مرغوب زمانیکو حبیب
جسنے حق بات کہی دار کے قابل ٹھہرا

نہ لیجیے وبال اپنے سر پر کسیکا
بھلا فائدہ دل دکھا کر کسیکا

ترا عکس رخ پڑکے گل پر ہٹا کیا
اتروالیا جیسے زیور کسی کا

رولاتا ہے عشق مژہ خون دلکو	چبہا ہے رگ جان ہین نشتر کسیکا
گیا بزم سے کون صورت دکہا کے	ٹہرتا نہین قلب مضطر کسی کا
کہے کیون نہ پاکر وہ بت حسن یوسف	خدا ہون کسی کا پیمبر کسی کا
بناوٹ کی تقریر رندون سے واعظ	پسیجیگا دل خاک پتہر کسی کا
ہے آسان نکل جائے گر جان تنسے	جدا ہو نہ پہلو سے دلبر کسی کا
وہ ہر بات پر آج ہوتے ہین برہم	اولٹتا ہے دیکھو مقدر کسی کا
بہت دکہہ دے تینے عاشق کی دلکو	نہ سمجہے کہ ہے ناز پرور کسی کا
بنایا سلیمان کا ثانی گدا کو	ہما بن کے آیا کبوتر کسی کا
کجا حسن صورت کجا دلفریبی	ق یہ منظر مقرر ہے مظہر کسی کا
کسی لب کو جان بخشیان کین کرامت	لیا ہوش جلوہ دکہا کر کسی کا
کوئی دلق تہا سلب طوفان کا باعث	بنا خلعت دار پیکر کسی کا

ہین اس دور مین وانہ زد اہل دولت
بنے کیا حبیب اب ثناگر کسی کا

کیا بخت نے کیا بگڑ کر کسی کا	چہپا کب چہپانے سے جوہر کسی کا
چلے آپ اللہ رے بے نیازی	نہ دیکہا کہ قدمون پہ ہے سر کسی کا
کرو رحم سرمہ کا دنبالہ پوچہو	بہائیگا پہر خون یہ خنجر کسی کا
بلا وجہ کرتا نہین کوئی خدمت	چلے کس طرح کام بے زر کسی کا
نہ سر ہے کوئی تیرے سودے سے خالی	نہ دل ہے قبضہ سے باہر کسی کا
وہ گل تیرے عارض ہین کہینگے برسون	مشام تمنا معطر کسی کا

ہے اس بے نیازی پہ بہی فکر سبکی
توسل نہین تجہسے بہتر کسی کا

شب تار کیونکر نہ ہو دن سے روشن
جو آنکھون مین ہو روے انور کسی کا

سیہ بخت عاشق کو کیون منہ لگایا
بنا خال عارض پہ اختر کسی کا

ہو زیر نگین کشور نظم جنکے
کرین خوف کیا وہ سخنور کسی کا

ق

تماشے کی جا ہی گذرگاہ عالم
بسا گاہ اوجڑا کبھی گھر کسی کا

ٹھہرنے کو کوئی جگہہ ڈہونڈہتا ہے
کسی جا سے اوٹھتا ہے بستر کسی کا

تپان ہے کوئی بنکے دلسوز عالم
کوئی شاد ہے دل دکھا کر کسی کا

ہوا و ہوس کا ہے پابند کوئی
علایق سے دل ہے مکدر کسی کا

کسی سر کی زینت ہے تاج سعادت
جہان مین لقب ہے ستمگر کسی کا

ملا جو وہ ہے حال مین اپنی بیخود
نہین زور یہان کچھہ کسی پر کسی کا

حبیب اپنے رہبر کا دامن نچھوڑو
سہارا تو ہو روز محشر کسی کا

نہ ہو سامنا اب ہمارا کسی کا
کہ ہم ذکر کرتے ہین تنہا کسی کا

کرے کیون نہ بے چین وعدہ کسیکا
قیامت ہے امروز فردا کسی کا

کبھی تیرے کوچہ مین رہنی نہ پایا
مرے دلپہ قابو جو ہوتا کسی کا

غضب کی ہے صاحب تمہین بدگمانی
قسم ہو گیا نام لینا کسی کا

سراپا بنا ہون مین تصویر حیرت
نظر مین ہے ہر دم سراپا کسی کا

نہ دو ہر گھڑی چھیڑ کیان عاشقونکو
بری بات ہے دل دکھانا کسی کا

تہہ بام ہین نقش دیوار عاشق
پری بن کے اترا ہے سایہ کسی کا

وہ خود مجھ سے صاحب سلامت نہ کرتے
ہوا ہو نہ ہو آج دھوکا کسی کا

غضب مین وہ چین بر جبین آ رہی ہین
کہین خون ناحق بہایا کسی کا

گلی کوچہ یون ہو کے رسوا نہ پھرتا
اگر سر مین ہوتا نہ سودا کسی کا

غضب ہے ہوا ہون مین نادیدہ عاشق
زمانے مین سن سنکے شہرا کسی کا

ہو بچپن مین کیا قدر بیتابی دل
تماشا ہے اونکو تڑپنا کسی کا

حبیب حزین سخت مشکل تھا جینا
نہوتا اگر کچھ سہارا کسی کا

دل مین داغ عشق یار مہ جبین پیدا ہوا
شکر ہے اس قصر عالی کا مکین پیدا ہوا

نفس امارہ نے اطمینان باطن کھو دیا
یہ ستمگر بن کے مار آستین پیدا ہوا

کیا عجب باہم ہوا گر ارتباط جسم و روح
درد سے پہلے مرا قلب حزین پیدا ہوا

مبدأ قدرت سے حسن صورت آرائے ازل
اوسے جب آئینہ دیکھا اک حسین پیدا ہوا

مژدہ داغ محبت کیون نہ دین ہمکو ملک
جس سے روشن ہو قمر وہ مہ جبین پیدا ہوا

دیکھکر روئے ضیا پرور ترا اے رشک مہر
دیدۂ دل مین مرے نور یقین پیدا ہوا

لفظ ہستی کا نہ لکھا خامۂ ایجاد نے
عالم امکان مین جب تک تو نہین پیدا ہوا

ہو گئی زایل ترے دم سے سیاہی کفر کی
نام ظلمت مٹ گیا مہر مبین پیدا ہوا

مظہر قدرت تجھے پاکر پکارے حق پرست
وہ پرتو عرش رب العالمین پیدا ہوا

خاتم ہستی تھی مثل حلقۂ خاتم تہی
جب ہوئی نامی یہ جب تجھ سا نگین پیدا ہوا

دب گئی از خود نہ بھڑکی آتش قہر و غضب
جب سے تو اے رحمۃ للعالمین پیدا ہوا

معصیت کارونکی بخشش کا بہانہ ہو گیا
فضل خالق سے شفیع المذنبین پیدا ہوا

مے پرستونکو لگی ہے بادۂ کوثر کی چاٹ
تلخ کاموںکو مذاق انگبین پیدا ہوا

فرش سے تا عرش ہے اک تہنیت کا غل عجب
نفس پیغمبر امیر المومنین پیدا ہوا

جفا کرکے عاشق پہ کیا پائے گا
سمجھ لیجئے دل مین پچتائے گا

نصیحت ہوئی ناصح متقی بس
کہین یہانسے تشریف لیجائے گا

تکلف کی کچھ حد بہی جان پر بنی ہی
مرے ہم تو گر یون ہی شرمائیگا

نہین جھڑکیان پہول جھڑتے ہین جھپا
سنین گے جو کچھ اور فرمائے گا

کبھی اسکی تسکین بہی مد نظر ہو
کہانتک مرے دل تڑپائے گا

چلے دل دکھا کر میرا یہ تو کہئے
کہ اب آپ تشریف کب لائیگا

اولجہتا ہے دل رات تہوڑی ہی صبا
کہانتک بنی زلف سلجھائیگا

نہ بگڑیگا کچھ آپکا ایک دم مین
مین جی جاؤنگا گر ٹھہر جائے گا

نہ مانا کہا مہربان اب تڑپئے
کہین اور پہر دلکو اولجھائے گا

طبیب آپ سودا کرین راہ حق کا
یہان دیجئے گا وہان پائے گا

سہر ہے جبتک ترے سودائی کا
شور کم ہوگا نہ رسوائی کا

کھینچتا اوسکی خیالی تصویر
شغل ہے میری تنہائی کا

لاکھ ڈہونڈا نظر آیا نہ کہین
کیا ٹھکانا ہے بت ہرجائی کا

دیکھو عشاق کے دلکی حالت
چھوڑ دو شغل خود آرائی کا

دیجئے چشم بصیرت اسکو
دل تو ہو سیر تماشائی کا

چشم خونبار یم رحمت ہی
ابر دامن ہے تماشای کا

کیا خط و خال کی حاجت ہے جہان
حسن سرمایہ ہو زیبائی کا

سب عزیزون کی جدائی سی ہو شاد
متمنی تری یکجائی کا

دیکھئے پہان کے خاک رہ دوست
سرمہ ملجائیگا بینائی کا

اونکے احباب سے رکہتے ہین نیاز
یہ ذریعہ ہے شناسائی کا

فیض ساقی کا ہون ہر دم مشکور
دل نہ توڑا کبھی صہبائی کا

چست خونریزی پہ باندہی ہی کمر
اور دعویٰ ہے مسیحائی کا

ہم بھی خاموش ہین کر لو بیداد
امتحان گر ہے شکیبائی کا

اونکو کروٹ بھی بدلنا ہے شاق
شور تہا جنکی توانائی کا

حفظ کی فکر نہین گہر مین ہی جنگ
خاتمہ ہو گیا دانائی کا

ہے رہ منزل مقصد اے دل
عوض اوس بادیہ پیمائی کا

جو کہا خوب کیا تو نے حبیب
بس یہی حسن ہے گویائی کا

زبان سے ہجر کا کلمہ نہ گر ارشاد ہو جاتا
کوئی دم اور وقت واپسین دل شاد ہو جاتا

تمنا تھی لحد کی قید سے آزاد ہو جاتا
غبار اپنا تمہاری راہ مین برباد ہو جاتا

نہین دیکھا جسے کیا ہوگی اوسکی مغز نکال
ہی صورت آشنا کب کور مادر زاد ہو جاتا

بگڑتا تھا نہ کچھ گر اک نظر تم دیکھتے جاتے
بر آتین آرزوئین دل ہمارا شاد ہو جاتا

یہ کہتے ہین ترے نقش قدم سی مردم دیدہ
سیہ خانہ غبار پاک سے آباد ہو جاتا

مسیحا منتظر تھی روح لب پر ہین تو جی اٹھتا
زبان سے قم کی جا کچھ بھی اگر ارشاد ہو جاتا

کمی کیسی نہ تسکین بہی جنون مین میری مگر تہی | اگر ہر خار صحرا نشتر فصاد ہو جاتا
ملاتے سب لبھرے گر جام سے مینا کبھی مکش | لبون تک آتے آتے قہقہہ فریاد ہو جاتا

حبیب خوش بیان گر ایکدم بھی مطمئن ہوتا
زمین شعر پر شہر ارم آباد ہو جاتا

کرامت کا دعوی عجب ہو گیا | جو کچھ تمنے موہنہ سے کہا ہو گیا
تمہین دیکھتے ہی تہا جوش اشک | پہٹا ابر باران ہوا ہو گیا
ہوا شیفتہ سنکے وصف جمال | مجھے بیٹھے بیٹھے یہ کیا ہو گیا
ہوا جان دینے سے یہ فائدہ | کہ حق محبت ادا ہو گیا
منور کیا دل غم عشق نے | مرا درد محبکو دوا ہو گیا
چھپا کب چھپانے سے الفت کا راز | یہی تذکرہ جا بجا ہو گیا
تصور تری زلف شبرنگ کا | مرے حق مین کا فربلا ہو گیا
بتون کی محبت مین تڑپا یہ دل | کہ آخر کو قبلہ نما ہو گیا
بڑہا یہ جوانی مین بار گناہ | کہ پیری مین قامت دوتا ہو گیا
جلے خار درد و الم وسکے ساتھ | چلو صاف اب راستا ہو گیا
نظر آیا جلوہ ترا خواب مین | مرا بخت خفتہ رسا ہو گیا
شکایت کرونگا جو حشر مین | خدا کا اگر سامنا ہو گیا

بنا آج کہتے ہین نائب حبیب
یہ میخوار بھی پارسا ہو گیا

جو حق تہا عبادت کا گرچہ نہ ادا ہوتا | فرمایا تہا جو تو نے وہ مین نے کیا ہوتا

کیون بہول کے رستے کو آفت مین پھنسا ہوتا — کہو یلے مجھے ہونے لے ہوتا نہ تو کیا ہوتا

کچہہ تمنے سنا ہوتا کچہہ مین نے کہا ہوتا — کیا اسمین بگڑتا تہا کام اپنا بنا ہوتا

پاس اونکے پہونچتا مین گر بخت رسا ہوتا — دیوانون کی حالت مین رسوا نہ ہوا ہوتا

پہچان گئے سالک سیارون کی ہیئت کو — گہٹتا نہ کبھی ان مین گر نور خدا ہوتا

سمجہے ہین قدیم اوسکو حادث ہی وجود اپنا — دریا سے نہ ملتا جو قطرہ نہ فنا ہوتا

حاصل نہ ہوا کچہہ بھی بیتابی حسرت سے — کیا خوب تہا گر شیوہ تسلیم و رضا ہوتا

رندون سے نے عبث روکا اک لفظ ٹھہرنا تہا — کیا کہنے کو تہا واعظ کہنے تو دیا ہوتا

کیا خوب کیا میرے در پی نہ ہوے ناصح — یہ عشق کا سودا تہا رگ رگ سے سیوا ہوتا

تم آگئے دل ٹھہرا اسوقت یہ عالم تھا — چپ بھی نہ رہا جاتا کہتے تو گلا ہوتا

دنیا کو سمجھتا ہین اک تل سے بھی کم رتبہ — جلوہ ترا آنکھون مین گر نور فزا ہوتا

جو شاہ ہمارے ہین آج اونکی وہ حالت ہی — مجبور نہ تھا کل تک جسطرح گدا ہوتا

ممکن تہا حبیب اب بھی منزل ہہین ملجاتی
ہر شخص لگا بوسے گر آبلہ پا ہوتا

سیماب وار ہوگا کشتہ نہ پیکر اپنا — ملنے پہ خاک مین بھی چمکے گا جوہر اپنا

ہے بادہ ولا سے لبریز ساغر اپنا — حامی ہے دو جہان مین ساقی کوثر اپنا

یان عیب پوش کب ہی زر مثل قلب ماہی — رکہتے ہین نقد معنی دل سے ہے تونگر اپنا

گردش کا کیا ہے شکوہ یکسان ہے دشت و صحرا — دیتا ہی دینے والا رزق مقدر اپنا

گر حسن ہی بیان مین تاثیر ہے زبان مین — ہر نکتہ رس جہان مین ہوگا مسخر اپنا

پہونچا دیا اگر اوس بلقیس وش کو نامہ — لیجائے گا ہما سے بازی کبوتر اپنا

ہو دلسا ناز پرور قابو سے جبکہ باہر　　رکھے کوئی بھروسا دنیا مین کسپر اپنا
دشمن سے خوف کیا ہے حامی اگر خدا ہی　　ہم کیون کرین مکدر قلب منور اپنا
کچھ کم نہین ہے واعظ یہ ابتدا کی سختی　　اوسکے کرم سے ہوگا انجام بہتر اپنا
ہر چیز مین ہے قدرت ہر شے ہی ایک صنعت　　تو نے بنا دیا ہے عالم کو مظہر اپنا
یوسف کو جسطرحسے کنعان کا تہا تصور　ق　آنکھون مین پہر رہا ہے اوسطرحسے گہر اپنا
جائیگی دل سے کیونکر کنتور کی محبت　　اوس خاک سے بنایا خالق نے پیکر اپنا

ہوتا تھا دل مکدر بیمہریون سے جنکے
کب ہی حبیب مصلح اونکے برابر اپنا

آج روانا کل کا غم کیون کہائیگا　　ہوگا جو قسمت مین آگے آئیگا
ساقیا کب تک ہمین ترسائے گا　　یاد رکھ پہر دے گا جو پہر پائیگا
دل مین پنہان کیون نہ رکھین داغ مہر　　جی اندہیری قبر مین گہبرائیگا
بیخبر داد و دہش مین کر نہ بخل　　ساتہہ کیا لایا ہے کیا لیجائیگا
آ اگر آنا ہے اے وعدہ خلاف　　تا بہ کے دلکو مرے ترپائیگا
یاد رکھین ہے ستم پر جنکو ناز　　کل یہ ہنسنا اشک خون رلوائیگا
ہے خبر کسکو تلون آپ کا　　آگے چلکر رنگ کیا کیا لائیگا
بن رہے ہین خود غرض حکام وقت　ق　ان سے کیونکر داد کوئی پائیگا
کوہ کے پہلو مین ہین دل کیطرح　۲　یہ سمان بھی مدتون یاد آئیگا
سوچ رکھین دینگے ظالم کیا جواب　۳　منتقم جب سامنے بلوائیگا
ہے جہان مین راحت و غم بیثبات　۴　نیک و بد کا نام ہی رہجائیگا

جلد اوٹھ لے گی بساط انبساط | کیا ہمارا صبر خالی جائیگا

شکر کر موجودہ حالت پہ حبیب
آگے جو کچھ ہوگا دیکھا جائیگا

بھلا ہو جس کام میں کسی کا تو اوسمیں وقفہ نہ کیجیے گا۔
خیال زحمت نکیجیے گا ملال ایذا نہ کیجیے گا

وہ مجھسے فرما رہے ہیں ہنسکر ہمیشہ ملنے کی آرزو پہ
ملال ہوگا محال شے کی کبھی تمنا نہ کیجیے گا

حباب ہے زندگی کا نقشہ کہاں کا دن ماہ و سال کیسا
ہوا ہے یہ دم کا کیا بھروسا امید فردا نہ کیجیے گا

کیا تو ہے عشق حضرت دل لیا ہے سر پر یہ بار مشکل
ہوا اگر مدعا نہ حاصل تو راز افشا نکیجیے گا

جو آپ آئین پہ عبادت یقین ہے ہو جائے مجکو صحت ۔
مگر برائے خدا یہ زحمت کبھی گوارا نہ کیجیے گا

جو اہل دنیا کے تھے مخالف ہوئے وہ دنیا کے اور نہ دینگے
سمجھیے اب خاتمہ ہے دین کا جو فکر دنیا نہ کیجیے گا

یہ قاعدہ رسم و راہ کا ہے خیال دونوں طرف ہو یکساں
کسیکو پروا نہ ہوگی جب ہم کسی کی پروا نہ کیجیے گا

تعلق اہل جہان سے ہو گر تو رکھیے بیم و رجا برابر
سوا خدا کے کسیکے اوپر کبھی بھروسا نہ کیجیے گا

عزیز ہے جوہر امانت کسی سے الفت ہو یا عداوت
اگر ہے کچھ غیرت شرافت تو راز افشا نہ کیجیے گا
بیان کی احتیاج ہے کب رہا ہے صرف اکحرف مطلب
حبیب کا درد دل سنا اب اسکا چارا نہ کیجیے گا

بام پر آکر جو وہ ابرو کمان ہوجائیگا
ایک عالم کو مہ نو کا گمان ہوجائیگا
آگے اونکے جب کبھی ہمنے کیا اظہار عشق
ہنسکے بولے خیر اک دن امتحان ہوجائیگا
برین ہوگا شاہد مقصد بنا رہبر جو بخت
ناقۂ لیلی کا مجنون ساربان ہوجائیگا
ابتدائے عشق مین مطلق نہ تہا اسکا خیال
ایکدن افسانہ یہ راز نہان ہوجائیگا
کیا بہروسا کیون کسیکو دو کلید عافیت
ہوگی آفت گر مخالف رازدان ہوجائیگا
اکتساب فن مین کوشش چاہیئے اکدن یہ شغل
خلق مین وجہ حیات جاودان ہوجائیگا
صحبت احباب سے تہی دو گہڑی کی دلگی
یہ گمان کب تہا وہ ظالم بدگمان ہوجائیگا
ڈر خدا سے ہنس نہ ای آسودہ دل مغلوک کو
ہر تبسم اوسکے دلکو اک سنان ہوجائیگا
دیکہنا حالت جو پہونچا جلوہ گاہ یار تک
دامن نظارہ کشت زعفران ہوجائیگا
اس طرف بہی اک نگاہ فیض ای جانبخش خلق
چارہ گر میرا ترا لطف نہان ہوجائیگا
خوف کیا گر دشت مین پہینکا ہمین بدخواہ نے
رحمت حق سے یہ صحرا گلستان ہوجائیگا
خاکسارونکو چہپا رکہیگی دامن مین زمین
بس یہ ہوتا ہے جو دشمن آسمان ہوجائیگا
دل کی استغنا نے بخشی ہے تکلف سے نجات
یان شریک ماحضر ہر میہمان ہوجائیگا
ہوتی ہے امیدواری کی یہی صاحب انتہا
تابکے سنتا رہون آخر نہین ہان ہوجائیگا
دیکہو پچہتاؤگے دل دیکر بتونکو ای حبیب
سود تو معلوم ہے جیکا زیان ہوجائیگا

آ کے خود بیٹھی ہے مرگ ناگہانی دیکھنا
مجھ سے منہ موڑا اجل نے سخت جانی دیکھنا

آئینہ توڑا نہ بہایا اپنا ثانی دیکھنا
اونکا بچپن بیتتا ہی یہ عالم جوانی دیکھنا

وقت پہ دونگا طبیعت کی روانی کا ثبوت
سنگدل باتون مین ہوجائینگے پانی دیکھنا

اپنا جلوہ دیکھتے ہین سنکے قصہ طور کا
یا الٰہی ان بتون کی لن ترانی دیکھنا

تو سہی رہ جائے بت بنکر رقیب سخت جان
اونکی محفل مین مری جادو بیانی دیکھنا

صفحہ دل پر ہے صورت یار کی اے چشم تر
ہو نہ بے رونق یہ شکل زندگانی دیکھنا

میری بیتابی کا چہرے پر اثر مطلق نہین
درد دلکو وہ سمجھتے ہین کہانی دیکھنا

کیا کہون مین کسقدر دلکو رقابت شاق ہے
اپنے سایہ سے ہے وحشت بدگمانی دیکھنا

ہم ہین غافل راتدن وہان فکر اسے ہماری ہے
حب قومی اور شوق حکمرانی دیکھنا

اب شریفون مین نہین پاس نمک کیسی ذلیل
ہین یہی بدنامی دولت کے بانی دیکھنا

کرتے ہین برباد اپنا گھر ہم اپنے ہاتھ سے
انتزاع ملک و دولت کی نشانی دیکھنا

طالب کہین پدر آ کر بنے ہین معتقد
بدنصیبی اہی اونکی کامرانی دیکھنا

جنکا دل غمخوار ہے اونکو مبارک ہو حبیب
مرگ سے پہلے ہماری نوحہ خوانی دیکھنا

قتل کر کے ایک نظر دیکھا نہ مین تڑپا کیا
یہ تغافل ہے ستم جلاد تو نے کیا کیا

زندگی بھر راہ مین دیکھا کیا تڑپا کیا
بعد مردن دیکھنے آئے بہت اچھا کیا

کیا کہون سودای زلف یار نے کیا کیا کیا
دربدر مجھکو پھرایا جا بجا رسوا کیا

ہوتی شادی مرگ گر تشریف فرما ہوتے آپ
وعدہ کرنے پر یہ حالت تھی کہین تڑپا کیا

کشتہ تیغ تغافل کو نہین اصلا گلہ
خوش رہو پیاری کیا جو کچھ بہت اچھا کیا

کی بہت کوشش مگر کچھ اسپہ بس چلتا نہیں
وحشت دل نے زمانہ مین مجھے رسوا کیا

عمر بھر مین آج پایا لطف زخم دلکش
اوسکی ناوک افگنی پر مرغ جان تڑپا کیا

یادِ ایامِ گذشتہ آگئی جسدم سے مجھے
دیر تک زانو پہ سر رکھے ہوے مین رویا کیا

سامنے غیرون کے بیتابانہ لوٹا خاک پر
راز میرا آج طفل اشک نے افشا کیا

قافلہ منزل پہ پہونچا اور مین حسرت زدہ
کیا کہون حال اپنی غفلت کا پڑا سویا کیا

کب سے ہے یہ عارضہ کیا دشمن جان ہو گیا
کچھ علاج ابتک نہ تمنے وحشت دل کا کیا

دشت مین پہرنیکا سامان کبھی ایسا تو نہ تھا
یہ جنون دست و گریبان کبھی ایسا تو نہ تھا

لب پہ ذکر رخ جانان کبھی ایسا تو نہ تھا
سوز پوشیدہ نمایان کبھی ایسا تو نہ تھا

وہ پریوش میرا مہمان کبھی ایسا تو نہ تھا
عشرت و عیش کا سامان کبھی ایسا تو نہ تھا

ہون مین ہم پہلوے جانان کبھی ایسا تو نہ تھا
درد دل کا کوئی درمان کبھی ایسا تو نہ تھا

یاد قاتل مین ہر ایک دیدۂ دل خون رویا
زخم خندان مرا گریان کبھی ایسا تو نہ تھا

سر بکف مین ہون اگر تیغ بکف ہے قاتل
شکر ہی قتل کا سامان کبھی ایسا تو نہ تھا

رشک گوہر سے لکہتا ہون اوسی غیرت لعل
شغل وصف لب و دندان کبھی ایسا تو نہ تھا

کیا صبا کاکل دلدار کی خوشبو لائے
غنچۂ دل مرا خندان کبھی ایسا تو نہ تھا

خون کے آنسون روتا ہون دلکی ہاتہون
جی کا میرے کوئی خواہان کبھی ایسا تو نہ تھا

کہولدے زلف کیا درہم و برہم گلشن
دیکہو ہر غنچہ پریشان کبھی ایسا تو نہ تھا

دل ہی بیتاب ملی غیر سے شاید وہ حبیب
جوش وحشت کا مجھے ہان کبھی ایسا تو نہ تھا

پھرے بہت پہ نہ وہ رشک ماہتاب ملا ۔۔۔ جگر کو داغ ملے دلکو اضطراب ملا

لقب ضعیف ہوا ناتوان خطاب ملا ۔۔۔ تمہارے چھٹنے سے کیا خاک مین شباب ملا

مرے تڑپنے پہ نالے عبث ہین آہ زنجیر ۔۔۔ اسیر زلفکو حصہ مین پیچ و تاب ملا

بدن کو سوز کلیجہ کو داغ دلکو درد ۔۔۔ جو کچھ ملا ترے چھٹنے سے بےحساب ملا

اٹھا دیا تھا جسے آج کچھ سنا بھی اوسے ۔۔۔ تری گلی سے نکلکر لحد کا باب ملا

جو پیکے بادۂ الفت گزک کی خواہش کی ۔۔۔ جگر برشتہ ملا ہمکو دل کباب ملا

جفا و جور مین ناز و ادا مین صورت مین ۔۔۔ وہ شوخ ساری حسینون مین انتخاب ملا

خط اونکا آیا پس مرگ خوبی قسمت ۔۔۔ جواب نامہ کی جا نامہ کا جواب ملا

مقر ہوا اثر سوز عشق کا صیاد ۔۔۔ کہ سیخ تیر پہ ہر مرغ دل کباب ملا

چھپی گنا کی سیاہی سپید بالون مین ۔۔۔ قصور خلد مین بچھڑا ہوا شباب ملا

جب آیا سامنے ڈوبا عرق مین غیرت سے ۔۔۔ کبھی نہ رنگ رخ یار مین گلاب ملا

اگے جو خاک سے عاشق کی یہ سزا پائی ۔۔۔ کہ داغ لالہ کو سنبل کو پیچ و تاب ملا

بھرا جو جام بلورین کو میرے ساقی نے ۔۔۔ عیان ہوا مہ کامل سے آفتاب ملا

جہان مین نیک کو ہرگز امان نہین بد سے ۔۔۔ کھلا یہ خار جو ہم پہلو سے گلاب ملا

حبیب عزت و توقیر و رزق بی منت
جہان مین عوض مدح بوتراب ملا

ایدل غم فرقت کا اظہار نہ کرنا تھا ۔۔۔ گر ضبط نہ تھا ممکن جی سے ہی گذرنا تھا

مطلب یہ کھلا آخر دزدیدہ نگا ہونکا ۔۔۔ پہلو سے مرے اونکو دل لیکے مکرنا تھا

دریا ہی مین رہنا تھا قطرے کی طرح شامل ۔۔۔ غافل نہ حباب آسا یہان تجکو ابھرنا تھا

بہ کچھ حال نہ پوچھو تم پیاری شب فرقت کا — میں کچھ نہیں سکتا ہوں جینا تھا کہ مرنا تھا
پوچھی نہ مری حالت دکھلا کے چلی صورت — آئے تھے اگر صاحب دم بھر تو ٹھہرنا تھا
کیسی ہے عطا تیری ابتک نہ ہوئی سیری — اکبار تو ایساقی ساغر مرا بھرنا تھا
سمجھے تھے وہ ایسا کب حیران ہیں اعزا سب — دشوار بہت مجھہ سے بگڑے کا سنورنا تھا
کی قافلہ والوں نے تقدیم زلیخا پر — جس چاہ میں یوسف تھے پانی اسی بھرنا تھا
ہاتھ اوسنے جو رکھا ہی قدر نگا مداوا ہے — ای زخم جگر تیرا مشکل ابھی بھرنا تھا
بیتابی سے ہوں نالاں ظاہر کئی سب ارمان — یار آیا تھا جب مہماں کچھ دیر ٹھہرنا تھا

رکھنا تھا حبیب اپنے مالک پر نظر ہردم
بیداد مخالف سے ہرگز نہیں ڈرنا تھا

کام غفلت میں ہو گیا دل کا — نہ سنا تمنے مدعا دل کا
کیا دشمن کو بھی نہ آزردہ — اسقدر ہمکو پاس تھا دل کا
کون کرتا ہے کسکی ہمدردی — کون سنتا ہے ماجرا دل کا
درد نے کردیا تہی پہلو — خون آنکھوں سے بہہ گیا دلکا
اہل دل ہے وہی زمانے میں — پاس جسکو ہو اک ذرا دل کا
پھر گئی بے سبب تمہاری نگاہ — ہو گیا خون بے خطا دل کا
ہجر میں اک غریق رحمت کے — ہے غم تازہ آشنا دل کا
مردہ ہے جو ہو نہ ہیر و نفس — سخت مشکل ہے روکنا دل کا
اپنی وقت پسندیوں کے مٹا — مانگے کس سے جو بہا دل کا
زندگی تک تھے ساتھ ہم درجا — مٹ گیا آج دغدغہ دل کا

خود غرض اس کی قدر کیا جانین
پاس کرتے ہین باوفا دل کا

بخیۂ زخم تیغ یاس نہ کر
چارہ گر کام ہو چکا دل کا

چھوڑ دنیائے بی ثبات حبیب
ہے تقاضا یہ بارہا دل کا

رفیق بعد فنا عشق یار تک نہ رہا
او مجھے یہ صاف کہ دل کا غبار تک نہ رہا

جو دل کے سینہ مین تہا وہ قرار تک نہ رہا
بہو نکا ظلم حساب و شمار تک نہ رہا

تمام کر دیا کیا جلد دور مے ساقی
ہمارا آج تجہے انتظار تک نہ رہا

ہوا یہ موت کا حیلہ مری عیادت کو
وہ آیا اور دم احتضار تک نہ رہا

جنون کے ہاتہ سے باقی برائے نام کوئی
کہین ہمارے گریبان کا تار تک نہ رہا

یہ باغبان کو ہوئی کد کہ آشیانہ کا مرے
نشان بہی آمد فصل بہار تک نہ رہا

سزائے عشق یہین دی ہتون نے یہ جھگڑا
ہزار شکر کہ روز شمار تک نہ رہا

صبا کے جور سے اک ذرہ غبار مرا
سم سمند بت شہسوار تک نہ رہا

نہ پوچھی ایک نے مرقد کی سرگذشت افسوس
کوئی رفیق پہونچکر مزار تک نہ رہا

بلند قصر تہے ہمت کی طرح جنکی اونکین
فلک نے ایسا مٹایا غبار تک نہ رہا

سرور گھٹتی نہ پائے یہ لطف ہی ساقی
دوا ہے مے کہ نہین حسب دم خمار تک نہ رہا

غم فراق مین خون ہوکے چشم تر سے بہا
ہمارے پاس دل داغدار تک نہ رہا

دل حزین کو نہایت تہا جوش بیتابی
مگر یہ ہو پنچ کے بت گلعذار تک نہ رہا

گھلا گنہ کی ندامت سے شمع سان صد شکر
تن ضعیف سزائے فشار تک نہ رہا

حبیب کا شکوہ پہلو مین درد ہی ہوتا
دل حزین کا کوئی یادگار تک نہ رہا

کب دل میں دخل غیر کا سوہان جان نہ تھا　　کس دن خیال یار مرا میہمان نہ تھا

الفت میں کوئی دل کے سوا رازداں نہ تھا　　رسوا کریگا اسپہ مجھے یہ گمان نہ تھا

کہنا نہ اونکے سامنے کیوں اپنا درد دل　　مانند طفل اشک تو میں بے زبان نہ تھا

آئے کہاں سے شیب میں دلجمعی شباب　　اوس وقت اسپ عمر گسستہ عنان نہ تھا

سینہ سے سوز عشق کے شعلے بلند ہیں　　یہ کوہ اسطرح کبھی آتش فشان نہ تھا

سب حال کہکے چارہ گری اوسپہ چھوڑ دی　　جس سے قریب میرا کوئی مہربان نہ تھا

رحمت کا جوش کہتا ہی کیوں در بدر پھرا　　کیا [illegible] تجھے مرا اک آستان نہ تھا

خم کردیا مثال کمان بار عشق نے　　یہ بوجھ دیکھنے میں کچھ ایسا گران نہ تھا

کسدن مجھے نہ یہ سبکی ناگوار تھی　　احسان کب عزیزوں کا دلپر گران نہ تھا

کہتے ہیں لوگ دار عنا باغ دہر کو　　شاید یہاں کبھی کوئی دل شادمان نہ تھا

اوسنے دلائی ہیں وہ امیدیں طبیب کو
پہلے کسیکا جن میں سے نام و نشان نہ تھا

یہ خیال وضع تھا عمر بھر کہ عیاں نہ راز دروں ہوا
پھر سے خاک ہوکے یہ کوہ کو پس مرگ جوش جنوں ہوا
تمہیں کیا جفاؤں سے مل گیا کہو ایسے جور سے فائدہ
ہوئیں خاک سیکڑوں حسرتیں دل ناشکیب کا خون ہوا
ترا دل میں نقطہ رہا ترا عجز و موجد سخن بنا
ہوا جو تب نہ وہ گہر بنا وہ نشان ہوا جسم فسون ہوا
رہے شکل دیکھتے چارہ گر نہ تھیں ساری کوششیں کارگر

وہ سنبھالتے گئے جسقدر مرا حال اور زبون ہوا

ہمین لیچپلی ہے قضا جہان ہی یقین کہ حور ملے وہان
دم نزع آئے ہو جانجان یہ عجیب نیک شگون ہوا

تہا شباب یا کہ کوئی فسون وہ ہجوم شوق وہ جوش خون
جسے لوگ کہتے تھے ہے جنون وہی مٹکے صبر و سکون ہوا

دم ضبط خشم معین تہا دم جوش حرص امین بقا
جو نظر مین نور یقین تہا سبب صفائے بطون ہوا

نہ سہام طعنہ سے کچھ ڈرا نہ خدا سے دلمین رہی حیا
رکیا سجدہ بت کو جو برملا بہ مجھے عشق راہ نمون ہوا

تہا جلیب طائع زشت مین اوگین خار غم میری کشت مین
تہا فساد اوسکی سرشت مین جو معین سفلہ و دون ہوا

ناصحا بس ورنہ دلکا حوصلہ بڑہجائیگا
ہر گھڑی کے چہیڑنیسے آبلہ بڑہجائیگا

گریوہین ایذا فراق یار کے سہتے رہے
اشتیاق وصل سے شاید گلہ بڑہجائیگا

ناز پرور نوجوانو دم نہ لو دہڑکا یہ ہے
تم پڑے رہجاوگے اور قافلہ بڑہجائیگا

مفت لے لینگے وہ دل ہرگز نہ تہا ایسا گمان
ہم یہ سمجھے تھے کہ قیمت سے صلہ بڑہجائیگا

نامہ و پیغام سے ہوتاہی پیدا ربط ضبط
شکوے گہٹ جائینگے جب یہ سلسلہ بڑہجائیگا

دل بتیاب خون ہوکر نکل اوڑے ہین اشک
دیکہہ یچت ائیگا پہر جب راحلہ بڑہ جائیگا

عاشقون کو اپنے واد جان نثاری کچھ تو دو
واہ کہدینے سے انکا حوصلہ بڑہجائیگا

یاس کا لشکر ہے دل مین اے شہ خوبان مقیم
دیکہہ کر از خود یہ تیرا داخلہ بڑہجائیگا

راہ مقصد کو سراب آسا سمجھلو ای حبیب
تب قریب آئیگی منزل فاصلہ بڑھجائیگا

غم کرے جز مرے جمعیت دوران کسکا ‎ ‎ خاک ہوکر بھی ہے ہر ذرہ پریشان کسکا
ایک عالم سے نہان کہتا ہے ارمان کسکا ‎ ‎ یا الہی دل بیتاب ہے خواہان کسکا
یہ بھی دو نقش ہین رفتار جہان کے ای دل ‎ ‎ کسکی شادی غم اندوہ ہے دوران کسکا
ہے بلا خیز کہین روز قیامت سے سوا ‎ ‎ آج گھونٹیگی گلا تو شب ہجران کسکا
حسن تو نے پر طاوس بنایا تن کو ‎ ‎ کیا کہین داغ عیان کسکا ہے پنہان کسکا
مستند کب ہے یہ عشرت پس قتل عشاق ‎ ‎ سوگ رکھتی ہے تری زلف پریشان کسکا
دشت و صحرا مین جو پھرتے ہین گھبرائے ہوئے ‎ ‎ آجکل خانۂ امید ہے ویران کس کا
لے وہ چپ چپکے جو آتا تھا گیا سوی عدم ‎ ‎ تاک رکھین گے تری حاجب و دربان کسکا
یاد کسکی ہے جو اک لحظہ نکلتی ہی نہین ‎ ‎ بنگیا ہے دل حسرت زدہ زندان کسکا
لطف ہے حضرت واعظ ہمین آزادی مین ‎ ‎ قید ملت کی کسے کہتے ہین ایمان کسکا
روح لیلی مری تربت پہ یہ چلاتی ہے ‎ ‎ خاک مجنون سے بنا ہے تن بیجان کس کا
کہہ چکین وعظ تو واعظ سے یہ پوچھون کہ جناب ‎ ‎ شکوہ تھا ہاتھ مین ساقی کے گریبان کسکا

معتکف ہوئی یہ شہرت کسی ہوتی ہے حبیب
دیکھین دم بھرتے ہین مشہور سخندان کسکا

زلف کو رخ پہ ترے او بت رعنا دیکھا ‎ ‎ آج ہمنے سحر و شام کو یکجا دیکھا
رخ جانان مین فروغ کف موسی دیکھا ‎ ‎ لب جان بخش مین اعجاز مسیحا دیکھا
ہوئی امداد جنون جب تو نہ کیا کیا دیکھا ‎ ‎ کبھی زندان مین بیٹھے کبھی صحرا دیکھا

آہ نے راز کو میرے کیا افشا دیکھا
تھا جو ہمدم وہی اب کرتا ہی رسوا دیکھا

ہمنے ساقی کی جدائی میں نہ پہلی کبھی
پھر اوٹھاکر طرف ساغر و مینا دیکھا

حسرت دید میں دی جان تڑپ کر اوسنے
تینے مڑکر نہ سوئے عاشق شیدا دیکھا

داغ جبین کہ ہون دست فلک سے دوچار
ایک دل ہمنے زمانہ مین نہ ایسا دیکھا

مثل عشاق رہا کرتا ہی گردش مین مدام
اوس جوان کا فلک پیر کو شیدا دیکھا

سلسلے سے ترے ہوتا نہین آئینہ جدا
ہوگیا محو جمال رخ زیبا دیکھا

پڑگئی ہے دل سنبل مین گرہ الفت کی
عجب ہے اوس دلبر طرار کا جوڑا دیکھا

صاف کہتا نہین کیون دل کا ہی کیا حال حبیب
آئے جس وقت ترے پاس تڑپتا دیکھا

رنگ مین بو مین ثمر مین ترا جلوا دیکھا
تو ہی تو تھا نظر غور سے جسجا دیکھا

باغ و صحرا و جبل معدن و دریا دیکھا
ایک عشق رخ دلدار مین کیا کیا دیکھا

ہولے سب جب سے تمہارا رخ زیبا دیکھا
جو کچھ اس عمر مین تھا ہمنے سنا یا دیکھا

اقربا ترک وصیت سے پشیمان ہوئے
اوسکے کوچہ سے نہ اوٹھا مرا لاشا دیکھا

چشم مشتاق کو آغوش تمنا سمجھے
شکل دکھلا کے چھپے وہ یہ تماشا دیکھا

وائے قسمت کہ سوائے نگہہ گرم کبھی
ایکدن بھی نہ ترا لطف و مدارا دیکھا

ہوگیا صورت تصویر بحیرت نگران
جسنے اسے آئینہ رو تیرا سراپا دیکھا

نہین معلوم کہ ہی کب سے روان چشمہ چشم
ہوش جب سے ہوا ہمنے اسے بہتا دیکھا

دلمین انکے تھا وہی کہدیا جو تونے حبیب
سب زخود رفتہ ہین حال اہل ولا کا دیکھا

ملال آپسمین اے دلبر ہنسی سے ہو نہین سکتا
نگا کر منہ خفا ہو یہ کسی سے ہو نہین سکتا

نہ بولین اون سے اکدن یہ تو جیسے ہو نہین سکتا
کنارا دو گھڑی کی دلگی سے ہو نہین سکتا

کبھی عُسرت کا حیلہ ملتجی سے ہو نہین سکتا
کہے سائل ہی پھر جا یہ سخی سے ہو نہین سکتا

مرا بگڑا ہوا کام اور میرے درد کا درمان
کسی سے بن نہین پڑتا کسی سے ہو نہین سکتا

نہ ڈر رہتا ہے خلقت کا نہ دل مین خوف خالق کا
سوائے کبر و نخوت کچھ غنی سے ہو نہین سکتا

ہزارون جان بلب عاشق ہین اک معشوق رعنا وہ
نظر کرنا نگاہ سرسری سے ہو نہین سکتا

بلا زلفون کی لی سر پر عوض مین نقد جان دیکر
یہ سودا اک سوا میرے کسی سے ہو نہین سکتا

نہین ممنون کیون اہل توکل اہل دولت کے
گوارا ننگ محتاجی غنی سے ہو نہین سکتا

یہان بھی اور وہان بھی ہین وہی مالک وہی حاکم
جدا ہاتھ اپنا دامان علیؑ سے ہو نہین سکتا

ہمیشہ ہے عدوی عافیت نا اہل کی صحبت
کوئی دل خوش بدونکی دوستی سے ہو نہین سکتا

حبیب مبتلا ایسا تحمل درد فرقت مین
کسی سے ہو نہین سکتا کسی سے ہو نہین سکتا

شب کہ مطرب تھا شراب ناب تھی پیمانہ تھا
وہ پریوش کیا نہ تھا گویا کہ جو کچھ تھا نہ تھا

سوز دل سے لب پہ ہر دم نالہ بیتابانہ تھا
ہجر ساقی مین کسی پہلو قرار اصلا نہ تھا

جلوہ گر دل مین خیال عارض جانانہ تھا
گھر کی زینت تھی کہ زینت بخش صاحب خانہ تھا

کیا کرون اب مبتلا ہون آپ اپنے حال مین
دی تھی نعمت وہ عجب لب پر مرے شکرانہ تھا

شہرۂ آفاق ہوتی میری ازخود رفتگی
خیریت گذری کہ آنکھون سے تجھے دیکھا نہ تھا

فصل گلمین چھوڑتا ہے دیکھکر ماہ صیام
کچھ جنون مجکو نہ تھا وحشت نہ تھی سودا نہ تھا

کیا کہون ڈر یہ ہے وہ لیلیٰ ادا رسوا نہ ہو
ورنہ مجنون سے بھی کچھ بڑھ کر میرا افسانہ تھا

گر نزاکت مین نہ ہوتا مثل تار عنکبوت		خوب الفت سے زمانہ مین کوئی رشتہ نہ تھا
یون ضعیفی آ گئی گویا ازل سے تھی ضعیف	ق	اور شباب ایسا گیا جیسے کبھی آیا نہ تھا
ہے یقین عاشق تمہارا مر گیا ہو تو خبر		مینے کل دیکھا تھا جا کر حال کچھہ اچھا نہ تھا
نیم باز آنکھین تمہارا نام تھا ورد زبان		زخم دل پر ہاتھہ تھا لب پر مگر شکوہ نہ تھا

بخت کی برگشتگی گذری ہی حد سے ای حبیب
دیکھتے ہین اونکے تلوے جنکا منہ دیکھا نہ تھا

جبین پر کیون شکن ہی اے جان منہ ہے غصہ سے لال کیسا
ہزار باتین ہون ایک ہین پھر بھلا یہ باہم ملال کیسا
نہین ہے اب تاب درد فرقت کہان کی عزت کہانکی غیرت
ہین مبتلا اپنے حال مین ہم کسیکا اسدم خیال کیسا
بتاؤ مجکو یہ کیا ہوا ہے یہ کون سا درد لادوا ہے
یہ کیون مرا دم اولجھہ رہا ہے ہے خود بخود جی نڈھال کیسا
تمام عالم ہوا جو شیدا تو کچھہ تعجب نہین ہے اسکا
بت ستمگار تجکو بخشا خدا نے حسن و جمال کیسا
گنہ سے سیری ہوئی نہین ہے یہ کہتے ہین سب اجل قرین ہے
قلق مین ہر دم دل حزین ہے کہ ہوگا اپنا مآل کیسا
یہ اوس ستمگر سے کوئی کہدے مریض فرقت کی اب خبر لے
ہین کٹ رہی زندگی کی گھڑیان کہانکا دن ماہ و سال کیسا
غضب ہے وان جو جبین جبین پر ہجوم غم سے ہے دل حزین پر

لہو کے دہبے ہین آستین پر ہی دامن اشکون سی لال کیسا

ہوس ہی ہر ایک جی کی جی مین ہوے جو غش وصل کی خوشی مین
تمام شب گذری بے خودی مین جواب کیسا سوال کیسا +

جہان چہانا پڑا ہے کب کا فلک یہ وحشت کا اب ہی شہرا
کہانکا مغرب کہانکا مشرق جنوب کیسا شمال کیسا +

وہ مہر ہون مین ہوا جو طالع تو اک زمانہ نے خاک اڑائی
چمکنے دیتے نہین ہین بد مین عروج کیسا زوال کیسا +

حبیب کر کے بتون کی الفت ابہی سے یہ ہجر کی شکایت
رہے گا اب حشر تک یہ جہگڑا یہان بہلا انفصال کیسا

شراب پی جان تن مین آئی الم سے تہا دل کباب کیسا
گلے سے لگجاؤ آؤ صاحب کہان کا پردہ حجاب کیسا

اب آؤ بہی مرحلت تکلف عتاب کیسی کہان کا پردہ
جہکاے کیون سر ہو شرم سے تم عیان ہی رخ سے حجاب کیسا

بڑہا جو مین رکہکے غذر مستی کہا یہ ہنسکر چڑہا کے تیوری
ہٹو ذرا ہوش مین رہو جی سنبہالو دل اضطراب کیسا

تمہین مبارک ہو جو لیا ہے بہلا وہ جو ہمکو دیدیا ہے۔
جو ہو گیا اوسکا ذکر کیا ہے یہ دوستون مین حساب کیسا

بہار کے دن ہین کیا مزہ ہے شراب کا دور چل رہا ہے۔
لگا ہے سبزہ چمن کہلا ہے برس رہا ہے سحاب کیسا

ہین رشک مجنون ہون دیکھہ ادہر تو نہ لا صبا گلستان کی خوشبو
غبار کی ہے دماغ کو خو کہان کا عطر اور گلاب کیسا

وہ چشم کرتی ہے صید آہو ہین اس کے تیر مژہ تراز و +
پکار ہوگی یہ کل کو ہر سو کہ یہ ہے مشک ناب کیسا

کبھی وہ مستی مین رنگ لائے کبھی کیا شاد مسکرائے
عجیب طرح کے مزے اوٹھائے وصال کی شب مین خوب کیا

نہ میل کر ساقیا یہ مین دے پسند مجکو نہین کوئی شئے
جگر یہ چرکا لگے پیاپے کہان کا پانی گلاب کیسا

نہین ہے دوزخ کا دلکو کچہہ غم میری بہی سن ناصحا ذرا تھم
رحیم وہ پر گناہ ہین ہم عذاب کیسا ثواب کیسا

جو روز ہے رخ تو زلف ہے شب ذقن ہے مانند چاہ نخشب
یہ حال ہے بچپنے مین یارب تو ہوگا عہد شباب کیسا

یہ دور ہے چشم سرمہ گون کا فلک ہے اک قطرہ بحر خون کا +
جہان مین رنگ ہے فسون کا ہے مست ہر شیخ و شاب کیسا

حبیب ہین بندگان تیرے کہان ہین شاہ انام تیرے
نہین پہونچتے امام تیرے ہے بندہ بو تراب کیسا

روح پرور وقت بد مین ہی سبب بیداد کا
صید کا خون رہنما بنتا ہے خود صیاد کا

ای دل مضطر ٹھہر دار عنا ہے باغ دہر
ای زبان خاموش یہ موقع نہین فریاد کا

پند ناصح کی خلش بہتر ہے لطف عیش سے
حکم رکھتی ہین یہ باتین نشتر فصاد کا

عذر کیسا جب اجازت دیچکا پیر مغان
مین تو ابتک منتظر بیٹھا تہا اس ارشاد کا

کیون کمی کرتا ہی گر بیداد ہی منظور ہے
شاید اکدن یہ بہی ہو جاے وسیلہ یاد کا

دے نہ ای غافل متاع نیکنامی ہاتہہ سے
پیش پا ہے راستہ ملک عدم آباد کا

پہیرتے رہتے ہین جو ہر دم ضمیر پتیا تولکی
لین ابہی کچہہ دن سبق لاتخلف المیعاد کا

آفرین عاشق کے دلپر ورنہ یہ فرقت کی آگ
ایکدم مین توڑ دے دم کورۂ حداد کا

دلکو ملتی تہی جناب عشق سے داد سخن
نکتہ سنجی حق یہ ہی حق تہا اوسی اوستاد کا

ایکسان رہتی نہین نادان ہواے روزگار
دیکہہ لی قرآن مین افسانہ قوم عاد کا

ہوسکا جو کچہہ کیا وہ دست و بازو سے حبیب
مین نہین خوگر ابہی تک غیر کی امداد کا

دیکہہ ٹہہرا نظر آنے سے ترے دل کسکا
بنگیا قبلہ نما طایر بسمل کس کا

کون ہے تیرے سوا رازق و جواد و کریم
کبہی محروم پلٹتا نہین سایل کس کا

جلگئی میرے سوا کشت تمنا کسکی
نا امید ایسے بدنتا رہا حاصل کس کا

چاہیے طالب عزت کو عزیزون ہی سلوک
یون ادب کرتے ہین اقران و اماثل کسکا

پہر کہان آپ چہپین گے جو کہی داور حشر
آج پہچان لین سب کون ہی قاتل کسکا

مین ہون یا ترک ملاقات کی باعث ہین حضور
ہوگیا تازہ طریقہ خط فاصل کس کا

بدر بنجاتا ہے اپنی ہی تگ و دو سے ہلال
ہوا شرمندۂ احسان مہ کامل کس کا

ہم بہی ہین تم بہی ہو ای حضرت واعظ دیکہین
نیک انجام کرے خالق عادل کس کا

جمع ہین عاشق جانباز اشارہ کردے
دل ہے ان سے ہین تری نذر کی قابل کسکا

ای صبا کون گل اندام چمن سے گذرا
تذکرہ کرتے ہین آپس مین عنادل کس کا

یہان تو اکثر یہ حسینون کا رہا دیوانہ — دیکھین محشر مین طرفدار بنے دل کس کا

چھوڑا اے شیخ مگر فکر حبیب مدہوش
کچھ خبر ہے تجھے ہشیار ہے غافل کس کا

نبھے گی اونسے کیونکر اے خدا انجام کیا ہوگا — سنا ہے پھر خفا ہین کچھ کسی نے کہدیا ہوگا

زیادہ ہوتی جاتی ہے شب فرقت کی بیتابی — سحر سے مین اسی تشویش مین ہون آج کیا ہوگا

گذر ممکن نہین ای ساکنان کوچہ دلبر — گئے تھے ہم بھی ملنے کے لیے تم نے سنا ہوگا

کوئی پہلو نہین ملتا ہے وعدے سے مکرنیکا — بمجبوری وہ مجھسے کہتے ہین اچھا کہا ہوگا

مزہ دیکھو کیا ہے قصد میخانہ کا زاہد نے — ٹھہر کر ہر جگہ کہتا ہے کوئی دیکھتا ہوگا

قطعہ

۱ ادائین اوس پری وش کی کہہ دیتی ہین بچپن سے — یہ چتون جانستان ہوگی یہ قامت فتنہ زا ہوگا

۲ رہیگی رات دن اک عاشقون کی بھیڑ کوچہ مین — کوئی دیوار سے در سے کوئی سر پھوڑتا ہوگا

۳ گریبان جوش وحشت مین کوئی پھاڑیگا دامن تک — جگر پہ ہاتھ رکھے کوئی بسمل لوٹتا ہوگا

۴ نشانہ سنگ طفلان کا بنیگا کوئی دیوانہ — کسی کے قتل کا سب کی زبان پر تذکرہ ہوگا

۵ ٹپکتا ہے مگر یہ رنگ جسکی حسن صورت سے — جو سیرت بھی ہوئی اچھی نہین معلوم کیا ہوگا

اونہین جسدن سے خط بھیجا ہی ہر دم یہ تصور ہے — اب اونکے پاس پہونچا ہوگا قاصد چلا ہوگا

خدا شاہد ہے ہمنے جتنے ناز اونکے اٹھائے ہین — زبان سے گو نہین کہتے مگر دل جانتا ہوگا

حبیب خستہ جان نے خوب الفت کی سزا پائی
ذرہ پوچھو تو اس سے پھر کسیکا مبتلا ہوگا۔

گھٹین گی خواہشین اے دل تو حاصل مدعا ہوگا — ذرا یہ بھیڑ چھٹ جائے تو پیدا راستا ہوگا

ابھی تک مین تمہاری دوستی پر ناز کرتا تھا — نہ تھی امید یہ اغیار سے ہر دم گلا ہوگا

نہین امکان مین اپنے نتیجہ فکر و کوشش کا
وہی ہوتا ہے اکدن جو مقدر مین لکھا ہوگا

کہین گے اور کیا کاٹو گلے اپنے اسیرونکے
دم تکبیر ہر لب پر رضینا بالقضا ہوگا

جفا سہکر وفا کا دم بہرے ایسا زمانے مین
اگر ہوگا کوئی میرا دل صبر آزما ہوگا

کرینگے ایکدن بدنام یہ اہل غرض تمکو
کہے دیتا ہون مین دیکہو خفا ہو گے تو کیا ہوگا

خدا سے مانگ اے دل تم کر بندونکی منت سے
جو حاجتمند ہے ہردم وہ کیا حاجت روا ہوگا

جب آجائینگے آنکہین منتظر ہین جنکے آنیکی
وہ شب حیرت فزا ہوگی وہ دن عشرت فزا ہوگا

ہے چشم زادہ دریوزہ گر درویش کا کشتا
یہ مال و زر کہین بدنیتی سے ملگیا ہوگا

ترے احسان ہین لاکھی سحر سے شام تک ملکی
کسی بندے سے حق بندگی کیون کر ادا ہوگا

تصور مین ہون بیخود اونسے کیونکر ہونگی چار آنکہین
زبان سے حرف مطلب کسطرح یارب ادا ہوگا

مزا کیونکر ملیگا دانہ زد کو بذل نعمت مین
جو پس خوردہ ہے شب کا وہ سحر کو ناشتا ہوگا

نہ پایا ایک بہی تیرا آشنا سا سارے عالم مین
مین سمجہا تہا کہین کوئی تو صورت آشنا ہوگا

رسائی طبع کی اکثر دم فکر سخن دیکہی
نہین معلوم پر اپنا مقدر کب رسا ہوگا

حبیب اکثر کیا یہ قصد لیکن ہو نہین سکتا
کرینگے ہم بہی اب جبوقت کا جو مقتضا ہوگا

ادہین جو اپنی جفا کا خیال آجاتا
تو رخ پہ خود عرق انفعال آجاتا

جو خواب مین نظر اون کا جمال آجاتا
ہمین فراق مین لطف وصال آجاتا

نکالتا فلک اکدن تو آرزوے عروج
بقا کسی ہی بلا سے زوال آجاتا

ثنا سے یار جو سنتا وہ سنگدل مجہسے
تو ایک آن مین زاہد کو حال آجاتا

بناتا بزم حسینانکو مصر کا بازار
اگر ادہر مرا یوسف جمال آجاتا

سنتا تہا غیر سے جو تمنے کہدیا مجہسے
وگرنہ مفت دلون مین ملال آجاتا

بچایا سنگدلون سے حبیب نی پہلو
وگرنہ آئینہ دل مین بال آجاتا

حال اپنا خلق کو قصہ کہانی ہوگیا
عشق مین مرنا حیات جاودانی ہوگیا

خط مین جو وعدے کئے تھے اونسے اب انکار ہے
آپکا لکھنا بھی پیغام زبانی ہوگیا

کہتے ہو بے اعتنائی دوستی کی شان ہے
خوب غصہ بھی دلیل مہربانی ہوگیا

عیش مین اپنی سیہ کاری کا جب آیا خیال
کچھ نپوچھو شرم سے مین پانی پانی ہوگیا

خود غرض سمجھے دیا جانبازیونکا یہ صلہ
واہ صاحب مین تو نذر بدگمانی ہوگیا

سیدہی باتون مین نکالا تمنے وہ حسن ادا
شش جہت مین شہرۂ جادو بیانی ہوگیا

چرخ نے پنہان کئے کیا کیا حسین زیر زمین
نوجوانون کا عدو یہ پیر فانی ہوگیا

سنکے شہرہ دل کا آجانا بت بیمہر پہ
میرے حق مین اک بلای آسمانی ہوگیا

خدمت خلق خدا ہے موجب عظمت حبیب
منصب شاہی طریق پاسبانی ہوگیا

بساط دہر پہ پھر کیون بچھائے دام آز اپنا
کبھی سوچی اگر انجام تو اے حیلہ ساز اپنا

ہر اک تدبیر گویا فکر بہبودئ دشمن تھی
کیا بیتابئ دل نے غضب افشائ راز اپنا

زبان تک حرف مطلب چاہئے اونکے نہ لانا تھا
تملق پر محول ہوگیا عجز و نیاز اپنا

یہان اندوہ محرومی ہے برق خرمن ہستی
دکہاتی ہے کسی ای شمع تو سوز و گداز اپنا

سما سکتی نہین وہم و گمان مین بھی عطا تیری
کہانتک ہوگا دامان ہوس یارب دراز اپنا

کہانسے [illegible] پہ [illegible] چھوڑ دی انسانیت تمنے
کوئی یون ہاتھ سے دیتا ہے حسن امتیاز اپنا

عجب حالت ہی خوش آتی نہین کوئی جگہ دلکو
تمہارے در سے پھرتا ہی نہین رَوِ نیاز اپنا

ہوس ہی رہنا ہردم دراِرباب دولت کی
قناعت کہتی ہی بیٹھو خدا ہے کارساز اپنا

نکلکر آنکھہ سے آنسو دکھا دیتا ہے مردم کو
یہ پستی ہے نشیب اپنا وہ رفعت تھی فراز اپنا

تجھے منظور ہو دنیا تو یہہ کیا روک سکتا ہے
ذریعہ ہے حقیقت مین خداوند مجاز اپنا

ہوئی تب بزم ہستی اُنکی خوش خوئیسی عطر آگین
گلون نے وقف گلچین کردیا جب اہتزاز اپنا

ہوا آخر یہ طے دونون طرف الفت برابر ہے
تجاوز کر گیا جب حد سے ناز اونکا نیاز اپنا

حبیب مبتلا کو صبر نے کیا کیا تسلی دی
مصیبت مین بھی تھا ایک یار دلنواز اپنا

عقل پر پتھر پڑے الفت مین دیوانہ ہوا
دل جو اک مدت سے اپنا تھا وہ بیگانہ ہوا

کہہ گیا جو جی مین آیا ایسا دیوانہ ہوا
بوند مین کمظرف کا لبریز پیمانہ ہوا

سچی باتون مین بھی ہوتا ہے قیامت کا اثر
تذکرہ میرا عجب دلچسپ افسانہ ہوا

بدنما سمجھا گیا پیوند استغنا و حرص
ننگ دلق فقر کشکول گدایانہ ہوا

زنگ ظلمت سے دل شیدا مرقعِ بنگیا
یہ خدا کا گھر بھی اب صورتون سے بتخانہ ہوا

مخرب بنیاد آسایش ہی رفتار جہان
بستیان اوجڑین کبھی آباد ویرانہ ہوا

جان ہی مول اونکا ای عشق جو انکی جان لے
نقد دل حسن یوسف ثانی کا بیعانہ ہوا

تیرہ بختی کی بلا سے یون نکلنا چاہئیے
جسطرح سلجھا کے زلفون کو الگ شانہ ہوا

جذب دل یہہ ہی اسے کہتی ہین باطن کی کشش
اونکے پرتو سے منور میرا کاشانہ ہوا

کیا شکایت اسکی صاحب اپنا اپنا رنگ ہے
غیر ہین ہم تمسے جب غیر ولنی یارانہ ہوا

ملگئے دونون مین تھی جلبلی کی قوت ایکسان
میل جنسیت سے جزو شمع پروانہ ہوا

اوسکی شان عالم آرائی پہ کی جسدم نظر
گوشۂ عزلت مرا دربار شاہانہ ہوا

قالب خاکی مین ساقی تونے پہونکی ہی یہ روح
قلقل مینا سے پیدا شور مستانہ ہوا

خوب ہی رنگ جوانی شیب نی کھویا حبیب
محو دلسے بہی خیال روے جانانہ ہوا

سر سے اونچا جب یہ سیلاب فنا ہو جائیگا
کہتے ہین نا آشنا ہر آشنا ہو جائے گا

سازو سامان نذر طوفان بلا ہو جائیگا
نوح کی کشتی ہمارا بوریا ہو جائے گا

رنگ لائینگے کبھی نقش و نگار آرزو
اک نہ اکدن یہ چمن بہی جانفزا ہو جائیگا

سبکو ہی معلوم ہین دینے کے اوسکی لاکھ ہاتھ
ورنہ حاجتمند کیا حاجت روا ہو جائیگا

صبر لازم ہے جو رکدے پاکی قابو خود غرض
ایکدن حال اوسکا خود عبرت فزا ہو جائیگا

مہربان جب ہونگے وہ ہوگی نہ حاجت عرض کی
ہر اشارہ اپنا حرف مدعا ہو جائے گا

اب تو بیٹھے ہین ترے کوچہ مین مثل نقش پا
یا مٹین گے یا مقدر رہنما ہو جائے گا

ہے وہ انسان جو بقائے نام کی کوشش کرے
ملکی دولت زیادہ گر تو کیا ہو جائے گا

جہک کے مل سب سے اگر ہے سرفرازی کی ہوس
بن پڑیگا گر یہ نسخہ کیمیا ہو جائے گا

بیقراری کو کریگی دور جب سچی کشش
مرغ دل خود طائر قبلہ نما ہو جائے گا

کر ریاضت اسقدر زنگ کدورت دور ہو
رفتہ رفتہ عامل خذ ما صفا ہو جائیگا

غیر کے سایہ سے بچکر چل طریق عشق مین
ورنہ یہان رہزن ترا خود رہنما ہو جائیگا

جو دیا ہے اوسنے اوسکا شکر کر سی حبیب
وجہ استغنا تجہے فضل خدا ہو جائیگا

بنا کے آئینۂ تصور جہان دل داغدار دیکھا

فراق مین لطف وصل پایا خزان مین رنگ بہار دیکھا

تمام کامون کا راستی پر ہمیشہ دار و مدار دیکھا

فساد طینت مین جنکی پایا ہر ایک صحبت مین خوار دیکھا

سنبھالا جسدن سے ہوش ہمنے وطن کو کل چند بار دیکھا

نہ کی عزیزون کی غمگساری نہ پھر کے اپنا دیار دیکھا

ہوے جو مانوس کجروی سے پھرے رہ صدق و راستی سے

تو بیٹھے اکروز وہ خوشی سے نہ کچھ بجز انتشار دیکھا

ہے مہر اہل دول مین رنجش معاہدون مین مدام کاہش

نہ ہمنے پایا اسی کو بیغش نہ اوسکو کامل عیار دیکھا

بساط عیش و طرب ہے برہم یہ ہے نشیب و فراز عالم

پیادہ ہین اونکو دیکھتے ہم جنہین ہمیشہ سوار دیکھا

پڑی ہے پیچھے کچھ ایسی شامت مٹا رہے ہین نشان شہرت

بہت عزیزونکو پھر شہرت گنواتے اپنا وقار دیکھا

جما تہا جو وقت رنگ صحبت تہا نیک و بد مین ہی لطف خلت

مگر خزان آئی یا قیامت نہ پھول دیکھا نہ خار دیکھا

دل و جگر کو ہوا گوارا کہان سرور شراب ہستی

ملا کبھی اضطرار مین ہے کبھی اوسے بیقرار دیکھا

گیا وہ دور سیاہ مستی رہا فقط نام مے پرستی

جو ضعف پیری مین آنکھ کھولی تو کچھ طبیعت پہ بار دیکھا

حبیب ہم ہمصفیر بلبل ہمیشہ تھے گلشن جہان مین
وفا کی خوبو ہو جسمین وہ گل نظر نہ آیا ہزار دیکھا

ہچکیان آنے لگین مین بیخبر ہونے لگا
خود بخود دلوا انتظار نامہ بر ہونے لگا

دور تک جانے لگی دلکے دھڑکنے کی صدا
فرقت قاتل مین پھر ٹکڑے جگر ہونے لگا

دی اجازت نام لینے کی تو چل نکلے حضور
ذکر غیر و نکام ریحان رات بھر ہونے لگا

دھو و دامن کو نہ تا کوئی گریبان گیر ہو
شور قتل عاشق شوریدہ سر ہونے لگا

وصل گل آتی ہے یا پیغام جانان آجکل
ہوش وحشت پھر مجھے دو دو پہر ہونے لگا

دیر مین کعبہ سے آکر گر پرستش کی تو کیا
شکر ہے اوس بت کے کوچہ تک گذر ہونے لگا

ہجر مین گلزار کا رہنا نہ راس آیا ہمین
شور مرغان چمن سے درد سر ہونے لگا

کوچۂ الفت کی چالین ہمنے ساری سیکھ لین
عشق سا استاد جب سے راہبر ہونے لگا

رو تی جاتی ہے شب عشرت تمہاری ساتھ ساتھ
دیکھلو صدمہ سے فق روے سحر ہونے لگا

یاد آیا پھر عندلیب خوش بیان ہمکو حبیب
رنج تنہائی بڑا مضطر جگر ہونے لگا

نہ نکلا منہ سے کچھ جبتک کہ دم لب پر نہین آیا
گئی جان پر زبان پہر شکوۂ دلبر نہین آیا

بنی جان پر مری گو کچھ وہ بن ٹھنکر نہین آیا
ادا سے جب چلا حیرت ہے کیون محشر نہین آیا

بتا ای نرگس بیمار کیون پتھرا گئین آنکھین
اجل آئی تجھے یا قاصد دلبر نہین آیا

چنی افشان جبین پر موتیون کی حسن خوبی نے
پسینہ شرم سے ای گل ترے منہ پر نہین آیا

کہون کیا تم سے مر مر کے جیا ہون درد فرقت مین
مرے سینہ مین دم دو دو پہر اکثر نہین آیا

نجانے پر مرے وہ شوخ کہتا ہے محبت سے
کئی دن سے جفاؤن کا مری خوگر نہین آیا

جو چلتے چلتے لے لیتا خبر تیری نگہت جاتی
گلی تک تیرے اے قاتل تیرا خنجر نہین آیا

توکل نے دکھایا لطف شاہی کا گدائی مین
جو سرکش تہا ہمارے در پہ کب جہککر نہین آیا

بہار آئی گل اندامون نے پہنے ہار پہولونکے
مرا طوق و سلاسل لیکے آہنگر نہین آیا

جلیب رند مشرب نے نہ پی نی اوسکے ساغر مین
زبان پر جسکی نام ساقی کوثر نہین آیا۔

مائل خال رخ حور ہوا خوب ہوا
دلپہ جو داغ تہا ناسور ہوا خوب ہوا

ہوگیا میرے تڑپ جانے پہ قاصد برہم
اور زخمون سے بدن چور ہوا خوب ہوا

بڑہ گیا حسن جو بکہرا لئے موہنہ پر گیسو
دن مثال شب دیجور ہوا خوب ہوا

سنگ رہ جانکے سر کو مرے ٹہکرا تی ہو
آنے جانے مین یہ دستور ہوا خوب ہوا

میرے اٹہہ جانے پہ غیرون سے وہ ہنسکر بولے
بی کہے پاس سے یہ دور ہوا خوب ہوا

بڑہ گیا سوز جگر گہٹ گئی طاقت دل کی
نالہ کرنیسے بھی مجبور ہوا خوب ہوا

مستحق دار کا عشق قدر دلبر نے کیا
خلق مین ثانئی منصور ہوا خوب ہوا

مجکو محبوب جو دیکھا او نہین رحم آہی گیا
رنگ رخ شرم سے کافور ہوا خوب ہوا

شکر ہے میری طرف سی نہ ہوئی کوئی کمی
ترک الفت او نہین منظور ہوا خوب ہوا

مین نے خود کہدیا جب چہپ نہ سکا عشق کا راز
تیرا دیوانہ جو مشہور ہوا خوب ہوا

خود نہین آئیگا ہے وضع کا پابند جلیب
اونکی صحبت مین یہ مذکور ہوا خوب ہوا

توڑ کر دلکو مرے تیر سے پہلو ٹوٹا
یوہین کیون قدر انداز کا بازو ٹوٹا

میرا منہ دیکہین گے حیرت سے سب اہل محشر
گر گرانباری عصیان سے ترازو ٹوٹا

محتسب ہوگا یہ پانی ابھی سب آب رمضان
مجھسے میخوار کا شیشہ جو لب جو ٹوٹا

تیرے ہر تار سے وابستہ ہے جان عاشق
موت ہی رشتۂ الفت جو کہین تو ٹوٹا

شرم کو دیکھکے شرمائی خزانکی سختی
دست بیداد سے کب برگ لب الو ٹوٹا

سر جھکا جب ہوا باعث وہ سرفرازیکا
کبھی تہہ کرنے سے طاعت مین نہ زانو ٹوٹا

نکرۂ دور نظر سے کہ ہون مانند سرشک
سلسلہ اسکا ملا کب جو سحر ہو ٹوٹا

شب فرقت سے ہے ٹھہرتے نہین شعلے دلمین
تارہ ٹوٹا کہ مری آنکھ سے آنسو ٹوٹا

حفظ مین رکھتی ہے نرمی ستم ایجادونکو
نہ سر و ہی کیطرح خنجر ابرو ٹوٹا

سب کو حیرت ہے کہ غائب ہوا کیونکر مرا دل
چاک سینہ ہے کہین اور نہ ہے پہلو ٹوٹا

شکر ہے بچگئے بدخواہ کے حملے سے حبیب
ہاتھہ بیکار ہوا کوئی نہ بازو ٹوٹا

نور سے تیرے منور اکجہان ہونے لگا
مہر عارض رشک مہر آسمان ہونے لگا

ابتدائے عشق مین شرط شکیبائی نتھی
کیا تحمل کا ہمارے امتحان ہونے لگا

تخم معنی کیلئے اچھی نہین یہ سرزمین
بوستان فکر تاراج خزان ہونے لگا

ہے گسستہ ناقۂ لیلائے مقصد کی مہار
قیس قسمت کا مخالف ساربان ہونے لگا

خشک ہے کشت تمنائے چمن آرائے نظم
خارزار فکر باطل گلستان ہونے لگا

عندلیب باغ کو ہے کنج تنہائی نصیب
زاغ اسود بلبل ہندوستان ہونے لگا

جس ستمگر کو مرے عہد وفا پر ناز تھا
ہے یہ قسمت کی کجی وہ بدگمان ہونے لگا

سنکے دلکی آرزو خود کرلیا اپنے عدو
جب ذرا ہموار انکا پاسبان ہونے لگا

ہوگئے رسوا خدارا چھوڑ دو بیداد کو
ہر طرف سے اب تو شور الامان ہونے لگا

پڑ گئی ہے دلمین جو کافر کے رنجش کی گرہ
منتون سے وہ بھلا کیون مہربان ہونے لگا

ہو چلا ہی ہر طرف شہرہ تمہارے حسن کا
ابتو اک عالم ہمارا ہم زبان ہونے لگا

شک تھا پہر اِنکا تغیر دیکھکر ہمکو حبیب
ورد الفت ابتو باتون سے عیان ہونے لگا

ردیف بائے تازی

قاصد ہنوز پھیکے نہ خط کا پھرا جواب
جان آئی لب پہ زیست نے ہمکو دیا جواب

کالی بلا ہے عمر شغل شراب و کباب مین
ہے خوف حق کو روز جزا دینگے کیا جواب

سائل زکوۃ حسن کے بیٹھے ہین دیر سے
ای شاہ حسن کچھ نہ ابھی تک ملا جواب

جادو بیان شکر لب و شیرین زبان ہین وہ
ہر اک کو بات بات مین کرتے ہین لاجواب

انداز مین ادا مین ملاحت مین حسن مین
ہوگا جہان مین نہ کوئی آپکا جواب

طرز جفا مین وہ ہین زمانے مین بے نظیر
کوئی نہین طریق وفا مین میرا جواب

پڑھکر نیاز نامہ کو دین او سنے گالیان
بھیجا مراسلہ کا ہمارے نیا جواب

دیتی ہے سیر ہو کے یہ آواز آسیا
ہے اوسکی ذات رحمت و بخشش مین لاجواب

دینگے دعائین پھول پھلا گل کی فصل مین
للہ بے زرونکو نہ دے ساقیا جواب

آئی ہے لب پہ جان دم رحلت قریب ہی
بس انتظار کی ہوئی حد آچکا جواب

گذری نہین ہے وعدہ کی ساعت ٹھہر حبیب
آجائینگے وہ خود ہی کوئی دم مین با جواب

ساقیا شاق ہے یہ پیش و پس جام شراب
دل مین رندونکے ہے یکسان ہمہ جا جام شراب

سیر نیت تھی دم دسترس جام شراب — توبہ کرتے ہی ہوئی پھر ہوس جام شراب

موسم گل مین ہو گر دسترس جام شراب — پی ہی جاؤن نکرون پیش و پس جام شراب

ساقیا کہتی ہے دل سے ہوس جام شراب — رہیئے میخانہ مین بنکر مگس جام شراب

دور کے ساتھ چلا قافلۂ ہوش و خرد — بنگئی قلقل مینا جرس جام شراب

فصل گل خوب ہی ساقی کی کرم سے گذری — نرہی دلمین ہمارے ہوس جام شراب

ذوق رغبت سے بدل دیتا ہے نفرت دلکی — نشکل زنبور عسل ہے مگس جام شراب

ڈالدے جان تن خاک مین ہو ساقی دم مسیح — دم مین ہو قلقل مینا نفس جام شراب

میکشی مین ہو جو وہ ترک نظر مائل صید — قید کر لے بطا مے کو قفس جام شراب

بزم سے جب وہ اوٹھین غدر سے شگون بد ہو — چھلکے ساغر تو کہین بسبب عطس جام شراب

بنکے ساقی روش باغ پہ بیٹھا ہے وہ ترک — آج شہگام چلے گا فرس جام شراب

دور دیتا ہے وہ سرہنگ تو کہتے ہین رند — دیکھو کاوے پہ لگا ہی فرس جام شراب

مانگتے جاتے ہین نہ کیون رند ہے دست ساقی — در توبہ کیطرح باز پس جام شراب

کیفیت کیا جو بھرے دل ہی نہ میخوارونکی — ہوتی ہے یہ غرض بازپس جام شراب

عہد و پیمان کا ہو اک شاہد عادل ساقی — منہ سے جو کہتا ہے لکھدے وہ پس جام [illegible]

تہوڑی ہی بدلی اگر زنگ کی بھی مجھے دی ساقی — ذائقہ منہ کا بدلنے کو پس جام شراب

ہو گیا دور و تسلسل مین تناسخ کا ثبوت — بالکم و کیف دم بازپس جام شراب

تنکے چنواتی ہے مہر لب میگون جنکو — سمجھے ہین خط شعاعی کو خس جام شراب

ایسی تدبیر بتا ہمکو بھی اے زاہد خشک — کہ ہوا ابر و ہوا مین ہوس جام شراب

عبرت انگیز ہے کیا فریاد شکست ساغر — کون میخانہ مین ہے دادرس جام شراب

عود کرتی ہے جوانی کی حرارت دلمین
ہے بجا پیر کرین گر ہوس جام شراب

لیچلا کھینچ کے ہمکو سوئے میخانہ حبیب
جرم توبہ کی سزا ہین ہمیں مس جام شراب

مہر و الفت سے ہے آل تہذیب
خاکساری ہے کمال تہذیب

ہے وہ آرایش حسن باطن
جسکو کہتے ہین جمال تہذیب

کم نہین مردمک چشم سے کچھ
رخ انسان پہ خال تہذیب

آج کل ہم مین اگر سچ پوچھو
شکل عنقا ہے مثال تہذیب

کبھی ہوتا نہین بدوضع کا خوف
ہے عجب جاہ و جلال تہذیب

رخپہ کرتا ہے متانت پیدا
دل مین آتے ہی خیال تہذیب

اپنے مطلب کا جہان کچہ ہو لگاو
نہین رہتا ہے خیال تہذیب

قوم کا اپنے نہ گھٹتا وہ عروج
ہو نہ جاتا جو زوال تہذیب

جام جم سے ہے کہین پر تمکین
بزم خلت مین سفال تہذیب

اسکا خون کرتے ہین جو ناحق کوش
اون کی گردنپہ وبال تہذیب

مردہ قومون کے لیئے آب حیات
بنتا جاتا ہے زلال تہذیب

بدر بنجائیگا چند سے مین حبیب
حق نے چاہا تو ہلال تہذیب

تری جفا کے سوا ہے مری وفا کا سبب
مری وفا ہے ستمگر تری جفا کا سبب

ہمیشہ ہے مری بیچارگی کا پاس اوسے
ہوئی شکستہ دلی رحمت خدا کا سبب

تباہ کرتی ہے خودبینی و خود آرائی
ہے عجب جاہ حشم فقر اغنیا کا سبب

خدا کو بندوں پہ حجت تمام کرنا تھا ۔ ہوا ہمیشہ یہ ترسیل انبیا کا سبب
جدا نہین ہے کبھی بحر سے نمود حباب ۔ تری بقا نہو کیونکر مری بقا کا سبب
نہین جو دل پہ موثر کوئی سخن واعظ ۔ برا نہ مانئے حضرت یہ ہے زیا کا سبب
حسد عزیزونکو ہوتا ہے کامیابی پہ ۔ ہے بیشتر یہی بیداد اقربا کا سبب
ترے جمال کا پرتو ہے داغ الفت مین ۔ ہے نور مہر مبین ماہ کی ضیا کا سبب
نہوتی اتنی جسارت جو آپ رکھتے خیال ۔ کہین حضور سے کیا عرض مدعا کا سبب
کسی سے شرم ہو کیا جب خدا سے شرم نہین ۔ کچھ اسمین شک نہین ایمان ہے حیا کا سبب
وہ اپنے وقت پہ آتی ہے ٹل نہین سکتی ۔ ذرہ سی بات بھی ہو جاتی ہے قضا کا سبب
بقا کے بعد فنا ہے فنا کے بعد بقا ۔ بقا مین کسلئے مضمر نہو فنا کا سبب

کریم جلد بتا دے حبیب کو وہ راہ ۔ مدام دارِ عنا مین ہو جو غنا کا سبب

حشر کے دن بھی نہ پاس آئیگا ڈر سے آفتاب ۔ خوب واقف ہو مرے سوز جگر سے آفتاب
ہجر کے صدمہ سے آنکھون مین جہان تاریک ہے ۔ چھپ گئے تم ہو گیا پنہان نظر سے آفتاب
بام پر وہ مہروش ہر راہ مین ہین محو دید ۔ کیا کشش ہے بندہ گیا تار نظر سے آفتاب
سینۂ پر داغ پر پھٹ کر گریبان آگیا ۔ چاند نکلا ہو گیا پنہان نظر سے آفتاب
وصل کی شب باتون ہی مین ہو جاتی ہے صبح ۔ کیا نکل آتا ہے کچھ پہلے سحر سے آفتاب
زیست سے جرم ازلی مٹ نہین سکتا کبھی ۔ دھو سکا دہبہ نہ دامان قمر سے آفتاب
ہون مین اک آئینہ عبرت کے لیے اہل نظر ۔ دیکھ غافل کہہ رہا ہے ہر بشر سے آفتاب
تم مرے گھر آئے مین ششدر رہون اوسکی شان ہے ۔ آج نکلا ہے خدا جانے کدھر سے آفتاب

آجتک اوس صبح کا آنکھونمین پھرتا ہے سمان
گھر سے وہ نکلے ادہر نکلا ادہر سے آفتاب

مین چھپا کر سوز دلکو گر پڑتا ہون کبھی
جہانکتا ہے رخنۂ دیوار و در سے آفتاب

وقت رخصت رخ تہا سوئے کوچۂ جانان جلیب
حال پوچھو چلکے پلٹا ہے سفر سے آفتاب

افسوس جا رہی ہے جوانی گیا شباب
اب خلد مین ملیگا یہہ بچھڑا ہوا شباب

بیچین کر رہا ہے دلون کو ترا شباب
ایسا کسی کا کب ہوا حیرت فزا شباب

کیون ہو نہ سیر بیعت پیر مغان سے دل
کیفیتین تھین رندی و مستی کی تا شباب

گذرا وہ وقت چھوٹے بچپن کی شوخیان
پڑہ لیجئے رسید کا خط آگیا شباب

جب سے ہوے جوان معیشت کی فکر ہے
سودا تہا سر مین عشق کا جب تک رہا شباب

رکھی حزین فراق کے صدمون سے جان زار
تمنے ملایا خاک مین اے دلربا شباب

پیری مین آہی جاتی ہے کچھ کچھ صلاحیت
ہے وقت امتحان ثواب و خطا شباب

دیکھا نہین زمانہ مین ایسا غرور حسن
ہے آپ کی نرالی جوانی نیا شباب

کہتا ہے دل یہ جھیل کے پیری کی زحمتین
اک سلطنت ہے آئے اگر دوسرا شباب

ساقی نے پہونکدی ہے بدن مین وہ تازہ روح
دہوکا ہے دلکو شیب مین پھر آگیا شباب

قامت جھکا جو بار الم سے تو کیا عجب
جینے کا کچھ مزہ نہ رہا چل بسا شباب

غفلت مین مفت ہوگئی آخر بہار عمر
کرنیکے کام کچھ نہ کیے کہو دیا شباب

نکلی ابھی نہ پوری تمنا کوئی جلیب
پیری بھی آلی گذری جوانی گیا شباب

گل پہ شیدا ہوگئی دیوانہ بنا مین عندلیب
نام نیر البیتی ہے ہر دم چمن مین عندلیب

آگئی کس سرو رعنا کے گل عارض کی یاد
بنگئی از خود زبان میرے دہن مین عندلیب

زلف مشکین مین لگایا گل کا طرہ یار نے
کیون نہ اب تنکے چنے دشت ختن مین عندلیب

ہر طرف گلزار مین شور مبارکباد ہے
آج صدر آرا ہے مرغان چمن مین عندلیب

عطر گل ملکر نہ زیب بزم ہو ایشمع رو
جان دیگی بنکے پروانہ لگن مین عندلیب

جنکے گل ہین عالم غربت مین ہم پہلوے خار
وہ اعزا ہین گلستان وطن مین عندلیب

ہو بہم گل دیکھہ کر ایسا خوشی کا جوش ہے
اب نہین پہولے سماتی پیرہن مین عندلیب

دیکھین کب آئے ہمارے باغ مقصد مین بہار
ابتو ہے ہر آرزو ولگے چمن مین عندلیب

ساتھہ رہنا نوحہ خوان میرا جنازہ جب اوٹھے
لپٹی ہوگی چادر گل بہی کفن مین عندلیب

بے بہار آئی ہنا اب شاخ گل پر آشیان
رہ چکی ہے مدتون رنج و محن مین عندلیب

ق ہین چہکنے کے یہ دن اور نغمہ ہائے شوق کی
درد دل کہتی تہی تو دیوانہ پن مین عندلیب

سنکے یہ حیران نہ ہوتے کیون نواسنجان دہر
بنگئے ہین زاغ بستان دکن مین عندلیب

مستند رنگین مقالی اوسکی ہوگی ای حبیب
خوش بیانی سے بنے جو اہل فن مین عندلیب

ردیف باے فارسی

ہجر مین وصل کی دی دلنے خبر آپ ہی آپ
جسطرف غور کیا آئے نظر آپ ہی آپ

پاس آنیسے ہے نہ مایوس امیدین انسان
دور ہوجائیگا سب خوف خطر آپ ہی آپ

میری تقدیر کی گردش کا تماشا دیکھو
پہر گئی چاہنے والون کی نظر آپ ہی آپ

عمل صانع مطلق کی صفت شاہد ہے
قطرہ بنتا نہین دریا مین گہر آپ ہی آپ

کوئی بے صرفہ اگر بوئے گا تخم نیکی
ہاتھہ آئینگے ریاضت کے ثمر آپ ہی آپ

قطعہ ۱ ۲

استحان کی ہی جگہ کہتے ہین دنیا جسکو — فاش ہوجاتے ہین یان عیب وہنر آپ ہی آپ
ہے بشر فاعل مختار نکوئی وبدی — پیش آجاتے ہین سب نفع وضرر آپ ہی آپ
دوستی ہو کہ عداوت نہین رہتی پنہان — دلکی ہوجاتی ہے ہر دلکو خبر آپ ہی آپ
پھیل جاتی ہے کسی قوم مین تہذیب جہان — سیکھ لیتا ہے ہراک علم وہنر آپ ہی آپ
ہے اسیطور یہ افعال ذمیمہ کا رواج — کارگر ہوتا ہے صحبت کا اثر آپ ہی آپ
بہر دے کان کسی نے نہین کچھ امین کلام — یون پلٹتی نہ کبھی اونکی نظر آپ ہی آپ
روح پر ہوتی ہے خود ہیبت حق کی تاثیر — دل ہلا دیتا ہے اللہ کا ڈر آپ ہی آپ
ہوگئی ہمت ترک اغراض مین جب خودغرضی — رو کئے لاکھہ بپا ہوتا ہے شر آپ ہی آپ
حصن آہن مین بھی ہو گر کوئی آزاد خیال — توڑ لیتا ہے وہ دیوار مین در آپ ہی آپ
اپنی باتون مین کرے غیر کا مطلب جو ادا — اوسکو ہوجاتی ہے ہر دلپہ ظفر آپ ہی آپ
یہہ بھی پاتا ہے شرف قطع منازل کرکے — ماہ نو ہو نہین سکتا ہے قمر آپ ہی آپ

تم کرو فکر سخن چھوڑ کے افکار حبیب
کیا عجب قدر کرین اہل نظر آپ ہی آپ

لائین تشریف لحد پر جو پس مردن آپ — کیجئے گا نہ کہین پھر خدا شیون آپ
ہم سہے صدمے بھی غم عشق سے نیت نہ بھری — عیش وراحت کو بنے مفت مین ہم دشمن آپ
اسقدر تک وہ ادہر پاس سے بڑھا دست نظر — صف مژگان کیطرح ہٹنے لگے چلمن آپ
نہ بھڑکتی کبھی پھر دیکھیے عارض کی چمک — مارتے آتش گل پر نہ اگر دامن آپ
کہئے سننے کا اثر چارہ گر دیکھا ہوگا — رام ہوجاے دعا دو وہ بت پرفن آپ
بدگمانی سے جفا کرکے وفادارون پر — خیر خواہون کو بتاتے ہین عبث دشمن آپ

فائدہ خوف جہنم کا دلا کر واعظ
غضب حق سے ڈرتے ہین یہ تردامن آپ

یون مری آنکھون مین ہوتا نہ زمانہ تاریک
منہ چھپاتے جو نہ دکھلا کے رخ روشن آپ

ستم ایجاد چھپا ہے کہین خون ناحق
جسطرف جائیگا کہدی گی تری چتون آپ

سچی ہوتین نہین ارباب غرض کی باتین
یہ سبب ہوتے ہین ہر ایک سے کیون بدظن آپ

روکنے سے نہین رکتی ہے کبھی تیغ قضا
ہیچ ہے منہ پہ اگر لین سپر آہن آپ

عشق کی راہ مین کھٹکا ہے مجھے حضرت دل
نہ بنین راہبری کر کے کہین رہزن آپ

یہ زمانہ ہے سمجھ بوجھ کے چلنے کا حبیب
کسی موقع پہ نکر جائین انیلاپن آپ

ہر اک عروج حکومت ہے دوپہر کی دھوپ
ہمیشہ ہوتی ہے دولت کی چھاؤن ڈھلتی ہوئی دھوپ

جہان ہو طور تجلی اوٹھائین گر وہ نقاب
جلے ابھی ورق زر کی طرح ساری دھوپ

نہین قرار ہے اوس مہر دلگی الفت مین
خیال کسکو ہے سایہ کہان کا کیسی دھوپ

تم آکے سامنے غرفہ مین بیٹھ جاؤ اگر
بنے ہمارے لئے چاندنی سے ٹھنڈی دھوپ

زمانہ کھوئیگا جب زنگ تیرہ بختی کا
طلا بنائیگی آہن کو یہ سنہری دھوپ

فلک کریگا ستمگر سے کبھی وہ بہری
بنے گی خرمن عیش عدو کو بجلی دھوپ

عروج ہے شہ خاور کو خاکساری سے
غرور ہوتا اگر کیون زمین پہ پڑتی دھوپ

سہانے وقت ہین ایدل دم طلوع و غروب
سمان دکھاتی ہے قدرت کا دیکھی دیکھی دھوپ

جو قوم آج ہے پستی مین کل تھا اوسکا عروج
کسی جگہ پہ ٹھہرتی کبھی نہ دیکھی دھوپ

یہ عارض و نگاہ ہے مہر اور وہ ہی پرتو مہر
خدا کی شان ہے دیکھو تو کتنی سمٹی دھوپ

حبیب آگئی پیری سفید بال ہوئے
اوٹھو بلند ہوا آفتاب پھیلی دھوپ

ردیف تائے مثناۃ فوقانی

اکدن خیال یار رہا تھا تمام رات
روشن تھی شمع داغ تمنا تمام رات

درد جگر سے خواب نہ آیا تمام رات
تڑپا تمام رات کراہا تمام رات

لکھی ثنائے زلف چلیپا تمام رات
ظلمات مین پھرا ہین اکیلا تمام رات

کیا پوچھتے ہو حال شب انتظار کا
اس زلف کی قسم نہین سویا تمام رات

اوس مہروش کے نور سے روشن تھی بام دور
گھر مین تھا میرے دنکا اُجالا تمام رات

دی جان مریض عشق نے آخر دم سحر
آیا نہ جب وہ رشک مسیحا تمام رات

اللہ رے حسن تارونپہ افشان ہی خندہ زن
ہنستا ہی چاند کو رخ زیبا تمام رات

پھیلے جہان مین نافۂ مشک ختن کی بو
سوئین جو آپ کھولکے جوڑا تمام رات

کی خوب ساتھ ساقی مہوش کی میکشی
بر مین رہی عروس تمنا تمام رات

ہے لب پہ جان زار تمہارے فراق مین
غش ہی تمام دن تو ہے سکتا تمام رات

خود بوئے گل تھی بلبل باغ شباب یار
تھی سیر صنعت چمن آرا تمام رات

دل مین جو اوس صنم کا تصور بندھا حبیب
بستر سے اوٹھ کے صحن مین ٹہلا تمام رات

تھا اشتیاق ابروئے دلبر تمام رات
دیکھا کیا مین خواب مین خنجر تمام رات

سو جاؤن مین وہ آکے کہین یہان سے پھر نجائین
جھپکی نہ آنکھ ای دل مضطر تمام رات

پھر اسے ہے دنکو مہر کا در پر حضور کے
اور پاسبان ہے ماہ منور تمام رات

بارستیون سے رندون کی سب چور ہو گئے
یکجا تھے جمع شیشہ و ساغر تمام رات

انگور پھٹ گیا ہے کسی زخم کا ضرور
بیچین تھا بہت دل مضطر تمام رات

جی بھر کے تا نہ دیکھہ سکون وقت ذبح بھی
پھیرا ہے اوسنے سان پہ خنجر تمام رات

کرتا ہون مے کشی مین بسر اپنے دن مگر
رہتی ہے یاد ساقی کوثر تمام رات

اوس ترک کو جو مشق ستم کی نئی ہی چاٹ
تلوار کو چٹاتا ہے پتھر تمام رات

یون گیسوے صنم کا بندھا ایک بیک خیال
سینہ پہ لوٹتے رہے اژدر تمام رات

دن بھر تو شغل دشت نوردی ہی ہجر مین
کرتا ہون کانٹے تلوون سے باہر تمام رات

ق

جب نام میرا سنتا ہی کہتا ہے وہ نگار
قصہ اوسیکا سنتا ہون گھر گھر تمام رات

جسدم سنا کہ کل ہی شہادت کا سامنا
اللہ بخشنے ہاتھونپہ تھا سر تمام رات

ساقی کی چشم مہر کچھہ ایسی ہوئی حبیب
چھوٹا نہ میرے ہاتھہ سے ساغر تمام رات

ہے نگہبان رخ کا خال روے دوست
حافظ قرآن ہوا ہندوے دوست

ہم نہ ہون پھر ہو ہم پہلوے دوست
آئینہ لوٹے بہار روے دوست

پھر گئی جب نرگس جادوے دوست
سب مسلمان ہوگئے ہندوئی دوست

بہا گئی ہے دلکو ایسی خوے دوست
آتی ہی ہر گل سے مجکو بوے دوست

ہے خیال عارض و گیسوے دوست
کچھہ مسلمان ہون کبھی ہندوے دوست

سو بلائین آگئین عشاق پر
جب کمر تک آگئے گیسوے دوست

ہڈیان میری نہ کہاتا اے ہما
دانت رکھتے ہین سگان کوی دوست

آگ بھڑکے کیون نہ پہلو مین مرے
غیر ہین وان آج ہم پہلوے دوست

اصل یہ ہے نقل محراب حرم
سجدہ واجب ہے بہ ابروی دوست

تیغ ابرو پر کٹے لاکھون گلے — بنگیا گنج شہیدان کوے دوست

دل ہوا مفتون نگاہ یار کا — شیر افگن ہین نگہ آہوے دوست

بعد مردن قبر مین آٹھون پہر — آئیگا مجکو خیال روے دوست

پھر رہا ہے آج پتلی کیطرح — میری آنکھون مین تہ دلجوئی دوست

ہے خیال خال مشکین رات دن — دل کو میرے جان لو مشکوی دوست

اب وہی سر ہے کہ ٹکراتا ہون مین — وصل مین یہ تہا سر زانوے دوست

کیا کوئی آفت ابہی باقی ہے اور — لے چلا ہے ذل مجھے پھر سوی دوست

لے اوڑی بیساختہ دل کو مرے — آگئی جب دم ہوائے کوے دوست

رنگ الفت سے مٹا زنگ دوی — ہوگئی ہے مجھہ مین پیدا بوی دوست

غیرت منصور ہون مین ای حبیب — ہر گھڑی ہون صرف ہائے و ہوی دوست

اوس سے کیا چھپ سکے بنائی بات — تاڑ جائے جو دل کی آئی بات

کہئے گذری ہے ایکسان کس کی — کبہی بگڑی کبھی بن آئی بات

رہے دل مین تو ہے وہ بات اپنی — منہ سے نکلی ہوئی پرائی بات

مین سمجھتا ہون یہ نئی چالین — کبھی چھپتی نہین سکھائی بات

کہدیا اپنے دل کو خود بیرحم — چھین لی میرے منہ کی آئی بات

رکھ لیا عاشقون نے نام وفا — گئی جان پر نہ جانے پائی بات

رنگ بگڑا ہے اونکی صحبت کا — اب نہین ہے وہ ابتدائی بات

مجھسے بوجھہ ہوتے ہو بدظن — کر کے باور سنی سنائی بات

کیا ہوا اوسکا مزاحم انکا کوئی
غیر کا ذکر گر نہ تھا صاحب

روٹھنا کھیل ہے لڑائی بات
میرے آتے ہی کیون اوڑائی بات

دل مین رکھتا ہے خوب سنکی حبیب
چاہے اپنی ہو یا پرائی بات

اوٹھتا کسی مخلوق سے کیا بار محبت
ہونا تھا ہمین حامل اسرار محبت

ساقی وہ پلا بادۂ سرشار محبت
آجائے نظر عالم اسرار محبت

دن رات تڑپتے رہے بیمار محبت
آیا نہ کسیکو کبھی تیمار محبت

انسان ازل سے ہے گرفتار محبت
راس آیا اسے طوق گرانبار محبت

ہر دم ہے کسیکی گل عارض کا تصور
پہلو مین کھٹکتا ہے مرے خار محبت

کیا حال ہے زاہد نہین عمامہ کا بھی ہوش
حضرت تو کیا کرتے تھے انکار محبت

کیون خوف کرون قبر مین آئینگے فرشتے
سننے کو زبان سے مرے اقرار محبت

گو غیر مخاطب تھے نظر میری طرف تھی
سب تاڑ گئے یار کی گفتار محبت

ہر وقت یہی دھن ہے کہ منزل پہ پہونچ جاؤن
یا رب ہو کہین طے رہ دشوار محبت

دیتا ہے یہ شاید کہین کچھہ اور مخالف
احباب رہین شاہد اقرار محبت

تحریر سے تقریر سے انداز و ادا سے
گر دل مین ہے ہو جاتا ہے اظہار محبت

ہر آبلہ پا کو ہوئی دشت مین تسکین
تھے خار مداوائے دل افگار محبت

یارون سے کھو وقت گیا چارہ گری کا
ابتو مرا دل ہو گیا ناچار محبت

ہمدرد نہین رنج مین راحت کا ہے دشمن
اے چرخ نہ آئی تجھے رفتار محبت

فرمائین وہ جو حکم گوارا ہے خوشی سے
ہین قابل تعذیر گنہگار محبت

احباب کا شیدا ہی حبیب جگر افگار
دل اسکا ہے یا یوسف بازار محبت

بہت عزیز ہے دنیای بے ثبات مین بات — یہ آرزو ہے کرون اونسے مین حیاتمین بات

خیال صاف ہو بندش مین بھی نزاکت ہو — سخن کا حسن یہی ہے کہ نکلے باتمین بات

جہان کو ہے حلاوت بیان کی مرغوب — پسند کام و زبان ہوگئی نبات مین بات

کبھی ملا نہ بناوٹ مین سادگی کا مزا — بگڑتی دیکھی ہے اکثر تکلفات مین بات

محال ہوتا ہے الجھی ہوئی کا سلجھانا — بڑا ستم ہے جو پڑ جائے مشکلات مین بات

نہون شریف ارازل سے کسطرح ممتاز — ہے اک نہ ایک تو مختص ہر ایک ذات مین بات

فقط عوام کو مرغوب ہے کرا ابندی — خواص ڈھونڈھین گے رنگینی نکات مین بات

نہ کچھ ہوا ہے نہوگا ہماری کوشش سے — بنے گی آپکے اونکے سے التفات مین بات

سند ہے جو شرفا کی زبان پہ جاری ہو — بدلتی رہتی ہے پڑ کر محاورات مین بات

حبیب غم ہے کسے حال دوزر نہین تو نہو — جو نکتہ سنج ہین ہے اونکی کائنات مین بات

ردیف تاے ہندی

ذرہ ہو کوہ چاہین اگر ہم اولٹ پلٹ — کر دے وہ اک اشارے مین عالم اولٹ پلٹ

برہم وہ صحبتین ہوئین احباب منتشر — کچھ ایسا دفعتاً ہوا پیہم اولٹ پلٹ

جمتا نہین نفاق مین یون نقش مدعا — ہو جائے جسطرح خط توام اولٹ پلٹ

کس سے کے شہید ناز کا یہ ذکر چھڑ گیا — دم بھر مین ہوگئی صف ماتم اولٹ پلٹ

چاہے تو اکنظر مین بنادے گدا کو شاہ — کرنی پڑیگی تجکو بہت کم اولٹ پلٹ

وہ آتے آتے ٹھہر گئے اک یہ بھی چال تھی
یان جان پر بنی کہ ہوا دم اولٹ پلٹ

ہوتا ہے یون غضب سے طبیعت مین انقلاب
قلب و جگر کو جیسے کرے سم اولٹ پلٹ

ظالم نکال دلسے شہادت کی آرزو
تلوار کو نہ غیض مین ہر دم اولٹ پلٹ

بندون کے جرم پر جو نہ کھینچے وہ خط عفو
ہو جاے دم مین دفتر عالم اولٹ پلٹ

ق
کل جنکے عدل و داد کا شہرہ تہا خلق مین
بیکس ہین آج وہ یہ ہے کچھہ کم اولٹ پلٹ

ا
۲
مثلین روی ہین دفتر تنسیق ملک و مال
ابتر تباہ درہم برہم اولٹ پلٹ

مضمون سے ہیچ صاف نہ بندش ہو گر جلیب
الفاظ مین ہے سب سی مقدم اولٹ پلٹ

گلوں کا دور ہے بلبل مزے بہار مین لوٹ
خزان مچائیگی آتے ہی اس دیار مین لوٹ

کشود کار کی کوشش مین دے نہ حرص کو دخل
شکست دیتی ہے فوجونکو کارزار مین لوٹ

لبہاے سیکڑون دل اونکے خال عارض نے
مچائی زنگیون نے وادئی تتار مین لوٹ

وہ منتظم ہے رہے جسکی جزو کل پہ نظر
نہ کر سکے کوئی گونگیر کاروبار مین لوٹ

ق
جہان مین ہوتی ہے احسان کی جزا احسان
ثواب نیکیون کی دور اختیار مین لوٹ

ا
۲
عبث ہی بوند کا چوکنا اگر گھٹے ڈہلکاے
ہمیشہ نقد مین وار ہے یان اودھار مین لوٹ

کئے ہین شیب نے سب جسم کے قوا کمزور
شروع ہو گئی ہر سمت اس حصار مین لوٹ

ہجوم یاس مین چھوڑا ہی امید کشور دل
ہے قتل عام کا غل شہر مین جوار مین لوٹ

بنے وہ فاتح کونین خوش ہو تو جس سے
زیادہ گنج کو اکب سے ہوشیار مین لوٹ

دیار دل مین ہے پہر داغ عشق کا توڑا
جنون متاع ہوس موسم بہار مین لوٹ

بھری ہے تازہ ہر ایک سر مین شور و شر کی ہوا
عجب نہین جو مچے باغ روزگار مین لوٹ

حبیب مشق ریاضت سے کہو کے زنگ دوئی — مزے وصال کے ہر دم فراق یار مین لوٹ

ردیف ثائے مثلثہ

راتدن فرط ندامت ہے الم کا باعث — ہوگا اقرار گنہ اوسکے کرم کا باعث

میرے کاشانہ مین اسطرحکی رونق کب تھی — ہے یہ ایجان تمہارے ہی قدم کا باعث

نزہت باغ عمل دہر مین انسان کے لئے — ہوگی مسکن گلزار ارم کا باعث

غور کرتا ہون تو ہے شان تری اے معبود — حرمت دیر و کلیسا و حرم کا باعث

لاکھہ چاہا نہ فراہم ہوا سامان نشاط — شادمانی کی تمنا ہوئی غم کا باعث

راستی کہتی ہے غافل یہی بار عصیان — ہوگا اکروز تری پشت کے خم کا باعث

نقش احسان کیا ثروت کی ہوا نے برباد — وضع کا پاس ہوا قول و قسم کا باعث

سارے حادث متغیر ہین فقط تو ہے قدیم — تیری ہستی ہوئی ہستی و عدم کا باعث

رہگیا عالم ایجاد مین ایجاد سے نام — ندرت جام ہوئی شہرت جم کا باعث

یون ترے نقش تولا سے ہی نامی ہر قلب — سکہ جسطرح ہو ترویج درم کا باعث

کسکی مشاطگی خلق شمیم گل سے — ہوگئی رابطہ قوت شم کا باعث

ہے یہ کسکی نگہہ یاس کا پرتو قاتل — کثرت جوہر شمشیر دو دم کا باعث

دلمین محجوب ہے کیون ہیچمدانی سے حبیب
فضل خالق ہی ترے زور قلم کا باعث

عمر رفتہ کے پلٹنے کی ہے تدبیر عبث — دلمین رکھتے ہین جوانی کی ہوس پیر عبث

گوشہ نشین کرکے تھکے مفت کی احسان لئے — تھی نہ تقدیر موافق ہوئی تدبیر عبث

فرق آیا نہ کسی طرح سے آزادی مین ؛ چارہ سازون نے پنہائی ہمین زنجیر عبث
کیا عجب منہ سے وہ کچھ کہکے پلٹ جائے اگر ؛ بارہا ہو گئی جس شخص کی تحریر عبث
آجتک تو نے کسی کام مین کوشش کیکی ؛ کر نہ بیٹھا ہے ولا شکوۂ تقدیر عبث
خاک بیزی ہے مقدر مین ہوس تیرے سے ؛ نادان کرتا ہے یہ کوشش اکسیر عبث
مانگتا ہے تو نہ کیون اپنے خدا سے مانگون ؛ ہاتھ پھیلا کے ہین دون ہاتھ سے توقیر عبث
اپنے اقوال پہ حضرت تو کرین پہلے عمل ؛ نہین تاثیر تو واعظ کی ہے تقریر عبث
شکر کرنا کہین ملجائے زمین گر دو گز ؛ ای مکین قبر کے کرتا ہے یہ تعمیر عبث
جز ندامت نہین کچھ غیظ و غضب کا انجام ؛ پیر و نفس نہ کھا رنج گلوگیر عبث
سخت جان ایسی نہین آپ پہ مرنیوالے ؛ کھینچیے خنجر ابرو کو ہے شمشیر عبث
آجتک کچھ بھی اثر یار کے دل پہ نہ ہوا ؛ آہین بیکار ہین اور نالۂ شبگیر عبث

چارۂ عشق بتان شیخ سے کیا ہوگا حبیب
درد دل سنکے کرے گا مری تکفیر عبث

ردیف جیم تازی

حصہ مین آگیا ہے دل مبتلا کے رنج ؛ وزرات ہین غضب کے تردد بلا کے رنج
فرقت کا حال کون کہے قصہ مختصر ؛ تمسے ملے ہین جھیلکے صدمے اوٹھا کے رنج
فکر حصول رزق مین گردش کی حد نہ پوچھ ؛ سن اوسکے منہ سے سیر شکم آسیا کے رنج
معشوق بے نیاز غم عشق دے مجھے ؛ دل تک نہ آنے پائین کبھی ماسوا کے رنج
ہوتا ہے درد و غم کا اثر اہل درد پر ؛ کرتے ہین رنج دیکھ کے خلق خدا کے رنج

ہو کوہ بھی تو ہے وہ پرکاہ سے سبک
ہے ہیچ سامنے دل صبر آزما کے رنج

فصل خزان مین نغمہ بلبل کا لطف کیا
ہونگے سوا یہان سے اہلعزا کے رنج

اوٹھی گھٹا بہار کا موسم ہے ساقیا
دہو ڈال دلسے بادۂ گلگون پلاکی رنج

راحت بتون کے عشق مین مفقود ہوگئی
پتہر کلیجہ پہ بیٹھ گیا دل اوٹھا کے رنج

ہوتا ہے وقت مرگ غم ترک ملک و مال
شاہونکے رنجسے ہین کہین کم گدا کی رنج

ہوگا ملال تمکو بھی پوچھو نہ دوستو
مشکل ہے آشنا سے سُنے آشنا کی رنج

دلسے حبیب فوت ہوئی وصل کی خوشی
اتنے اوٹھائے ہجر مین اوس مہ لقا کی رنج

اہل بینش کو نہین اکسیر زر کی احتیاج
بہر سرمہ ہے تو اوسکے خاک در کی احتیاج

فرقت دلدار مین دونون برابر ہین ہمین
انتظار شام ہے کچھ نہ سحر کی احتیاج

اپنے بندونکو دیا ہے جسقدر اللہ نے
کچھ نہ کچھ اوسکے سوا ہے ہر بشر کی احتیاج

لاکھ رو کو جذبۂ دل کھینچ لے جاتا ہی خود
کب ہی الفت کی گلی مین راہبر کی احتیاج

بڑھتے جاتے ہین مخارج کثرت دولت کیساتھ
ہی ہمیشہ دخل کی تابع بشر کی احتیاج

یہ یقین جانو کہ اب نزدیک ہے اوسکا زوال
جس حکومت کو نہین اہل ہنر کی احتیاج

کر لے اے غافل مہیا جلد کافور و کفن
ہے تجھے ہر وقت سامان سفر کی احتیاج

حکم دیا ہے جسنے اوسکو اشک شوئی چاہیے
ہوگی وامن سے نہ پوری چشم تر کی احتیاج

کیون نہو وقت فراغت سیم و زر سے دل غنی
ہوتی ہے دنکو کہان نور قمر کی احتیاج

ہوتی گر پہنچی مری دل سے تمہاری دلکو راہ
جانجان ہوتی نہ ہرگز نامہ بر کی احتیاج

رحمت باری سے کیا نسبت ہی دولتمند کو
پیاس مین ہوتی نہین آب گہر کی احتیاج

ہر نظر مین خوار ہے جو نخل بار آور نہین
پاس کیون جائیگا ہے جسکو ثمر کی احتیاج

فکر عقبیٰ یون مین دنیا پر مقدم رکھہ حبیب
جانگسل ہے جسطرح غربت مین گھر کی احتیاج

ردیف جیم فارسی

خود ہین ہم سچے وہ کرلیتے ہین باور جھوٹھ سچ
روح کی قوت سے ہوجاتا ہی اکثر جھوٹھ سچ

آجکل بخشش زر سکوک ملتا ہی نہین
غازۂ روئے عمل بنتا ہے ملکر جھوٹھ سچ

ان بتون مین آئے شان کبریائی ہی محال
ہو نہین سکتا ہے ہرگز بندہ پرور جھوٹھ سچ

کچھ زلون سے گھٹ گیا ہی خود بخود اونکا تپاک
بدگمان کہنے کیا یارب لگا کر جھوٹھ سچ

کون دیسکتا تہا اعجاز نبوت کا جواب
بن نہین سکتا کبھی پیش پیمبر جھوٹھ سچ

غیر ممکن ہے کہ فرق آئے محبت مین مری
اسمین کیا بس کوئی کہدے تمسے کچھہ گر جھوٹھ سچ

جوہری کرتا ہے جب گاہک سے اوسکا مول تول
صاف کردیتی ہی ظاہر آب گوہر جھوٹھہ سچ

کیون نہ تہا گون صحبت اہل دول سی دور دور
ہو نگے خوش ہم جب کرون باتین بناکر جھوٹھ سچ

راست بازی پر نہو انسان کو کسطرح ناز
کہتے ہین جوہر سے ثابت جبکہ پتہر جھوٹھ سچ

سیدہی باتون مین وہ الجھے ہوگیا برہم مزاج
کان مین کچھ کہہ گئی زلف معنبر جھوٹھ سچ

ہے بلا سے جان شب فرقت مین درد انتظار
کیا کہون کہتا ہی کیا کیا قلب مضطر جھوٹھ سچ

کیون نہین آتا کبھی تحقیق کا تجھکو خیال
خون کئے لاکھون ہی سن سن کر ستمگر جھوٹھ سچ

کہتے ہین وحشی ترے یون اپنے دل کا مدعا
جسطرح بڑ ہانک دیتے ہین قلندر جھوٹھ سچ

اہل دنیا کو نہین مرغوب خالص راستی
شاہد اغراض کا گویا ہے زیور جھوٹھ سچ

ہے محل راحت و آرام اپنا گھر ے دوست
گو کسی جائی معین پر ہو بستر جھوٹھ سچ

مدتون اللہ کے گھر مین خدائی کرچکے
سیدھے ہے لوگونکو یہ بت کرواکے باور جھوٹھ سچ

پڑگیا افواہ مین سچ بھی تو ہوجاتا ہے جھوٹھ
یہ بھی دیکھا ہی کہ ہو جاتا ہے اکثر جھوٹھ سچ

صورت آئینہ و تصویر دان محو جمال
بنگئے ہین کتنے ہی حیران و ششدر جھوٹھ سچ

ہم بھی سنتے ہین یہی مدت سے واعظ ذکر حور
ہمکو باور ہوگیا سب نہ دیکھے کیونکر جھوٹھ سچ

ہے مبصر کو حبیب اوس وقت مشکل امتیاز
خلق مین ہوجائے شائع جبکہ ملکر جھوٹھ سچ

شاق ہے دلپہ غم ابروے خمدار کی آنچ
سچ کہا ہے کہ بری ہوتی ہے تلوار کی آنچ

کیون نہ آجائے فرومایہ کو غصہ جلدی
آگ لگتے ہی بھڑکتی ہے خس و خار کی آنچ

حرص کے جوش مین اچھا نہین لڑنا بھڑنا
خاک اقوام کو کردیتی ہے پیکار کی آنچ

ہین کثافت سے بری جنکے طبائع ہین لطیف
نہ دھوان ہے نہ کہین آتش گلزار کی آنچ

پھونکدیگی دل بدخواہ کو اکثر حبیب
برق سے کم نہین کچھ آہ شرربار کی آنچ

ردیف حاء حطی

نہین طول شب فرقت ترے گیسو کیطرح
سحر عید صباحت مین نہین رو کیطرح

سینہ مشتاق ہے پھر بعد شہادت قاتل
پاؤن رکھ قبر پہ آکر کبھی زانو کیطرح

مثل دل اب نہین باقی مرے پہلو مین جگر
بہہ گیا ہوکے لہو آنکھ سے آنسو کیطرح

بیکسی پہ مری ہر دیدۂ جوہر رویا
خون ٹپکا گیا تلوار سے آنسو کیطرح

جام ٹوٹا تو صدا آئی شکست دل کی
بہہ گیا بادۂ گلگون مرے آنسو کیطرح

جگر و دل جو کیا آتش فرقت نے کباب
خون آنکھون سے ٹپکتا رہا آنسو کیطرح

جذب الفت کہین دلدار کے در تک لیچل
گر کے اوٹھ سکتے نہین ہم تو اب آنسو کیطرح

تجھکو آنا ہے تو آ ہم ہین جہان مین پیارے
گل پہ شبنم کیطرح پلکون پہ آنسو کیطرح

نہ بہنین آتش غیرت مین گلا کاٹکے کیون
مچھلیون مین نہین حسن آپکے بازو کیطرح

ہے چڑہی چرخ پہ تیغ مہ نو مدت سے
حسن خم پر نہین ملتا ترے ابرو کیطرح

دشت غربت مین جو مین خار مغیلان پہ چلا
بہہ گیا پھوٹ کے ہر آبلہ آنسو کیطرح

استخوان پھر سے نہ پائے سگ دلبر سے ہما
آخرش رہ گیا منہ دیکھکے اُلّو کیطرح

کبھی رہتا نہ حبیب اہل حسد سے غافل
عادت نیش زنی ان مین ہے بچھو کی طرح

نگہہ یار اثر کر گئی جادو کی طرح
چوکڑی ساری حسین بھولے ہین آہو کیطرح

اپنی وہ سیدھی روش ہے کہ جھکے جو کبلر
تو ہم آنکھون پہ بٹھائین اوسے ابرو کیطرح

پھر خمی دیکھ کے ہر روز نہ آؤن ظالم
میرا قابو جو ہو دلبر ترے قابو کیطرح

عشق چھپتا نہین گو لاکھ چھپائے کوئی
بولتا رہتا ہے سر چڑھ کے یہ جادو کیطرح

بنگیا خوب شب ہجر مین ہمدرد فلک
تارے ٹوٹے ہین پیاپے مرے آنسو کیطرح

ہے تماشا مرا سر کاٹکے کہتا ہے وہ ترک
کھولکر کون سنے پھر آئین اسے ٹیسو کیطرح

چشم پرخون سے ہماری جو اوٹھیگا طوفان
فلک پیر نظر آئیگا ٹاپو کیطرح

یہ نزاکت ہے کہ بوسہ کا خیال آیا اگر
گل عارض ہوئے پژمردہ لجالو کیطرح

شب فرقت ہے کہ آنکھون مین جہان ہے تاریک
ماہ کامل بھی نظر آتا ہے جگنو کیطرح

داغ الفت تو چراغون سے سوا ہین روشن
رو نہین دل سے لیکے پھرین طفل جو ٹیسو کیطرح

باغ عالم مین سدا صاف رہے پاک اوٹھے
رنگ کی طرح جمے آکے چلے بو کیطرح

دشت غربت مین حفاظت کو ہمین کافی ہے
تیغ قاتل کا نشان جوشن بازو کیطرح

لکھنے بیٹھا کبھی گر حال شب ہجر اوتھین
ٹپکی خامہ سے سیاہی مرے آنسو کیطرح

اونکو کیا پاس نمک شاہ دکن کا ہو حبیب
جو مسلمانونکے دشمن ہین ہلاکو کیطرح

بخشے اثر نہ وصف لب یار کسطرح
شیرین نہو بھلا مری گفتار کس طرح

صحبت مین میکشی سے ہو انکار کسطرح
چھوڑیگا بے پلائے وہ میخوار کسطرح

جو کچھ دیا ہے وہ بھی ندینے سے ہے سوا
ہے جائے شکر کیجیے تکرار کسطرح

ہر شب خیال گیسوئے خمدار یار مین
تڑپون نہ مثل مرغ گرفتار کسطرح

قاتل تو کھینچتا ہے اودہر جگر و دل اودہر
سینہ سے نکلے دیکھیے سوفار کسطرح

صیاد کے ستم سے کہ گلچین کی جور سے
بلبل چھٹا بہار مین گلزار کسطرح

سودا ہوا ہے کاکل مشکین یار کا
پٹکون نہ سر کو مین پس دیوار کسطرح

وہ مسکرا دے مرے آنسو ٹپک پڑے
ہوتا نہ درد ہجر کا اظہار کسطرح

گر مجھسے اتحاد مین ہوتی نہ کچھ کمی
آتی تمہاری بزم مین اغیار کسطرح

مثل کلیم غش ہوئے ہم اوٹھتے ہی نقاب
کرتے نظارۂ رخ دلدار کسطرح

حیران ہون وہ تو ہوئے تھے اس ذکر پر خفا
کرتے ہین آج وصل کا اقرار کسطرح

جیمین ہے جاکے کوچہ جانان مین جان دون
پر ہاتھ آئے طاقت رفتار کسطرح

ہے شربت وصال دوا کے مریض عشق
جائے بغیر مرگ یہ آزار کسطرح

کیون لاکھ منتین پہ وہ سنتے نہین جناب
خیر اب زیادہ کیجیے اصرار کسطرح

لاؤن زبان پہ حال دل زار کس طرح
ہون ناتوان کہلین لب گفتار کس طرح

جز وصل جائے ہجر کا آزار کس طرح
اچھا ہو بے مرے ترا بیمار کس طرح

آتے ہی اونکے کہلگئین آنکہین ہزار شکر
ای بیخودی کیا مجھے ہشیار کس طرح

ڈرتا ہون ای کریم کہ سنکر صداے صور
اوٹھین گے معصیت کی گران بار کس طرح

اللہ ری جوش وحشت دل اب یہ فکر ہے
پہاڑون جنون مین دامن کہسار کس طرح

کہتے ہین کرکے وہ مرے نامہ کو پاش پاش
کہدو کوئی پڑہیگا یہ طومار کس طرح

کیونکر خیال خود غرضون نے بدل دیا
دلدار تہے بنے وہ دل آزار کس طرح

بلبل کے آشیانہ مین کیونکر رہیگا زاغ
لیگا چمن مین گل کی جگہ خار کس طرح

محشر سے پہلے چاہیے عصیان کا فیصلہ
اوٹھکر چلین گے ورنہ گرانبار کس طرح

بیوجہ گر کروگے یوہین عاشقون کا خون
سوچو تو ہوگی گرمی بازار کس طرح

زاہد خلاف وضع کے ہے ترک رسم و راہ
چھوٹے نشست خانہ خمار کس طرح

پھرتا ہے دیکھو پھولون سے قد رنگا ان کا بن
ہر فصل گل مین دامن کہسار کس طرح

رازق نے خود بنایا ہے جب انکو واسطے
رکہین نہ منعمون سے سروکار کس طرح

راحت مین دلنواز ہے آفت مین چارہ ساز
چھوٹے حبیب ہے تری سرکار کس طرح

ردیف خاء معجمہ

ہے آٹھہ پہر تو جلوہ نما مثال نظر پر تو رخ
عارض ہے قمر خورشید جبین شب زلف سحر ہے پرتو رخ

آنکھون مین ہوا ہے گھر تیرا دل کہتا ہے رکھہ ہر دم پردہ
ہو چشم تمنا کیونکر وا عاشق کی نظر سے ہے پرتو رخ

جب مد نظر اغیار تھے وان تاریک تھا یان آنکھون مین جہان
روشن ہے چراغ روح روان کیا آج ادہر ہے پرتو رخ

کی فکر مگر باعث نہ کھلا اے لالہ رخ بے مہر و وفا
بتلا تو یہ دل کا درد ہے کیا گر داغ جگر ہے پرتو رخ

غش کوئی کسیکو ہے سکتا ہے نور خدا تیرا جلوہ
ہو دخل ترے گھر مین کسکا یان حاجب در ہی پرتو رخ

اوٹھہ عاشق مضطر سجدے کو آئی ہے شب مقصد کی سحر
وہ دیکھتے ہین غرفہ سے۔ ادہر اے خاک بسر ہے پرتو رخ

شہرہ ہے بہار عارض کا بلبل کیطرح عاشق ہین فدا
ہے باغ جوانی روح فزا برگ گل تر ہے پرتو رخ

جس سے ہو آنسو خون جگر بنجائے عقیق و لعل گہر
خورشید قمر اور سیم ہو زر ایجان مگر ہے پرتو رخ

بیتاب حبیب مضطر ہے حیران کبھی گہہ ششدر ہی
پہرتا ہے گل خورشید صفت منہ اسکا جدہر ہے پرتو رخ

آئی بہار جلوہ گل سے چمن ہے سرخ	ہین کونپلین درختون کی یا پیرہن ہی سرخ
تختہ کھلا ہے لالہ خودرو کا دشت مین	یا ہر شہید ناز کا تیرے کفن ہی سرخ
ہم سے پئین کہ خون جگر مے پرست ہین	کہائین نہ کہائین شیر ہمیشہ دہن ہی سرخ

کیا دل غنی ہے لیکے ئے ارغوانکا دور — جام بلور صورت لعل یمن ہے سرخ

کیا خانہ جنگیون سے ابھی دل بھرا نہین — کیون آج پھر لباس ترا تیغ‌زن ہی سرخ

لائیگی رنگ کچھ یہہ طبیعت کی برہمی — غصّہ سے روئے شاہد پیمان شکن ہی سرخ

پہولی ہے ہر طرف شفق مہر اقربا
پھر آجکل حبیب فضائے وطن ہی سرخ

ہوا کوئی نوشتہ کب خط تقدیر کا ناسخ — نہ لکھا خامہ قدرت نے اس تحریر کا ناسخ

رہا گلرنگ سے مشتق سواد خط مشکین ہے — نہین ممکن ہے اس قرآن کی تفسیر کا ناسخ

وہ ہر اقرار سے دم بھر مین خود انکار کرتے ہین — سخن آخر کا ہے اوّل کی کل تقریر کا ناسخ

کراماً کاتبین نے عمر بھر میری جو لکھا تھا — ہوا ہے ایک خط عفو اوس تحریر کا ناسخ

حبیب اس عہد مین ویسا ہی ناسخ کا مقلد ہی
تھا اپنے وقت مین جسطرح ہیر و میر کا ناسخ

عشاق مین کسیکو نہ اتنا ملا رسوخ — پایا ترے حبیب نے حیرت فزا رسوخ

ادنی سا فرق بھی ہے کوئی فرق ظاہری — ہے انتہا عروج کی بس ہو چکا رسوخ

ق

آخر کو بے سبب اونہین بدظن بنا دیا — تھا شاق حاسدون کے دلون پر مرا رسوخ

۲

ہر حال مین بھرینگے اونہین کا دم وفا — ہو بے سبب عتاب کی تشویش یا رسوخ

۱

ہے مخرب عمارت دولت جہان مین — طمع وزیر و شاہ مین نا اہل کا رسوخ

لاتا ہے فرق وقعت و اعزاز و جاہ مین — ادنی کا خدمت امرا مین سیوا رسوخ

ہم بھی کبھی دخیل تھے اونکے مزاج مین — مشکل ہے آجکل تو رسائی کجا رسوخ

اہل دول کے قرب مین ہے خوف آبرو — محسود خلق ہے جسے کچھ بھی ہوا رسوخ

کہلجائیگا حبیب دم نظم مدح شاہ / دکھلائین آج اپنی عقیدت کا کیا رسوخ

ردیف دال مہملہ

اس چشم فسونگر نے کیا جبسے نظر بند / بیٹھے ہین تصور مین کئے حجرے کا در بند

مطلق نہین ہشیاری و غفلت مین تفاوت / بیداری سے کیا چشم بصیرت ہے اگر بند

طوفان ہین بجا ہین نہ اے دیدۂ پرجوش / یہ پارۂ دل حسرت و حرمان کے جگر بند

مجبور علائق سے ہو کیا فکر ترقی / کسطرح اوڑے لیکے قفس طائر پر بند

کیونکر نہ ملین پنجۂ مژگان کف افسوس / تھے پارۂ دل مردم دیدہ کے جگر بند

خود بینی و نخوت کا جنھین روگ لگا ہے / در اوسکے ہین دائم پئے ارباب ہنر بند

بے قید ہین پائے طلب علم و کمالات / رکتا نہین ہے کر کبھی ہالہ مین قمر بند

اے پیک دعا لیکے پلٹ گوہر مقصود / پھرنا نہین باب اجابت ہو اگر بند

پڑجاتی ہے فی الفور گرہ پاسکی دلمین / اٹھتی کو جہان دیکھتی ہین دست نگر بند

کرتی نہین روکوئی سپر تیغ قضا کو / ایک وار مین بیکار بنا دیتی ہے ہر بند

کہلتا نہین جادو ہے بیان اونکا کہ اعجاز / ہو جاتا ہے تقریر مین ہر ایک بشر بند

آنکھون مین پھرا کرتی ہے تصویر تمہاری / کرتا ہون کسیوقت اگر دیدۂ تر بند

تیرے لئے دنیا مین حبیب متوکل / کھلے ہین ہزار اور کرے ایک جو در بند

کیا دکھائین گے حسین ناز و ادا میرے بعد / نہ رہیگا کوئی سر مشق جفا میرے بعد

صحبتون مین نہ رہیگا یہ مزا میرے بعد / صبر دے اہل وطن تمکو خدا میرے بعد

حوصلہ بخشیگا بیداد کا کیا میرے بعد
کون لیگا یہ محبت کا صلہ میرے بعد

منہ کھلا غنچۂ قاتل کا خندۂ زخم سے
دیکھیے آتی ہے کس کس کی قضا میرے بعد

بخشش سے طاعت واجب ہی تقاضا سے ہو
کیا کریگا کوئی یہ دین ادا میرے بعد

کہتے تھے کچھ کہ گیا مین وہ ہوے چپ مین اٹھا
کس سے پوچھون مرا کیا ذکر رہا میرے بعد

کیون سنین غیر جو کہتا ہے وہ منہ پر کہلو
ہوگی غیبت جو کیا میرا گلا میرے بعد

دوست تو یار ہے منتظر محبت کے یہی
دل سے کرنا مری بخشش کی دعا میرے بعد

میری الفت کا بیان کرکے حسین رو دینگے
دیکھ لیگا جو زمانے مین رہا میرے بعد

دم آخر بہی نہ لاکر دیا نامہ کا جواب
نامہ بر بیٹھ رہا آئے گا کیا میرے بعد

کون دیکھیگا گلستان تمنا سرسبز
چمن دہر کی بدلے جو ہوا میرے بعد

ق
آسکے اس باغ کو دیکھین جو ہوا خواہ چمن
ہر زبان پر ہو یہ کیا رنگ ہوا میرے بعد

موسم گل مین نکلوایا تھا گل چینون نے
ہائے دو دن بہی وہ عالم نہ رہا میرے بعد

زندگی مین نہوئی قدر تو کیا غم ہے حبیب
داد اس نظم کی دینگے فصحا میرے بعد

ہر اک گلی مین ہون آکے ماہرو آباد
الہی پھر ہو اُسی طرح لکھنؤ آباد

نمک نہ چاہیے کہتا ہے لب سے زخم جگر
ختن کریگی یہان زلف مشکبو آباد

تمہارے تیر جب آتے ہین دل یہ کہتا ہے
ہزار شکر ہوئے داغ آرزو آباد

یہ ذی کمال ہنرمند صاحب تمکین
تباہ پھرتے نہ ہوتا جو لکھنؤ آباد

پیئے وہ جام کہ ساقی بدن مین جان آئی
یہ میکدہ رہے باشیشہ و سبو آباد

حسد نہین ہے زمانے کا خیر خواہون مین
کریم ہو تو رہے خانۂ عدو آباد

طلا زمین پہ نہ وہ بت ہزار چہا ملی خاک
ہوئے ہین زیر زمین بحر جستجو آباد

یہان سے اوٹھکے وہان بیٹھے وہانسے یہان آئے
رہین ہمیشہ پہ میخانے کو بہ کو آباد

نکل سکے لب عیسیٰ سے پھر نہ قم کی صدا
جہان مین شہر خموشان کرے جو تو آباد

حلیب کلبۂ احزانکو دیکھیے کب تک
کرے قدم سے وہ بیمہر وتند خو آباد

لطف آئے کسکی مدح مین اوسکی ثنا کے بعد
رُتبہ زیادہ سب سے ہے جسکا خدا کے بعد

ہوتی ہے قدر اوسکی جو راحت ہو بعد رنج
پر جانگسل ہے فقر کی ایذا غنا کے بعد

اِن دلکو مژدہ دیتے ہین ہم ہر اُمید پر
کہتا ہے جیسے خود کوئی آمین دعا کی بعد

مانگون خدا سے اپنے نکیون نفس مطمئن
بس ایک یہی مقام ہے بیم و رجا کے بعد

ہوتی ہے جسطرح شب دیجور کی سحر
آتا ہے روز عیش یونہین ہر بلا کے بعد

کیا خوف حشر جمیل کے دنیا کی سختیان
مجرم کو چھوڑ دیتے ہین عادل سزا کے بعد

ہو التیام زخم زبان کا محال ہے
کیا لطف معذرت سخن ناسزا کے بعد

ہین مبتلائے جہل مرکب وہ خیرہ سر
ہوتا نہین ہے جنکو تنبہ خطا کے بعد

بدہین معاملات مین در پردہ سازشین
یاران سینہ صاف سے عہد وفا کے بعد

مذموم ہے بہار مین اتنا بھی انشراح
بلبل کا سینہ چاک ہو گل کی قبا کے بعد

لازم ادا سے دین ہے جسوقت ہو سکے
مقبول رب ہے طاعت واجب قضا کے بعد

سمجھو بنا رہا ہے خطاکار کو دلیر
راضی جو در گذر پہ نہو التجا کے بعد

انداز ساز دہر ہے حیرت فزا حلیب
دلچسپ تر ہے یان جو صدا ہی صدا کے بعد

قید تکلیف سے ہین اہل طریقت آزاد
غم دنیا سے یہ رہتے ہین طبیعت آزاد

ہوگا تنہائی و غربت سے ضرر کیا ایسے رخ
پا گئے روز کے جھگڑون سے فراغت آزاد

نہین جمتے کسی چہرہ پہ کبھی ہو کے غبار
بنتے ہین ابر کرم جنگی ہے طینت آزاد

یار شاطر بھی کہین ہوتے ہین بار خاطر
روز احباب کو دیتے نہین زحمت آزاد

متکفل ہے خدا بار علایق کا حبیب
خلق مین چاہیئے انسان کی ہمت آزاد

لے فلک خوب دم دادرسی کی بیداد
جیتے جی ہم کبھی بھولینگے نہ تیری بیداد

جس ستمگار سے رکھتے تھے نوازش کی امید
واے قسمت اوسے بیدرد کو بھائی بیداد

تمنے یکسان کئے عاشق کیلئے راحت و رنج
ہے کبھی شفقت و لینت کبھی سختی بیداد

غضب حق سے امان ملتی ہے کب ظالم کو
ایکدن سامنے آجاتی ہے ساری بیداد

فوت مقصد نے کیا جسکا کلیجہ پانی
ہوگئی اوسکے لئے موت کی تلخی بیداد

جو سنا خود غرضون سے کیا باور تمنے
خون انصاف بہایا ہے یہ کیسی بیداد

دادرس ہین شہ ذیجاہ دکن تیری حبیب
خوف کیا ہے کسی ظالم نے اگر کی بیداد

عیان ہے سنگ سے آہن کے اشتیاق کا درد
ہر ایک نوع مین موجود ہے فراق کا درد

وہ سنگ ہے نہو جس دل مین اتفاق کا درد
ہمیشہ مہلک اقوام ہے نفاق کا درد

ہوا نہین ہے بلا وجہ کوئی دل پر داغ
کہین قمر سے جو پوچھے کوئی محاق کا درد

گلے مین پڑتا ہے جب قسمت رنج کا پھندا
تو بھول جاتا ہے انسان کو خناق کا درد

نہ سمجھے گا جو ہمیشہ رہا ہے باسامان
کہے بھی گر کوئی بے ساز و بے براق کا درد

تمہین بھی بھائیو لازم ہے اسکی چارہ گری — ہمارے دلپہ بہت شاق ہے نفاق کا درد

جلیب زیب تھی طرز کلام اہل عرب
ہوا ہے ہندمین حالی کو اوس مذاق کا درد

اب نہین جور و جفا سے کے متحمل ناشاد — تا بہ کے رکھے گا یہ چرخ مرا دل ناشاد

ایکدن بھی دل لیلی مین نہ گذرا یہہ خیال — آرہا ہے مرا مجنون پس محمل ناشاد

یوہین فرقت مین ہین اے گل تری عاشق نالان — جیسے کرتے ہین فغان ہو کے عنادل ناشاد

بے سبب ہوتے ہین گرخون بہا سے ہم راضی — آکے مقتل مین پلٹ جاتے ہین نہ قاتل ناشاد

آج پر کیا ہے ہمیشہ سے ہے دنیا کا یہ ڈھنگ — شادمان ناقص رہے ہم ہون کامل ناشاد

دل و جان سے ترے پابند ہین جو حلقہ بگوش — ہونگے کیا دیکھکے یہہ طوق و سلاسل ناشاد

ہے مقدم اونہین مظلومون کا پاس خاطر — داد خواہونکو نہین رکھتے ہین عادل ناشاد

تیری تقدیر مین راحت ہے تو پیش آئیگی — سختیان جھیل کے کیون ہوتا ہے بیدل ناشاد

دمبدم مانگنے والون سے زیادہ خوش ہے — اوسکے در سے نہین پھرتا کوئی سائل ناشاد

داد صابر کی بہت جلد نہ کیون دے مالک — رنج مین بھی نہین ہوتے ہے متحمل ناشاد

پیچھے ہمدرد ہین رہتے ہین جو ہر وقت جلیب
دیکھکر کلفت اقران و اماثل ناشاد

ردیف دال ہندی

ناز رفتار پہ حسن رخ روشن پہ گھمنڈ — ہے جوانی پہ غرور آپکو جوبن پہ گھمنڈ

نفس سرکش کو دبا کر یہہ خوشی کیون اے دل — ہو گیا تجھکو ظفر پاتے ہی دشمن پہ گھمنڈ

دلبری کی وہ ادا انکی یہہ دلیل الفت
ہمکو بیتابی پہ نازاونکو ہے چتون پہ گھمنڈ

قافلے لوٹتی ہے اونکی نگاہ خونریز
کارفرما کو ہے بیباکی رہزن پہ گھمنڈ

ہمہ تن جوہر قابل ہون مجھے زیبا ہے
زر خالص کیطرح اپنے کھرے پن پہ گھمنڈ

فصل گل آئی بنی تخت زمرد ہر شاخ
عندلیبونکو ہوا حسن نشیمن پہ گھمنڈ

خاک مین ملکے بنے سرمہ چشم امید
مہر سے ذرونکو ہے اوس قصر کی روزن پہ گھمنڈ

سرگذشت اپنی کہین ہم تو پسیجین پتھر
خوش گلویون نکرین پہر کبھی ساون پہ گھمنڈ

رہنے دی ہی یہ امانت تری ای دست جنون
آستین پر ہمین غرہ ہے نہ دامن پہ گھمنڈ

تم بہی ایجان سی ملکے چلو سیر کو آج
پہر گلستان کو ہوا تختۂ سوسن پہ گھمنڈ

سایۂ زلف نے بیجان کیا دونون کو
سانپ والونکا تہا اوڑتی ہوئی ناگن پہ گھمنڈ

تہی کبھی ہند مین مرغوب ادا سے بت چین
حسن وخوبی کو ہے انروزون مین لندن پہ گھمنڈ

تہا مسلمانون اکدن یونہین بغداد پہ فخر
اہل مغرب کو ہے جسطرح سے لندن پہ گھمنڈ

کردیا برق حوادث کے ستم نے برباد
نہوا تہا ابہی دہقان کو خرمن پہ گھمنڈ

حسن تدبیر کی تحسین کرین کیون نہ جلیس
بخت بد کرتا ہے بدخواہی دشمن پہ گھمنڈ

ردیف ذال معجمہ

سبکے اک اشرفی کو خوبیٔ تقدیر سے کاغذ
ورق سونیکا بجائے تری تصویر سے کاغذ

منور ہو جو تمثال بت بے پیر سے کاغذ
تو بدلین اہل ثروت منصب وجاگیر سے کاغذ

خط گلزار مین لکھون کا نامہ اوس سمنبر کو
بنے گا تختۂ گل خوبیٔ تحریر سے کاغذ

ہوا دشوار مجکو اشتیاق وصل کا لکھنا
اوڑا بنکر کبوتر پہلے ہی تحریر سے کاغذ

فقط قید ضوابط وجہ حفظ ملک و دولت ہے
رہی دربان ہے چپکا دیں اگر زنجیر سے کاغذ

ضرر پہونچا نہیں سکتا ہے مصلح کو کوئی ہمرگز
بنا بہیڑا تو پہر کب کٹ سکا شمشیر سے کاغذ

کیا بیجان مرغ نامہ بر کو پہر ستمگر نے
عیوض پر گیر یونکے ہے جو چپان تیر سی کاغذ

ہمارے آپ کے رسل و رسائل شاق ہیں سب پر
جلا دیتے ہیں حاسد چھین کر رہگیر سے کاغذ

دبا نا نامہ کا منقار میں سیکھا کبوتر نے
تبایا حبیب اوٹھا کر مینے کاغذگیر سے کاغذ

لفافہ میں نہیں ہی وجہ خط نے منہ چہپایا ہے
پڑہو اوس راز کو نادم ہے جس تحریر سی کاغذ

ودیعت خامۂ مشکین کی لیکر سادہ لوحوں سے
کیا بیگانہ سنگ طبع نے تحریر سے کاغذ

لکھے عرضی اسیر زلف مشکین شاہ خوبان کو
بہم پہونچے جو زندان میں کسی تدبیر سی کاغذ

ق

ردیف ذال وجہ ابتذال لفظ و معنی ہے
تعلق کسطرح پیدا کریگا تیر سے کاغذ

حبیب اہل سخن کی بذلہ سنجی ہی اگر کہدیں
بنا ہے تختۂ مشکین تری تحریر سے کاغذ

سمجھے نہ بات با تمکو کیوں کام جان لذیذ
قند و نبات سے ہے تمہارا بیان لذیذ

شیرین کسی طرح نہ بنا آب شور اشک
فاقوں کے بعد بھی نہ ہوئیں گا لیان لذیذ

بخشا ہے مشت پر کو قناعت نے یہہ وقار
حق نے کئے ہما کیلئے استخوان لذیذ

راحت نما ہے حد سے گذرنیکے بعد رنج
ہے وقت جوش گرسنگی خشک نان لذیذ

غم کا اثر مٹاتی ہے انجام کی خوشی
سمجھی ہمیشہ تلخئ مے کو زبان لذیذ

ہر شب ہے افسانہ زلف دراز یار
ذکر دہان و لب سے ہوئی داستان لذیذ

تبدیل ذائقہ میں نہیں لطف ساقیا
ہے ہر گزک سے آج مے ارغوان لذیذ

عناب تازہ ہیں چمنستان حسن کے
کیونکر نہوں ترے لب شکر فشان لذیذ

مرغوب ہے ہر ایک طبیعت کو انقلاب
کہتے ہین ہر جدید کو اہل جہان لذیذ

کب تلخ ہے فراق کی تلخی سے کوئی شئے
ہے وصل یار سے کوئی نعمت کہان لذیذ

پھیکا ہے گر سخن مین ملاحت نہو حلیب
ہوتا نہین بغیر حلاوت بیان لذیذ

ردیف رائے مہملہ

مجبور کر رہا ہے مجھے ضبط آہ پر
ظالم خدا سے ڈر یہ ستم بیگناہ پر

آخر اثر ہوا یہہ دل کینہ خواہ پر
آنسو ٹپک پڑے مرے حال تباہ پر

کہہ دیگا درد عشق جو بگڑو گے آہ پر
لازم سوال جرح نہین اس گواہ پر

انسان جان دے نہ اگر عز و جاہ پر
کیون ہو اجل کو بھوک لگے راغب گناہ پر

دیکھین ہمارا حال وہ عبرت کی آنکھ سے
ہے یار ناز جنکو تری رسم و راہ پر

کیا ہوگی اور گوشہ نشینون کی منزلت
بال ہما ہے تاج سر بادشاہ پر

بے جستجو جہان مین ملی کسکو آبرو
پیاسا ہمیشہ دوڑ کے جاتا ہی چاہ پر

آپس کا میل جول بڑہا دور کر نفاق
اے بوالہوس نظر ہے تری گر رفاہ پر

ناحق فلک سے کرتا ہے بیداد کا گلہ
جسنے کیا عبث بھی ستم دادخواہ پر

ظالم نہ ہوگا خلق مین مشہور حق شناس
کرکے میری حقوق کا خون اشتباہ پر

ہر شب مین شمع خلوت دل داغ آرزو
ظلمت کو ناز ہے مرے بخت سیاہ پر

جاہل نہ کر عوام کی تحسین پہ غرور
نفرین عاقلون کی ہے اس واہ واہ پر

ہے عاصیونکو رحمت معبود کی صدا
توبہ کا در کھلا ہے جو آتے ہو راہ پر

دیکھا ہوا نہ اسپہ بھی تاریک روز عیش
دل کا وبال پڑ گیا آخر نگاہ پر

ہوتے ہین شیخ و پیر مغان آج متحد
شاید ہے فسخ عہد وفا کا اونھین خیال

مجمع ہے میکشون کا در خانقاہ پر
ساکت ہین پھر معاملۂ و براہ پر

کسب کمال سے تمھین ہاتھ آے کیا حبیب
احباب کی نظر ہی نہین دستگاہ پر

شباب قیس کو بھی رشک ہوتا ہے بچپن پر
وہ مجنون ہون پلا جو کھیل کر صحرا کی دامن پر

بھرے ہین کشت دل مین دانہاے داغ آتش زا
اوڑادونگا دھوئین بجلی گرے تو میری خرمن پر

ہوا خواہی کا جن پہ ہونکی دم بھرتا تھا اک عالم
نہین لاتا ہے کوئی سبزہ و گل اونکی مدفن پر

نقاب الٹو تو ہو نظارہ باغ حسن کا گلچین
نہین پروانہ آسکتا چراغ زیر دامن پر

میرے چاک گریبان کا رفو اک وجہ حیرت تھا
کہ رشتہ بنکے مژگان رہگیا ہے جسم سوزن پر

تعلق چھوٹ جائیگا مکانون سے مکینونکا
نگاہ یاس کا عالم ہے دیوارونکے روزن پر

غبار راہ ہستی خاک چھوٹا غسل دینے سے
کفن اجلا ادھر پہنا ادھر میلا ہوا تن پر

توکل کا مٹایا نام اطمینان دولت نے
بنے ہم دوست کیسے بدخواہ تکیہ کرکے دشمن پر

مزا ملتا ہے دلکو اشک خونین کی شرارت مین
یہ طفل نازپرور لوٹتے رہتے ہین دامن پر

گواہ بیگناہی ہے لب سوفار کی سرخی
جمایا ہمنے کیسا رنگ دیکھو آب آہن پر

سواد چشم عاشق بیشتر رکھتا ہے نورانی
وہ جلوہ عہد موسیٰ مین جو تھا وادی ایمن پر

مصائب مین مقدم ہے تحفظ خوش خیالی کا
ہوا مین چاہیئے فانوس رکھنا شمع روشن پر

نہین آسان حبیب نکتہ سنجان جہان ہونا
بڑی جان کاہیون سی دسترس ہوتا ہی اس فن پر

ولہ

کرون مشق سخن یون بیرورنگ جہان ہوکر
رہے میری فصاحت جوہر تیغ زبان ہوکر

امیدین نقش پا سے سی بنکر ناامیدی مین
رہینگے مجکو آزادی سے داغ بیڑیان ہوکر

وفا یوسی بہایا جسنے دلکا خون آنکھون سے
کھٹکتی ہے ابہی پہلو مین یاد رفتگان ہوکر

برا ہو دشمن اعزاز کا سبکی نگاہون مین
سبک ٹھہرے غبار آرزو سے سرگران ہوکر

اجازت دیکے عرض مدعا کی خود ہوے برہم
مسرت وجہہ حیرت بنگئی قفل دہان ہوکر

ہوا کی امن و آسایش کی اکثر خانہ بربادی
تمنائین سدا پیش آئین مجہہ سے سختیان ہوکر

وقایق پر نظر کرنے سے دقت بڑہتی جاتی ہے
زمین شعر دکھلاتی ہے نیرنگ آسمان ہوکر

وہ کوشش کیجیے رہجائے نام نیک محشر تک
مزا یہ ہے کہ موت آئے حیات جاودان ہوکر

جو کچھہ کرنا ہے کرلو سو چین بیٹھے ہو کیون یارو
متاع عمر ہاتہہ آئی ہی کسکو رایگان ہوکر

گئے جو منزل ہستی سے اب نقش قدم اونکے
نظر آتے ہین چشم حسرت واماندگان ہوکر

حبیب مبتلا سنبہلا نہ ہمنے لاکھہ کوشش کی
پھر آخر تری الفت مین رسوائے جہان ہوکر

رنگ صحبت کا طبیعت مین جما خو ہوکر
بت پرستون مین مسلمان رہی ہندو ہوکر

تازگی کا یہ مزہ ہے کہ جہان مین پہلے
گل مضمون سے حقیقت کی ادا بو ہوکر

ہے جہان دیدہ کی آنکھون کا ہی عین کمال
تولتی رہتی ہین مردم کو ترازو ہوکر

ہو مری آہ رسا گر تو پریشان ہو جائے
عارض شاہد امید پہ گیسو ہوکر

اثر نغمۂ دلکش کی کہون کیا حالت
ہوش کھو دیتا ہے انسان کے جادو ہوکر

نگہہ یاس مین کھٹکے تھے جو ارمان میرے
اک زمانہ ہوا سب بہگئے آنسو ہوکر

حسرت اوس کشتۂ اندوہ پہ جس بیکس کی
اجل آئی بہی تو بدخواہ کا قابو ہوکر

دل سے ہٹ جائے کسی طرح یہ نقش امید
کہین ٹھہرے بھی طبیعت مری یکسو ہوکر

بیٹھتے اوٹھتے نہین درمیان رہیے زانو نہیں
دے نہ آزار مجھے رنج کا پہلو ہو کر

میری قسمت کی کجی گر کبھی ہو ے قالب
چشم خوبانپہ جگہہ لے خم ابرو ہو کر

جرعۂ بادہ راحت جو کرون نوش جلیب
نیش حسرت مجھے بنجاے گا اوچھو ہو کر

اوٹھی گھٹا یاس کی چہائی ہوئی بیچارون پر
بارے رحم آگیا خدا اوسکو گنہگارون پر

مجھسے جو ہوگا محبت مین وہ کر گذرونگا
آپ قائم نہین رہتے کبھی اقرارون پر

قید وحشت مین لکھا قصۂ مجنون لیلی
تیرے سودائی نے زندان کی دیوارونپر

جو کہا حضرت واعظ نے بجا ہے لیکن
ورتوبہ تو نہین بند ہے میخوارون پر

باتین دو چار وہ پوچھو گے جو بچپن سے ہین یاد
بس نکرین کرو رحم دل افگارون پر

بیٹھے بیٹھے نہین کیا سوجہی یہ وحشت کیسی
خود چھری پھیرتے ہو اپنے طرفدارونپر

گرمی حسن گئی رخپہ چمک ہے بہی تو کیا
دہوپ ڈہلتی ہوئی چڑہ جاتی ہی دیوارونپر

آس نوٹی مری بیوقت نہ آیا یہ خیال
سب دم نزع ترس کہاتے ہین بیمارونپر

اہل زر کب ہوئے ہمسایہ کی عسرت سے ملول
کی کہان پہولون نے بخشش کی نظر خارونپر

ربط غیرون سے خوش آیا نہ انہین کیون صاحب
خفگی کا بھی باعث ہے وفادارونپر

جگر و دل کی نقاہت سے پریشان ہین حواس
یاس چھائی ہے مریضون کی پرستارون پر

جان جانی ہے تو پھر مفتین کیون جانے پائے
عجب ہے مرنا ہی مرین کیون نہ طرحدارونپر

غمکو کس حسن جہانسوز کا آیا تہا خیال
بستر گل نے لٹایا ہمین انگارون پر

دیکھ واعظ وہ اوٹھی جانب میخانہ گھٹا
ناز ہے رحمت باری کو سیہ کارونپر

الفت حور جنان مین ہین قیامت کے قیود
مشتاق کسطرح نہون تیرے طلبگارونپر

حشر مین دینگی شہادت یہی خونریزی کی
شیخ کا حال سنا جیب سے بوتل نکلی
اصل ثابت ہے وہی شرع کا اک پردہ ہے

ناز کیون ہے ستم ایجادون کو تلوارون پہ پتھر
معترض تھے یہی کل تک مرے گردون پہ پتھر
دانے تسبیح کے سب پہارتے ہین زنار و پتھر

اوٹھہ در پیر خرابات سے للّٰہ حبیب
ایسے افعال سے حرف آتا ہے دیندار پہ پتھر

کسیکی جبہہ سائی سے کبھی گھستا نہین پتھر
کہلا اب رکھتے ہین پہلو مین پنہان نازنین پتھر
بٹھایا خاتم عزت پہ تیرے نام نامی نے
دکھلائے پھر نہ کیون تاثیر اپنی جذب روحانی
تلاش یار مین کیا خار دامنگیر ہمت ہون
جو مین اے کوہکن دون جان شیرین عشق شیرین مین
گرا دون فیض اعجاز نبوت سے وہ مومن ہون
پس مردن رہی قلب و جگر مین گر یہی سوزش
یہ کہتا ہے کسی نامہربان کا مہربان ہونا
گرین ہر سنگدل پر بجلیان ایسے حوادث کی

وہ چوکھٹ موم کی چوکھٹ ہے یا میری جبین پتھر
نہ تھا معلوم ہین قلب بتان مہ جبین پتھر
دگر نہ ہے یہ ظاہر تھا حقیقت مین نگین پتھر
یقین ہو جائے جب حاجت روا ہی بالیقین پتھر
ہوئے نادم ملے جب سدرہ بنکر کہین پتھر
تو دکھلائے بجائے شیر جوئے انگبین پتھر
چھپائین پھر مخالف گر میان آستین پتھر
تو لوح سنگ مرمر ہوگی از خود آتشین پتھر
پسیجین گے تری گرمی سے آہ آتشین پتھر
کہ دیتے ہین گواہی تیری آہ آتشین پتھر

حبیب آئے کہان سے تازگی نخل مضامین مین
جہان تک دیکھئے ہے یکقلم یہ گلزمین پتھر

ہے زبان کا سود کی کوشش مین ڈر آٹھون پہر
ہے خدا سے یہ دعا ای سیمبر آٹھون پہر

وقف بیتابی ہے دل مضطر جگر آٹھون پہر
ہو مرا مرہم تیرا سنگ در آٹھون پہر

پاک باطن سب ہین رندون مین تکلف کچھ نہین
ہین یہ آپسمین شریک ماحضر آٹھون پہر

فکر حالات جہان ہین جسنے کی آنکھ بند
کار عینک کرتی ہے اوسکی نظر آٹھون پہر

چہوڑ کج بحثی کو بن چپ ہو کے سبکا ہم زبان
فکر تالیف جہان اسطرح کر آٹھون پہر

دوستون سے ملنے جلنے مین ہی لازم قید وقت
ایک حالت مین نہین رہتا بشر آٹھون پہر

گر نہ ساز و برگ ہو آزاد بن مانند سرو
بید مجنون سا نہ رہ آشفتہ سر آٹھون پہر

نیک مردون کا بدون پر بہی گمان ہوتا ہی نیک
بدگمان نیکون سے ہین ارباب شر آٹھون پہر

سب ہے تو یکسان تلطف کر جو ہی خواہان عیش
اس چمن مین چلتی ہے باد سحر آٹھون پہر

جو غنی ہین دیکھے خوبو اون کی چہپ سکتی نہین
غنچے مٹھی مین لئے رہتے ہین زر آٹھون پہر

دمبدم گہڑیال کا بجنا ہے کوس الرحیل
کاروان عمر ہے گرم سفر آٹھون پہر

خواب دیکھا تہا کوئی یا صحبت احباب تہی
عیش مین یا ہو گئے تہے مختصر آٹھون پہر

آجکل ہے کچھ عجب عالم حبیب زار کا
ہاتھ دلپر ہے تو آنکھین سوے در آٹھون پہر

بہلا روئین نہ اپنے دیدۂ گریان لہو کیونکر
مقابل ہو الٰہی مجہسے وہ آئینہ رو کیونکر
یکایک وصل کی اون سے کرین ہم گفتگو کیونکر
نظر آئین خدایا کو بکو وہ ماہرو کیونکر
نمک زخمون پہ ہر دم خندۂ قاتل چہڑکتا ہی
کبہی پہاڑا گریبان گاہ پتہر سر کبہی پٹکا
تہمین آنسو بہلا کسطرح جہپکانے سی پلکون کے

کہین کیا کسطرح بلکر بیٹہا وہ ماہرو ہوکر
اوسے دیکہون مین دیکہون بنکی حیرت ہو بہو کیونکر
یہ مطلب بے تکلف لب تک آئی دو بدو کیونکر
نگہہ کیطرح سے آنکھون مین رکھون انکو تو کیونکر
دل صد چاک پر اپنے بہلا ہوگا رفو کیونکر
تاسف ہے کہ اس وحشت مین کہوئی آبرو کیونکر
رکین ان ہچکیہای ناتوان سی آبجو کیونکر

ہوئے ہین خاک پابوسی کی حسرت مین مگر دیکھین
نکلتی ہے پس مردن ہماری آرزو کیونکر

ادہر پُر درد آہین ہین ادہر نیچی نگاہین ہین
چہپے راز محبت بیٹھنے سے روبرو کیونکر

پس مردن ہماری خاک کے ذرّے پریشان ہین
ذرا دیکھو تو کرتے ہین تمہاری جستجو کیونکر

تماشا ہے ذرا ستونکی کیفیت بہی دیکھ آؤ
ہین چلتے کسطرح ساغر لنڈہکتے ہین سبو کیونکر

دہوان مجنون کی آہون کا سواد دیدہ لیلےٰ
نہو ہر شب بلا گردان زلف مشکبو کیونکر

حبیب احباب کی خاطر سے کہا یہ غزل ورنہ
پریشانی مین ہو دم بہر طبیعت ایکسو کیون کر

آنے کا سنا جاؤ خدارا کوئی دن اور
ہوگا مری تقدیر مین ایسا کوئی دن اور

وہ ہون مرے مہمان مین کرون شکر کی سجدے
اِسطرحکا آجائے خدایا کوئی دن اور

کیون نامہ رسان آج بھی وہ شوخ نہ آیا
ہے ملنے سے انکار کہ ٹھہرا کوئی دن اور

ق ہر وعدہ پہ کہتے ہین بنا کر وہ کوئی عذر
پہر تہا جو ملنے کا ٹھہرتا کوئی دن اور

۲ مجبور ہون کیا اسکے سوا ہے مجھے چارا
لکھ بہیجون سمجھکر یہ اشارا کوئی دن اور

۳ یا یہ کہ لکھون اونکو بہت خوب مگر اب
تجویز کرین آپ ہی اچھا کوئی دن اور

۴ لیکن یوہین ہفتہ یہ گذرجائے تو پوچھون
فرمائے اب انکے علاوہ کوئی دن اور

وہ آئے ہین مطرب ہے مغنی بہی ہے ساقی
میرے لئے ایسا تو نہ ہوگا کوئی دن اور

آتی ہے خزان بلبل شوریدہ نہ اترا
شاید نہو پہر عیش کا ایسا کوئی دن اور

موقوف قیامت ہی پہ ملنا ہی حبیب آو
اس سے بہی تو اب دور نہ ہوگا کوئی دن اور

جانگسل ہے یاد زلف و رخ مین یہان شام و سحر
ہو رہی ہے قتل کی تدبیر وان شام و سحر

صحبت قلب و جگر سے ناک مین آیا ہون دم
دو نون پہلو مین ہین نالان ایکسان شام وسحر

رخصت ای بیماری دل مژدہ ای شوق وصال
کل سے آتے ہین وہ ہوکر مہربان شام وسحر

ہو گئے برہم آگئی رخ پر ترے زلف دوتا
دیکھلے آئینہ مین ہین ایکسان شام وسحر

باغ مین آئے ہین وہ دو چار دن کے واسطے
آجکل بلبل سے ہے میری ہم زبان شام وسحر

ہون کسیکا خون ناحق روز کہتی ہے شفق
درپئے بیداد ہے کیون آسمان شام وسحر

لیٹے وہ گل آکے جس بستر پہ بو جہتی نہین
سونگہتے ہین میرے تکیے راز دان شام وسحر

کھینچ کر بنت العنب لیجاتی ہے میخانے کو
جان ستان ہی یہ بلائے بے امان شام وسحر

سیکڑون رفتار پر مٹجائین مثل نقش پا
سیر کو نکلین جو وہ دامن کشان شام وسحر

بلبلونکو چھوڑ دے صیاد ہی فصل بہار
دینگے خوش ہوکر دعا یہ بے زبان شام وسحر

کھولکر گیسو اگر چہرے سے الٹین وہ نقاب
یکزبان ہوکر پکارین الامان شام وسحر

ہے حبیب خستہ نالان راتدن مثل جرس
دلکو ہے رنج فراق رفتگان شام وسحر

دلکو ہے رنج فراق رفتگان شام وسحر
میرے یوسفکو ہے یاد کاروان شام وسحر

سر گران ہین عادی رطل گران شام وسحر
بار زاید ہے وبال کاروان شام وسحر

گوچہ ہائے گیسوے مشکین مین کیا اندھیر ہے
لٹتے ہین ان راستون مین کاروان شام وسحر

ہے جگر پر داغ اور دلمین بھری ہین حسرتین
کاروان ہی رہبری کاروان شام وسحر

ای جگر دل کی طرح توبھی کہین بہہ جائیگا
چل رہا ہے آنسوؤن کا کاروان شام وسحر

منزل جانانکا ابتک کچھ پتا ملتا نہین
ہے روان عمر روان کا کاروان شام وسحر

لیچلی ہین دلکو سوئے کوئے قاتل حسرتین
کس تردد مین ہے میر کاروان شام وسحر

روز و شب ہین وادئ غربت مین میرے دو رفیق
عمر مستعجل کے ہمیر کاروان شام و سحر

عرش پہ ہوگا دماغ رہروان کوے عشق
آسمان پر ہے غبار کاروان شام و سحر

سرمگین ہون تیری آنکھین یا کہ خواب آلودہ ہون
لوٹ لیتی ہین یہ رہزن کاروان شام و سحر

خاک کا میری رہ الفت مین کیا ہوگا نشان
روندتا رہتا ہے مدفن کاروان شام و سحر

بحر الفت پر بنا ہے پل مرا سنگ مزار
جھیلتا ہون سر پہ بار کاروان شام و سحر

دیدنی ہے تیرے دیوانے کی از خود رفتگی
تاج سر ہے فرش راہ کاروان شام و سحر

ہنستے آئے تھے چلے گلزار سے روتے ہوئے
عبرت افزا ہے گلونکا کاروان شام و سحر

محشرستان تمنا ہوگی خلوت یار کی
چل رہا ہے حسرتونکا کاروان شام و سحر

عرش منزل ہے مرے افکار بالغ کی حبیب
خلوت دل ہے سرائے کاروان شام و سحر

چھری پھیری ہے چلتی چلتی پھیر کر حلق بسمل پر
تڑپ جاؤن نہ بعد ذبح کیون ہین پاے قاتل پر

تڑپتا ہون نہین چلتا ہے کچھ بس تلملانیکا پر
یہ نادان آج شیدا ہوگیا ابروے قاتل پر

بنا رکھا ہے اک عالم کو ناحق غیرت مجنون
گمان ناقۂ لیلیٰ ہے اوس کافر کی محمل پر

لب جان بخش تک جا کر رہی محروم بوسے سے
ہم اوس پانی کے پیاسے ہین جو تڑپا کیے ساحل پر

حنا ملکر وہ آئے ہین دلونکا نقد سودا ہے
شہادت خواہ دوڑے ہین خون بہا ہی دست قاتل پر

بساط دل مین تھا اک داغ خون ہوکر بہا وہ بھی
لہو روئے نہ کیونکر برق خندان میرے حاصل پر

سخن شاہد ہے دعوی پر اگر منصف طبیعت ہو
حقیقت نیک و بد کی آپ کھلجاتی ہے عاقل پر

اسی تشویش مین اوٹھتے نہین ہم کوی جانانکے
یہ بے قابو نہ ہو جائے بھروسا ہی کسی دل پر

پھرینگے ڈھونڈتے تجکو یونہین صحرای وحشت مین
پتہ پوچھینگے دیوانون سے جب پہونچینگے منزل پر

خدا کیواسطے پہر ذبح کرکے دیکہتے جاؤ
ذرا تلوار کا پانی چھڑک دو مرغ بسمل پر

خط تقدیر ہے یہ رلب سے سمجھے ہین سب جوہر
برات جان و دل لکھی ہوئی ہے تیغ قاتل پر

تمہارے کوچہ مین ہر دم یہ مجکو کہینچ لاتا ہی
سمجھ لو اس سے تم صاحب مرا قابو نہین دل پر

بشارت دیرہی ہین عشق مین بھی سب خاک ہونیکی
سونگہاتے ہین چھڑک کر عطر مٹی کا مجھی گل پر

ثواب ذبح کا وہ مدعی ہین خون ناحق کا
سند بنکر مرا محضر بندھا بازوے قاتل پر

جفائین کرکے ناحق شاد ہولے دل مین او ظالم
عیوض تیرے ستم کا ہمنے بھی چھوڑا ہی عادل پر

گزک بازار سے لے لینگے رکھلو جیب مین بوتل
حبیب اوٹھو گھٹا آئی پئین گے چلکے ساحل پر

ردیف رائے ہندی

کافی ہوئی نہ روح کو تنہا بدن کی آڑ
بالیدہ ہو کے جسم نے لی پیرہن کی آڑ

غربت مین یون کیا ہی تعلق نے پای بند
جسطرح اشک شمع کو روکے لگن کی آڑ

عالم ہے اہل فیض کے جلوسے مستفیض
سورج کی ضو کو روکے گی کبتک گہن کی آڑ

تہا چونکہ بات بات مین قصد مخالفت
خلقت کیوقت ڈہونڈہی زبان نے دہن کی آڑ

تہی مین دیکے کار جہان پیستا ہی چرخ
مہندی ترشتی رہتی ہے بنکر چمن کی آڑ

غافل لحد مین ظلمت اعمال کو کبھی
ہوگی نہ مکتفی ترے او جلے کفن کی آڑ

لی میری فرد جرم جو عادل نے ہاتھ مین
چھپنے کو ڈہونڈہنے لگین سطرین شکن کی آڑ

دکھلا رہی ہے تختہ سنبل پہ چاندنی
عارض کی ضو کو زلف شکن در شکن کی آڑ

میرے گناہ ڈہونڈہتے پھرتے ہین رات دن
دامان لطف و مرحمت ذو المنن کی آڑ

عسرت کی خود ہین بے سروسامانیان گواہ — کیونکر چھپائے اسکو لباس کہن کی آڑ
دشمن ہے وہ عزیز جو دشمن کا دوست ہو — کہلواتی ہے شکار ہرن کا ہرن کی آڑ
چہرے کی ضو سی خط شعاعی ہون تیلیان — چلمن اگر ہو مصر رخ سیمتن کی آڑ

کچھ ڈر نہین ہے تیر حوادث کا ای حبیب
حصن حصین امن ہے شاہ دکن کی آڑ

اولجھن ہو دل کی کم کوئی ایسا فسانہ چھیڑ — پھر ذکر زلف یار کا باد صبا نہ چھیڑ
کرتا ہے صلح جو سی جہان عامیانہ چھیڑ — جو ذکر چھیڑ دیکھکے رنگ زمانہ چھیڑ
ہے آج پاس ملت و مذہب کا حال کیا — اس بحث کو برائے خدا واعظا نہ چھیڑ
مشکل ہے اونکے ساتھ ہمین وضع کا نباہ — ق — کرتے ہین بات بات مین جو عامیانہ چھیڑ
مرغوب ہی نہ حسن نہ بیر اور نہ شامین — ۱ — بیٹھے ہین ہم بھرے ہوے پھر خدا نہ چھیڑ
پیا کہانتکا کسکا خیال اور کہان کی دہن — ۲ — دہرپت الاپ اور نہ کوئی ترانہ چھیڑ
ساقی خمار غفلت صد سالہ دور کر — ۳ — مطرب غزل موافق حال زمانہ چھیڑ
پاتے نہین عزیزون مین جز کینہ و نفاق — ق — کچھ رنج کے سوا نہین حاصل گلا نہ چھیڑ

جی چاہتا ہے قطع تعلق کو ای حبیب
اہل وطن کی خوبیون کا تذکرہ نہ چھیڑ

چل نہین سکتی وہان ذہن رسا کے جوڑ توڑ — اونکی چالین ہین قیامت کی بلا کی جوڑ توڑ
ہے نظر انداز کوئی کوئی منظور نظر — دیکھنا اوس بت کی چشم فتنہ زا کے جوڑ توڑ
کج ادائی بات سے جسکی لگاوٹ کھیل ہی — سیکھ لے اوس فتنہ گر سے کوئی آ کی جوڑ توڑ
سب کہین پھر کچھ نہین حرف آئی پائی کیا مجال — گر کرے کوئی تو یون پہلو بچا کے جوڑ توڑ

پا کے قابو کرتے ہین اہل غرض کیا دائون گہات	۱	چلتے ہین مطلب کی چالین مدعا کی جوڑ توڑ
دوست بنکر کرتے ہین نیکی کے پردہ مین بدی	۲	راج نیت یہ ہے دیکہو اغنیا کے جوڑ توڑ
سختیان استاد ہین انسان کی دنیا مین حبیب		کرتے ہین مغلوب کو غالب سکہا کی جوڑ توڑ

ردیف زاے معجمہ

جان تازہ ہو تن مین وہ سنا دے اگر آواز
ہر دم رہ مطلوب مین ہون گوش بر آواز

بیجا نہین فرقت مین تمہاری مرے نالے
جاتے تو ہو جدہر دیتے ہین سنگ و شجر آواز

ہو جاتی ہے دلپر کبھی فریاد کی تاثیر
وہ مجکو بلا لیتے ہین پہچان کر آواز

ٹالے نہین ٹلتین شب فرقت کی بلائین
اب مجہکو سنا تا نہین مرغ سحر آواز

اس شکل سے رونا مرا بے سود نہوگا
دے اونکو اگر حالت دل کی خبر آواز

دہوکا بہ مجھے ہوتا ہے کہ تم آے ہو صاحب
دیتا ہے جو آکر کوئی بیرون در آواز

مشتاق سر شام سے ہین منتظر دید
گر بام پر آتے نہین دو ایقم آواز

چہوڑا مجھے غمخوار گئے ملک عدم کو
ملتا نہین کچھ اونکا نشان دون کدہر آواز

ای ضعف چہٹا مشغلۂ نالہ و فریاد
اب منہ سے نکلتی نہین دو دو پہر آواز

ہے رنج خزان درد اسیری سے زیادہ
کیا دون تجھے صیاد مین آواز پر آواز

جب قافلہ صبر چلا دل ہوا نالان
اکثر یہ جرس دیتا ہے وقت سفر آواز

نالون سے مرے کیون نہ ڈرین عرش کے حامل
اونکی بہی ہلا دیتی ہے قلب و جگر آواز

کیا شکوہ حبیب جگر افگار پہ گذری
فریاد کی آتی رہی یہان تا سحر آواز

مدت ہوئی ہین در پہ تیرے گوش بر آواز
پردے سے سنا دے ہمین ای فتنہ گر آواز

وہ غیر کے گہر آئین یہ امید نہین ہے
حیران ہون آتی ہے کدہر سے ادہر آواز

کہتا ہون اگر کون ہے یان کیون نہین کہلتی
کہتے ہین ابھی سنتے ہین دیوار و در آواز

رکہدیتے ہین وہ ہاتہہ مرے منہ پہ یہ کہکر
خاموش رہو جائیگی تا رہگذر آواز

یون آتی ہین اب میرے تنفس کی صدائین
جسطرح سے دیتا ہے کوئی نوحہ گر آواز

مرعوب نہ کسطرح ہو معشوق خوش الحان
کرجاتی ہے بیساختہ دلپر اثر آواز

نالون سے ہمین اور تو مطلب نہین کوئی
ہان اونکو سنا آتے ہین شام و سحر آواز

کیا نیند ہے غفلت کی نہین کہلتی ہین آنکہین
دیتے ہوئے جاتے ہین ہین ہمسفر آواز

دیوانہ حبیب جگر افگار جو ہوتا
ہرگز دل سامع پہ نکرتی اثر آواز

ردیف سین مہملہ

داغ دل ہین غیرت صد لالہ زار ابکی برس
بعد مدت کے ہے پہر جوش بہار ابکے برس

آبیاری سے تری اے تیغ یار ابکے برس
تختۂ گل ہے ہمارا جسم زار ابکے برس

تا بدامن ہے گریبان تار تار ابکے برس
ٹوٹتے ہین تلوون مین چبہہ چبہہ کر خار ابکی برس

ہے یہ زور آمد فصل بہار ابکے برس
مست ہین زاہد بہی مثل بادہ خوار ابکی برس

الفت ساقی نے تو زاہد کو بہی کہینچا ادہر
دور مے کا سبحہ پر ہوگا شمار ابکی برس

فصل گل مین بعد مردن بہی ہوا جوش جنون
سنگ طفلان سے ہو ترمیم مزار ابکی برس

شیشہ مین پنہان ہی مے اور ہین ذوق میکشی
آئے ہی ساقیکی ای ابر بہار ابکے برس

ساقیا عینک چڑہے ہون رنج و غم بالائی طاق
بادۂ دلساکا شیشہ اوتار ابکے برس

ظلم پر باندھی ہے پھر صیاد و گلچین نے کمر ‌ ‌ قید بلبل کی ہے گلشن مین پکارا کی برس

آرزو ہے بعد مردن بھی رہون سیراب مے ‌ ‌ صرف جام خم کرین میرا غبار اب کے برس

جوش خون بلبل شیدا کا پیدا ہو اثر ‌ ‌ لے اگر فصد رگ گل نوک خار اب کے برس

جلتے ہین دل بلبلون کے آشیانکی طرح سے ‌ ‌ آتش گل کی ہے گلشن مین پکار اب کے برس

قسمت اپنی اپنی ہے اچھا مبارک ہو حبیب ‌ ‌ خار غم ہمکو تمہین پہلوئے یار اب کے برس

وقت کی قدر نہ جانی افسوس ‌ ‌ مفت مین کھوئی جوانی افسوس

خلق مین ہیچمدان بنکے رہے ‌ ‌ کر رہی ہے ہمہ دانی افسوس

داغ بھی زخم جگر کا نہ رہا ‌ ‌ تھی یہ قاتل کی نشانی افسوس

اوسی بیدرد پہ مایل ہوا دل ‌ ‌ میری اک بات نہ مانی افسوس

دل سے آمادہ بیداد ہین وہ ‌ ‌ اور کرتے ہین زبانی افسوس

حال فرقت نہ کہون ہوگا اونہین ‌ ‌ سنکے یہ رام کہانی افسوس

چمن دہر مین کیا کیا گل ہین ‌ ‌ پر ہے یہ عالم فانی افسوس

جنسے امید وفا تھی وہ حبیب ‌ ‌ ہو گئے دشمن جانی افسوس

تری امید پہ ہوتے ہین ہم کہان مایوس ‌ ‌ ہمیشہ دلکو کرے لاکھ آسمان مایوس

نہین خبر اونہین اپنے امیدوارونکی ‌ ‌ کہین زیادہ ہین پیرونسے نوجوان مایوس

ستایا درد نے ہر چند اے مرے عیسی ‌ ‌ نہ زندگی سے ہوا تیرا نیمجان مایوس

کسے ہے حوصلہ اب منت و سماجت کا ‌ ‌ ہوئے ہین عفو سے اونکے مزاجدان مایوس

جو سیکھا اوسکا تغافل تو اے سگ دلبر
رہینگے میری طرح میرے استخوان مایوس

سب مجھے اُمید ہے بخشے گا اپنی رحمت سے
کریم کرتا ہے بندونکو تو کہان مایوس

ردی ہے حال تمہارے مریض عشق کا آج
طبیب دیکھ کے ہین نبض ناتوان مایوس

بھلا رہی نظر مہر سے کہان اُمید
بنا چکی ہین جب یار کی زبان مایوس

پہنسے گا قہر آلہی مین دیکھ اے ظالم
کرین نہ زیر فلک شور الامان مایوس

ہمارے زور طبیعت کو دیکھتے احباب
نہ کرتے ہوتے صلہ سے جو قدردان مایوس

خداگواہ ہے باقی نہین اُمید کوئی
کیا ہے اوسنے مجھے ہو کی بدگمان مایوس

ہمیشہ صبر ہے مفتاح باب فرح و سرور
کبھی بہار سے کرتی نہین خزان مایوس

جلیب کو در شاہ دکن ہی باب اُمید
خدانخواستہ کب ہی یہ خوش بیان مایوس

جانجان کس فکر سے ہی پھول سا چہرہ اوداس
آپکو ہمنے کبھی دیکھا نہین ایسا اوداس

یہ بہی کوئی بات ہے صاحب ملو یا دو جواب
صبح سے بیٹھا ہی در پر عاشق شیدا اوداس

عیش کا سامان سب تہا ایک وہ دلبر نہ تھا
باغ ویرانہ نظر آیا مجھے صحرا اوداس

لوگ سچ کہتے ہین ذکر عیش نصف العیش ہے
چھیڑ دین باتین تمہارے دلکی جب بیٹھا اوداس

اپنی اپنی عیش و راحت سے ہے زمانے کو عزیز
بے سبب کوئی کسیکے غمسے کیون ہوگا اوداس

شام سے رونق تہی ایسی کچھ کہا جاتا نہین
صبح کو رخصت ہوئے وہ گھر ہوا میرا اوداس

درد کی تاثیر خود ہوتی ہے اہل درد پر
میرا دل بھر آیا جب کوئی نظر آیا اوداس

دی تسلی تیری اُمید کرم نے اے رحیم
ہو گئی مین ہر ہمت سے مایوس جب بیٹھا اوداس

یہ تغیر دیکھنا خندان تھے جو گل شام کو
جاکے جب وقت سحر دیکھا او نہین پایا اوداس

کشور دل کا یہ عالم ہے تمہارے ہجر مین ۔ ایک مدت سے ہو جیسے کوئی ویرانہ اوداس
پی کے اک ساغر کہان رہتی ہی کلفت ساقیا ۔ پاس تیرے بیٹھکر کوئی نہین اوٹھتا اوداس
اے مغنی چھیڑ دے کوئی ترانہ جانفزا ۔ ہے ہجوم فکر سے اسوقت دل میرا اوداس

چار دنکی زندگی یہ کاٹ دو ہنس بول کر
اے حبیب اچھا نہین ہر دم پڑی رہنا اوداس

کیون مستقل مزاج کو ہونے لگا ہراس ۔ بیم و رجا کا لطف کجا اور کجا ہراس
اعمال زشت آتے ہین بنکر مہیب شکل ۔ ظالم کو مرتے وقت ہی دیکھو سوا ہراس
ہر وقت ہے نظر تری رحمت پہ اے کریم ۔ ہوتا نہین ہے دلکو ہمارے ذرا ہراس
جو ہین جری وہ ہنستے ہین تیغون کی چھاؤن مین ۔ کرتا ہے دور دل سے یقین قضا ہراس
حاشا نہین ہے کچھ مجھے اپنے فنا کا غم ۔ باقی اگر ہے بحر تو قطرہ کو کیا ہراس
کرتی ہے خوئی جور ستمگر کا دل ضعیف ۔ ہے تیغ انتقام کے ڈر سے بجا ہراس
رہتی ہین ہم خدا کے سہارے پہ اے حبیب ۔ ہوگا نہ ایک لحظہ بھی تا انتہا ہراس

ردیف شین معجمہ

تھکا ہے دست جنون کرکے پیرہن کی تلاش ۔ ہوئی ہے شوق گریبان مین اب کفن کی تلاش
کھلا نہ عقدۂ موئے کمر کی طرح یہ راز ۔ گئے عدم کو بہت کی ترے دہن کی تلاش
مژہ پہ خون جگر سے ٹپک گئے آنسو ۔ ملے ہین لعل یمن ہے در عدن کی تلاش
جہان مین کوئی مجھسا نہو گا سودائی ۔ اسیر ہوکے بھی کی زلف پرشکن کی تلاش
سوائے نکتہ طرازی زبان کو کام نہین ۔ پسند ہے نہین ہر بات سے سخن کی تلاش

کہلے کہین در زندان تو مین کرون جلکے
میان دشت و جبل قیس و کوہکن کی تلاش

سبہی کو ہوتی ہے نعمت کی قدر بعد زوال
قفس مین بلبل نالان کو ہے چمن کی تلاش

شمیم کاکل جانان نسیم لائی ہے
خطا ہے اب جو کرون نافۂ ختن کی تلاش

پسند آئینگے حلے ہمین نہ حور و قصور
کرینگے پہر اسی ترجامۂ کہن کی تلاش

چلا جہان سے منعم بناکے قصر بلند
تا ال فکر عمارت ہے گورکن کی تلاش

ہر ایک شغل سے ہی ای حبیب ہمکو پسند
خیال شاہد رعنائے کہن کی تلاش

کیون ہو نہ مزاج بت گل پیرہن آتش
بہڑکی ہے گلستان مین چمن در چمن آتش

بہر دیتی ہے اک تازہ حرارت رگ و پی مین
ساقی مے گلرنگ ہے یا موجزن آتش

آسان نہین کچھ عشق گل شمع کا بلبل
دامن مین نہ تو لیگی مثال لگن آتش

ہے نالۂ تفنگ اپنا گلا سوز درون سے
کیا دور اوسی طرح جو اوگلے دہن آتش

یاد آتا ہے جب عالم غربت مین وہ گلگشت
بہڑکاتی ہے دل مین مرے حب وطن آتش

جلجائین نہ ایک بات مین کیون صاحب غیرت
انسان کی ہتک جسمین ہو ہے وہ سخن آتش

مین کشتۂ عشق بت کافر ہون بنینگے
چنگاریان کافور کے ٹکڑے کفن آتش

ہمنے اسے خاک رہ دلبر سے لکھا ہے
کیا تاب جلائے کوئی تار کفن آتش

اقوام کی خرمن کو ہوس اونکی ہے بجلی
بہڑکاتے ہین پیکار کی جو تیغزن آتش

کہتے ہین حبیب اسکو فن نظم کی قدرت
گر ہوتے تو دیتے تمہین داد سخن آتش

کیا کبھی گردون مینائی نہو گا پاش پاش
ہو جو ہے ہاتھون سے اسکی دلکا شیشا پاش پاش

محتسب نے توڑ دیا گر جام صہبا پاش پاش
جبہ و عمامہ ہم کر دینگے سارا پاش پاش

چارہ سازو نا چاہیے ٹانکا دل صد چاک کی
اور دیدہ سینہ کسیکا گر ہوتا پاش پاش

چھوڑ کر سجادہ شب کو کس سے الجھی جا کے شیخ
جامہ احرام کل تک تھا نہ ایسا پاش پاش

دیکھنے کیا پوچھتا ہے مجھ سے حالت درد کی
تیری الفت میں ہے اے ظالم کلیجا پاش پاش

عقل سے خالی ہے جسکو ہو نہ قدر اتفاق
قطرے بنجا ینگے گر ہو جائے دریا پاش پاش

ہو گیا باد مخالف کا چلے اس زور سے
بادبان کشتی کا میری کرکے چھوڑا پاش پاش

سب نے دیکھا جو جنون میں میرے ہاتھوں سے ہوا
پاؤن بھی کر دینگے اب دامان صحرا پاش پاش

یاد مژگان دل میں دکھلاتی ہے جذبہ کہاں
ہوتے ہیں تلوون میں چبھکر خار صحرا پاش پاش

خال و خط بنتے ہی بھڑکی ایسی آتش حسن کی
ہو گیا آئینہ اسے خورشید سیما پاش پاش

پھوٹ پڑ جائے پہ ہر گھر کی وہ حالت ہی حبیب
جسطرح ہو جائے طوفان میں سفینہ پاش پاش

کسی صورت سے ہوئی کم نہ ہماری تشویش
جب بڑھی دل سے تو آفاق میں پھیلی تشویش

منتظر رہتا ہوں رحمت کا ہر اک مشکل میں
نہیں ہوتی ہے مرے دلکو ذرا بھی تشویش

اسکے معشوق سے عاشق کا ہی چھپنا ہی ستم
رات دن تازہ قلق گریہ و زاری تشویش

تجربہ ہے مجھے جب ہوتا ہی حاکم سے خلاف
تو بہلا دیتی ہے سب کار گذاری تشویش

مرہم زخم جگر تیرا کرم ہے ساقی
ایک ہی جام سے جاتی رہی ساری تشویش

رنج غربت سے بہت اسکے سوا دنیا میں
ہو نہ دلکو مرے اے حضرت باری تشویش

اب نہ غم کا ہے نشان اور نہ بیتابی کا
آ کے وہ مجھسے ملے دلکی ہماری تشویش

در بدر کھینچی ہے چارہ گری کی امید
ہے جہان میں سبب ذلت و خواری تشویش

منع کرتے ہو اونکو ناحق مشکو ۵ — کسی اور کی راحت نہ تمہاری تشویش
تازہ آفات سے انسان کو اللہ بچائے — اگلی کلفت کو بھلا دیتی ہے پچھلی تشویش

کیا کروں گر نہ غرض ہوئے امیروں سے ملوں
ہے حبیب اونکو بہت دلکو ہماری تشویش

عاشقونکو ترے ہر حال میں دیکھا بشاش — رات دن گل کی طرح رہتا ہے چہرہ بشاش
بزم عشرت کی نہ دو دوستو تکلیف عبث — دل اگر خستہ ہوں کروگے مجھے تم کیا بشاش
راتکو خواب میں شاید ترا دیکھا ہے جمال — صبح سے آج ہی کچھ عاشق شیدا بشاش
شاق ہے صحبت ناجنس گوارا عزلت — اپنی اشغال میں تنہا رہتا ہوں تنہا بشاش
آمد موسم گل کی خبر آئی شاید — نظر آتی ہے ذرا بلبل شیدا بشاش
پاکے وحشی ہمیں ناجنس بھی ہمجنس بنے — دیکھکر ہونے لگے آہو سے کم تر بشاش
ق ہند میں چھایا ہے عسرت سے اوداسی کا سماں — سو میں دو چار کو بھی ہمنے نہ پایا بشاش
۲ ساری قوموں سے مسلمانوں کی حالت ہے تباہ — یہ تو ہیں دیکھ کے اپنوں کا بگڑنا بشاش
۳ دال روٹی جنھیں ملتی ہے ابھی تھوڑی سی — اونکو رکھتا نہیں دن رات کا جھگڑا بشاش
۴ فکر ہر وقت یہ ہے قتل ہوں سب خویش و عزیز — گل چراغ اونکے ہوں تب دل ہو ہمارا بشاش
۵ خوش ہیں یہاں حضرت محبوب کے سایہ میں حبیب — اوسجگہ ہوتا اگر تو بھی نہ رہتا بشاش

ردیف صاد مہملہ

میں نے کہا اوس شوخ سے میں ہوں کہاں نہیں دشنام حریص
چھیڑ تو دیکھو اوسدن سے رکھا ہے میرا نام حریص

وصفِ قناعت ہو نہ اگر انسان ہنین ہوتا مستغنی
خواہش دل سے دہر مین اکثر رہتے ہین ناکام حریص

چپکا بیٹھا دیکھ کے مجکو اون سے کسینے گر پوچھا
بولے وحشی نام ہے اسکا اور لقب بدنام حریص

دولت زر کی خواہش مین عزت بھی کھو بیٹھا غافل
پہلے نہ کچھ آغاز کا اپنے سوچا تو انجام حریص

تیرے مقدر مین جو تہا کیون اوس سے زیادہ دیتا وہ
غیر کا حصّہ گر نہ ملا رازق کو نہ کر بدنام حریص

ساتھ بدونکے نیکی کرنا باطل کی تائید سمجھ
فیض کی خو بدخو مین نہین کیا دیگا تجھے انعام حریص

ظرف مرا کیا دیکھے گا کر دونگا ساقی خم خالی
مین ہون حریص بادہ اور بادہ کا ہے میرا جام حریص

دل مین بتون کی الفت ہے اور لب پر زاہد نام خدا
دیر کا عزم کیا اور باندہا کعبہ مین کیون احرام حریص

جنس قناعت ہاتھ سے کہو کر کے تو نے دریوزہ گری
ناحق فکر لاحاصل مین کہوئی عمر تمام حریص

گیسو و رخ کے عالم سے ہین مہر و انجم شرمندہ
کسب جمال یار کے دیکھے ہمنے صبح و شام حریص

نقد دل و دین کہو کر لی کیون جنس محبت تو نے حبیب

داغ کہن کافی تھے بنا دیوانہ دیکر دام حریص

عرض کرتا ہون کبھی جا کے جب اپنا اخلاص		کہتے ہین وہ مجھے بہاتا نہین ایسا اخلاص
جان تازہ ہوئی پھر دیکھکے اونکا اخلاص		بنگیا درد کدورت کا مسیحا اخلاص
لیکے دل آپ ہوئے دشمن جان عاشق		واہ اچھا ہی یہہ دنیا سے نرالا اخلاص
جو برے وقت مین دی ساتھہ اوسے سمجھو دوست		یون تو لکھتے ہین سبھی خط مین سراپا اخلاص
کیا مزہ ملتا ہے اس تفرقہ پردازی مین		ای فلک تجھکو کبھی کیا خوش آیا اخلاص
جسطرف دیکھیے پھیلا ہے وبا بنکے نفاق	ق ١	اہل اسلام مین ہے صورت عنقا اخلاص
آجکل جوش مین ہے بغض و حسد کا دریا	٢	نہین تنکے کی طرح بھی نظر آتا اخلاص
بچکے طوفان سے نکلجاتا تہا سیدہا یہ جہاز	٣	ناخدا بنکے اگر مارتا کھیوا اخلاص
عام چرچا ہے ضرورت کی ملاقاتون کا	ق ١	شاذ و نادر ہی ہوا کرتا ہے سچا اخلاص
جتنے باوضع ہین ہی اون کی مخالف یہ روش	٢	لطف خلت مین ہے کس کام کا جہوٹا اخلاص

بس زبانون ہی پہ باقی ہین یہہ الفاظ حبیب
کرم و مہر و وفا لطف و مدارا اخلاص

دل کو ہین مرغوب اوس بت کی ادائین خاص خاص	کم نہین الطاف سے جسکی جفائین خاص خاص
سینہ و سر پہلو و قلب و جگر موجود ہین	ڈھونڈھ لو نا اے الفت و درد ان ہین جائین خاص خاص
آہ عاشق نغمہ معشوق شور عندلیب	بس موثر رہگئی ہین یہ صدائین خاص خاص
ہو نہین سکتا کبھی اسلام کا بیڑا تباہ	روکے ہین خیر خلایق کی دعائین خاص خاص
وقت طوفان بادبان کشتی امت ہین	ایسی بھی اس کار گہہ مین ہین ردائین خاص خاص
عام لوگون کی ہین اکثر جا و بیجا خواہشین	کیون نہ پھر مقبول باری ہون دعائین خاص خاص

خلق پر یکسان ہے جبر سرد و گرم روزگار
معتدل ہین باغ عالم کی ہوائین خاص خاص

آدمی جبتک نہ بخشین گر نہ بخشے گا خدا
ہوتی ہین ایسی ہی ای غافل خطائین خاص خاص

کون ہوگا چارہ ساز خلق تجھسا اے کریم
خاص خاص امراض کی رکہین دوائین خاص خاص

بات پر مرتا ہے کوئی اپنے دلبر پر کوئی
جیسے جی دیکھا ای اہل ہین یہ قضائین خاص خاص

نیکنامی جنسے دنیا مین ہو عقبی مین نجات
ہین ہمارے واسطے ایسی دعائین خاص خاص

التجا انکا وقت عز طرار رنج و راحت سے جلیب
شکر رب تجھکو شکل مین پیش آئین خاص خاص

سب کی صورت جدا ہے سیرت خاص
ہر بشر کی ہے ایک حالت خاص

دولت و مال کی ہے وقعت عام
اور علم و ہنر کی عزت خاص

باپ کی بات کب ہے بیٹے مین
ہے ہر ایک شخص کی وجاہت خاص

ذرہ و آفتاب کی ہے مثال
ساتھ تیرے ہے مجکو نسبت خاص

عام اشغال ہین نہ فرق آ سکے
چاہیئے وقت عیش و عشرت خاص

تمکو میرا خیال ہو کہ نہ ہو
ہے مجھے تمسے اک محبت خاص

وصل مین پوچھئے نہ ہجر کا حال
چاہیئے اسکو وقت فرصت خاص

ہون سراپا گناہ اے معبود
مجھپہ کر اک نگاہ رحمت خاص

ظلم کے بعد معذرت کرنا
ہے یہ اہل ستم کی عادت خاص

رہے ہر لحظہ دل مین دوست کی یاد
غالباً ہے یہی عبادت خاص

کیون نہ اہل مذاق خوش ہون حبیب
ہے سخن مین ترے حلاوت خاص

ردیف ضاد معجمہ

نقاب الٹی صبا نے دیکھو بہار گیسو جمال عارض
ہوا ہے غصہ سے لال چہرہ ہین مار گیسو وبال عارض

خراش ناخن ہے رخنہ میرے تو خاک صحرا کی سر پہ ڈرے
نشان ہین فرقت مین سوز دل کے شرار گیسو ہلال عارض

شراب پیکر وہ ہین خرامان بنا ہے مہ رشک مہر تابان
سبب ہے گھر اسکے نہین دیدنی انتظار گیسو جلال عارض

بڑہی ہے پیری مین ناتوانی سحر سے ہولی شب جوانی
زوال ہے تو تو نکو سمجھی ہین مار گیسو کمال عارض

زبان سے پیچیدہ مو قلم کی کہنچی نہ تصویر اوس صنم کی
محال سمجہا ہے تاب رخ سے قب دار گیسو مثال عارض

وہ رخ سے زلفین ہٹا کے بولا پہنچینگے دل اس کمند کیا
چھپی ہین آنکھین کہ ہو گئے ہین شکار گیسو غزال عارض

کہینگے سب جب کہلیگا جوڑا کہ مشک حرم تم سے بسا
خوشی سے لیلاے شب کرینگی نثار گیسو جمال عارض

چمن وہ دکھلاے داغ سودا کہ مشرق مہر ہو سر اپنا
قیامت آئی اگر کرے دلفگار گیسو خیال عارض

کہین کے واللیل اوسے مسلمان تو اسکو سمجہین گے مثل قرآن

جہان مین ہے یا رسول یکسان وقار گیسو کمال عارض
رقیب نے وان ملا جو غازہ اثر ہوا اوسکا مجھپہ اتنا
کہ دشت غربت مین چاہتا تہا غبار گیسو وصال عارض
حبیب ہین نکتہ سنج بیٹھے پڑیگی تو تیرا امتحان ہی
زبان و قصد سخن کو بس ہے ثنا۔ گیسو مثال عارض

ہر ایک رکہتا ہے تحصیل مدعا سے غرض
ہمین وفا سے غرض ہی اونہین جفا سی غرض

وہ بیغرض ہین نہین ہے فقط خدا سی غرض
وگرنہ رہتی ہے لوگونکو اغنیا سے غرض

ہے سلطنت یہی گر نفس مطمئن ہو جاے
رہے نہ بیم سے مطلب نہ کچھ رجا سی غرض

مطیع حاکم جابر کا تھا مدام ایدل
تجھے کہان رہی خوشنودی خدا سے غرض

کسیطرح سے ہو حجت تمام بندون پہ
خدا کی تہی یہی ترسیل انبیا سے غرض

رہین وہ خوش ہین دارین مین ہی جنسے کام
کبھی نہین ہے کسی غیر کی دلا سے غرض

حصول کیا کہین سحبان وقت گر نا فہم
رجال فن جو ہین ہے اونکی واہ واسی غرض

مدام دلسے ہے اللہ پر نظر جن کی
اونہین کبھی نہین ہوتی ہے ماسوا سی غرض

نوای بلبل دستان ہو یا ہو نغمہ ساز
کرے جو دلپہ اثر ہے اوسی صدا سی غرض

ترے سحاب کرم کے اُمیدوار ہین ہم
ہنو گی اور نہ ہے سایۂ ہما سے غرض

حبیب خود ترا مالک غنی کریگا تجھے
رکھہ اوسکا دست نگر بنکے التجا سے غرض

کیا کسی درمان سے جائیگا مرض
دل کو میرے ہے محبت کا مرض

کردیا جب آپنے تیمار کم
بڑھ گیا بیمار فرقت کا مرض

چارہ سازی بھی اوسکے ہاتھ ہے
جسنے صحت مین کیا پیدا مرض

آ گئے تم سنکے میرا غیر حال
اب بھلا چنگا ہون مین کیسا مرض

سلب کردیتی ہے حسن امتیاز
ہے ضرورت بھی وہ جانفرسا مرض

نکلے حیلہ موت کا آتا ہے جب
دم رہے جب تک نہین جاتا مرض

جیسا آزار حسد ہے لا علاج
خلق مین مہلک نہین ایسا مرض

سب اطبا عشق کو سمجھے جنون
تھی غلط تشخیص کیا گھٹتا مرض

مے کا عادی تھا جوانی سی حبیب
ہو گیا پیری مین وہ چسکا مرض

ردیف طاء مہملہ

جتنے سنجیدہ ہین اون سبکا ہے جوہر احتیاط
رات دن کانٹو نسے کرتے ہین گل تر احتیاط

راز الفت ہجر کی سختی سے چھپ سکتا نہین
دیکھئے اب ہے مری امکان سی باہر احتیاط

ساتھ اشکونکی ملے کتنے ہی ارمان خاک مین
ہو سکی تجھسے نکچھ اے دیدہ تر احتیاط

جسکو یہ حاصل ہو وہ کیونکر نہو ہر دلعزیز
شاہد رعنا امانت سے ہے تو زیور احتیاط

سچ ہے جلتے ہین پرندونکی بھی پر گر خوف ہو
نامہ لیجانے مین کرتے ہین کبوتر احتیاط

رہ چکا پہلو مین جسکے مدتون دلکی طرح
اوس سے ملنے مین ہے اب کیون اے ستمگر احتیاط

راستی مسلک کیسکی سامنے جھکتے نہین
کرتے ہین ملنے مین بھی مثل صنوبر احتیاط

آ گئی سر پر اجل جب چارہ سازی ہی عبث
رکھتی ہے بے احتیاطی کا اثر ہر احتیاط

صورت کبریت احمر کم ہین ایسے رازدار
جو کرین کہنے مین مثل کیمیا گر احتیاط

پاس توبہ کرتی کرتی آ گئی واعظ بہار
اب نہین ممکن ہو مجھسے بندہ پرور احتیاط

ہی ہی صحبت تسلسل دور کا توڑو حبیب
ایسے موقع پر کیا کرتے ہین اکثر احتیاط

ہم جو سوچے تھے وہ سب ٹھہرا غلط
کیسے قسمت کا لکھا ہوتا غلط

تھی بناوٹ کی نہ میری دوستی
دشمنون نے تمکو سمجھا یا غلط

ہو گیا آج اونکی باتون سے یقین
ہے مقرر وعدۂ فردا غلط

کیون کہا شیشہ نے قلقل ساقیا
کہگیا مین کیا کوئی جملہ غلط

جو کہے میرا عدو سمجھو اوسے
افترا بہتان سر تا پا غلط

پیش آیا وہ نہ تھا جسکا خیال
ہو گیا لو تکدمہ سارا غلط

تختۂ مشق اونکا ہے پیمان وفا
جابجا املا غلط انشا غلط

ہر خطا سے منفعل ہونا پڑا
ٹھہرے سب ابواب استغنا غلط

خود غرض ہین صاف کہنے سے خفا
ہوتے خوش گر کچھ کہا ہوتا غلط

یہہ کسر رکھی دیا بھی گر جواب
خط پہ صاحب نے پتہ لکھا غلط

خط قسمت مین چلے کیونکر یہہ عذر
مشتبہ املا تھا یا انشا غلط

وجہ آمرزش ہوا خوف گناہ
نامۂ اعمال سب ٹھہرا غلط

عاشق صادق یہ سمجھین کسطرح
آپ جو کہتے ہین وہ ہوگا غلط

مین پھنسا آفت مین اپنے ہاتھ سے
کیون زمانے کا کرون شکوہ غلط

عاشق صادق کا ہون کہوانا زبان
گر کبھی نکلے مرا کہنا غلط

آپکا عاشق ہون سودائی نہین
سچ ہے تھوڑا قول یہ تھوڑا غلط

میری بیتابی کو باور کیجیے
ہوگا کیونکر ہجر کا صدمہ غلط

آجکل کی حاکم جابر حبیب
کرتے ہین انصاف کا دعویٰ غلط

سچ کہون ہوتا ہے مجکو شاق ایسا اختلاط	چھوڑدو صاحب نہین غیرون سے اچھا اختلاط
رنج کا گھر ہے ہنسی جب دلکو گذری ناگوار	نبھ نہین سکتا کبھی حد سے زیادہ اختلاط
مار لینگے لوگ ہردم چھیڑتے ہو کیون ہمین	راز الفت کو کہین کردے نہ افشا اختلاط
کردئے دلچسپ باتون نے تمہاری غم غلط	ہو گیا ہے وحشت دل کا مداوا اختلاط
دیکے دہوکا دل کا لے لینا او نہین مقصود تھا	اب کہان مجھسے غرض کا تھا وہ سارا اختلاط
مسکرا کے بات کی تھی اوسکا پایا یہ جواب	یاد رکہین آپ میری پند ہے بیجا اختلاط

دل لگے بہلانیکو کافی ہو گا پیری مین حبیب
یاد کرلینا حسینون کا وہ اگلا اختلاط

بڑھ گیا ہے آجکل اونسے کچھ ایسا ربط ضبط	دل سے رکھی کسطرح داغ تمنا ربط ضبط
نشہ اوترا آکے پھر حایل ہوئے شرم و حجاب	خوب بڑھ جاتا ہے وقت دور صہبا ربط ضبط
منصب اعلیٰ کی نخوت اب ہے جن احباب مین	کیون دلائین یاد ہم اونکو وہ اگلا ربط ضبط
لطف گھٹ جاتا ہے برسون جب ملاقاتین نہون	روز کے ملنے سے ہوتا ہے زیادہ ربط ضبط
کرلیا ہے ہمنے ایسا جلد اوس کافر کو رام	کہتے ہین حیرت سے سب کیونکر بڑھایا ربط ضبط
کچھ نہین جس شخص مین تالیف کی قوت نہو	چلتے پرزے سب سے کرلیتے ہین پیدا ربط ضبط

دوستی ہمکو بناوٹ کی نہین آتی حبیب
ہے فراق اوتنا گران تھا جس سے جتنا ربط ضبط

یون عالم بقا کو ہے بحر فنا محیط	مرکز پہ اپنے جیسے ہو ہر دائرہ محیط

لازم ہے ایسے حسن پہ عبرت بجای ناز
اسوقت جسکے جلوہ پہ ہے آئینہ محیط

ہم یون گھرے ہوئے ہین غم روزگار مین
جیسے ہمارے گرد جہان کی فضا محیط

گو جانتا ہون کر نہین سکتا خدا کو یاد
واعظ ہے مجھپہ اک بت رنگین ادا محیط

جو بات ہی احاطہ عقل بشر سے دور
ہوگا بھلا کسیکا خیال اوسپہ کیا محیط

ہے تیرا نام دلکے نگینہ پہ مرتسم
دلکی ہے مثل حلقہ خاتم دلا محیط

اوس مہر سے ہے جوہر ادراک مین چمک
کسطرح ہوگا بحر پہ قطرہ بھلا محیط

واعظ نہ پاتے وقت ہی رند و شیخ بحث کا
رہتا اگر نہ دل پہ غم ماسوا محیط

قابو سکون پہ نہ حرکت پر ہے اختیار
ہر وقت بحر و بر پہ ہے حکم قضا محیط

اوٹھتا ہے چار سمت سی غل الرحیل کا
ہر صبح دور چرخ مین ہے یہ صدا محیط

دنیا کی کچھ ہوس تھی جو انمین ای حبیب
اب آرزو ہے دل ہو یاد خدا محیط

ردیف ظاے معجمہ

جو کہا تو نے سن لیا واعظ
بس خدارا نہ اب ستا واعظ

اس نصیحت سے فائدہ واعظ
رند ہونگے نہ پارسا واعظ

موسم گل مین ترک مے کیا خوب
مین نہین تجھسا پارسا واعظ

جب کہ وحدت ہے باعث کثرت
ایک ہے سبکا راستا واعظ

بیخودی اس خودی سے بہتر ہے
ہمکو سمجھا رہا ہے کیا واعظ

ہاتھ ساقی سے کرچکے بیعت
بس جو ہونا تھا ہوگیا واعظ

درد بدلے نماز کے ہے نیاز
تا قضا ہے یہی ادا واعظ

ہمنے پی مے سرور مین آئے
خوب بک جہک کے اوٹہگیا واعظ

تو ہمارا جواب دار نہین
کرنے دے جو کرے خدا واعظ

تہا جو کل تک حریف رندون کا
آج کی توبہ بسنگیا واعظ

نہ کہو کچھ ڈرو خدا سے حبیب
ہے حقیقت مین رہنما واعظ

قطع ہوتا ہے اسطرح بیان واعظ
ایک ہی بات مین ہو بند زبان واعظ

طرفہ آفت مین پہنسی آتے ہی جان واعظ
کون میخانہ مین تہا مرتبہ دان واعظ

کیون نہ مینائے مے ناب پٹکدون سر پر
عیش جب تلخ ہو سن سنکے بیان واعظ

اسطرح پند ونصیحت کی اوٹہائی تمہید
آج ساقی پہ ہوا مجکو گمان واعظ

تیزی بادہ کجا تلخی گفتار کجا
کند ہے نشتر ساقی سے سنان واعظ

فصل گل آتے ہی میخانہ مین اک بہیڑ ہوئی
نہ سنی ایک بہی رندون نے فغان واعظ

پہر در پیر خرابات پہ بیٹہا ہے حبیب
یہ تو آیا تہا ابہی سنکے بیان واعظ

اے جان کچھ تو چاہیئے عشاق کا لحاظ
تمنے کیا کبھی نہ ہمارا ذرا لحاظ

اخلاق ہی بدل گئے خرد و بزرگ کے
کوئی کرے گا اگلے ضوابط کا کیا لحاظ

کیونکر نباہون رہ کے مسلمان بتون کا عشق
اسکا جدا لحاظ ہے اوسکا جدا لحاظ

اونکی ہر ایک حال مین ہے عاقبت بخیر
کہتے ہین جو مآل کا حد سے سوا لحاظ

دونون خفیف ہونگے نہ آپس کی بحث مین
کرنے لگے ہین رندونکا اب پارسا لحاظ

ہو اونکے وقت بد مین بہلا کوئی کیا شریک
اورونکے درد دل کا نہ جنکو رہا لحاظ

دل ابتدا سے خوگر آغوش ناز ہے
اسکا رہے حضور بر اے خدا لحاظ

سمجھا گیا جہان مین بد وضع و خود غرض
مطلب کا اپنے جسنے ہمیشہ رکھا لحاظ

مرغوب دل ہے راوق صہبا و حسن یار
خذ ما صفا کا ہے ہمین واعظ بڑا لحاظ

منہ سے نہ کچھ کہا مرے بیجا سوال پر
کیا جانے ہو گئے ہین وہ چپ کر کے کیا لحاظ

سینہ فگار کر دیا نالون کے ضبط نے
برہم مزاج یار نہو اسکا تھا لحاظ

دور جمال و مال نمود حباب ہے
اسکا ضرور چاہیئے اے خود نما لحاظ

اپنی طرف سے شر کی نہ ہو ابتدا حبیب
جب اوسطرف سے چھیڑ ہے پھر تمکو کیا لحاظ

کہین رفیق بڑے وقت مین خدا حافظ
معین غربت و کربت تو ہے مرا حافظ

مرے جہاز کا بھی ہے وہ ناخدا حافظ
جو پہلے نوح کی کشتی کا رہ چکا حافظ

بلا سے جان بچائیگی تا بمدت عمر
ہر ایک حال مین انسان کی ہو قضا حافظ

کہین ہون عاشق مضطر رہینگے یاد مین محو
تمہاری مصحف رخ کے ہین جا بجا حافظ

جواب صاف ملا مہربان پڑا جب کام
اگر یہی ہے مروت تو بس خدا حافظ

مدد کریگا مری وہ جو دشت ارجن مین
بنا تھا شیر سے سلمان کی جان کا حافظ

سخن کو اسکی آلہی ملے وہ حسن قبول
حبیب کو کہین احباب دوسرا حافظ

ردیف عین مہملہ

ہوا اگر رزق کی وسعت کو ہے قسمت مانع
میری ہمت کو بھلا ہو تو فلاکت مانع

محفل یار سے اوٹھنے کا ارادہ تھا مگر
غیر کو آتے جو دیکھا ہوئی جرات مانع

اہل ثروت سے ملاقات کی ٹھہری کیونکر
ہمکو روکے ہے قناعت اونہین دولت مانع

قید وحشت مین حراست کا عمل ناقص ہے
رخ کرون وحشت کا گر مین نہین ہدت مانع

دیکھ اے دیدۂ خونبار فسون سازی کر
جانیوالے ہین وہ ہوتی نہین منت مانع

آدمی ہم بھی ہین زاہد نہ سمجھ دل مین ذلیل
قہر حق کو نہین شیطان کی طاعت مانع

اوسکی رسوائیکا ڈر ہے مری بدنامی مین
میری ذلت کو ہوئی یار کی عزت مانع

ابھی کٹ جاتی تھی گردن مری آسانی سے
دست قاتل کو جو ہوتی نہ نزاکت مانع

وضع داری کہو یا اسکو توکل سمجھو
ہاتھ پھیلانیکو ہو جاتی ہے غیرت مانع

سوز پنہان مرے چپ ہی سی کیا خاک چھپے
رازداریکو ہے آنسو کی شرارت مانع

گھر کو زندان سمجھکر نہین رکھتا ہون قدم
ہاے دربان کی طرح ہے مجھی وحشت مانع

دید کا حکم تو ہو وعدہ کا دن آئے تو
ہمکو کیا ہوگا بھلا ہول قیامت مانع

اک غزل اور اسی طرح مین پڑھتا ہون حبیب
ہے خموشی کو مری طبع کی جودت مانع

بے حجابی کو ہے وان حسن کی شہرت مانع
اور یہان ضبط و تحمل کو محبت مانع

میر کا رنگ حقیقت ہو تو ناسخ کی زبان
ہو بلاغت کو سخن کی نہ فصاحت مانع

اونکی آنکھون مین بہر شکل ہے جلوہ تیرا
اہل وحدت کو نہین ہوتی ہے کثرت مانع

مین خطاکار ہون تو غافر و تواب و رحیم
تیری عادت کو نہوگی مری عادت مانع

اب سمائی نہین آنکھون مین کیسکی صورت
دخل اغیار کو ہے یار کی خلوت مانع

یار کے سامنے کیا شکوہ بیداد کرون
صورت آئینہ ہو جاتی ہے حیرت مانع

دل تڑپتا رہا تم آئے دم نزع تو کیا
دیکھنے سے بھی ہوئی آنکھونکو غفلت مانع

دم نکلتا نہین آنکھون مین ہی جان مشتاق
دیکھلی ہے ترے دیدار کی حسرت مانع

شام سے صبح ہوئی قصۂ غم کہنے مین
اونکو جانے سے ہی ذکر شب فرقت مانع

ساقیا آج لوٹا وے ہمین منہ پڑتا ہے
یہان سے اوٹھنے کو ہی اللہ کی رحمت مانع

دل مین تھا شکوہ بیداد کرون اونسے مگر
ہوگئی پہر وہی کمبخت مروت مانع

حسن و دولت کیلئے چاہیئے اخلاق و کرم
ورنہ رسوائی کو ہوگی نہ وجاہت مانع

فاقہ مستی کے مکافات سے کیا خاک ڈرون
داور حشر کو خود ہوگی عدالت مانع

آج ہی اونکو منا لائین وگرنہ گل تک
ہوگی جانیکو نہ جانے کی خجالت مانع

پردہ داری کی اگر قید نہوتی تو حبیب
کون تہا جامہ دری کو دم وحشت مانع

ردیف غین معجمہ

ہے خیال خال عارض مین دل دیوانہ داغ
شکل طاوس چمن رقصان ہی بیتابانہ داغ

عشق کے صدمے مین تاریکی مرقد سی بچے
صبح محشر تک جلا مثل چراغ خانہ داغ

ای حریم دل کے محرم تو نے روشن کردیا
کیون نہ بنجائے نشان سجدۂ شکرانہ داغ

دست موسیٰ کے لئے آخر یہ بیضا بنا
نقش صورت گر سے رہتا کسطرح بیگانہ داغ

فقر مین باقی رہی شان شرافت شکر ہے
جامہ اصلی پہ گر پڑتا تو پہر مٹتا نہ داغ

عشق کی دن چل بسے دل بجھگیا گذرا شباب
ہے جگر پر یادگار الفت جانانہ داغ

طالب ظل ہما کب ہین ترے در کی گدا
ہے سر سودازدہ پر افسر شاہانہ داغ

عمر بھر مثل خط تقدیر مٹتا ہی نہین
عاشقون کے دلسے رکھتا ہی مگر یارانہ داغ

ہمسے چہٹے کے تھے مرے دلکی رفیق و آشنا
درد فرقت رنج غربت آہ بیتابانہ داغ

فصل گل نے آگ بھڑکائی فراق یار مین
بنگیا ہے سینۂ عاشق پہ آتشخانہ داغ

کون زخم خنجر ابرو کا شاہد تھا حبیب
ہار جاتے تم کلیجہ پر اگر ہوتا نہ داغ

غیر کا سینہ ہے جب سنکر مرا افسانہ داغ
غور کیجئے دلپہ ہونگے ہجر کے کیا کیا نہ داغ

ہونگے کیا خمخانۂ الفت مین یہ میرے حریف
حاسد و نکے دلپہ دیگی گردش پیمانہ داغ

نشہ مین پہوڑا تہا اکدن خشت خم سی سینے سر
مے چہٹی لیکن نہین مٹتا ہے یہ مستانہ داغ

لالۂ خودرو پہ کرا ے شوخ صید افگن نظر
ہے یہہ پابوسی کی حسرت مین دل ویرانہ داغ

افعی گیسو کے چھوتے ہی چڑہا آفت کا زہر
ہوگیا ٹکڑے میرا سر اور سراپا شانہ داغ

کسطرح جمتا بہلا رنگ رقیب بوالہوس
ساتھہ میرے لاکھہ گل کہائی کبھی ابھرا نہ داغ

یاس ملنے سے ہوئی مشق تصور چہٹ گئی
ایقلم اب تیری منزل کا ہے صاحب خانہ داغ

چلتے چلتے دے کوئی چرکا اسے ای تندخو
آرزو مین کہا ئے پیہم کیون ترا دیوانہ داغ

چہیڑ رندو نسے نکر واعظ کہین ایسا نہو
پارسائی پر لگا ئے جلسۂ میخانہ داغ

ہے ازل سے جوش عشق ساقی کوثر مجھے
دلپہ ہے ہمصورت مہر خم خمخانہ داغ

کم نہوئی حشر تک سوزش جگر کی ای حبیب
بنگی میری آنکھہ سے آنسو اگر گرتا نہ داغ

عشق شور انگیز نے مختل کیا کب کا دماغ
ناز تہا جسپر نہ وہ دل ہے نہ وہ میرا دماغ

لن ترانی سادہ پن کے دیکھنے والون سی کیون
یہ تو کہیے کسکی صحبت مین کیا پیدا دماغ

اثم میخواری کو واعظ دخل خاصیت مین کیا
بحث بیجا سے پریشان ہوگیا میرا دماغ

تیری سودائی کا ہوگا کیا مسیحا سے علاج
چرخ چارم پر ہین وہ ہے عرش پر اسکا دماغ

کبریائی کی صفت زیبا ہے پھر بے نیاز
جو نسمجھے عقل سے خالی سمجھ اوسکا دماغ

راتدن رہتا ہے چشم مست جاناں کا خیال
بنگیا ہے بادۂ گلرنگ کا شیشا دماغ

اک نفس کی آمد و شد پر ہے جبکی ہست و بود
ہے تعجب گر کرے وہ خاک کا پتلا دماغ

کیا مفرح ہین ترے عناب لب سیب ذقن
بوسے جبکی عاشق بیدل کا ہی تازہ دماغ

دیکھتا ہی رہے قسم چاہے کوئی سر پہوڑ لے
اسقدر اچھا نہین ای شوخ بے پروا دماغ

کھچ گئے وہ جب بڑہین عشاق کی بدنامیان
ہوگیا ہے اور سنکر حسن کا شہرہ دماغ

آرہی ہے پھر شمیم کاکل جانان حبیب
شام سے ہے نافۂ مشک ختن میرا دماغ

پرتو خورشید سے پاتا ہے ہر ذرہ فروغ
بے تری تائید کے ہوگا کسیکو کیا فروغ

آگ سی رہتی ہے ہر دم میری دل مین مشتعل
جب سی دیکھا ہی تمہاری مہر عارض کا فروغ

ہوتے ہین سب شاد سنکر شہرت اہل کمال
ہر نظر مین خار ہے جاہل نے گر پایا فروغ

حق نہ چھپے بے حقیقت بات کو گر ہو ثبات
پا نہین سکتا زمانے مین دروغ اصلا فروغ

شمع شبکو زیب محفل تھی سحر کو ہے خموش
کل کی حالت کو وہ سوچے آج ہی جسکا فروغ

دے ترقی علم و فن کو پا کے دنیا مین عروج
لطف یہ ہے ہو نجائے وجہ استغنا فروغ

ہے زوال عمر پر ہر دم تاسف ای حبیب
ہم بھی کچھ کرتے جوانی مین اگر ملتا فروغ

ردیف فا

کھینچتی ہی دلکو خاک کوئی دلبر اکطرف
اور لئے جاتا ہے چرخ کینہ پرور اکطرف

کھلگیا ناکامیون سے ہی سبب دوسرا
گوشہ نشین سب اکطرف ہین اور مقدر اکطرف

یاد مژگان مین کسی پہلو قرار آتا نہین
خار حسرت اکطرف ہین غم کے نشتر اکطرف

سہل ہے فکر بقاے نام ہو یا ذکر حق
گر ٹھہرنے دے ہمین قسمت کا چکر اکطرف

دم بخود ہے دیکھکر بیمار کو تیرے طبیب
سچ مین بیٹھا ہوا ہے خم کئے سر اکطرف

اکطرف ہے آفت جان تیر ابروے دلفریب
ناز و انداز و اداے حور پیکر اکطرف

حکم دے اب ہون مین ہر جانب سی دل برداشتہ
تیرے کوچہ مین لگا لون اپنا بستر اکطرف

ہو گیا غائب پری بنکر ہمارا خط شوق
ڈہونڈہتا قاصد چلا یکسو کبوتر اکطرف

ہو گا کب تک امتحان برش تیغ نگاہ
دیکہلو انبار ہین تن اکطرف سر اکطرف

تفرقہ پردازیان غیرون کی ملنے سی کہلین
تم خفا تہے اکطرف اور ہم مکدر اکطرف

ڈہونڈہتی ہین تجکو آنکہین دلمین ہی تیرا خیال
دیکہتا پھرتا ہون گہبرایا ہوا ہر اکطرف

قبر عاشق سے عیان ہے سوزش داغ جگر
دیکہئے مرجہا گئی پہولونکی چادر اکطرف

کیا ہوا کسپر طبیعت آگئی بولو طبیب
دور کیون بیٹھے ہو رکھے ہاتھ دلپر اکطرف

بے سبب کوئی اوٹھائیگا بہلا کیا تکلیف
دلکو ہوتی ہے محبت مین گوارا تکلیف

طبع آزاد کو تہے کب یہ علایق موزون
کی ہے خود اپنے لئے مینے مہیا تکلیف

ہو نہ سکتا تری بیمار محبت کا علاج
کبھی بالفرض جو کرتے بھی مسیحا تکلیف

دوستون سے کہون کیا حال پریشان اپنا
شاق ہوتا ہے کسی شخص کو دینا تکلیف

عقل جب تک نہین ہی غیر مکلف انسان
گر خدا عقل نہ دیتا تو نہ دیتا تکلیف

بعد سختی کے ہر ایک چیز مین ہے آسانی
دور کیا گر ہو فراغت کا وسیلہ تکلیف

ہمسے رندونکو ہے بے سود نصیحت واعظ
اب نہ فرمائیگا آپ دوبارا تکلیف

لطف آتا ہی نہین دلکو کسی صحبت مین | لوگ دیتے ہین مجھے کسلیئے بیجا تکلیف

منتقم لیتا جو ظالم سے عیوض دنیا مین | تو کوئی یون نہ کسی شخص کو دیتا تکلیف

چلدیا عیش و مسرت کا زمانہ جیسے | ایکدن یوہین گذر جائیگی ایذا تکلیف

سچے ہمدرد ہین وہ لوگ جو اورونکے لیئے | بے کسی جبر کے کرتے ہین گوارا تکلیف

نہین انجام ہے مستی کا بجز رنج خمار | عیش بیجا کا نتیجہ ہے زیادہ تکلیف

ابتدا ہی سے جو عادی رہے محنت کی حبیب
ہے مساوات فراغت ہو اونہین یا تکلیف

امید جینے کی ہر لحظہ مہربان سے ہے ضعیف | کہ بار غم تو گران جان ناتوان ہی ضعیف

کبھی اوٹھے گا نہ بار ملال عاشق سے | رہے خیال کہ یہ مشت استخوان ہی ضعیف

قضا کا پنجہ زور آزما کبھی نہ پھرا | مثال پیر اسیجا ہر اک جوان ہی ضعیف

اونہین کی طرح سے ہو رہا ہی عدم تو بھی | دل حزین ہما اے یاد رفتگان ہی ضعیف

خلاف ہے رہ مہر و وفا کی تند روی | نہ آسکیگا جو اسے اہل کاروان ہی ضعیف

وہی جوان گئے پہلے جو ہنسکے کہتے تھے | سرائے دہر مین کچھ روز میہمان ہی ضعیف

بہار آئی ہے آجائیگی توانائی | ابھی سکت نہین بلبل مین باغبان ہی ضعیف

نہ چھیڑ نغمہ ساز نشاط اے مطرب | دماغ عاشق مہجور ناتوان ہے ضعیف

حبیب نقد معانی خیال سے لیلو
نہین امید تحفظ نگاہبان ہے ضعیف

عکس رخ پڑتے ہی نامہ سی اوڑیگی حرف حرف | سرد مہری سے تری ہنگئی کیا برف کی حرف

الف و لام تو لا کو پڑھا لا سے نفی | اوڑ لئے اوسنے مری قسمت کیطرح صرف کی حرف

قابل دید ہے تاثیر سیہ بختی کی
کالی ہو جاتی ہین خط مین مری شنجرف کے حرف

ہے خبر پیر مغان کو مری ہر حالت کی
آسکیگا نہ بر اسکے کہنے سے کم ظرف کے حرف

لام گیسو ہین الف یار کی بینی ہے حبیب
دیدئے کاتب قدرت نے اوسے حرف کی حرف

ردیف قاف

یہ دل سپند ہی مجمر مین نا سحاب مین برق
سکون مین ہی گرہ نار اضطراب مین برق

نفس کی آمد و شد جوش سیل آتش ہے
بدن مین روح نہین بند ہے حباب مین برق

یقین ہے آب ہو آئینہ پر تو رخ سے
بنے ہر ایک نگہہ ناز آفتاب مین برق

کہا جو تمنے حنا ملکے بند کی مٹھی
سمٹ کے رہگئی ہے خشت آفتاب مین برق

تمہارے بالون مین اولجھی جو کان کی بجلی
ہوی فلک پہ مسلسل رگ سحاب مین برق

ہماری آہ جگا لائے اونکو چپکے سے
جلاے خرمن امید غیر خواب مین برق

لہو بہائین وہ عشاق چشم میگون کا
بنائین تیغ بجھا کر شراب ناب مین برق

گسستہ تار نظر ابر مردہ ہین آنکھین
کہان ہین اب وہ نگاہین جو تھین شباب مین برق

مین آہ کرتا ہون غیرون سے جب وہ ہنستی ہین
چمکتی جاتی ہے یون برق کے جواب مین برق

کبھی نہین یہہ تڑپ سوز عشق سے خالی
ہماری طرح سے ہے مبتلا عذاب مین برق

ملایا خاک مین ہر آرزو کو دل نے حبیب
یہ اشتعال مین آتش ہی التہاب مین برق

قتل پہر کرنا اسے پہلے پہنا زنجیر و طوق
ڈھونڈھتا ہے تیری وحشی کا گلا زنجیر و طوق

تیر سودائی کا سر زانو سے اوٹھتا ہی نہین
زلف پرخم کا تصور بنگیا زنجیر و طوق

ملکے مہندی یار نے پہنے نہین یہ شوق بند
بنکے آئے ہین پے دزد حنا زنجیر و طوق

جب در زندان گرایا توڑ ڈالین بیڑیان
لائینگی میری جنونکی تاب کیا زنجیر و طوق

سر کو دیوارون سے ٹکرانے کی نوبت آگئی
جوش سودا پھر ہوا حداد لا زنجیر و طوق

آج ساقی تیرے میخوارونکو ہے جنبش محال
چلتے چلتے دور ساغر بنگیا زنجیر و طوق

کیون تن کاہیدہ کی میرے پھڑکتی ہین رگین
کیا ہے اے شوق اسیری کہربا زنجیر و طوق

پہنین گے پھولونکا گہنا آج میٹھا سال ہے
اترے منت بڑہگئی نام خدا زنجیر و طوق

کہتے کہتے ہوگیا دیوانہ تیرا مبتلا
پا بجولان کر اسے اب یا پنہا زنجیر و طوق

یاد تھی سکو وہ اگلے سال کی وحشت مری
فصل گل آتے ہی لائے ہین نیا زنجیر و طوق

چھٹ نہین سکتی گرفتاران الفت سر کبھی
روح کو ہے زلف پیچان کی ہوا زنجیر و طوق

دیکھتے جاؤ اسیران محبت کی طرف
بیزبان ہین پر یہ دیتے ہین صدا زنجیر و طوق

کسجگہ توڑی کہان پہنکی جلیب زار نے
چاہئین پھر ایکجنون جلدی بنا زنجیر و طوق

ردیف کاف تازی

ملا ہے اک نگار نازنین ایسا حسین نازک
فزون جس سے کوئی گل باغ امکان مین نہین نازک

یہی ڈر ہے مکدر ہو نہ جائے سیر گلشن سے
مزاج یار بوئے گل سے ہے اے دل کہین نازک

رگ جانکیطرح ہر دم حفاظت اسکی لازم ہے
زیادہ رشتہ الفت سے کوئی شی نہین نازک

گلا کٹنے کی ہو امید اے شوق شہادت کیا
مقر سخت جان مین دست قاتل بالیقین نازک

مری نازک خیالی کا نکیون شہرہ ہو عالم مین
بندہی ہین بال سے باریک مضمون اور زمین نازک

غضب کا سامنا ہے وہ تو ہے معشوق سنگین دل / سیو اشیشہ سے بھی عاشق کا ہی قلب حزین نازک

شباب آخر ہوا اب ہمکو پاس وضع آفت ہے / کہ ہے اس پیرہن مین حال جیب آستین نازک

سخن میرا ہے یا اک خرمن جنس معانی ہے / غنی بنجائے گر ہو کچھ خیال خوشہ چین نازک

لطافت کسنے پائی اوس پریوشکے پسینہ کی / شمیم گل ہے بار اور بوئے یاسمین نازک

سبب ہے تا ہی صندل دشمنونکی سر گرانی کا / اوٹھا سکتی نہین یہ بار ہرگز ہے جبین نازک

کرون سجدے نکیونکر خشت خم پر جب میسر ہو / مے دوسالہ صحن باغ ساقی نازنین نازک

نہ ذکر ہجر چھیڑو وصل مین بنجائیگی جان پر / ستم دیدہ ہون ہے میرا دل اندوہگین نازک

خیال یار دل مین اور دل بیتاب پہلو مین / سنبھالون مین کسی یارب مکان نازک مکین نازک

حبیب رند مشرب نام حیدر نقش ہے دل پر
تجھے کیا گر ہے منزل سخت وقت واپسین نازک

صد پاش ہو دل تیغ تغافل سے جگر چاک / دیکھو جو ادہر تم تو سئے تار نظر چاک

کچھ راز ہے قاصد مرا خط غیر نہ دیکھے / اچھا ہے اسے پڑھ کے وہ فرمائین اگر چاک

پانی سے ہے اوس تیغ تبسم کے یہ طوفان / دریا مین صدف چاک صدف مین ہے گہر چاک

ہے دید کے قابل دل بسمل کا تماشا / سینہ کو مرے کیجئے بیخوف و خطر چاک

غربت مین سلامت رہین غمخوار ہمارے / خارون نے سیا ہی جو ہوا رخت سفر چاک

دیکھون تری فرقت مین جو مین جانب گلشن / ہو غنچہ نرگس کی طرح دیدہ تر چاک

کرتا ہے کئی دن سے جنون دعوت صحرا / وحشت کا تقاضا ہے گریبان ہی کر چاک

سرشار مے الفت ساقی یہ ہوا شیخ / پیراہن احرام کیا تا بکمر چاک

پڑ جائے اگر عکس مرے داغ جنون کا / ہو صورت ملبوس کتان قرص قمر چاک

اللہ رے بوسیدگی جامہ عسرت
سیتا ہون ادہر مین تو یہ ہوتا ہے ادہر چاک

عاشق کو بلا ہے تری زلفون کا تصور
شانے کی طرح سے ہے جگر آٹھ پہر چاک

ہے بار امانت کے لئے شرط تحمل
صرہ نہ بندہے پہر جو رہے کیسۂ زر چاک

جامہ ترے دیوانے کا آیا ہے پریوش
پہچان تو دامن مین کہان اسکی کدہر چاک

ہے شغل رفو چارہ گری خستہ دلون کی
کرتے نہین ملبوس کہن اہل ہنر چاک

کم ہوگا کسیطرح نہ سودا ہے محبت
جراح کرے گر عوض رگ مرا سر چاک

پہلو سے جو وہ اٹھ گئے بجتے ہی گجر کے
سینے بھی گریبان کیا ہمراہ سحر چاک

اسطرح مین جو زور دکہاتے ہین وہ گویا
کاغذ کی طرح کرتے ہین چٹکی سے سپر چاک

یاد آتے ہین رہ رہ کے مضامین خط شوق
کرتا ہون لفافہ کو ادہر بند ادہر چاک

پہر ہو گیا دیوانہ حبیب جگر افگار
دیکھی جو گلستان مین قبائے گل تر چاک

بڑہا سوز نہان فرقت مین یہان تک
ہوئین سرمہ کے قابل ہڈیان تک

کہین کیا کم ہی اب فرصت یہان تک
دہن مین بھی نہین سکتی زبان تک

نہین آتی ہے مرگ ناگہانی
کراہت ہے تمہاری نیمجان تک

کہان بوسہ کہان دل دیکے لیکن
ہمین دیکھو نہین لاتے زبان تک

سوا تیرے نظر آیا نہ کوئی
نگاہ شوق نے دیکھا جہان تک

رقیبون پر گرا اے آہ بجلی
کمند آسا پہونچکر آسمان تک

کہان کا پیرہن اے دست وحشت
نہین باقی ہین ابتو دہجیان تک

چھٹے گی پہر حبیب اے اہل محشر
پہونچ جائینگے اپنے مہربان تک

چھپین کسطرح اسرار محبت
وہ خود ہو جائینگے قایل وفا کے
نہو مذکور میرا اس گمان سے

بڑی ہین راز جواب راز دان تک
ستم لب تک جفا آخر کہان تک
نہین سنتا تو ظالم داستان تک

حبیب اپنے کرم سے دیگا مالک
وہ آسایش نہو جسکا گمان تک

رشتہ عمر ہے اب تار نظر سے باریک
سوزش داغ ہوئی کم نہ لگی زخم کو ٹھیس
فکر مین ہون کہ یار سے دون مین تشبیہ
چاک ہر صبح وہ ہوتا ہے یہ ہر دم صد پاش
کوچہ عشق مین ایدل نہ ڈگین پاے ثبات
شمع رخ سے وہ الٹتی نہین یہ کہکے نقاب

کہ صدا بھی ہے تپ غم کے اثر سے باریک
تیر تہا کچھ رگ برگ گل تر سے باریک
گر کوئی چیز ملے تار نظر سے باریک
دامن دل ہے گریبان سحر سے باریک
دیکھہ ہی راہ یہہ ہر راہگذر سے باریک
پردے آنکھون کے ہین پروانہ کی پر سے باریک

مال و زر جسپہ لکھا تہا مری قسمت کا حبیب
غالبًا تہا وہ ورق صفحہ زر سے باریک

گذارین اے چرخ سفلہ پرور ملال مین ماہ و سال کب تک
عروج دیگا کبھی تو آخر رہیگا وقت زوال کب تک
بڑھی شب ہجر کی درازی گھٹی سکت نالہ و فغان کی
وہ دیکھینگے ہر خط مین کیا تسلی کہونگا مین اپنا احوال کب تک
بنا تہا فرعون کا جو ثانی بتا کہان ہے وہ حکمرانی
بہلا پڑیگا نہ تجہہ ظالم ہمارے دل کا وبال کب تک

بشر کی خلقت ضعیف ٹھہری کہ تھی عمارت یہ آب و گل کی
رکیگی طوفان مین کیسی مٹی چلیگا جام سفال کب تک

۲ کرو ترقی کی کوئی کوشش ہے اک زمانیکو تمسے کاوش
عبث ہے آپسمین لڑ کے کاہش جواب تاکی سوال کب تک

۳ سنبھالو اسوقت اپنی حالت وگرنہ انجام ہے خجالت
گئی ہے دولت چلی ہے عزت ترقیون کا خیال کب تک

۴ کسی سے اپنے نہین ندامت سرونپہ ہاتہون سی لی ہے آفت
کرو خدارا ذرا تو عبرت ہوگی فکر مال کب تک

۵ مجھ نہین بہائیو تمہین گر تو دوسرونکو بناو رہبر
عیوب مین سب مثال رہکر بنے رہوگے مثال کب تک

سخن پہ مایل ہے ہر طبیعت بڑہا رہی ہے سمجھ بصیرت
بدلتے دیکھی ہے کسنے فطرت ہوگی قدر کمال کب تک

ہے جسکے سر مین غرور و نخوت وہ سے ہے اسیر خودی و غفلت
سوا ہر وقت جب ہے شامت ہوگا پہر پائمال کب تک

ہمیشہ رحمت کا در کھلا ہے عفور ہے تو اب کیہر یا ہے
حبیب توبہ مین دیر کیا ہے یہ ظاہری انفعال کب تک

کی بہت فکر بہت رنج اوٹھایا اب تک	دلکا مطلب یہ کسیطرح بر آیا اب تک
بے خبر جلد ٹھہرتا نہین دل عاشق کا	پہر سے دیوانہ کو سمجہا کے بٹہایا اب تک
فکر راحت مین جوانی گئی پیری آئی	وہ پہر ڈہل گئی اوترا نہین سایہ ابتک

بے نیاز اونسے رہے آپ پہ مرنیوالے
گر لین پوچھ جیتے ہین مسیحا ابتک

چار دن نکے لئے اوس وضع کو کیون ہاتھ سے دین
سختیان جہیل کے جسکو ہے نباہا ابتک

مجھکو مطلوب ہمیشہ ہے اوسکی تائید
جسنے بگڑا ہوا ہر کام بنایا ابتک

کسقدر ہے ترے کشتون کا فسانہ پُر درد
تہام لیتا ہے ہر اک سنکے کلیجا ابتک

بام مقصد سے ہے کوتاہ کمند تدبیر
نہ ملا ہمکو رسائی کا وسیلہ ابتک

وہ نہین چہوڑتی جسطرح ستم کی عادت
مجہکو ویسا ہی محبت کا ہے دعویٰ ابتک

دلکو پیری مین بھی ہے ذوق سیہ کاری کا
گو سحر ہو گئی لیکن ہے اندہیرا ابتک

کامیابی نہین بے خواہش تقدیر حبیب
ہمنے جو چاہا وہ مالک نے نہ چاہا ابتک

ردیف گاف فارسی

کیونکر جمیگا اسپہ کسی باوفا کا رنگ
ہر ایک سے جدا ہے ترے مبتلا کا رنگ

ہاتھون کی ضو سے ہی شفقی پشت پا کا رنگ
چہنتا ہے اوسکی جیب قبا سے حنا کا رنگ

کھو یا دلون سے شوق شہادت نے خوف مرگ
جمنے دیا نہ تیری ادا نے قضا کا رنگ

طول شب فراق بنا ہے خیال زلف
اسکی بہی ہے غضب کی رسائی بلا کا رنگ

زیور اوتار کر یہ کہا رشک مہر نے
پہیکا ہے میرے رنگ سے دیکہو طلا کا رنگ

برسون سے خون پہینے سے آنکھین ہوئی ہین سرخ
رخپر ہے ان مریضون کے غالب دوا کا رنگ

منہ صبح تک پڑیگا کہان جائین دی شراب
ساقی نکل کے دیکھ تو کالی گھٹا کا رنگ

بڑھ جائینگی شباب مین بچپن کی شوخیان
لائیگا ایکدن یہ تلوّن بلا کا رنگ

چمکا رہا ہے رنگ رخ یار کیف مے
گرمی سے لائے عارض سیمین طلا کا رنگ

کافور ہو گیا خط مشکین گیا شباب
وہ رنگ ابتدا تھا یہ ہے انتہا کا رنگ

الفت کی راہ سے نہ ہٹے خاک مین ملے
دل دے تو اختیار کرے نقش پا کا رنگ

دل مین بھری ہے خاک مین ملنے کی ارزو
خاکستری ہوا ہے ہماری قبا کا رنگ

صوفی کوئی ہے کوئی سیہ مست عشق ہے
نکھرا ہوا ہے صحبت اہل صفا کا رنگ

مژگان تیز ابروے پیوستہ دیکھکر
اوڑتا ہے ڈر سے طائر قبلہ نما کا رنگ

گلگون کرین جو ہاتھ وہ عاشق کے خون سے
اوڑ جائے مثل طائر وحشی حنا کا رنگ

ہین سادگی کے ساتھ قیامت کی شوخیان
ملتا نہین کسی سے تمہاری ادا کا رنگ

سرمہ بنا ہے نرگس مخمور یار کا
جا کر کہان جما مری آہ رسا کا رنگ

وحشت مین انس تھا خس وخاشاک راہ سے
زندان مین بھی لباس پہ ہے کہربا کا رنگ

وحشت کی لی حبیب نے منگواؤ بیڑیان
پھر آمد بہار ہے بدلا ہوا کا رنگ

کفار سی ہین دیندار جدا تسبیح سے ہے زنار الگ
تنہا ایک ہی یہ رشتہ جسکی آخر کو ہوے سب تار الگ

ہر نوع سے ہے وہ جلوہ نما ہر شکل سے ہی قدرت پیدا
اعمال جدا افعال جدا گفتار الگ رفتار الگ

غربت مین پھنسے گھر سے نکلے احباب چھٹے ہمدم بچھڑے
وحشت نے کیا رسوائے جہان جب دن سی ہوا دلدار الگ

کسطرح کوئی سمجھاے اونہین اب راہ پہ کیونکر لاے
اقرار کیا احباب سے کل اور مجھ سے کیا انکار الگ

اے حضرت دل آنا ہی نہ تھا جب آئے تو آئے خوب کیا
اب لاکھ کرے وہ جور و جفا تم اوس سے ہنوز نہار الگ

اے دلبر تک جانیوالو بلواؤ نہ گر اتنا تو کہو
اٹھواؤ نہ اسکو رہنے دو بیٹھا ہے پس دیوار الگ

بہلاؤن کسے ٹھہراؤن کسے قابو مین اپنے لاؤن کسکو
بیتاب ہے دل بسمل ہے جگر ہے دیدۂ تر خونبار الگ

مانوس کسی سے مین ہوا وحشت مین گذاری عمر سدا
یہ جان سے کے آخر کیون ملتا ہو جائینگے سب اکبار الگ

کس نہر لقا کا دہیان آیا اکبار مزاجی ڈوب گیا
ہے دیکھنے والونکو سکتا روتے ہین کھڑے غموار الگ

ہے لطف کی جا میخانہ بھی زاعظ جو ادہر جائیگا کبھی
دکھلائینگے کیف زندہ دلی بیہوش الگ ہشیار الگ

پڑھتا ہے حبیب نکتہ سرا ٹر لیتے ہین سنکر اہل صفا
ہر بیت پہ دل کو وجد ہوا ہین سب سے ترے اشعار الگ

سیلاب غم سے بنگئی پانی بدن مین آگ	بھڑکی شرار اشک سے کب پیرہن مین آگ
بلبل کے سوز دل نے لگادی چمن مین آگ	خندان ہین گل کہ بھڑکی ہے ہر پیرہن مین آگ
یکسان گدا و شاہ کو ہے آتش فساد	لیتی ہے خشک و تر کو جو لگتی ہی بن مین آگ
رکھو تو ہاتھ سینۂ عاشق پہ تم ذرا	جو داغ ہے وہ اپنی جگہ ہی جلن مین آگ
سب لاگ سختیون کا تحمل محال ہے	بازی گرونکو دیکھا ہے لیتی دہن مین آگ

گرمی سخن مین لاتا ہے سوز و گداز دل
شعلہ زبان پہ ہے نہ کسیکے دہن مین آگ

آپس کے رنج سے ہوے غیرونکی دلپہ بار
غربت مین خاک اوڑائی لگائی وطن مین آگ

تسکین نہ دیگی آتش سیال ساقیا
جب تک بہڑک اوٹھی نہ مری تن بدن مین آگ

دل بجھگیا ہے فرش ہین ہم تیری راہ مین
جز اشک شمع آئے کہانسی لگن مین آگ

دیکھو شہید ناز کے لاشے پہ روشنی
وہ ہتے ہین خونکے کہ لگی ہے کفن مین آگ

پتھر کو نرم کرتی ہے سرگرمیون کی آنچ
پوشیدہ عزم کی ہے دل کوہکن مین آگ

جل جل کے خاک ہوتے ہین خرمن امید کے
بیکار کی بہڑکتی ہے جسوقت رن مین آگ

صنعت مین کیا کریگی ترقی بہلا وہ قوم
ہوگی جہان حسد کی دل اہل فن مین آگ

بجھتی نہین بجھانے سے سیلاب چشم کی
جانسوز ہے الم کی ہجوم محن مین آگ

حساد کے جلانیکو درکار تھی حبیب
بنتی نہ کیون ردیف ہمارے سخن مین آگ

ہم وہ نہین جو خوف کرین سنکے نام مرگ
یان ناگوار بات بھی ہے اک پیام مرگ

بیم و رجا مین کٹتی ہے بچپن سے تا بہ شیب
ہر صبح زندگی کا ہے انجام شام مرگ

دل سوختہ ہین جو کسی شمع جمال کے
اونکو فراق یار ہے قائم مقام مرگ

کرتا جو تلخ یون غم دنیا مذاق خضر
آب حیات چھوڑ کے پی لیتے جام مرگ

اہل جہان مین ملزم غفلت نہین حبیب
طاری ہے جن عزیزو نپہ خواب دوام مرگ

گلشن ایجاد کے ہر گل کا ہے نقشا الگ
خو الگ ہے بو الگ ہے رنگ ہے سبکا الگ

یعنی ہے جبتک بہت سی حاجتین ہین مشترک
اپنے بیگانے سے کردیتی ہے استغنا الگ

مین تو اوٹھا تھا خلاف طبع صحبت دیکھکر
لطف سے ساقی نے پھر سمجھا کی بٹھلایا الگ

دیکھہ لینا روح بھی ہوگی یونہین اکدن جدا
دیکھتے ہو آج جیسے جسم سے سایا الگ

روکنے سے کب کسیکو رک سکا موعود رزق
سب نے حصہ تیرے خوان فیض سے پایا الگ

ہے جدا ہر ایک سے مسلک ترے عشاق کا
سب مین دیکھا اور پھر سب سے انہین پایا الگ

ملگیا کیا چارہ گر سے حال دل کہکر حبیب
ہم ہوے نادم الگ وہ دل مین شرمایا الگ

ردیف لام

حصن آہن سے بھی محکم ہے پناہ عادل
رحمت اللہ کی بندونکو ہے شاہ عادل

کیا چلے دین و دیانت کے ہوس کی آگے
ہے وہ اک حاکم جابر جسے گواہ عادل

حق پہ وہ راضی و شاکر ہے یہ ناحق سے خجل
کبھی جھپکے گی نہ ظالم سے نگاہ عادل

طاق کسریٰ کا ابھی نام و نشان باقی ہے
دیر پا ہوتا ہے آفاق مین جاہ عادل

چین آتا نہین مظلوم نہ پاوے گر داد
حق نیوشی ہے فقط وجہہ رفاہ عادل

استقامت کی صفت جسمین ہو ثابت بدلیل
گر زمانے مین کہین ہے تو ہے راہ عادل

جسکو ہے تاج سر قیصر و فغفور پہ فخر
دیکھیے غور سے گر ہے وہ کلاہ عادل

جبکہ آمرزش مخلوق کا محتاج ہو شہ
کیون نہ فرماے خدا عفو گناہ عادل

دادرس شہ کے مخالف کا ہے عالم و شمت
گنج ہے ملک رعیت ہے سپاہ عادل

مالک الملک حقیقی سے ہر اک وقت حبیب
ناصر و چارہ گر و پشت و پناہ عادل

ہو رہی ہے تیری دیوانیکی شہرت آجکل
ہر طرف سے چلتے ہین سنگ ملامت آجکل

جو کبھی کمزور تھی ہی خوب اونکا زور شور
جو قوی تھے گھٹ رہے اونکی حماقت آجکل

ہو گئی ہے سلب کچھ ایسی شرافت نفس کی
لیتی ہین عزت گوارا کرکے ذلت آجکل

سلب ہی مطلق حمیت جوش ہمدردی نہین
آتش غیرت سے زایل ہے حرارت آجکل

رنج کے بدلے خوشی ہوتی ہی اہل قوم کو
دیکھتے ہین گرکسی بھائیکی ذلت آجکل

کرتے ہین کج خلقیان مہمان نوازی کی عوض
بدلے دعوت کی مروج ہے عداوت آجکل

غیر ہو حاکم تو اوسکی جوتیان سیدہی کرین
ننگ ہے قومی حکومت کی اطاعت آجکل

دہوکے کی ٹٹی بنا ہے لفظ قومی اتفاق
شاق ہی ہرچند لفظی بہی رعایت آجکل

راستبازی اصطلاحی نام بیرحمی کا ہے
ہے بہت محمود عیاری کی خصلت آجکل

ماہران علم و فن کی باریابی ہے محال
جاہل و انفار ہین اعیان دولت آجکل

جو ہوے ادنیٰ سے اعلیٰ وہ بھی بدلی شکر کے
کرتے ہین ناحق زمانیکی شکایت آجکل

تھی خوشامد جیسی مغلائی حکومت کو پسند
ہے عموماً ویسی ہی مرغوب رشوت آجکل

ہو رہی ہے ہند مین اسلام کی مٹی خراب
ہر جگہ پہ ہے رواج شرک و بدعت آجکل

لالہ ہے صرف درم سے وقف سودای ملال
تہوڑی سی قربان پذیری کی بدولت آجکل

خودغرض سرکار کے بدخواہ قابوچی رفیل
کرتے ہین بے طرح دعواے دیانت آجکل

کیون نہون آئینہ سان حیرت مین اہل اقتدار
عیب ہے کج رائی پہ اطلاق اصابت آجکل

ملک کیخدمت کو ہے درکار اک جان باز قوم
ہے کسی ہمدرد دولت کی ضرورت آجکل

تم تو ہو آزاد دینے کے لئے گیا ہی حبیب
شکر حق کرنا اگر بچ جاے عزت آجکل

سر مین ناقص کی سمایا رہتا ہے سوداے کمال
کوئی کامل کبھی کرتا نہین دعواے کمال

مصر ہے نظم کا فن طبع رسا یوسف دقت
نوجوان کیون نہو پیری مین زلیخائے کمال

جب سما جاتی ہی ناقص کے دلون مین عظمت
داغ ہنجاتا ہے نظرون مین سویدای کمال

عام افواہ کو کر لیتے ہین باور عامی
سمجھتے ہین کا ملونکو ڈہونڈ ہے کے جویای کمال

ہو نہ جبتک کوئی اعجاز بیان شکل کلیم
کہیئے ہر داغ کو کیونکر ید بیضائے کمال

نکتہ سنجون مین بہی ہے معرفت فن معقود
چرخ چارم پہ نہ چڑہ جائے مسیحائی کمال

سامری قابل کم مایہ ہے گوسالہ کلام
سخن صاف و متین معجز موسای کمال

بے ہنر ہوتے ہین ممتاز یہ ہی رنگ جہان
خاک پیدا ہو کسی دل مین تمنائے کمال

چھوڑ کر مشق سخن بیٹھ گئے اہل سخن
حق مین ناقص کے جو فیصل ہوا دعوائے کمال

بے ہنر صاحب جوہر نہین بن سکتا ہے
تاج دولت پہ لگا کر پر عنقائے کمال

خوش ہین ہر دم نہین شاہون کی بہی پروا انکو
مست رکہتی ہے ہمیشہ جنہین صہبائے کمال

حرص دولت کی ہے دلمین نہ ہوس شہرتکی
خاکساری کی صفت ہوتی ہے منشای کمال

جب نہون عیب ہنر اپنی زبان کے معلوم
تو سخن مین نہین کیونکر کوئی دکہلائی کمال

قدر ارباب سخن آج ہے جیسے مفقود
کیا عجب ہے جو یوہین قوم سے اوٹھ جائے کمال

ہون وہ مجنون جو کرون ترک لباس ہستی
ہو سبب غم ہے مرے محمل لیلائے کمال

ہم اوسی ناسخ مرحوم کی پیرو ہین حبیب
کعبہ سمجھے ہین جسے اہل کلیسائی کمال

دیکھ لی خوب پائداری دل
کچھ تو دو داد جان نثاری دل

اک نہ اکدن اثر دکھائیگی
کشش شوق و بیقراری دل

سب کی سن لی نہ کچھ کہی اپنی
دیکھیے حلم و بردباری دل

چاہتا ہے غبار راہ جنون
اللہ اللہ خاکساری دل

نالے کرتا ہے صورت ناقوس
آفت جان ہے بیقراری دل

خون ہو ہو کے چشم تر سے بہا
تمنے دیکھی نہ جان نثاری دل

نہ کیا ناوک مژہ سے شہید
تمکو خوش آئی شرمساری دل

دیدۂ زخم ہو گئے ہین سپید
حد کو پہونچی ہے اشکباری دل

اُف نہ کی لاکھہ رنج و درد سہے
دیکھو دشمن سے دوستداری دل

کون ہے اے طبیب جسکو کہین
کاہش جان و بیقراری دل

پیچ کہا کہا کے بڑہے لاکھ مریجان کا کل
پا نہین سکتی ہے طول شب ہجران کا کل

سر کے دہونے مین ٹپکتے ہین پانی کے گہر
جان جان حال پہ میرے ہی پہ گریان کا کل

لیلی شب سے ہے نہان محمل پہنائی مین
کب یہ اوس گل کے دوپٹہ مین ہی پنہان کا کل

سب کہین چاند ستارون مین نظر آتا ہے
اک ذرا رخ سے ہٹا دو جو مریجان کا کل

کہینچ لی مانی الفت نے تمہاری تصویر
شعلۂ آہ ہے رخ دود پریشان کا کل

مانگ اوسکی ہے صراط دل عشاق اگر
خلد رخ تار نگاہ سر عرفان کا کل

سیر تارونکی دکہا دو جو چنو تم افشان
بنگئی ہے شب تاریک کا دامان کا کل

ہوئی سرشار تو بالون سے پسینہ ٹپکا
دیکھو ہے صورت نیسان گہر افشان کا کل

مجکو دہڑکا ہے نہانے ہین جو وہ دریا مین
بڑہکے چہو لے نہ کہین پنجۂ مرجان کا کل

سبز خط خضر ہے اور چشمہ حیوان ہی دہن
رخ ترا صبح وطن شام غریبان کا کل

روز افزون ہے پریشانی عاشق کیطرح
سر یہ ہے صورت آہ دل سوزان کا کل

✤

میری آنکھوں سے چھپا کر رخ روشن تیرا
بنگئی چشمۂ ظلمات کا طوفان کاکل

کل نہین آج ہی ہو روز قیامت ظاہر
ہو گئے برہم جو ترے رخ پہ کہیں یان کاکل

داغ طاوس کو ہو رشک سے سنبل شرمائے
کھولدو باغ مین اسے سرو خرامان کاکل

راتدن مصحف عارض کی بلا گردان ہے
سب پہ روشن ہو کہ ہے حافظ قرآن کاکل

حلقۂ دام بلا افعی واژدر بستہ کمر
ہے شب و روز مری جانکی خواہان کاکل

سنبلستان یہ زمین تیری غزل کی ہے حبیب
لطف ہے یوہین اگر باندھے سخندان کاکل

جبکہ جو تند خو ستمگر و پری پیکر حسین قاتل
مری نازک مزاجی سے ملا ہے نازنین قاتل

نظر ہے تیغ بران اور وہ چشم سرمگین قاتل
جہان ہو کیون نہ برہم ہو اگر چین جبین قاتل

چلا دامن کشان گر تو چڑھا کر آستین قاتل
شفق گون ہوگا عالم خون او گلیگی زمین قاتل

کھلا سے ہین لئے گل جو ہر تیغ تبسم نے
ابھی تک ہے مرے زخمون مین بوی یاسمین قاتل

یہ سارے بتان حور پیکر دشمن جان ہین
وفا کی نام سے جلتے ہین کون انمین نہین قاتل

شہادت سے مجھے محروم رکھا ناتوانی نے
اوٹھائی تیغ جب اوسنے کہا غش نے نہین قاتل

شکایت کیا بھلا ان بتان حور پیکر کی
وفا پیشہ بھی ہوتے ہین زمانہ مین کہین قاتل

ترے خنجر کے نیچے مجھسا عاشق اور دم مارے
یہ کوئی بات ہی ہاہا نہین قاتل نہین قاتل

قسم کھائی ہے اوسنے خاک تک برباد کرینگی
حبیب آئیگا پھر بھی اک نہ اکدن بالیقین قاتل

چلدیا طیش مین کیا پھیر کے خنجر قاتل
ملگیا خوبی قسمت سے ستمگر قاتل

پہ جو سم لیتا ہے اس وار لگانے پہ قدم
اوٹھنے دیتا نہین زنجیر کا لنگر قاتل

دیکھ واماندہ ترے در پہ ہین محروم نہ رکھہ
ابتو مدت سے ہے اس راہ مین بستر قاتل

تیغ ابرو مری گردن کے مقابل کر لے
آزما ہاتھ لگا وار سمجھکر قاتل

پھر گیا منہ مری گرد تہہ پہ کہین خطا نہ پڑا
کھل گئے آج تری تیغ کے جوہر قاتل

قہر کیا ہوگا جوانی مین خدا خیر کرے
بچپنے مین ہین غضب کے ترے تیور قاتل

روک لی ہاتھ خدارا نہ جفا کر ایسی
دیکھ نزدیک ہے ہنگامۂ محشر قاتل

ہاتھ تو میرے جنازے کو لگایا نہ لگا
دو قدم ساتھ مرے چل مری دلبر قاتل

پھیر دے تیغ گلے پر کہ مٹے ذکر جنون
فصد لیکر نہ لگا قلب پہ نشتر قاتل

چوم لو تم بھی قدم خوب ہے قسمت سی جلیب
آج پھر گنج شہیدانکا ہے رہبر قاتل

وہ چین بجبین ہو گئے سن کر گلۂ دل
لو ایک اشارے مین ہوا فیصلۂ دل

سہہ سکے جفا پست ہوے حوصلۂ دل
نالون کے سوا کچھ نہین اب مشغلۂ دل

گھر پوچھتے آئے ہین وہ عاشق کی گلین
کہتے ہین اسکو کشش کاملۂ دل

آنکھین مری پھر لال ہین آنسو ہین گلابی
ہوتا ہے گمان پھوٹ گیا آبلۂ دل

زاہد کو ہوا حور کی کاکل کا تصور
دیکھو تو کہان جا کے ملا سلسلۂ دل

خون ہو کے نکل آنکھون سے ای داغ تمنا
ہو جائے کسی شکل سے طے مرحلۂ دل

ناوک مژہ آنیکی طاقت نہین باقی
اے اشک روان تو ہی بن اب حاملۂ دل

وہ وصل مین بھی شرم سے رہتی ہین الگ یون
سینہ سے ہے جسطرح عیان فاصلۂ دل

کہتی ہی تری مانگ پہ سیندور کی سرخی
اس راہ مین لٹتا ہے سدا قافلۂ دل

اے دختر رز تیری ادا نے کئے ظاہر
پیری مین جوانی سے سوا ولولۂ دل

تسکین کو سینہ پہ ہے بس نقش محبت
وہ ہیلکے جو ملکرین تو یہ ہے داخلۂ دل
افسوس جوانی گئی پیری ہوئی آغاز
قسمت نے نکالا نہ کوئی حوصلۂ دل
الفت سے ہین مجبور ترے عاشق بیتاب
پوچھے جو کوئی کرتے ہین رو کر گلۂ دل

گلزار مین ہون جمع جلیبی سے مطرب
در پردہ چھڑے دونون طرف سے گلۂ دل

عشق ابرو ہے عدو فرقت جانان قاتل
روح کی طرح مرے تن مین ہی مہمان قاتل
لیس بیداد پہ ہین ابرو و مژگان قاتل
اک اشارہ ہی کی تاخیر ہے اب ہان قاتل
مہ جبینون کی لگاوٹ کوئی ہم سے پوچھے
آنکھ لڑتے ہی یہ ہین جان کی خواہان قاتل
دیدنی ہے مرے ارمانون کی حالت پس قتل
دلکا ہر زخم ہے اک گنج شہیدان قاتل
میری قسمت کا لکھا اور یہہ ارادہ تیرا
کیا ازل سے تہا بہم دست و گریبان قاتل
رات دن شوق شہادت مین کہلا رہتا ہے
نہین ہٹتا مرے سینہ سے گریبان قاتل
قتل سے پہلے نقاہت نے کیا کام تمام
خم شمشیر ہے گردن کو گریبان قاتل
نفس سرد کی آندہی سے جو اوڑ کر لپٹے
تاب شمشیر بنے چاک گریبان قاتل
نہ کرونگا تری شمشیر کو گردن سے جدا
ہے مرے جامۂ تن مین یہ گریبان قاتل
دیدۂ زخم لہو روئینگے پہر فرقت مین
نظر آیا ہے مجھے خواب مین خندان قاتل
خفقان دلکا ہو کم ایسی کوئی شکل نہین
شوق خنجر مین پہڑکتی ہے رگ جان قاتل
میری ثابت قدمی دیکھکے اور تیری جفا
ہے سپر تیغ بنے دیدۂ حیران قاتل!
اس مسرت سے کسی نے بھی کیا ہی سر نذر
سچ بتا ساتھ فقط جائیگا ایمان قاتل
بیکسی کوچۂ دلدار مین کون اپنا ہے
سنگ ہے خون کے پیاسے ہین تو دربان قاتل

جان دی جنبش ابرو پہ نہ تڑپا پس ذبح
ہے مرے ضبط و تحمل کا ثناخوان قاتل

ہمتو سب سمجھے تھے کہ لبریز ہے پیمانۂ عمر
توڑ لینے آیا مگر قتل کا پیمان قاتل

آدمیت کا چلن یہ ہے کہ آنکھوں پہ بٹھائے
نہ کرے دلشکنی گرچہ ہو مہمان قاتل

قید وحشت مین یہ چلاتے ہین مشتاق اجل
یا خدا کھولیگا کس دن در زندان قاتل

لے وفا کر کے چلا عہد محبت کو حبیب
ہے بے خبر ترا اللہ نگہبان قاتل

ردیف میم

سنبھالین دلکو یا تھامین جگر ہم
کسے سمجھائین لین کس کی خبر ہم

انہین دیکھا ہوئے بوسہ کے طالب
گیا دن جب تو کھیلے جان پر ہم

نہ کہہ کر ترک ہونگی مین واعظ
سمجھ لیتے ہین خود نفع و ضرر ہم

کہین کیا کھینچ لایا شوق دیدار
حسین تم عاشق شوریدہ سر ہم

نہین بیہوش پاکے جیب سے قاصد
کہین کس سے خبر ہین بیخبر ہم

مٹا سکتے دل سے داغ رنج و حسرت
ترے ممنون ہین اے چشم تر ہم

کیا قاصد کو بیسر گریہ سچ ہے
تو خود جائینگے بنکر نامہ بر ہم

یہ کہلوانا چاہے ہین آپ ورنہ
گریبان پھاڑتے وقت سحر ہم

خرام ناز سے برباد کر دے
بنے ہین اب تو خاک رہگذر ہم

جگر مین در ہم داغ جنون ہین
لئے جاتے ہین یہ زاد سفر ہم

نہین کوئی رفیق دشت وحشت
کہان جائین انہین ڈھونڈین کدھر ہم

قفس ٹوٹا ہے اور صیاد غافل — مگر افسوس ہین بے بال و پر ہم

حبیب اس نوجوان نے داغ کھلائے
ابھی دیکھ آئے اے رشک قمر ہم

ہوئے ہین زخمی تیغ نظر ہم — عبث بخیہ سے ہے اور بیسود مرہم
دلائے جوش رحمت کو یہ شاید — چلے ہین ساتھ لیکر چشم تر ہم
اجل کسکی بلا آئے گی کسپر — شکن ابرو پہ ہے گیسو ہین یہ ہم
نہ پچھتاتے جو پہلے سے نہ ہولتے — زمانہ کی روش سے بے خبر ہم
لہو تھمتا نہین زخم جگر کا — نہ اچھے ہونگے اب ای چارہ گر ہم
عزیزوں کی نہ ہوتی قدر دل کو — اگر کرتے نہ غیرون مین بسر ہم
یہان تک اوس صنم کی راہ دیکھی — کہ بالکل بنگئے تار نظر ہم
کرینگے ناصبے بید او بد خواہ — خدا پر اپنے رکھتے ہین نظر ہم
پہونچ سکتا نہین وہم و گمان بھی — کہان وہ حور پیکر اور کدہر ہم
ہوے حالت پہ اپنی جب سے شاکر — بڑی راحت سے کرتے ہین بسر ہم
بجاے فاتحہ خط اونکا پڑہنا — لحد مین شاد ہونگے نامہ بر ہم
اگر تم امتحان الفت کا لیتے — نہ ہوتا کوئی آمادہ مگر ہم
دم رخصت نہین بہتے ہین آنسو — نچھاور کرتے ہین تم پر گہر ہم

حبیب اب تا کجا فکر معیشت
بھٹکتے پھر پھر کے ناحق در بدر ہم

ہین بے نیاز صحبت اہل صفا سے ہم — کیا خاک اس خودی پہ ملینگے خدا سے ہم

کیا زر و رو نفاق نے رکھا جہان میں
ناچیز اپنی جنس میں ہیں کہربا سے ہم

در در پھرا رہی ہے تنگ نظر نے ہوس
ہیں بیوفا و کاسہ دست گدا سے ہم

آپس کے اختلاف سے عالم میں ہیں سبک
پلہ گران ہو اگر نہ جہکیں اغنیا سے ہم

طوفان بحر کبر نے مختل کئے حواس
بیگانہ وار ملتے ہیں ہر آشنا سے ہم

تحقیق نے دکھائی رہ مبدء و معاد
جب باخبر ہوئے تو ملے مبتدا سے ہم

سمجھیں گے کس طرح روش روزگار کو
کرتے ہیں انحراف ہر اک رہنما سے ہم

چہرونپہ ہے غبار تعصب جما ہوا!
ہیں بے نصیب معنی خذ ما صفا سے ہم

کچھ حد نہیں زوال کی اللہ رے انقلاب
خورشید سے سہا ہوئے ذرہ سہا سے ہم

اعمال کی بدی نے دکھایا ہے روز بد
محروم ہیں اعانت بخت رسا سے ہم

چھائی ہے ظلمت شب ادبار ہر طرف
یارب وہ دن دکھا کہ چھٹیں اس بلا سے ہم

پائی سزائے زشتی اعمال اے حبیب
ہیں مثل مردہ ہیبت روز جزا سے ہم

فرقت میں تم سے سہتے ہیں دلپر ہزار غم
اغیار اک طرف ہمیں دیتے ہیں یار غم

اک سر ہزار طرح کا سودا ہے رات دن
اک قلب لاکھ داغ ہیں اک دل ہزار غم

راحت نصیب ہو گئی ہو جیسے گر کبھی
اوسکے عوض فلک نے دکھائی ہزار غم

دل خوش ہوا وصال کے وعدہ سے جسقدر
دکھلا رہا ہے اوس سے سوا انتظار غم

ہمدم ہیں میرے دل کے تمہاری فراق میں
ایذا ملال درد الم انتشار غم

دیتے ہیں اب تو فرقت جانان میں رات دن
نوک مژہ کلیجہ کو تلووں کو خار غم

ہونگی تھی خوشی پہ تمہارے فراق کا
دل جانتا ہے تھا جو دم احتضار غم

بلبل تجھے ہزار خوشی ہو مگر ہمین
دیتی ہے ہجر یار مین آکر بہار غم !

فکر معاش مین کبھی خوف معاد مین
رہتا ہے جن کی طرح سے سر پہ سوار غم

دلسوز کون ہے کہ جو رو ئیگا بعد مرگ
ہان بیکسی کا رکھیگی شمع مزار غم

رہتا ہے یاد زلف و رخ گلعذارین
خالق گواہ ہے ہین لیل و نہار غم

عشاق سے بجا ہین بے اعتنائیان
دیتے ہو بات بات مین کیون بار بار غم

صحراو گلستان و بیابان و شہر مین
پھرتا ہون مجکو کرتا ہے جب بیقرار غم

گو حال دل زبانپہ لاتا نہین حبیب
رہتا ہے اوسکے چہرہ سے پر آشکار غم

تیری ان چالون کو کب ای آسمان سمجھے تھے ہم
پیش آیا جو یہ پہلے سے کہان سمجھے تھے ہم

اک مخالف تھا جسے ہم داستان سمجھے تھے ہم
دشمن جان تھا وہ جسکو مہربان سمجھے تھے ہم

اب کہان باقی ہی چہرہ پر جوانی کی بہار
ہائے اس گلشن کو چندی بیخزان سمجھے تھے ہم

کیا بچاتا کشتی امید دامان ہوس
موج طوفان تھے وہ جسکو بادبان سمجھے تھے ہم

عالم امکان کی ہی ہر ایک حالت بے ثبات
تجربہ جبتک نہ تھا ایسا کہان سمجھے تھے ہم

عشق مین مرنے پہ بھی پیش آئے کیا کیا مرحلے
سہل نکلا جسکو مشکل امتحان سمجھے تھے ہم

لیچلی چاہا جدہر آخر کو مٹی کی کشش
وہ سرا ٹھہری جسے اپنا مکان سمجھے تھے ہم

نام کو گلچین تھا پر فصل خزان کا تھا حریف
گلشن مقصد کا جسکو باغبان سمجھتے تھے ہم

وائے قسمت کر رہی ہین اب وہی مٹی خراب
جن پہ مرنیکو حیات جاودان سمجھے تھے ہم

تھا وہ بدخواہون کی افکار مخالف کا اثر
سادگی سے جسکو نیرنگ جہان سمجھے تھے ہم

داغ دل طوفان غم سے خون ہوکر بہگیا
اس نشان کو یادگار رفتگان سمجھے تھے ہم

نامبارک شے تھی اک مکڑی کے جالی کیطرح
ہو گئے حاسد عدو سے عافیت ناحق حلیب

وقت تابش جسکو سہر پر سایبان سمجھے تھے ہم
راتی کو باعث امن و امان سمجھے تھے ہم

ردیف نون

بروسے گستے ہین پانون کب آوارہ بن مین بیڑیان
بوئے گل کو رکھ نہین سکتین چمن مین بیڑیان

سلب آزادیکا باعث ننگ عریانی ہوا
چارہ گر لائے چھپا کر پیرہن مین بیڑیان

بعد مردن بھی ہون دو شاہد کہ تہا صحرا نورد
بیڑیون مین پانون ہون میرے کفن مین بیڑیان

مر مٹا لیکن نچھوڑا گردش قسمت نے ساتھ
پانونکی چکر بنے میرے کفن مین بیڑیان

ایک مدت تک رہا پابند افکار عیال
تہین گران قید تعلق کے وطن مین بیڑیان

قیدی ہستی پہ ہے اطلاق آزادی محال
کسنے پائی سرو کی کاٹین چمن مین بیڑیان

ہر قدم پر کرتی ہین فریاد عاشق کیطرح
ملگئین تیرے اسیرون سے چلن مین بیڑیان

جو نگہ سے بچگیا ہوگا وہ کاکل کا اسیر
تیغ کا جوہر ہین دست تیغزن مین بیڑیان

کون پھر سالک طریق عشق کا کہتا اوسے
ڈالتا خسرو جو پائے کوہکن مین بیڑیان

چاہ مین عاشق پھنساتے ہین گلی مثل سبو
خوشنما ہوتی ہین تلبیس رسن مین بیڑیان

خوب دی دام ضلالت سے شریعت نے نجات
ڈالدین تقلید نے پائے سخن مین بیڑیان

وجہ حفظ روح ہے پیری مین بند احتیاط
چاہئین مضبوط زندان کہن مین بیڑیان

کچھ نہین سامان وطن مین جا کی رہنی کا جلیب
سخت ہین وجہ معیشت کی دکن مین بیڑیان

پناہ تجھسے نہ اے ناوک نظر مانگون
خدا سے روز نیا دل نیا جگر مانگون

ریاض دہر سے تخم وفا ہے جب معدوم
تو اپنے نخل تمنا سے کیا ثمر مانگون

عنایتین تری حد سے فزون ہین ایا ملک
خوشی سے دیتا ہے جو چیز جسقدر مانگون

لکھون جو عارض تابان یار کی توصیف
تو آفتاب کے چشمہ سے آب زر مانگون

کسے ہی اپنی ریاضت سے منفعت کی امید
فلک گرائے گا بجلی اگر ثمر مانگون

مزا ہے اسمین کہ غمخوار خلق بنکے رہون
خدا سے مین دل محزون و چشم تر مانگون

یہی کہون کہ ملے عمر خضر قاتل کو
کوئی دعا تہہ خنجر بھی مین اگر مانگون

کریم دیتا ہے جو کچھ مرے نصیب مین ہے
گدا کی طرح سے کیون پھر کے دربدر مانگون

زکوۃ حسن مراحق ہے اے شہ خوبان
یہی نصاب ہے لون اوسطرف ادہر مانگون

نہ قدر جنس معانی ہو جنکو اے بلبل
بہا سمجھکے مین کیا اون گلون سی زر مانگون

بلند صورت قصر فلک ہے بام امید
ہوائے شوق محرک ہے بال و پر مانگون

یہ مدعا ہے زخود رفتگی تہا وصل کی شب
جو یون نہ مانگ سکون بنکے بےخبر مانگون

مسیح کو نہ کبھی دون دوا کے مین تکلیف
خیال یار سے ونزات دردسر مانگون

جو اب کے یہ دل مضطر کوئی حسین لے لے
تو پھر مین نام نہ لون اور نہ عمر بھر مانگون

ہین میرے واسطے آصف کے ہاتھ ابر کرم
صدف نہین ہون جو نیسان سے گہر مانگون

ق

کہلے ہین باب اجابت گئی ہی آدہی رات
ضرور دیگا جو مالک ہے تا سحر مانگون

مشاعرہ مین ہین جو لوگ سب کہین آمین
اوٹھا کے ہاتھ ادب سے جھکا کے سر مانگون

خلوص مانگ لون پہلی خدا سے دل کیلئے
پھر اوسکے بعد زبان کے لئے اثر مانگون

ہر ایک باب مین پہر خسرو دکن کے لئے
مدد رسول سے اللہ سے ظفر مانگون

حبیب حملہ اہل حسد سے خوف نہین
علم ہو تیغ گلے گر تو کیون سپر مانگون

ولہ

کہنے سننے کا ہے کچھ لطف جو کامل بیٹھین
ایک ہی رنگ کے دو چار کہین مل بیٹھین

متحمل نہین دکھہ سہنے کے ارباب صفا
سب کے سب جان سے اوٹھہ جاین اگر دل بیٹھین

باغ مین جھوم کے وصف گل عارض جو پڑہون
چھپکے پہول کے شاخون پہ عنادل بیٹھین

ہوش آجاے محبت کا جو ہون چار آنکھین
آکے محفل مین جو وہ میرے مقابل بیٹھین

دل سے رازق پہ بہروسا نہین منعم ورنہ
تجہسے بڑہ جاین جو ہوکر متوکل بیٹھین

تیرا دل کیا ہے ستمگار لرز جاے زمین
صبر کے ساتہہ جو غم کے متحمل بیٹھین

آج مضطرب بھی ہے اوٹھی ہی گھٹا بھی ساقی
تیری مرضی ہو تو چلکر لب ساحل بیٹھین

عشق ابرو مین یہ کہتی ہے شہادت کی ہوس
شوق سے چلکے تہہ قاتل خنجر قاتل بیٹھین

ہے شرف مجمع ناجنس پہ تنہائی کو
لطف صحبت ہی جو اقران و اماثل بیٹھین

غیبت خلق خدا سنکے جو خوش ہون واعظ
آپکے پاس وہی عالم و فاضل بیٹھین

جبکہ تدبیر بھی تقدیر کو لازم ہے حبیب
فکر انجام سے ہم کسلئے غافل بیٹھین

سکہہ ہمارا ملک سخن مین کہان نہین
مالک ہین اوس زمین کی جہان آسمان نہین

بیٹھے ہین مطمئن کہ متاع جہان نہین
ہر وقت فکر سود ہے خوف زیان نہین

کیا بس کسی پہ بس مین جب اپنی زبان نہین
افسانہ ہے وہ راز جو دل مین نہان نہین

پژمردہ گل کو چھوڑ کے خارونکو دے جواب
قابل چمن مین رکہنے کے وہ باغبان نہین

خواہان جان زمانہ ہے بدخواہ خلق کا
یوحی کے شعبدون کا کوئی قدردان نہین

بیداد کرکے شکوہ فریاد ہے ستم
کیا یہ بھی تھا یقین مرے منہ مین زبان نہین

ہے سالکان رفتہ کا حسن متابعت
بیوجہ یہ غبار پس کاروان نہین

آزار رنج و غم ہے دل آزار کیلئے
ظالم کو قہر حق سے کہیں جا امان نہین !

مالک بدل دے یا سکو میری امید سے
بندہ پہ کوئی تیرے سیوا مہربان نہین

خود اپنے خیر خواہ کو بدخواہ کر لیا
مردم شناس منعم نکتب نشان نہین

پہیری چہری حقوق خلایق پہ بے خطا
دعوی ہے اسپہ پہر کہ ہین ایدا رسان نہین

شاہون سے کم نہین ہین گدا اوس جنابکی
جس در پہ دور باش نہین پاسبان نہین

برپا ہے تیری چال سے آشوب خلق مین
پہر کیا ہے قد جو فتنۂ آخر زمان نہین

دشوار ہو تہو ست محبت رقیب کو
کہہ دو جو تم جواب مین ای جانجان نہین

سہرا اوسے کے سر ہے جسے چاہتی ہین وہ
دس پانچ اونکے چاہنے والی کہان نہین

پتھر سے اوسکو دیتے ہین تشبیہ اہل درد
جس دلکو لذت خلش جاودان نہین

ہے مصلحت خموش رہو تم بہی ای حبیب
دنیا مین جب سخن کا کوئی قدردان نہین

خون عشاق ہو جب وجہ بہار دامن
کیون نہو دامن گل آئینہ دار دامن

بنگئی وان مری آنسو کی شرارت بجلی
اوڑکے لپٹا جو رگ ابر سے تار دامن

روز اوٹہتے رہین تا حشر بگولے ای چرخ
جہاڑ دون مین جو سر راہ غبار دامن

رتبہ عاشق کا بڑہا خلعت آزادی سے
کل جو تہی دل کی خلش آج ہی خار دامن

عمر رفتہ کے لیئے روتی ہین آنکہین دن رات
پوچہنا اشک ندامت کا ہے کار دامن

نہین فرصت ہی گریبان سے جو فرصت ملجائے
ای جنون تو نے کیا کیا ابہی کار دامن

شمع امید رکہین گے تہہ فانوس خیال
گر ہوا سے نہین ممکن ہے قرار دامن

اشک مظلوم کی تاثیر سے ڈر ای ظالم
خرمن عیش کو پہونکین نہ شرار دامن

چمن آرائے جہان سے نکرو قطع اُمید
ہو گی کثرت گل مقصود کی بار دامن

کیا بچیگی اسے وحشت مین جو پہونچا آسیب
حبیب کہتے ہین جسے ہی وہ جوار دامن

گر سے رحمت کا سبب خوف خدا سے رونا
نہ ہوئیگا ظلمت عصیان کو فشار دامن

جنکو سمجھا ہے جہان خون جگر کے دہبے
چشم عاشق مین وہ ہین نقش و نگار دامن

دردوالے تو اسے انکھون پہ رکھتے ہین حبیب
تمنے وحشت مین کیا کچھ نہ وقار دامن

بے ہنر نازان ہون کم قدر ہنر ایسی نہین
جسے تو سمجھا ہے دولت بیخبر ایسی نہین

تو بنے جنت کا مالک ہم رہین وقف عذاب
واعظا کوئی حدیث معتبر ایسی نہین

صبر آسان ہے یہ دل مین ورد ناکامی نہو
کوئی صورت ظاہرا اے چارہ گر ایسی نہین

منزل مقصد قرین ہے گر ہو ہمت رہنما
جانگزا سالک کو تکلیف سفر ایسی نہین

جسمین جا تیری نہو جس مین ضیا تیری نہو
کوئی دل ایسا نہین کوئی نظر ایسی نہین

کیا مکرم ہوگا وہ جسمین نہین خلق و کرم
خوئے نیک و بد سے خلقت بیخبر ایسی نہین

ہو گی کیونکر زندگی بے رنج راحت مین بسر
رک سکے تیغ قضا جس سے سپر ایسی نہین

پھنس کے دنیا مین ہو کیا امید حسن عاقبت
اسطرف جیسی توجہ ہے ادھر ایسی نہین

عشرت و شادی کا دن ہو یا شب ادبار و غم
جو نہ خود ڈھلجائے کوئی دوپہر ایسی نہین

جو نہو غربت مین میری شاہد یاد وطن
کوئی شام ایسی نہین کوئی سحر ایسی نہین

مصلحان قوم تیری قدردان ہین اے حبیب
عیب کو سمجھین ہنر انکی نظر ایسی نہین

جوان ہین نیک سیرت ہین حسین ہین
فقط وہ آشنا پرور نہین ہین

عجب صورت ہے یہ جتنے حسین ہین ہمارے خانۂ دل کے مکین ہین!
سے ہے یہ کیا بات جب دیتا ہون آواز صدا آتی ہے وہ گھر مین نہین ہین
ٹھہرا اے دل خبر آئے تو چلنا وہ ہین بہی اپنے گھر مین یا نہین ہین
بہت گل بوٹے خودرو بھی نظر آئے زمین کے نیچے کیا کیا نازنین ہین
بشر اور حور جنت کا تصور یہ آنکھین بھی غضب کی دوربین ہین
قوی ہین دست کش پیری مین ہم سے رگین ہاتھون کی مار آستین ہین
نہ تھے ہم لایق شہر و گلستان جو اے تقدیر جنگل مین مکین ہین
ہے جنکا ذکر شمع بزم احباب وہ جلسے آج کل زیر زمین ہین
جگہ پائی تھی جن یارون نے دل مین گئی اون مین سے اب زیر زمین ہین
نہین موقوف کچھ حسن و ادا پر بہت باتین تمہاری دلنشین ہین

حبیب رند مشرب اور توبہ
ریا کے ہم کبھی قایل نہین ہین

سنے انداز پر الفت کی ساری داستانین ہین یہ سچ ہے منہ ہین جتنی خلق کی اونہی زبانین ہین
ہمیشہ دشمن راحت ہین ننگ و نام کی فکرین اسی ہیم و رجا کی وجہ سے آفت مین جانین ہین
ہی شرط عقل لینت منہمان کو تمکین سے یہ لعل بے بہا ئے مدعائی دلکی کانین ہین
ملیگا جھک کے ملنے سے نشان منزل مقصد خدنگ مدعا زہ کرنیوالی یہ کمانین ہین
عیان ہے تیری تیغ نظر کی وجہ مردم پر ادہر دیکھو تمہاری سرمگین آنکھین فسانین ہین
طبایع جنکے مایل ہین ہمیشہ خاکساری پر ہائین رتبہ اونکی اعلیٰ اور ارفع انکی شانین ہین
ہلا دیتی ہین دل باد صبا اٹکھیلیان تیری وہ زلفین مرکب صبر و تحمل کی عنانین ہین

وضو زاہد کے توڑے نکیونکر نغمہ دلکش | طبیعت سبکی پلٹا لینی والی اونکی تانین ہین
خیال ابرو و مژگان مین راحت ہو تو کیونکر ہو | یہ تیغین ہین دل عشاق کو اور وہ سنانین ہین
سخن بازاریون کا کہہ رہا ہے نکتہ سنجون سے | ہین پکوان اونکے پہیکی جتنی یہ اونچی دکانین ہین

نہین جہکتی گدائے کوئی الفت بادشاہون سے
حبیب ان بینواون مین غضب کی آن بانین ہین

دل سے جو نام ترا لیتے ہین | وہی طاعت کا مزا لیتے ہین
لوگ جب نام مرا لیتے ہین | تیوری کیون آپ چڑہا لیتے ہین
کیا حلاوت ہے تری باتون مین | یاد کر کر کے مزا لیتے ہین
نظر آتی ہے جب اونکی تصویر | دل کے پردے مین چھپا لیتے ہین
مانتے ہین مرے عیسیٰ کو مسیح | درد کی یان سے دوا لیتے ہین
دیکھین انجام محبت احباب | اپنے سر کیون یہ بلا لیتے ہین
عشق کرتے ہین نہین عقل جنہین | جان کو روگ لگا لیتے ہین
ہوتے ہین سحر بیان سارے حسین | دل سے وحشی کو پھنسا لیتے ہین
دو نہ سایل کو خفا ہو کے جواب | بینواؤن کی دعا لیتے ہین
دور سے آئے ہین مشتاق جمال | بیٹھے رہنے دو یہ کیا لیتے ہین
کچھ سے ہے صحبت کا سلیقہ جنکو | بات بگڑی بھی بنا لیتے ہین
ہین ترے خوان کرم کے مہمان | جو غذا ملتی ہے کہا لیتے ہین

داد دیتے ہین سخن فہم حبیب
نظم کا ہم یہہ صلا لیتے ہین

کہتا ہے جوش عجب و خودی سبکی کانین
تجھسا تو ایک بھی نہین سارے جہانمین

فطرت کو ناپسند ہے سختی بیان مین
پیدا ہوی نہ اسلیئے ہڈی زبان مین

محمود یون ہین عجز کے جملے بیان مین
تکبیر جیسے اوّل و آخر اذان مین

سمجھو اگر تو مدح سخن آفرین ہے وہ
کہہ جاتی ہین جو کچھ شعرا اپنی شان مین

چندے اسے ثبات ہے وہ بی ثبات ہی
اتنا ضرور فرق ہے نام و نشان مین

سمجھے گی جز و مبدء فیاض بنکے روح
اچھا نہ تھا وہ قید تھی مین جس مکان مین

تقلید چھوڑ دو جو ہے رنگ اونکا ناپسند
اچھے تھے کچھ کہو نہ بزرگون کی شان مین

بیچین کر رہی ہے ہمین آج کل کی فکر
اسکی خبر نہیین کہ ہو کیا ایک آن مین

کیون ہون نہ ملکے خاک مین مشہور اہل وضع
بل کا نشان جلی پہ بھی رہتا ہے بان مین

پیش آئین انقلاب جہان سے وہ صورتین
گذری نہ تھین کبھی جو ہمارے گمان مین

کچھ کرلیا ہے طرز تکلم کا انضباط
رکھا ہی کیا ہے علم بدیع و بیان مین

تن کے قویٰ چلے ہین جوانی کے ساتھ ساتھ
اک شور الرحیل کا ہے کاروان مین

نکلا ہجوم یاس مین بھی مطمئن حبیب
کون اسکا ساتھ دیگا بھلا امتحان مین

اب تو قابو مین ہمارا دل ناشاد نہین
جو کہا تھا مرے جان کیا وہ تمھین یاد نہین

دیکھنا ضبط کبھی شکوہ بیداد نہین
لب پہ نالہ نہین شیون نہین فریاد نہین

جان دینا ہے تو پھر کون کرے کوہ کنی
یاد کیا حالت محرومی فرہاد نہین

کوچۂ عشق مین موجود ہے دلسا رہبر
یہ وہ مکتب ہے کہ جسمین کوئی استاد نہین

ہمنے گر کی ہے محبت تو ستم جھیلین گے
دوستو فکر ہے کیون حاجت امداد نہین

ہو لے بیٹھے ہین کہان ڈہونڈہنے جائین دلکو
کب دیا کسکو دیا یہ ہمین کچھہ یاد نہین

غور کیجے اگر انکار دل آزاری ہے
غیر پر لطف و کرم کیا ہے جو بیداد نہین

جان لے لیتے ہو عاشق کی کسی ڈہب سے ہی
یہ کہی خوب ستم پیشہ ہین جلاد نہین

رنج مین فکر و تردد کا ہے وحشت انجام
کچھہ بجز صبر دوا ے دل ناشاد نہین

ہمکو رسوا بھی کیا خود بھی جوانی نہ رہی
کیا ہے یہ داغ اگر جنت شداد نہین

شکل دکہلا کے وہ دیوانہ بنا لیتے ہین
آدمی زاد ہین کہنے کو پریزاد نہین

حسن کی گرمی بازار ہے معشوقون سے
آئین کیا قمریان گر باغ مین شمشاد نہین

ولولے دلکے گئی ساتہہ جوانیکی حبیب
اب مری طبع مین وہ قوت ایجاد نہین

ہین غنی جنکو کوئی اور سہارا ہی نہین
سر پہ لین غیر کا احسان یہ گوارا ہی نہین

ہو گیا ہون ہمہ تن وصل مین وقف حیرت
اوسکے آگے مجھے کچھ کہنے کا یارا ہی نہین

اک زمانہ تہا کہ ہم رہتے تھے قابو د لپر
ابتو یہ حال ہے گویا یہ ہمارا ہی نہین

وصل سے بحر کے وابستہ ہے قطرہ کی بقا
بے ملے اون سے کسیطرح گذارا ہی نہین

اجل آجاے کہ قربت پہ یہ دوری نہ رہے
وحشت دل کا کوئی اور تو چارا ہی نہین

آشنا کہتے ہین کیا ہوگا تمہارا انجام
ہیچ تو ہے بحر محبت کا کنارا ہی نہین

ہے وہ موجود مدد کے لئے غافل تو نے
دل سے مالک کو مصیبت مین پکارا ہی نہین

ہون مین مشغول اُدہر گہیرتے ہین کیون احباب
شب کا مہمان ابہی گہر سے سدہارا ہی نہین

ہر جگہہ ابتو ضرورت کی ملاقاتین ہین
دوستون مین روش لطف و مدارا ہی نہین

یہ اثر اونپہ ہوا میری پریشانی کا
مدتون کاکل مشکین کو سنوارا ہی نہین

جب نہ منظور ہوا کدم بھی مرے دلکی خوشی
کیون نہو جائے یقین یہ تمہین پیدا ہی نہین

کیا کہین لطف غزل ساتھ جوانیکی گیا
رونق باغ ہو کیونکر چمن آرا ہی نہین

ہے زبان جنس محبت کی خریداری مین
لاکھ کد کیجیے اسمین کبھی وارا ہی نہین

کوششین کرتے ہین اب وہ مری بربادی کی
اپنے کوچہ سے اوٹھانے کا اشارا ہی نہین

قابل قدر تھے جو لوگ وہ نالان ہین حبیب
حال کچھ لایق افسوس تمہارا ہی نہین

اوٹھین رحم اگیا دیکھین جو میری اشکبار آنکھین
کدورت دھو گئی دلکی ہوئین جس وقت چار آنکھین

محرک تھین بہت شکوہ کا کی وقت انتظار آنکھین
مگر بت بنگئے ہم ہوگئین جب اون سی چار آنکھین

وہ آنکھین رہینگی اور وقف انتظار آنکھین
نہ خواب آئیگا محشر تک نہ ہونگی اونسی چار آنکھین

ہزارون راہ تکنے والے زیر خاک پنہان ہین
نہ نقش سم ہوا ہین اے شہسوار آنکھین

کریگی رشک کس کس کا بھلا فصل بہار مین
تماشائی ہین روئے گل کی ای نرگس ہزار آنکھین

اوٹھین تو اونگلیان پھر میری دزدیدہ نگاہون پر
نظر کرتے ہی تھم ہوگئین بے اعتبار آنکھین

وہ بگڑے ہین سوال وصل پر کچھ بن نہین پڑتی
پریشان دل ہے جیسے دست و پا ہین شرمسار آنکھین

مری افسردگی اکدم مین شادابی کا خون کردے
لہو ہو کر بہے اوٹھین جو سوے لالہ زار آنکھین

خدا کیواسطے ساقی شراب روح پرور دے
گل نادیدہ نرگس نہی ہین پر خمار آنکھین

تمہاری چشم شہلا کی اداون سے یہ ظاہر ہے
سمٹ کر بنگئی ہے گردش لیل و نہار آنکھین

وہ پڑھنے فاتحہ راتوکو اب چھپ چھپکے آتی ہین
چراغ طاق بالین کیون نہون بہر مزار آنکھین

سراب سیل خونین ہے سواد چشم عاشق مین
تن خاکی مین عمر رفتہ کی ہین یادگار آنکھین

نہ کیونکر خاک چھانون رات دن صحراے وحشت کی
ہر اکدم ڈھونڈھتی ہین یار کی در کا غبار آنکھین

کیا برباد طفل اشک تو نے صبر طاقت کو
گرینگی تجھکو یونہین خشک دیکر فشار آنکھین

حبیب خستہ خاطر کو ذرہ صورت تو دکھلا دو
نہ ہوگا دسترس گر دور سے کر لینگی پیار آنکھین

نگاہ مہر سے وہ دلکو آئینہ بنا لیتے ہین
ضیا ہوتی ہے پیدا داغ سودا اٹھتی جاتی ہین

کسی پر ملتفت کیا ہونگی تیرے دیکھنے والی
کہ پیش از مرگ وہ بنیاد ہستی کو مٹاتی ہین

تجلی گاہ انوار حقیقت دیکھنے والے
فروغ ظاہری کو بھی کہین خاطر مین لاتی ہین

ہدایت نام ہی اسکا کہ دل خود طالب حق ہو
یہ واعظ کہکے سخت و سست وقت اپنا گنواتی ہین

دم وحشت ہر اک نقش قدم ہمکو بیابان ہے
جو سنجیدہ ہین وہ اجزا سے کلئے بناتی ہین

برابر ہین جہانکی تلخ و شیرین زشت و زیبا ست
اونہین جنکو شراب ناب الفت وہ پلاتی ہین

ہوا ہے جلوہ فرما کون یارب منزل دل مین
وہ ارمان جو نہان تھی مدتون سے نکلی جاتی ہین

قیامت ہین یہ زاہد بھی خدا کی انپہ رحمت ہو
سبیل مغفرت پوچھو اگر سو کہی سناتے ہین

سمجھتے ہین مجھی دیوانہ دیکھو چارہ سازونکو
جنہین سینے کو ہین وہ زخم انپر مسکراتی ہین

حبیب ان آنسوؤن سے دلکی سوزش کم نہین ہوتی
تعجب ہی بہ ہے مجھے آنکھون مین کیون بیسود آتے ہین

ذرا حسینونکی الفت بھی آزماتے ہین +
ہم اپنے مرنے کی جھوٹی خبر اوڑاتی ہین

یہی جواب ہے پڑہ پڑہ کی خط بجائی جواب
ہمارے نام کو لکھ لکھ کے وہ مٹاتی ہین

ریاض دہر سے مہر و وفا کے گل چنکر
ہمیشہ جامۂ اصلی کو ہم بساتے ہین

ہوئے ہین شیب مین یون داغ عشق افسردہ
چراغ وقت سحر جیسے جھلملاتے ہین

وطن کے ذکر سے دیتے ہین قلب کو تسکین
جہان سفر مین کوئی غمگسار پاتے ہین

تعلقات خلایق ہین سب ودیعت دہر
نہ ساتھ لاتے ہین کچھ اور نہ لیکے جاتے ہین

تمہاری واسطے ایمان کیطرح دل کو
ہر اک حسین کے ہاتھوں سی ہم بچاتے ہین

سلوک وہ ہی ستو وہ جو حسب عادت ہو
کریم بھی کہین احسان زبان پہ لاتے ہین

نہ آعروج سے بستی مین مثل گوہر اشک
گرے ہوئے بھی کہین آنکھ مین سماتے ہین

نہین ہی یاد رخ یار دلمین ہم شب ہجر
چراغ خانۂ امید مین جلاتے ہین ؁

طبیب خاطر احباب سی ہی شغل سخن
وگرنہ اب تو خموشی مین لطف پاتے ہین

گمان یہ جسنے کیا غلط ہے جو دور ہے وہ کہان نظر مین
جو شئے نہان ہے کسیکے دل مین نہو گی کیون کر عیان نظر مین

ہوئے نہ ہم روشناس راحت طلسم غم تھا جہان نظر مین
سبک رہا نشۂ فنا سے ہمیشہ خواب گران نظر مین

شباب کے ساتھ ساتھ دل سے گیا ہے شوق نظارہ بازی
کشش کا دعویٰ تھا ہمکو جسپر رہی وہ قوت کہان نظر مین

وہ لطف صحبت وہ پیاری باتین بھلا نہ کسطرح یاد آئین
ہمیشہ ڈھونڈھین گی تمکو آنکھین رہو گے ای رفتگان نظر مین

ہوئی ہے کل قوم پست ہمت نہین ہے باقی کسی مین غیرت
پکارتے ہین نفاق و نخوت ذلیل ہین میر و خان نظر مین

نہ گر لگاتے جنون کی تہمت تو تھی خموشی کی سخت زحمت
مین کس سے کہتا یہ دلکی حالت نہین کوئی رازدان نظر مین

چھدا ہے دل طعن اقربا سے نہین ہے کچھ فائدہ دوا سے
جو آنکھ جھپکی کسی ہوا سے چمک گئین بجلیان نظر مین

قفس مین بلبل کو کب ہے راحت ہمیشہ صیاد کی ہے صحبت
جو نیند آئی تو تھی یہ آفت پھرا کیا باغبان نظر مین

عزیز فرصت گھٹا رہے ہین نشان دولت مٹا رہے ہین
متاع ہستی لٹا رہے ہین نہین ہے سود و زیان نظر مین

جو اہل اسلام آتے آتے ذرا حمیت عرب کی لاتے
تو آج اتنا ذلیل ہوتا کبھی نہ ہندوستان نظر مین

عجب جگہہ ہے سرائے دنیا گیا جو آگے وہ پھر نہ پلٹا
مٹا ہے اون سب کا نام کیسا ابھی ہین جنکے نشان نظر مین

بڑے ہے کہو کس طرح طبیعت کہان سے لائی ہین خیال رفعت
دکھائین کسکو سنائین کسکو نہین کوئی قدردان نظر مین

حبیب وہ دن کریم لائے کہ مدعاے دلی بر آئے
مثال گل پھر دکھائے اثر تمہارا بیان نظر مین

ہے یہ کیا پھیر سمجھ مین میری آتا ہی نہین
کیا ہوا اونکو محبت مین بتون کی یارب
تیرے کوچہ مین قیامت کی کشش ہے ظالم
کیا کہون ہیچ مدانی سے ہون ایسا ناچیز
خاک امید کرون اوس سے کسی بات کی مین

وہ گیا دل سے خیال اوسکا تو جاتا ہی نہین
ایسا بہکا ہے کبھی راہ پر آتا ہی نہین
جب سے آیا ہون یہان گھر مجھے بہاتا ہی نہین
مین کسی شخص کی آنکھون مین سماتا ہی نہین
اپنی خاطر مین کبھی جو مجھے لاتا ہی نہین

نوجوانو سے ستم گر نکرو قدر شباب
یہہ وہ معشوق ہے جاکر کبھی آتا ہی نہین

نیکنامی بھی وہ دولت ہے اگر غور کرو
نہ ملے خاک مین جبتک کوئی پاتا ہی نہین

دیدنی ہوتی ہین ارباب غرض کی آنکھین
جنکو مطلب کے سوا کچھ نظر آتا ہی نہین

چارہ سازونکو کسی فکر کا موقع کیا ہو
بات دلکی مین زبان پر کبھی لاتا ہی نہین

اشک خونین کی شرارت سے تعجب ہی مجھے
یہ کسیوقت لگی دل کی بجھاتا ہی نہین

کیا رقیبونپہ ملے رشک کا موقع مجکو
منہ وہ ایسونکو کسیوقت لگاتا ہی نہین

نالہ دلسے رسائی کی کرون خاک اُمید
یہ میرے طالع خفتہ کو جگاتا ہی نہین

گر کہین کچھ تو سنے کون حبیب میخوار
دیکھتے ہین کہ کبھی ہوش مین آتا ہی نہین

تصور زلف کا ہے اور مین ہون
قیامت ہے بلا ہے اور مین ہون

مرا دل جاچکا ہے اور مین ہون
غضب کا سامنا ہے اور مین ہون

کہان آسایش و آرام و راحت
غم و رنج و بلا ہے اور مین ہون

کیا گر قتل اے قاتل نہ مجھکو
تو تو روز جزا ہے اور مین ہون

پس مردن بھی آے غارت اگر خلق
یہی کوچہ ترا ہے اور مین ہون

خفا ہین زندگی سے ہون یہ سب مجھسے
بس اب شوق قضا ہے اور مین ہون

کہا دل نے شہید دست قاتل
چمن مین اک حنا ہے اور مین ہون

حبیب کبریا دونون جہان مین
تمہارا آسرا ہے اور مین ہون

جا سکے زاویہ نشین نہ کہین
دلگی چاہیئے کہین نہ کہین

ایسی باتین جو ہمنے کین نہ کہین
کہہ کے بدنام ہو تمہین نہ کہین !

کیا برباد مجھکو کیسا اے چرخ
ایک تربت کی بھی زمین نہ کہین

ترشروئی کی خو ہے بدمنعم
پھر کہ بنجائے انگبین نہ کہین

جوش خون ہے رگون مین دو نشتر
ہون یہی مار آستین نہ کہین

وان رقیب نظر سے آرایش
ہو حیا غازۂ جبین نہ کہین

دیکھ قاتل سنبھل کے پھیر چھری
خون مین بھر جائے آستین نہ کہین

میرے شکوے تو تمنے سب ہی کئے
اور وفاداریان کہین نہ کہین

کیا ہے غربت مین قید اہل وطن
دیکھین صحبت کوئی یہین نہ کہین

جو جفا ہم پہ کی عیوض اوسکا
تمکو ملجائیگا کہین نہ کہین +

بیخبر ابتدا مین تھے عشاق
پھر وہ عیاریان چلین نہ کہین

خوش بیانی کا اون کی کیا کہنا
ویسی باتین تو پھر سنین نہ کہین

دوستون کی طرف سے ڈر یہ رہا
ٹھہرین انکے عدو ہمین نہ کہین

اونکی بدگوئیان کبھی نہ سنین +
اپنی ناکامیان کہین نہ کہین۔

کیون علایق بڑھا رہے ہو حبیب
رنج ہو وقت واپسین نہ کہین

ادا سے رکھتے ہین اسطرح وہ حنا مین پاؤن
کہ جیسے مست رکھے نشۂ شراب مین پاؤن

تمام عمر رہے قید اضطراب مین پاؤن
جمے کبھی نہ فلک تیرے انقلاب مین پاؤن

پہن کے کفش زری راہ جب وہ چلتے ہین
دولہن کی منہ کو خجل کرتے ہین نقاب مین پاؤن

خطر ہے عالم پیری و بار عصیان سے
نہ لڑکھڑائین کہین حالت حساب مین پاؤن

مبارک اسے دل پامال ذوق پامالی
رخ اسطرف کو ہے رکھتی ہین وہ رکابین پاؤن

نجات کیلئے کیون لطف زندگی کھوئین
رہ ثواب مین رکھتی نہین شتابین پاؤن

پھرے تلاش مین تیری سے گئے نہ دیر وحرم
دم سوال کہین گے یہی جواب مین پاؤن

چھپا جو ابر مین مہر فلک نظر آیا
حنا ملی تری یاد آئے طشت آب مین پاؤن

اسی خیال مین گردون کو مین رہا نگران
عیان ہے یہ رخ خورشید یا سحاب مین پاؤن

لطافت رخ تابان یار کا کیا ذکر
نہ چشم حور نے دیکھی ہون ایسی خواب مین پاؤن

پتہ نہ پوچھئے آوارگان وحشت کا
جدہر کو اوٹھہ گئے ہنگام اضطراب مین پاؤن

نہ ٹوٹین شیشہ وساغر سنبھل کے چل ساقی
بہک رہے ہین ترے نشۂ شراب مین پاؤن

یہ جوش غصہ وغم تھا فراق ساقی مین
ٹپک کے شیشہ کو مارا خم شراب مین پاؤن

رہ صراط جو باریک ہے تو خوف نہین
ہین مستقل مرے عشق ابو تراب مین پاؤن

خدا کے سامنے کس منہ سے جائیگا حبیب
رہے خطا پہ نہ رکھا رہ ثواب مین پاؤن

رنگ ہستی دیکھکر خیرہ نگاہین ہوگئین
قصہ وافسانہ اگلی رسم وراہین ہوگئین

رہنما شوق نہان کی سرد آہین ہوگئین
میرے دل سے اونکی دل تک صاف راہین ہوگئین

طائر وہم بشر کا تھا گذر جن مین محال
مسکن زاغ وزغن وہ بارگاہین ہوگئین

ذوق عصیان نے کیے تاریک دل تیرہ دماغ
مسجدین افتادہ ویران خانقاہین ہوگئین

دیکھ ہر پردہ ہے کشتون کے مرقع کا ورق
تیری آنکھین او ستمگر صیدگاہین ہوگئین

عجب ونخوت نے دکھایا سرکشون کو روز بد
فرش پا انداز سے بدتر کلاہین ہوگئین

منعمون نے کچھ نہ دیکھا جز ہجوم حرص وآز
پادشاہون پر مسلط یہ سپاہین ہوگئین

قافلے زیر زمین جانیلگے مشتاق دید — جان ستان کس شوخ کی نیچی نگاہین ہوگئین
قشقۂ صندل جو کھینچا بعستان ہند نے — خوشنما ابرو کی تیغون پر بناہین ہوگئین
باغ مین اپنے چلی ایسی سموم اختلاط — جلگئے گلزار خاک سبز گیاہین ہوگئین

شامت اعمال سے گھیرا ہی دیکھو اے حبیب
بن پڑیگی پھر نہ کچھ گر بند راہین ہوگئین

بہت ہم بتونکے ستائے ہوئے ہین — خدائی کی آفت اٹھائے ہوئے ہین
یہان شوق دیدار مین دل طپان ہے — حجاب اونکو ہے سر جھکائے ہوئے ہین
تری یاد مین اے شہ ملک خوبی — فقیرون کی صورت بنائے ہوئے ہین
تو تجھ سے ہے غیرو پہ اور مجھ سے نفرت — غضب کے سکھائے پڑھائے ہوئے ہین
تڑپنا نہین بے سبب اپنا ہر دم — کلیجہ پہ کچھ چوٹ کھائے ہوئے ہین
پسین کسطرح سے نہ دل عاشقونکے — وہ تلوون مین مہندی لگائے ہوئے ہین
ندامت ہوئی ہے جفا کرکے ہمپہ — پشیمان ہین گردن جھکائی ہوئے ہین
بتونکو نہ پوجو کرو اوس کو سجدہ — کہ جسکے یہ پتلے بنائے ہوئے ہین
غرض کچھ نہین ہمکو دیر و حرم سے — ترے در پہ بستر لگائے ہوئے ہین
تری یاد مین جب سے بیٹھے ہین پیارے — دو عالم سے دلکو اوٹھائے ہوئے ہین
کہین جو زبان سے یہ لازم ہے سنلو — تمہارے ہی تو منہ لگائے ہوئے ہین
کہان جائین اوٹھکر کہ مدت سے ہم تو — ترے در پہ دہونی رمائے ہوئے ہین
جلین کیون نہ ہر شب کہ اک شمعرو سے — بہت دن ہوئے لو لگائے ہوئے ہین
وہ تکئے جو شب زیر سر تھے تمہارے — ہم اپنے گلے سے لگائے ہوئی ہین

	حبیب آج کیا دل پہ گذری بتا دے کہ آنسو ترے ڈبڈبائے ہوئے ہین	

ہمیشہ خوگر اندیشہ دوری منزل ہون	تحمل کش ہے وہ بار گران مین جسکا حامل ہون
سراپا یادگار حالت مایوسی دل ہون	تڑپنے کی سکت باقی نہین جسمین مین وہ بسمل ہون
نہین آسان چلنا راہ ناہموار الفت مین	لحد ہر گام پر کہتی ہے آمین پہلی منزل ہون
بنا کر تختہ مشق صبر ناحق خون کیا دل کا	کسیکو کیون کرون بدنام مین خود اپنا قاتل ہون
تری مرضی پہ یارب منحصر ہین خواہشین میری	زبان تک حرف مطلب لا نہین سکتا وہ سایل ہون
اسیران بلا کا ہمنشین سخت جان ٹھہرا	مین اس اندوہ سے گرم فغان مثل سلاسل ہون
جگا کر تھک گئے آخر سدہارسے قافلہ والے	نہین پروا جسے شور قیامت کی وہ غافل ہون
ہرا کدم وصل کی شب کا سمان ہی چشم عاشق مین	اشارہ سب سے ہین دیکھو مین کس لیلی کی محمل ہون
نہین افتادگی بجز جہان مین وجہ آسایش	ہمیشہ وقف سیلاب فنا مانند ساحل ہون
مری ہر آرزو کہتی ہی یہ دل مین گرہ ہو کر	نہ حل ہو جو وہ عقدہ ہون نہ آسان ہو وہ مشکل ہون
سدا برق حوادث جس سے دل مین آگ رکھتی ہی	مین وہ محسود خرمن ہون مین وہ مخدوش حاصل ہون
جو نادم ہو گنہ پر رحمت حق اوس سے کہتی ہے	نہین گو مجھ سے قابل تو مگر مین تیری قابل ہون
تپ غیرت جلاتی ہے سیہ کاری رلاتی ہے	پر پروانہ ہون داغ جگر ہون شمع محفل ہون
نہین کچھ منحصر آئینہ و تصویر پہ حیرت	دکھا دون مین بھی عالم اگر اونکے مقابل ہون
چمن سا پیراستہ باغ آرزو تھا اک زمانے مین	یہ اب اندوہ نا یوسی سے ہمصوت عنادل ہون
ہر سوادزدہ کہتا ہے دیکھو لوح پیشانی	بنا ہے جو محل دردناکامی وہ منزل ہون
بساط دل مین کہتا ہی ابھر کر داغ محرومی	حبیب خستہ جان مین کشت ناکامی کا حاصل ہون

بہار آئی ہے پہر وحشت فزا نالے نکلتے ہین
جگر سے دل سے پہر آتش کی پرکالے نکلتے ہین

چمکتے ساتھ روے یار کے بالے نکلتے ہین
تماشا ہی کہ گرد اک مہ کے دو ہالے نکلتے ہین

نہین آنسو تمہاری جستجو مین روز پہرنے سے
نگاہ تیرزد کے پاؤن مین چھالے نکلتے ہین

ہماری خون کی گرمی سے آب تیغ گہٹتی ہی
جو چہو جاے لب سوفار مین چھالے نکلتے ہین

تقاضاے سفر کی حد بھی اے فکر معیشت بس
وطن کو چہوڑتے ہین گہر سے اچہالے نکلتے ہین

زمانہ مین تلاطم ہے ترے وحشی کے مرنے سے
کف افسوس ملتے دیکھنے والے نکلتے ہین

بس اب چندے ہون مہمان زندگی کی کون صورت ہے
اوترتی جب ہین پہاہی زخم دل آلے نکلتے ہین

تماشا ہجریان عشق کا جنکو خوش آتا ہے
ذرہ کوئی اونہین کوٹھے پہ بلوالے نکلتے ہین

تمنا ہے جو صحت کی مریض عشق آ جلدی
مسیحا کو دل بیمار دکہلانے نکلتے ہین

نہ کہا کر مجھکو غیرون سے وہ کہتے ہین ٹھہر جاؤ
یہ جو بیٹھا ہے در کے سامنے جالے نکلتے ہین

بلائین لینگے اون زلفون کی شبکو خواب دیکھا ہی
ہمارے ہاتہون مین ڈسنے کو دو کالے نکلتے ہین

جنازہ ہی یہ کسکے خانہاے چشم مردم سے
تصدق کو در شہوار کے ہالے نکلتے ہین

حبیب ابر الم کیا تر کریگا دامن عشرت
ہواے صبر کے چلتے ہی یہ چہالے نکلتے ہین

نہ بہولینگے ریاضت کو ہماری خوشہ چین برسون
رہی ہے کشت زار جنس معنی ہر زمین برسون

عجب ان وہ بھی سے تہے جب الفتین باہم رہین برسون
جفائین تم نے کین برسون وفائین ہمنے کین برسون

خدا لاے نہ وہ دن ہرتون فرقت مین روئی ہین
کف سیلاب چشم تر رہی ہے آستین برسون

کبہی سینہ پہ رکہا گاہ آنکھون پر پئے تسکین
قباے گل کو ہم سمجھے تمہاری آستین برسون

عجب حالت سے رکہا تہا جنونکی دستگیری نے
رہا ہون تنہا مین میرے جامہ بی آستین برسون

ستمگر ہے نشان ظلم تیرا جامہ پر خون / بہر میدان اوڑیگی پنکے پرچم آستین برسون

چڑھا لے کہنیون تک تہ ڈوبے خون ناحق مین / چھپائیگی وگرنہ جیب مین منہ آستین برسون

نہ ہو ہوتا نہین پیری مین گرکچھ دست وبازو سے / یہ شاخین بےثمر اب ہین مگر پھولی پھلین برسون

کہین دلبستگی ہوتی توکیون فرقت مین پہر دہنتا / رہی ہوکر جدا بھی میر آنکھون مین تہین برسون

بہار گل کی صورت تہا شباب انکا بھی مستعجل / غضب ہوتا جو رہتی ایک حالت پر حسین برسون

مخالف ہونگے کیون عادات تحقیق وہدایت کے / بھری ہین دل مین وہ باتین جو کانونے سنین برسون

تجھے لازم نہ تہی اسطرحکی دلبستگی بلبل / ارے نادان رہا ہے موسم گل بھی کہین برسون

خجل ہے مہر عالمتاب خاک اہل باطن سے / ہر اک ذرہ رہیگا مطلع نور یقین برسون

فروغ نظم سے اس عالم تاریک مین ازخود / رہیگا نقش نام اپنا دلونپر بے نگین برسون

حبیب رند کعبہ کو چلا ہے دیکھیے کیا ہو / بتونکے سنگ در پر رہ چکے اسکی جبین برسون

کسیکے وصل کی ہمکو رہی ہے آرزو برسون / اسی امید مین روئے ہین آنکھون سے لہو برسون

سمجھ لو گر دل رنجیدہ پر بیداد کرتے ہو / وہی ہے پھر رہی جسمین تمہاری آرزو برسون

غریق قلزم زخار ہجران کو نہ موت آئے / رہا طوفان اشک چشم خونین تا گلو برسون

وہ کہتی ہے سہی قد اور یہ نازک بدن تمکو / رہیگی بلبل وقمری مین اسکی گفتگو برسون

خم وپیمانہ توڑا محتسب نے گر توکیا حاصل / یونہین توڑیگا خون دختر رز سبکے وضو برسون

جلا سکتی ہے کیا نار جہنم اوسکے پیکر کو / حریم دل مین جسکے رہ چکا ہے یار تو برسون

بجا ہے اس تصور مین جو لوٹین سانپ سینہ پر / اسے سمجھی ہے نافہ اپنا زلف مشکبو برسون

خیال اسکو ہوا جب مٹگیا تہی آرزو جس کی / عبث عمر اپنی کہوئی ہمنے پہر کے چار سو برسون

نہ بہکی ہین نہ بہکینگے جو عالی ظرف ہین ساقی ‌ کوئی چھیڑے نہ گر چھلکینگے ہنین جام و سبو برسون

حباب آسا یہ نقش زندگی ہے بحر ہستی مین ‌ وہ کوشش کیجیے باقی رہے نام نکو برسون

نہ طشت از بام ہو کیونکر مری وحشت کا افسانہ ‌ جدا ہو جب مقابل رہکے اک آئینہ رو برسون

ہر اک جا ہند مین شاہ دکن کا فیض جاری ہے ‌ رہینگے سبز باغ قوم کو جیسے آبجو برسون

کئے ہین خار غم نے ایسی پرزے دامن دل کے ‌ بچا ہے گر یہ قدرت نہین ممکن رفو برسون

تجھے حیران کیا نرگس نے کسکی چشم شہلا نے ‌ رکہا سنبل تجھے کس زلف نے ژولیدہ مو برسون

رہیگا مدتون کیف شراب وصل فرقت مین ‌ بچائیگی ہمارے پیرہن سے تیری بو برسون

تمہاری بلگجی پوشاک کی خوبی نہ آئیگی ‌ لباس گل کی شبنم گر کریگی شست و شو برسون

حبیب مبتلا سے جیتے جی ملجاؤ تم ورنہ
ہوا گر خاک یہ ذرے کرینگے جستجو برسون

عقدہ لاحل کا کہلنا اپنے امکان مین نہین ‌ کیا ملیگی وہ جو شے تقدیر انسان مین نہین

دیکھلے طاقت یہ چشم پیر کنعان مین نہین ‌ یا کہ نور دیدہ اوسکا چشم زندان مین نہین

حال کچھ دست جنون سے میری دامان مین نہین ‌ تار چاک دل کے سینے کو گریبان مین نہین

پہر ہر معلول جب علت کا ثابت ہی لزوم ‌ کیا ہے جلوہ تیرا گر مہر درخشان مین نہین

کردے جائز بت بیباک تو نے جو ستم ‌ سختیان یہ مذہب گبر و مسلمان مین نہین

پہر چڑہا یا نگ تیغ اصفہان کو ترک نے ‌ سرمہ کا ڈورا یہ چشم مست جانان مین نہین

غرق حیرت ہون تجھے انکار ہے او بجرجن ‌ پہر کہان ڈوبا جو دل چاہ زنخدان مین نہین

بیخبر اپنی جگہ پر مطمئن بیٹھے ہین وہ ‌ کچھ اثر شاید ہماری آہ سوزان مین نہین

اپنے جس بندے کو چاہی دی چمن آرائی دہر ‌ کچھ اجارہ زاہدون کا باغ رضوان مین نہین

تہا حبیب وحشی دبی خانمان گل تنگ دہان	
آج پر اوسکا پتا گورِ غریبان مین نہین	

نہ اوٹھائی سختی ہجر گر تو وصال کا بھی مزا نہین۔
نہ ہوا مرض مین جو مبتلا کبھی اوسکو قدر دوا نہین
یہ ہمارے تارِ نگہ ہین یا رگ گل ہے بند قبا نہین۔
ہین شفق مین مہر چھپے ہوئے تری دست و پا مین حنا نہین
مین وہ گل ہون گلشن دہر مین جو ہمیشہ صرف خزان رہا
کہلے جس سے غنچۂ آرزو چلی ایسی کوئی ہوا نہین
تپ ہجر نے ہمین کر دیا یہ ضعیف و خستہ و ناتوان
کہ قضا بھی آکے پلٹ گئی نہ کھلا یہ ہر کوئی یا نہین
یہ مقام شکر کا ہے ولا کہ کشش نے تیری اثر کیا
مجھے خوب یاد ہے آجتک وہ کسی سے اتنا کہلا نہین
وہ جہاز لنے ستم ہمپہ کی کہ خیال جسکا نہ تہا کبھی
یونہین تہی مشیت ایزدی ہمین کچھ کسی سے گلہ نہین
ہو وہ زلف آفت جان تری اوسے مارا جسکے گلے لگے
پہنسے آکے زاہد و متقی کوئی اس بلا سے بچا نہین
جو ہمیشہ مایل داغ تھا ہمین جسپہ سارا دماغ تھا
ہمین کیونکر اب ستم بتان وہ ہمارا دل ہی رہا نہین
چمن جہان کی جو سیر کی تو حبیب ہمپہ کہلا یہی۔

ہین ہزار رنگ کے گل یہان پہ کسی مین بوے وفا نہین

سمجہا کوئی نشیب و فراز جہان کہان — نسبت ہے کچھ زمین کہان آسمان کہان

اے درد ہمکو چین تہہ آسمان کہان — اے مرگ تو نہ آئیگی جبتک امان کہان

اے اضطراب صبر و سکون کالعدم ہوئے — اے انتشار عافیت جاودان کہان

اے درد سینہ کو بئے بیسود تا کجا — اے داغ چارہ ساز غم رفتگان کہان

اے دل تمام جامہ دری تہی برہنگی — سودا اسے زلف مین سر سود و زیان کہان

غمخواریان ہین حضرت واعظ کی ظاہری — چہتی ہی اہل درد کی طرز بیان کہان

مہروی نفس کی کہتی ہے رخصت ہو اشباب — دل بجہگیا وہ گرمی عشق بتان کہان

اتنا بہی رہروان عدم کو نہین خیال — رہ رہ کے ہو رہا ہے یہ شور فغان کہان

کانٹے نظر مین عاشق مژگان کے خار مین — ہے ان مین لذت خلش جاودان کہان

سب ہمصفیر راہی باغ جنان ہوئے — دل جسکو ڈہونڈہتا ہے وہ صحبت یہان کہان

اے دل جو ہو گیا وہی بہتر تہا شکر کر — دیکھی ہین تونے چرخ کی نیرنگیان کہان

کرتا ہے دل سے میری محبت کا کب یقین — ساکت قسم پہ ہوتا ہے وہ بدگمان کہان

پوچھو نہ کچھ وفا کی بھی مٹی خراب ہے — منظور ساتھ غیر کے ہے امتحان کہان

آئی بہار توڑ قفس عندلیب زار — پہلے یہ پوچھ گل سے بنے آشیان کہان

پیتا ہون ڈرتے ڈرتے ذرا سی کبھی کبھی — گذرا شباب اب وہ سیہ مستیان کہان

نا اہل کے مطیع ہوئے اہل وضع کب — ممکن ہو اتبع وضع جہان کہان

صدمہ ہے اک نہ ایک نیا روز و شب جلیل
دار عنا جہان ہے راحت یہان کہان

کیا حسین اک تمہین ہو حور نہین
کون کہتا ہے اے حضور نہین

حسن پر منکسر مزاج ہین وہ
کبر و نخوت نہین غرور نہین

سایہ قصر یار بس ہے ہمین
ہوس جنت و قصور نہین

کیسے نالے ہین بے اثر اپنے
کچھ بھی الفت کا وان ظہور نہین

آج کیسی شراب دی ساقی
کہ ابھی تک ذرا سرور نہین

شام عشرت تھی جنکی صبح بہشت
شمع اونکے سر قبور نہین

میری زنجیر مین ہے حشر کا غل
کوئی سنتا صدا ے صور نہین

ہین حدف سارے بستہ فتراک
پر مرا مرغ دل حضور نہین

بخت سے یہ بعید ہے کہ وہ آئین
اور اونکے کرم سے دور نہین

اک جہان غش ہی یہان وہان تہی کلیم
کیا ہے بام اونکا پہر جو طور نہین

جب کہا مینے جان نثار کرون
بولے جہنجہلا کے کچھ ضرور نہین

عشق ہے وہ محیط بے ساحل
جس سے ممکن کبھی عبور نہین

میرے نالے ہین اہل خواب عدم
سوئو یہ شورش نشور نہین

مے کے دینے مین وعدہ کیا ساقی
یہ تو کچھ بادۂ طہور نہین

گر ہے چلنا تو اوٹھئیے بسم اللہ
گہر بھی میرا یہان سے دور نہین

جو سزا دو سزا ہے عاشق ہین
ہم کسی وقت بے قصور نہین

خاک ہو ہمسے فکر شعر حبیب
مطمئن قلب ناصبور نہین

دل پہ ہنسا لینے کی یہ گہاتین ہین
جاؤ صاحب تمہاری باتین ہین

نہین آتا ہے چین بستر پر
ہجر کی کیا ڈرانی راتین ہین

کہتی ہی کہتے عمر کٹ جائے
اتنی فرقت کی وارداتین ہین

ہے تماشا ہماری وحشت کا
دہوکے کی ٹٹیان قناتین ہین

فکر ہر کس بقدر ہمت اوست
جیسی ذاتین ہین ویسی باتین ہین

مرگ عاشق کی اونکا گھبرایا
قابل دید دونون باتین ہین

ظالمون کو اجل بہی بہولی ہے
بیحیاؤن کی کیا حیاتین ہین

کہکے چہوڑین حبیب جو شعرا
بس وہی اون کی کائناتین ہین

سب مین ہون پہر کسی سے سروکار بہی نہین
غافل اگر نہین ہون تو ہشیار بہی نہین

قیمت اگر وہ دیتے ہین تکرار بہی نہین
کچھ ہمکو دکے دینے مین انکار بہی نہین

نسبت ہے جسم وروح کی اللہ رے اتحاد
سبحہ اگر نہین ہی تو زنار بہی نہین

بیٹھا ہون اوسکی یاد مین بہولا ہون غیر کو
زاہد اگر نہین ہون ریاکار بہی نہین

جائین وہ قتل غیر کو ہم رشک سے مرین
ایسی تو اپنی جان سے بیزار بہی نہین

آنا ہو آؤ ورنہ یہ کہدو نہ آئینگے
سنلو یہ دوہی باتین ہین طومار بہی نہین

سودا تمام ہوگیا بازار اوٹھ گیا
وہ دل بھی اب نہین وہ خریدار بہی نہین

طرز جفا بھی بہول گئی کیا وفا کے ساتھ
دلدار گر نہین ہو دل آزار بہی نہین

لینگے ہزار در سے پلٹ کر درِ مراد
منعم نہین تو کیا تری سرکار بہی نہین

بہیجینگے حسب حال او نہین گو نہ لکھ سکین
کیا دامن اور دیدہ خونبار بہی نہین

بلبل چمن کو دیکھ خزان کے ستم کو دیکھ
گل کا تو ذکر کیا ہے کہین خار بہی نہین

آزاد ہین شراب کے عادی نہین حبیب
احباب گر پلائین تو انکار بھی نہین

مجکو قرار ہجر مین شام و سحر نہین
اوس بیخبر کو پر مری مطلق خبر نہین

بودا تمہارا عاشق شوریدہ سر نہین
ایمانکا خوف جانکے جانیکا ڈر نہین

خط بھیجون کسطرح سے کوئی نامہ بر نہین
پیک صبا بھی جائے تو وہانتک گذر نہین

جب مین نے آہ کی جگر اونکا بھی ہل گیا
کہتا ہے کون نالۂ دلمین اثر نہین

آئی ہے لب پہ جان تمہارے فراق مین
آتا مین اب تو ہوش مین دو دو پہر نہین

اللہ رے بیخودی وہ عیادت کیواسطے
کب آئے کب گئے مجھے مطلق خبر نہین

حالت ردی ہے آج تمہارے مریض کی
شاید جو رات کٹ بھی گئی تو سحر نہین

وہ آبدیدہ ہو گئے عاشق کی قبر پر
بعد فنا بھی جذبۂ دل بے اثر نہین

اے شعلہ رو بجا ہین تری لن ترانیان
موسیٰ کی طرح مجھکو بھی تاب نظر نہین

دیر و حرم مین جاکے بنین بیوقوف کیون
کیا ہمکو بجز سجدہ ترا سنگ در نہین

مردم مین تاب و طاقت نظارہ چاہیئے
کسجا نہین کہان نہین تو اور کدہر نہین

ساقی شراب صاف پلا وقت فکر ہے
سر پر سحر ہے کوچ کی زاد سفر نہین

پرچہ ہے میری نظم کا الماس دلتراش
قدر اسکی بو الہوس کو ہو کیا سیم و زر نہین

برسون لہو کے اشک بہا کر چلے پھرے
عاشق سا بھی جہان مین کوئی پر جگر نہین

دشمن سے بھی سلوک و مروت کرو حبیب
انھی کے پاس رہنے مین نقصان ضرر نہین

موج آتش کیطرح گو مین سراپا جوش ہون
ضبط پر دیکھو کہ شمع کشتہ سان خاموش ہون

رند میرا نام لیتی ہین لگا کر منہ سے جام
اہل صحبت یاد رکھو دل مین وہ مینوش ہون

آہ کہتی ہے حذر کر دود سوز دل ہون مین
نالہ کہتا ہے کہ ڈر مجھسے صدائے جوش ہون

کی عبادت اور نہ طاعت جز خطا و معصیت
ہون بہت نادم کفن مین کیون نہ مین روپوش ہون

سوئے میدان شہادت چل یہی ہی سر کی دہن
ایک مدت سے غم فرقت مین بار دوش ہون

دیکھہ ادہر کہتی ہے نرگس ہو مین چشم منتظر
ویصدا ہے قول غنچہ کا سراپا گوش ہون

خاک مین ملنے نہ دے کہتا ہی گر کر طفل اشک
مردم دیدہ کا مین پروردۂ آغوش ہون

گلشن ہستی سے جاؤنگا مثال بوئی گل
دوستو تمکو مرکے بھی تا مین نہ بار دوش ہون

بیخودی ہے یہ خیال چشم میگون مین سبب مجھے
ہے گمان لوگونکو مست بادہ سر جوش ہون

پاس کچھ واعظ کا ہے مجکو نہ خوف محتسب
صحبت ساقی مین صرف شغل نای و نوش ہون

جام عشق ساقی صہبائے کوثر سے حبیب
ہر گھڑی سرشار ہون ہر لحظہ مین مدہوش ہون

اہنی بنوائی ہین اب کے قفس کی تیلیان
یاد ہین صیاد کو اگلے برس کی تیلیان

ناتوان ہون مین قفس کچھ پایدار ایسا نہین
ہٹ سکتی نہین پائے مگس کی تیلیان

رخنہ بندی کر قفس کی اسطرح اے باغبان
شاخ گل کی کو بلین ہون پیش و پس کی تیلیان

جلگیا آتش مزاجی پر مری صیاد بھی
چین آیا ہے قفس مین باگی خس کی تیلیان

عندلیب دل طپان ہے عشق گلرخسار مین
دیکھنا توڑیگا یہ طایر قفس کی تیلیان

کاروان بوے گل آئے تو مین توڑون قفس
ہون مقابل صوت مین بانگ جرس کی تیلیان

فرقت جانا مین زور ناتوانی دیکھنا
تن پہ ظاہر ہین رگین جیسے قفس کی تیلیان

لاکھ تڑپا مین مگر جہک کر برابر آگئین
ایک بھی ٹوٹی نہ مین آفت کے کس کی تیلیان

مردہ ہین جو رخزان سے ہم وہ بلبل ہین حبیب
گر بہار آئے تو پہر توڑین قفس کی تیلیان

عبث میرے جنون کی چارہ سازی لوگ کرتے ہین
کہو اونسی کہین اسطرح کے بگڑے سنورتے ہین

یہان خاطر پریشان ہے وہان گیسو سنورتے ہین
وہ برہم ہونجائین منہ سی کچہہ کہتے بہی ڈرتے ہین

اٹہائے ہین وہ صدمے ہمنے ملکر ان حسینون سے
جو لیتا ہے کوئی نام محبت اب تو ڈرتے ہین

مین صدقے تمپہ جب کہتا ہون جہنجہلا کر وہ کہتے ہین
مرے سر پر سے دن مین ایسی سو صدقے اترتی ہین

نہ پوچہو دوستو بہتر ہے مرنا ایسے جینے سے
کہین کیا تم سے فرقت مین جو کچہہ صدمے گذرتے ہین

نکالینگے ہمین کیا آشنا دریائے الفت سے
اُبہارے ایسے کہین اسطرحکی ڈوبے اوبہرتی ہین

بلا ہین لوگ رد قدمونپہ قسمین لاکہہ دو لیکن
اوٹہے جہنجہلا کے جب پہلو سے وہ پہر کب ٹہہرتی ہین

نباہی رسم الفت اسقدر ہمنے کہ دشمن بہی
ہمارا نام جب سنتے ہین ٹھنڈی سانس بہرتے ہین

یہ کثرت کیون تعلق کی ضرورت کیا تملق کی
اگر مرنے پہ جیتے ہین تو کیون جینے پہ مرتے ہین

حبیب اکدن پکڑ لو ہاتہہ پاس وضع جانے دو
یہ کہدو صاف اونکے کان مین ہم تمپہ مرتے ہین

رکہہ نہ محروم سبک ہوگئے بہت یارون مین
ساقیا ہم بہی ہین آخر ترے میخوارون مین

وہ لگاوٹ ہے کہ دیکہی نہین عیارون مین
لطف اقرار کا ہے آپکے انکارون مین

لذت درد محبت جو مریضون سے سنین
نام لکہوائین مسیحا ترے بیمارون مین

دست وحشت نے تراشے مرے سینہ پہ وہ گل
خط ناخن کی تمنا ہوتی ہے گلزارون مین

ہم بہی کرتے تری بیداد کا شکوہ ظالم
رسم ہوتی جو شکایت کی وفادارون مین

نہ تڑپنے پہ خفا ہوکے جفا کر صیاد
طاقت صبر کہان تازہ گرفتارون مین

وہ شب ماہ مین جو وقت الٹتے ہین نقاب
چاندنی شرم سے چھپ جاتی ہی دیوارون مین

آج احباب کی خاطر سے پیو تم بھی جلیب
کہتے ہین دلشکنی کفر ہے دیندارون مین

ہر اک سوال کا دیتے ہو تم جواب نہین
یہ ظلم وہ ہے کہ جس کا کوئی حساب نہین

شگفتگی مرے دل کی ہے تیرے لطف کے ساتھ
ہر ایک فصل مین پہولے یہ وہ گلاب نہین

تمام عیش کا سامان ہو تو کیا حاصل
بہار زیست نہین ہے اگر شباب نہین

تمہاری زلف مسلسل مین دل اولجھ ہی گیا
مین کتنا کہتا رہا خانمان خراب نہین

جھجھک جھجھک کے نہ اوٹھو سحر ہے دور ابھی
یہ داغ دل ہے مری جان آفتاب نہین

عجب مزا تھا ذرا سی جو پی تھی شیخ نے رات
وہ مانگتے تھے مین کہتا تھا بس شراب نہین

وہ قتل کر کے مجھے کہتے ہین مسیحا سے
جلا کے اوٹھتے نہین کی سند جناب نہین

اوسی کے اشکون سے ٹھنڈی ہوئی ہے آتش گل
یہ کون کہتا ہے بلبل کا دل کباب نہین

جگر بھی کرتا ہے اب خونفشانیون کی ہوس
فقط یہ دل ہی مری جان کا عذاب نہین

تمہارے ہجر مین ہم دیکھتے تھے موت کی راہ
اب آئے وہ کہ نہ آئے کچھ اضطراب نہین

شراب خانہ سے مسجد ہی مین نہ جا بیٹھین
یہ بزم ہیچ ہے ساقی اگر شراب نہین

حبیب بنکے گئے غیر وان اگر اوس سے
کہا ہٹا دو یہ وہ خانمان خراب نہین

وہ یون شکل طرز بیان کھینچتے ہین
کہ قائل کی گویا زبان کھینچتے ہین +

یہ تشبیہ دیکھو سنگ کوئی دلبر
ابھی تک مری ہڈیان کھینچتے ہین +

کرے گر کوئی ذکر جا کر ہمارا
وہ تالو سے اوس کی زبان کھینچتے ہین

نہ صدمہ سے کیون خشک ہو خون بلبل
گلون کا عرق باغبان کہینچتے ہین

بڑہی ہے سفر مین وطن کی محبت
مکینون کو کیا کیا مکان کہینچتے ہین

کرے کون سوداے زلف مسلسل
ہمین ہین جو یہ بیڑیان کہینچتے ہین-

پس مرگ معراج عاشق کی دیکھو
لحد کی زمین آسمان کہینچتے ہین

نشانہ بنائینگے تیر نظر کا
محبت کے دل پر نشان کہینچتے ہین

ذرا دم تو لینے دے اے موت مجکو
ٹھہر کر نفس ناتوان کہینچتے ہین

ضعیفی مین بھی دل مین ہے یاد ابرو
کبادہ ہین خود اور کمان کہینچتے ہین

مجھے دیکھکر جب وہ منہ موڑتے ہین
تو دل مین چھپا کر سنان کہینچتے ہین

غضب ہے حسینون کا طور تکلم
دلون کو یہ جادو بیان کہینچتے ہین

بڑہا فکر مین رنگ زردی رخ سے
یہ عطر گل زعفران کہینچتے ہین

حبیب اب زمین آسمان سر پہ لینگے
کہ نالے مرے بجلیان کہینچتے ہین

پیون وہ بادہ دوسالہ مین یاد جوانی مین
کہ جوش تازہ دکہلا کر لگادے آگ پانی مین

تپش کا اب یہ عالم ہے فراق یار جانی مین
سرشک گرم کہتا ہے لگی ہے آگ پانی مین

سوئی مینا نہ لایا ہمکو لطف صحبت اول
مگر بے کیف آخر تک گذاری دور ثانی مین

یہ فرماتے ہین وہ اپنی جگہ سنکر مرے نالے
حرارت ہے غضب کی قلب پر اس ناتوانی مین

جو کچھ کہنا ہے خود کہلون وہ آجائین اگر قاصد
بس اتنی بات طے ہو جائے پیغام زبانی مین

نہین ہے عکس چشم یار زیب ساغر صہبا
پڑے ہین پہول نرگس کے شراب ارغوانی مین

ہوا ہے داغ سے ناسور دل مین خیر ہو یارب
تغیر کچھ نہ ہو جائے محبت کی نشانی مین

جو کہتا ہے کوئی عاشق کو مارا کیون تغافل سے
وہ کہتے ہین مرا کیا بس قضائے آسمانی مین

نہ پہونچا یا ہمین اسے خضر کوئی یار تک اکدن
ہوا تمسے نہ اتنا کام عمر جاودانی مین

خیال یار مین جاری ہین آنسو شعر لکہتا ہون
مدد دیتا ہے جوش دل طبیعت کی روانی مین

ہوئی آغاز پیری داستان فرقت کی باقی ہی
نہ جہپکی آنکہہ کاٹی رات ساری اُس کہانی مین

خدارا حرف مطلب ہی سنو کچہہ ہم غریبون کا
یونہین کاٹو گے ساری رات کیا قصہ کہانی مین

کیا اس بیگنہ کا خون لگا کر عشق کی تہمت
گنوایا دلکو اپنے مفت ہمنے بدگمانی مین

حبیب ناتوان بیداد فرقت سہکی جیتا ہے
بہلا کچہہ اب بہی شک باقی ہی اُسکی سخت جانی مین

کیون نہ دلسے دم آخر تمہین ہم یاد کرین
قوت اب اتنی کہان ہی کہ جو فریاد کرین

دل مین ہی بہول کے سکو تجہے ہم یاد کرین
چلکے چندے کسی ویرانہ کو آباد کرین

ہو تو ایسا ہو کسی تیغ نگہہ مین جوہر
نقد جان دیکے ہوس لینے کی جلاد کرین

تیرا دیوانہ پہرے گر دم تسخیر کبہی
بیعت ان ہاتہون پہ آآکے پریزاد کرین

بلبلین دام محبت مین پہنسین یون صیاد
کہ چہٹین بہی جو قفس سے تو تجہے یاد کرین

خوب وصف لب شیرین مین تراشین مضمون
خامہ کو رشک وہ تیشۂ فرہاد کرین

تیری تصویر جو کہینچین تو خفیف ایسے ہون
ہاتہہ غیرت سے قلم مانی و بہزاد کرین

تقاضی ہے ادہر موت اودہر خواہش دید
اس کشاکش سے وہی چاہین تو آزاد کرین

ڈہونڈہ لین عاشق رخسار او سہی اکدن
دلمین گریہ ہوس جنت شداد کرین

ابتو آتا نہین اس رنگ مین کچہہ لطف حبیب
ہو الگ سب سے وہ طرز سخن ایجاد کرین

ہماری فکر سے ہے آسمان زمین سخن
نہ لینگے خرمن انجم کو خوشہ چین سخن

دماغ تازہ کرے کیون نہ یہ عرق ریزی
ہمیشہ عطر مین ڈوبی ہے آستین سخن

کہین ہو حشو و زواید کو دخل کب ممکن
شکن سے صاف ہے جب دیکھی جبین سخن

کہے وہ بات کہ دشمن بھی جان نثار بنے
دل و زبان مخالف رہے رہین سخن

نہین ہے کوئی حقیقت زر و جواہر کی
عجیب چیز ہے پیرایہ متین سخن

دکھایا صدق تکلم نے میرے وہ اعجاز
کہ منکرین بھی کرنے لگے یقین سخن

اسی سے ثبت کئے نقش حکمت و توحید
بہاے خاتم ایجاد ہے نگین سخن

خیال غیر سے ہوتی ہے دل کو تکلیف
اگر ہو پیش نظر شاہد حسین سخن

خدا نے حضرت انسان کو یہ شرف بخشا
سوا بشر کے نہ کوئی ہوا امین سخن

سواد خط کی ہے منظور جنکو آرایش
سنوارتے ہین وہ گیسوے عنبرین سخن

میرے کلام کو سمجھین گے خاک بازاری
خواص دینگے بہاے در ثمین سخن

دکھائے قامت مضمون ادا سے آزادی
یہ حسن ہے نہ ہو کوتاہ آستین سخن

چلائیگا دل حاسد پہ رات دن آرہ
حبیب فضل خدا سے ہے صد سی سین سخن

ستائے لاکھ وہ پر مین نکچھ زبان سی کہون
جو تجھسے کہتا ہے کیون تیرے پاسبان سے کہون

گلون کی جامہ دری بلبلون کا سوز و گداز
چمن مین سامنے گلچین کے باغبان سے کہون

وفاے عاشق شیدا جفاے شاہد شنگ
تمام عمر مین انداز داستان سے کہون

درازی شب ہجران ملال روز فراق
ملے تو حشر کے دن اپنے مہربان سے کہون

شب وصال مین ہے حکم ذوق آرایش
ہلال عید دکھا آج آسمان سے کہون

بہ انتہائے توکل ہے تنگدستی مین — بہائے نقد سخن بھی نہ مین زبان سے کہون
کھڑا رہون در پیر مغان پہ کرکے سلام — جو آپ سے مجھے مے دی تو کیون زبان سی کہون
جب اعتماد نہ ہو اپنے دیدہ و دل پر — تو راز عشق مین کسطرح رازدان سی کہون
کسیطرح نہ رکین گریہ دیدۂ خونبار — تو برق ہونیکو آہ شرر فشان سی کہون
نہ رازدان ہے کوئی اور نہ تاب خاموشی — جو دل مین آئے وہ کیون کر نہ مین زبان سی کہون

طبیب دیکھکے وہ خود پکار اوٹھے گا
نکات علم بیان کیون ہین نکتہ دان سی کہون

زلف سے چھیڑ ہے زلف پر شکن مین انگلیان — کٹیان ہین سنبل تر کی چمن مین اونگلیان
کھولدینگے ناخن تدبیر مشکل کی گرہ — ہونگی جوے شیر دست کوہکن مین انگلیان
ملکے مہندی پہنے ہین سونے کے چھلے یار نی — رشک سے سورج کو لپٹی ہین کرن مین اونگلیان
جوش وحشت سے بکتا ہون لحد مین ہاتھ پاؤن — ڈھونڈھتی ہین پھر گریبان کو کفن مین اونگلیان
خلد مین گر یاد روے ساقی مہوش رہے — پنجۂ مرجان بنین نہر لبن مین اونگلیان
وقت حیرت ہوتی ہین دندان ولب کی ہمنشین — کام دیتی ہین بہت رنج و محن مین اونگلیان
سوز فرقت سے جو زیر خاک بھڑکے داغ عشق — مشعلین بنجائینگی میرے بدن مین اونگلیان
میری وحشت کا فسانہ کوئی سن سکتا نہین — ہاتھہ کانون پر ہین لوگون کے دہن مین اونگلیان
دیکھیے کرتا ہے کسکے طائر دل کو شکار — تیر ہین یا پنجۂ ناوک فگن مین اونگلیان
ہو گئے پنجون کے دل ٹکڑے اوسی یار نے — لیکے انگڑائی جو چٹکائی چمن مین اونگلیان
ہین زبان افعی پیچان ہمارے واسطے — اوس بت کافر کی زلف پر شکن مین اونگلیان
رشک گل تھے ہاتھ لو مہندی سی بھی رنگین ہوے — گھر کرینگی اب دل لعل یمن مین اونگلیان

لون بلائین گر ترے چہرے کی مین اے شمع رو — مثل پروانہ گرین جلکر لگن مین اونگلیان
ہر روش ہونگے اشارے باغ مین آئی جو وہ — غنچے بنجائینگے شاخ یاسمن مین اونگلیان

کردیا مشہور تجکو خوش بیانی نے حبیب
خود بخود اوٹہنے لگین اہل سخن مین اونگلیان

نہین ہے جوش پہ صہبائے ناب شیشہ مین — روان ہے روح تن انقلاب شیشہ مین
بہت وسیع ہے اس بادہ کش کو کنج لحد — تن نحیف پہ ہوگا عذاب شیشہ مین
او نہین قرآن مہ و مہر آج دکہلا دین — بہرین ملا کے شراب وگلاب شیشہ مین
نہین ہے جام تو مینا کی توڑ کر گردن — ق — اُٹھا کے ڈالدو سارے کباب شیشہ مین
نیا مزا ہو کہ دور گزک سے کیفیت بڑہے — ٢ — رہے نہ نام کو باقی شراب شیشہ مین
سفید بال ہوے جب سے طاق بالین پر — بجاے بادہ دہرلے ہے خضاب شیشہ مین
صفائے گردن گلرنگ یار سے ہے عیان — کہ مہر دیا ہے کسینے شہاب شیشہ مین
پری کو بنت عنب سے بہلا ہی کیا نسبت — ہے بند ایک جہان خراب شیشہ مین
ادا سے کہتا ہے ساقی ہلا کے گردن کو — ہر اک سوال کا ہے یہان جواب شیشہ مین
سیاہ رکہتا ہے پیری مین دلکو ذوق گناہ — بہرا ہے کاتب سے کہ رنگ شباب شیشہ مین

حبیب توبہ شکن ہے یہ صحبت احباب
پلیٹ مین ہین کباب اور شراب شیشہ مین

بہار آئی ہے صہبائے لالہ رنگ نہین — دم صلاح ہے ساقی سے وقت جنگ نہین
ہزار طرح کے دہبے ہین ایک دامن پر — ہمارے جامہ اصلی کا کوئی رنگ نہین
ہم اپنے دلکو کدورت سے پاک کہتے ہین — یہ آئینہ وہ ہے جو آشنائے زنگ نہین

وہ لاکھ مرتبہ خالی ہو یہ کبھی نہ بھرے
ہمارا دل خم صہبا کی طرح تنگ نہیں

نگاہ کے دل مجھے کیا ہو گیا خدا جانے
خیال وضع نہیں پاس نام و ننگ نہیں

ہے اونکی باتوں سے بوئے مخالفت پیدا
وہ چال ڈھال نہیں اب وہ رنگ ڈھنگ نہیں

نہ درد ہجر ہے پیری میں اور نہ لطف وصال
وہ ذوق شوق نہیں دل میں وہ امنگ نہیں

بچائے جان کوئی کس طرح سے کہاں چھپ جائے
نگاہ یار ہے ناوک نہیں خدنگ نہیں

حبیب ہوش میں آؤ ٹھہر ٹھہر کے پیو
شراب درجہ اوّل کی ہے یہ بھنگ نہیں

لکھا تھا کاتب قدرت نے جو تقدیر بسمل میں
رہا محفوظ جوہر بنکے وہ شمشیر قاتل میں

ہر ایک نعمت ہے لاشے واعظا مئے کے مقابل میں
کہا اللہ نے نافع اسے قران نازل میں

نہیں ممکن مقدر سے زیادہ رزق کا ملنا
کھلا جب کھو چکے سب عمر ہم تحصیل حاصل میں

دکھلاتے گر جھلک وہ پردہ ہائے چشم عاشق سے
گریبان پھاڑتی لیلیٰ بھی مجنون بنکے محمل میں

تمہاری زلف کو افعی واژدر خواب میں سمجھا
خدا جانے میں تھا اوس وقت کس سودائے باطل میں

تنک ظرفوں کو دولت سے تمتع ہو نہیں سکتا
سدا با وصف قرب بحر خاک اوڑتی ہی ساحل میں

مری آنکھوں میں بعد مرگ بھی اوس شوخ کی صورت
رہیگی جیسے ملنے کی تمنا رہگئی دل میں

کروں وصف گل رخسار جانان اس تکلف سے
رہیں چرچے مری رنگین بیانی کی عنادل میں

مع داغ تمنا خاک کردے کشور دل کو
لگا دے آگ اے برق نگاہ یار حاصل میں

کشایش جب مقدر میں نہو بیسود ہے محنت
ہوا کب دخل ناخن کو بھلا عقد انامل میں

حبیب اسطرح تم کہجاؤ مطلب پیکے مے تھوڑی
کہ مطلق امتیاز اونکو نہو ہشیار و غافل میں

بہار آئی ہے پھر وحشت کی سامان ہوتی جاتی ہین
مرے داغ کہن گلہاے خندان ہوتی جاتی ہین

خفا بھی ہین وہ اور دل سے مری الفت کی قایل بھی
جفائین کرتی جاتے ہین پشیمان ہوتی جاتی ہین

حریص لذت زخم جگر ہین عاشق ابرو
نثار برشش شمشیر عریان ہوتے جاتے ہین

بہت دن ہو گئے اب کوچہ دلدار ہین ہمکو
تعارف بڑہ چلا ہموار دربان ہوتے جاتی ہین

بشارت دے نہ کیون دست جنونکو میری عریانی
خراش ناخن وحشت گریبان ہوتے جاتی ہین

ہمین شوق شہادت ہر رگ گردن سے ہل ہلکر
جدا اب دمبدم تار گریبان ہوتے جاتی ہین

تماشا ہی حسین آتے ہین اونکو دیکھنے لیکن
مثال پیکر تصویر حیران ہوتے جاتی ہین

برا کیا ہے عیوض ہین دشمنی کے نیکیان کرنا
مخالف دمبدم مرہون احسان ہوتی جاتی ہین

نمود خط سے پوشیدہ ہے خال مصحف عارض
نئی صورت سے اب ہندو مسلمان ہوتی جاتی ہین

ق
چلی ہیم ورجا ضبط وتحمل حرص واستغنا
دیار تن کی ویرانی کے سامان ہوتی جاتی ہین

قوا ہین منتشر ملک عدم کو روح جاتی ہے
گلے مل ملکے رخصت ساری مہمان ہوتی جاتی ہین

جلیب بتلائے دل دیا جنکو وہی کافر
غضب ہی جان وایمان کی بھی خواہان ہوتے جاتی ہین

اعتبار بت عیار کرون یا نہ کرون
اوسکو دل دینے کا اقرار کرون یا نکرون

دیجیے بوسہ عناب لب وسیب ذقن
کچھ دوا اے دل بیمار کرون یا نکرون

اوسکی الفت سے نہان ہر رگ وپے مین لیکن
گفتگو اسمین ہے اظہار کرون یا نکرون

تھی مری دلشکنی شاق تو پوچھا ہوتا
رنج ہو جس سے وہ گفتار کرون یا کرون

نہ ہوا کام کوئی مفت گئی عمر عزیز
سوچتا ہی رہا ہر بار کرون یا نکرون

پہلی صحبت ہے وہ آئے ہین مری گھر ایدل
آج رہجانے مین اصرار کرون یا نکرون

کچھ دکھایا نہ مجھے اس نے سیو اگردش کے
شکوۂ چرخ ستمگار کرون یا نکرون

ہوگیا ہے اونہین ایسا مری الفت کا یقین
مبتلا جانتے ہین پیار کرون یا نکرون

شکر نعمت سے ہون قاصر مگر اے رب غفور
معذرت بنکے گنہگار کرون یا نکرون

رنج و بیتابی و وحشت ہے عیان چہرہ سے
اون کی الفت کا مین اقرار کرون یا نکرون

فوت مقصد سے ہو جب آنکھ مین تاریک جہان
چشم امید کو خونبار کرون یا نکرون

رکھ کے محفوظ ارادہ کو بتا اے واعظ
دور تسبیح سے زنار کرون یا نکرون

خون امید کیا توڑ کے پیمان وفا
تجھکو بدنام جفا کار کرون یا نکرون

اون سے پوچھون گا ثناے رخ رنگین لکھکے
یہ ہین مشق خط گلزار کرون یا نکرون

سنکے تقریر مخالف یہ تردد ہے حبیب
مین بہی اس طور پہ گفتار کرون یا نکرون

دل خون ہے الفت ذقن رشک ماہ مین
صدمے ہین رات دن مرے یوسف پہ چاہ مین

الفت کرے تو شرط ہے کوشش نباہ مین
ہے وضع کے خلاف کمی رسم وراہ مین

اے دل ثبوت درد کا پہلو ہو آہ مین
لغزش نہین ہے خوب بیان گواہ مین

رندونکو وعظ پند نکر فصل گل مین شیخ
ایسا نہو شراب اوڑے خانقاہ مین

پہلو سے اپنے وہ نہ اوٹھائین تو لطف ہے
پھٹون ملال جنکے دل کینہ خواہ مین

دل پائمال ہوتے ہین مانند نقش پا
ہے باطنی کشش تری نیچی نگاہ مین

محفل سے گر اوٹھائین تو مین جان سے اوٹھون
مٹ جاؤن مثل نقش قدم اونکی راہ مین

کیا پوچھتے ہو ہجر کی راتون کا ماجرا
پیش آیا تھا جو کچھ مرے بخت سیاہ مین

احباب ہمکو زیر زمین کیا ملین وہان
مشکل ہے امتیاز گدا اور شاہ مین

انسان وہ ہے جو آپ اوٹھا کر مصیبتین
کوشش کرے جہان کی فلاح و رفاہ مین

رہتا ہے دوستون سے وہ سفاک بدگمان
ناحق کئے ہین سیکڑون خون اشتباہ مین

دیتے ہین نکتہ سنج سمجھکر سخن کی داد
کیون ہمزبان عوام کے ہون واہ واہ مین

سونپا خدا کو خیر سے آنا نصیب ہو
رکھو قدم حبیب محبت کی راہ مین

جو سادگی مین ادا ہے وہ بانکپن مین نہین
بہار لالۂ خودرو کسی چمن مین نہین

وہ بات جس سے ہو تسکین دل سخن مین نہین
قسم ہے میری زبان یار کے دہن مین نہین

اوٹھا نہ لطف کبھی سیر باغ ہستی سے
ہمارے رنگ کا ایک پہول اس چمن مین نہین

کریگی شہر خموشان مین حشر چال تری
اوٹھیگا شور کہ مردہ کوئی کفن مین نہین

سبب ہوئی غم غربت کا بہائیون کی جفا
عزیز یوسف بے کاروان وطن مین نہین

لطیف کرتا ہے سرمایۂ سرور کو صبر
شراب تازہ کی حدت مے کہن مین نہین

مٹا ہوا ہون حقیقت پہ صاف کہتا ہون
کسی طرحکی بناوٹ مرے سخن مین نہین

نظیر ہو تو کہلے حال دل کی اولجہن کا
یہ پیچ و تاب کسی زلف پرشکن مین نہین

بگڑ کے ہمسے بگاڑو نہ پیاری صورت کو
جبین صاف مین ہے لطف پرشکن مین نہین

دلیل غم ہے پراگندگی ساز نشاط
شریک حال کسی کا کوئی محن مین نہین

لطیف و صاف ہے اہل کمال کی صحبت
دہوان چراغ کا انجم کی انجمن مین نہین

جہان مین ضبط سے ہم سرخرو ہین صورت زخم
پکارتی ہی خموشی زبان دہن مین نہین

سوا جفا کے نہین اور کوئی شغل اونہین
وفا کی بو مرے یوسف کے پیرہن مین نہین

رسول کا ہے جو عاشق وہ آل کا ہے محب
دوئی کا دخل تو لاے پنجتن مین نہین

بنا ہے مرجع اہل کمال ملک نظام
حبیب کونسی دلبستگی دکن مین نہین

جوش وحشت کے سوا کچھ دل نالان مین نہین — خار صحرا کے سوا خاک بہی دامان مین نہین
حسن انسان کی ادا کا کبھی حیوان مین نہین — دیکھ لو عشوہ گری چشم غزالان مین نہین
ساز جمعیت دل کا سروسامان مین نہین — بے نیازی جو ہے درویش مین سلطان مین نہین
جسطرح آج مری جامہ دری کا غل ہے — لوگ چلائینگے کل یوہین کہ زندان مین نہین
ہے وہ آرائش ظاہر یہ فروغ باطن — سوز پروانہ دل سرو چراغان مین نہین
روشنی رہتی ہے کہتے ہین دی کی تا حشر — ظلمت شب کا گذر خانۂ احسان مین نہین
آہ ونالے بھی بہ تنگ آ کے نکل جاتے ہین — کوئی عشاق کا ساتھی شب ہجران مین نہین
غم سیہ بختی عاشق کا سراسر ہے لئے — رنگ جمعیت دل زلف پریشان مین نہین
سر جھکا لیتے ہو جب سامنے آتا ہون مین — بخیہ کچھ تار نظر کا تو گریبان مین نہین
ہے عدالت کا بڑا ڈر تری رحمت کی قسم — کچھ بجز یاس مرے قلب پشیمان مین نہین
ہے زمانے کے ہر ایک رنگ مین جلوہ انکا — کونسی بات ہے جو حضرت انسان مین نہین
ہوتی ہے صحبت نااہل سے دلکو وحشت — میل ہو جانب ناجنس یہ امکان مین نہین
شاق ہو یاس تو ایدل کوئی امید نہ کر — خواہش اوس بات کی آفت ہی جو امکان مین نہین
سخن صاف ہے مرآت جمال فطرت — کوئی مضمون خیالی مرے دیوان مین نہین
صادق القول ہو انسان تو ہے آسان مشکل — بلبلی وان ہے کہ مضمر ہے جہان ہا مین نہین

ہے خرف جبکہ سخن مین نہ متانت ہو حبیب
لطف بزم حکما صحبت رندان مین نہین

سر پہ جسوقت قضا آتی ہے ٹلتی ہی نہین
نبض رکجاتی ہے اسطرح کہ چلتی ہی نہین

اپنا معشوق ہے وہ شاہد رعنائے سخن
جسکی ہمشکل جوانی کبھی ڈہلتی ہی نہین

آنیوالا ہے سر شام جو وہ رشک قمر
دوپہر آج کسی طرح سے ڈہلتی ہی نہین

کیا کہون حال مسیحا مرض عشق کا مین
ایسی بگڑی ہے طبیعت کہ سنبھلتی ہی نہین

کب غریبون کو تری زلف سے پہونچا آسیب
یہ چہلاوے کی سوا اور کو چہلتی ہی نہین

سحر ہے اوس بت بیمہر کی بزم آرائی
شمع غیرت سے کٹی جاتی ہے جلتی ہی نہین

عرق شرم کا کاکل سے ٹپکنا ہے غضب
کوئی ناگن کبھی یون زہر اوگلتی ہی نہین

کرکے پامال دکہا پھر مجھے انداز خرام
آرزو خاک مین ملنے کی نکلتی ہی نہین

کب ہوا حسن طبیعت کو بناوٹ کا خیال
فصل گل پاؤن مین مہندی کبھی ملتی ہی نہین

جام جمشید ہے خلوتین ہمین بشکر سخن
اب طبیعت کسی صحبت مین بہلتی ہی نہین

گر سبب رحمت فیاض ازل ہو نہ حبیب
شاخ امید کسی فصل مین پہلتی ہی نہین

رہے آفاق مین شیر و شکر ہو کر بہم دونون
ہین اک جان دو قالب ناامیدی اور ہم دونون

مساوی ہون نکیون کر رنج و راحت اہل غم دونون
تمہاری ہر ادا سے ہین عیان عہد و ستم دونون

بتون کے عشق اور یاد خدا کے مشغلے ہر سون
کئے ہین ایک ہی حالت سے ہمنے بیش و کم دونون

وہ ہو سلے جو کہا تہا کل خدا کو درمیان دیکر
قدم لیتا ہون دیکھے آپکے قول و قسم دونون

ادہر بھی لوگ جہکتے ہین ادہر بھی لوگ جہکتے ہین
خم محراب طاعت ہین تری ابرو کی خم دونون

فنا جسکو نہین ہم سب اوسی دریا کے قطرے ہین
حباب بحر وحدت ہین ہستی و عدم دونون

[illegible] جہان سے فکر مین ہین اپنے بیگانے
خطاب یار سے ہو سکے ہین پیدا فرح و غم دونون

الوہیت تری کیونکر کوئی محدود کر سکتا
محل انقیاد نفس ہین دیر وحرم دونون

کبھی جان بخش گاہے جانستان ہین یار کی آنکھین
یہ مردم مٹھیون مین رکھتے ہین تریاک وسم دونون

قناعت ایک پیمانہ پہ کر کی فاقہ مستون نے
یہ وہ حالت ہے ہین جس سے نمایان کیف وکم دونون

عدیل خوش بیان کیا راحت جان ہے حبیب اپنا
مزا ہے مطمئن ہوکر رہین اکجا جو ہم دونون

ردیف واو

آئین وہ گھبرا کے اے دل بیقرار اتنا تو ہو
اس تڑپنے کا اثر انجام کار اتنا تو ہو

جان نکلے پھر استقبال وا ہو چشم شوق
اونکو بھی ہو جائے حیرت انتظار اتنا تو ہو

دین اگر دست گدا مین لوگ سمجھین کیمیا
چاہیئے نقد سخن کامل عیار اتنا تو ہو

پی ہی جائے سنکے واعظ لاکھ کچھ کہتا رہے
نشہ مین بہکے نہ ظرف بادہ خوار اتنا تو ہو

روح پرور تھی شراب وصل جانان شام سے
صبح فرقت دم نکلجائے خمار اتنا تو ہو

اشک پوچھین اپنے دامن سے وہ ہوکر مہربان
فائدہ رونے سے چشم اشکبار اتنا تو ہو

سنکے حال نزع وہ آئین ذرا مین دیکھلون
لے نجاؤن حسرت دیدار یار اتنا تو ہو

حسرتین ہی کچھ نکل جائین دل بیتاب سے
میری میت پر شب اول فشار اتنا تو ہو

ہون ہمارے خاک کے ذرے سواد چشم شوق
جستجو مین تیری سرگردان غبار اتنا تو ہو

نکلے پامالی کی حسرت کچھ دل بیتاب سے
خاکسارونپر کرم ای شہسوار اتنا تو ہو

جب دل بیتاب تڑپا ساتھ ہی چرکا دیا
خنجر ابروئے قاتل آبدار اتنا تو ہو

ہو ہجوم فکر مین فکر سخن کیونکر حبیب
دو گھڑی بیٹھین کہین جمکر قرار اتنا تو ہو

کبھی نہ غیر سے راس آئی التجا مجھکو
ملا جو کچھہ ملا تری سرکار سے ملا مجھکو

جو سنگ راہ بنے بت تو خوف کیا مجھکو
دیا ہے حق نے مرے دل سا رہنما مجھکو

نکل کے سنگ سے دیتا ہے ہر شرر یہہ صدا
زبانہ طور کے شعلے کا جاننا مجھکو

ہمیشہ سر پہ ہے کافی ترا سحاب کرم
نہین ہے کچھہ ہوس سایۂ ہما مجھکو

زمانہ بن گیا ناحق عدوے آسایش
ملا نہ چین سے غربت مین بیٹھنا مجھکو

بہت سہے ہین ستم انقلاب کے بلبل
فسانہ جور خزانکا نہ تو سنا مجھکو

ہوا کرین جو ہوے بند باب عیش و سرور
دکھائیگا وہ کوئی اور راستا مجھکو

ہمیشہ عیش مین بہولا کیا ملال مین یاد
حجاب آتا ہے یارب دم دعا مجھکو

ہر ایک کام مین ہر وقت کی ہے خودرائی
خیال تیری رضا کا کہان رہا مجھکو

جلے نہ کیون مری تاب بیان کو دیکھہ کی شمع
سنا سکے نہ شب غم کا ماجرا مجھکو

مہیب ہین یہ زمانہ کی پر خطر راہین
رفیق غربت و کربت سنبہالنا مجھکو

کچھہ آجکل سے بہت التفات غیر و پنہ
چہپاو لا کہ خبر ہے ذرا ذرا مجھکو

قلق ہے دل پہ طبیعت اُچاٹ رہتی ہے
آلہی بیٹھے بٹھائے یہ کیا ہوا مجھکو

برائے نام بھی مشکل کا چارہ ساز و کفیل
کوئی نظر نہین آتا ترے سوا مجھکو

حبیب کیون نہ رہے دل مین انتہا کی اُمید
تمام یاد ہو جب اپنی ابتدا مجھکو

اوسکے کوچہ مین مجھے چارہ گرو جانیدو
اور جو کچھہ ابھی ہونا ہے وہ ہو جانے دو

جانتے ہین تمہین ای شیخ خرابات نشین
بس بہت اپنے مشیخت کی نہ لو جانے دو

کچھہ فرشتہ نہین قاصد ہے سنا حضرت دل
راز اس سے بھی زیادہ نہ کہو جانے دو

چھیڑ کر پوچھا تھا حال شب فرقت تمنے
خود ہی بس کہتے ہو اچھا نہ سنو جانیدو

آج بھی سامنے عادل کے نہ مکرے قاتل
اہل محشر مجھے جلدی ہے ہٹو جانے دو

دل کو پامال کرو ہجر مین خون رُلوا کے
ہے غلط لفظ محبت اسے دھو جانیدو

شام غم کی سحر آجائے گی اے صبر و قرار
بخت بد خواہ ہے فتنہ اسے سو جانے دو

یا خدا زور خودی لاف خدائی کب تک
قصد کعبہ کا ہے روکو نہ ہٹو جانے دو

دل نادان کا تقاضا ہے بہت ساتھی ہین
راہ الفت کے خطر سے نہ ڈرو جانے دو

ق

فوت مقصد کا گذرگاہ جہان مین کیا غم
نکل آئیگی کوئی راہ چلو جانے دو

پاس جو شے نہی اوسکا تاسف کیا ہے
ڈہونڈہ لو اور گئی جو اوسے کھو جانے دو

اب نہ پلٹے گی جوانی نہ ملین گے احباب
کچھ دنون اور یونہین صبر کرو جانے دو

چار دن گلشن ہستی کی کرو سیر حبیب
تم بھی کس سوچ مین بیٹھے ہو اوٹھو جانے دو

جو جی مین آئے وہ کہلو برا بھلا ہمکو
جفائین سہ کے بھی منظور ہے وفا ہمکو

عروج پاتا ہے انسان خاکساری سے
جو بن سکے تو ہی حاصل یہ کیمیا ہمکو

نگاہ قہر سے تمنے گرائی جب بجلی
دل و جگر یہ پکارے جلا دیا ہمکو

اوسی سے کام ہے ہر وقت جسکی بندی ہین
خفا ہو یا کوئی خوش ہو پھر اس سے کیا ہمکو

کبھی نہ دیکھی تھین یہ کج ادائیان پہلے
ستا رہے ہین سمجھ کر وہ مبتلا ہمکو

ق

کرین جفائین وہ پھولے ہین جو حکومت پہ
ہم اسپہ خوش ہین کہ بھولا نہین خدا ہمکو

ہمیشہ نام ہے اوسکا بجائے جوشن حفظ
اگر قوی ہے مخالف تو خوف کیا ہمکو

جو چار دن ہے مسرت تو چار دن تشویش
لگی ہے کسکی الٰہی یہ بد دعا ہمکو

بہار پختگی رنگ طبع دکہلا دین
ہو چند روز ابہی چہوڑ دے قضا ہمکو

سنے گا کون کرین عرض مدعا کس سے
کوئی نظر نہین آتا تیرے سوا ہمکو

تمام عمر رہی دل کی آرزو دل مین
جفا کشی کا نہ ابتک ملا صلہ ہمکو

نہ ہو جو یار موافق تو خوب ہے عزلت
نہین پسند ہر اک سے خلا ملا ہمکو

یہ کیا ہوا کہ یکایک وہ کہینچ کے بیٹھ رہے
جو ایک لحظہ بہی رکہتے نہ تھے جدا ہمکو

جفائین سہ کے کرین کس سے شکوہ بیداد
بہت پہرے نہ کوئی دادرس ملا ہمکو

حبیب جسکی ہے مدت سے آرزو دل مین
وہ وقت لائے حبیب اللہ دیکہنا ہمکو

خدا جانے کیا یاد آیا ہے مجہکو
یہ در پردہ کس نے ستایا ہے مجھکو

زمانہ نے بہی ساتھ دیکر عدو کا
ہنسایا ہے اوسکو رولایا ہے مجکو

اوٹھاؤ انکا دلپر تعب عاشقی کا
ہمیشہ یہ غم راس آیا ہے مجکو

مکرتے ہین وہ وعدہ وصل کرکی
رقیبون مین جہوٹا بنایا ہے مجکو

زخود رفتہ ہون کیا کہون اپنی حالت
سمجہتا ہے وہ جسنے پایا ہے مجکو

یہ وحشت ہے یا عشق کی بدگمانی
جو اپنا تہا وہ بہی پرایا ہے مجکو

بتون نے دے عشق مین ایسی صدمے
کہ اپنا خدا یاد آیا ہے مجکو

نہ پروانہ ہون مین نہ ہون شمع محفل
جگر کی تپش نے جلایا ہے مجکو

بڑہی ہے یہ فرقت مین دل کی حرارت
خیال چمن جنکا سایا ہے مجکو

قدم کیون نہ لون بڑہ کے پیک قضا کی
کہ مالک نے میرے بلایا ہے مجکو

کبہی حال دل گر کہا ہنس کے بولے
یہ قصہ تو اکثر سنایا ہے مجکو

الہی وہ کیا آج کہتے ہین دیکھون — اوٹھایا ہے سکو بٹھایا ہے مجکو
معلم نے الفت کی فرقت مین تیری — سبق بیخودی کا پڑہایا ہے مجکو
رہا اب کسی سے نہ ملنے کے قابل — محبت نے وحشی بنایا ہے مجکو

عجب کیا جلیب اب سبنے بخت رہبر
نیا راستہ اک دکہایا ہے مجسکو

خوش رہے اف بھی نہ کی سہگئے بیدادونکو — ہمنے یون کرلیا قابو مین پری زادونکو
راحت و رنج ہین یکسان ترے آزادونکو — کہیل سمجہا کئے ہر طرح کی افتادونکو
فخر ہے وضع پہ اسلاف کی اولادون کو — دور اندیش نہین چہوڑتے اون جادونکو
جب وہ ساجد ہے شان مساجد نہ رہی — معتقد نام کے چوما کرین سجادونکو
متبذل کر دیا کیا جلد زمانہ نے وہ رنگ — جس پہ شاگرد تہے خوش ناز تہا اوستادونکو
قید ہستی سے پہٹا آپ کی کاکل کا اسیر — بیڑیان کاٹ دین بلوا سے حدادونکو
کبھی کرتے نہین آرایش حسن باطن — ذوق ظاہر کے تکلف سے ہی جن سادونکو
آہ مظلوم کا ڈر ہے نہ انہین خوف خدا — راتدن ناز ہے بیداد پہ جلادون کو
آپکو ساتہہ رقیبو نکے مبارک ہو خوشی — بزم عشرت مین نہ بلوائے ناشادون کو
جذب دل سے ہے عمل حب ہی مجرب زاہد — دیکہو یون کرتے ہین تسخیر پری زادونکو
اب کرے کس سے کوئی دادرسی کی امید — حکمران جو ہین وہ سنتے نہین فریادونکو
موتہہ پہ باتین ہین لگاوٹ کی دلون مین ہے بدی — شرم آتی نہین اللہ سے کیّادونکو
فکر سے نام بھی جمعیت دل کا نہ رہا — غم نے مسمار کیا عیش کی بنیادونکو
کیون نہ سمجہین نہین استاد خود آرائی مین — متحیر ہین حسین دیکہکے ایجادون کو

کاٹ دو رنج کے ایام اوسی طرح حبیب
جیسے محبوس بہگت لیتے ہین میعادونکو

آپ ہون ہم ہون مے ناب کا چرچا کچھ ہو / غیر کوئی نہو پہر دیکھیے کیا کیا کچھ ہو
جانگسل ہوگئی ہے بیم ورجا کی حالت / آج کہنا ہے جو کچھ اونسے کہون گا کچھ ہو
لطف ہے ایسی ملاقات مین صاحب کوئی / مدعا میرا ہو کچھ آپ کا منشا کچھ ہو
یہ دورنگی نہین واعظ کبھی رندونکو پسند / کہ زبان پر تو ہو کچھ دل مین تمنا کچھ ہو
عشق مین جان پہ کہیلے ہوے ہم بیٹھی ہین / اوٹھہ سکیگا نہ ترے ہجر کا صدمہ کچھ ہو
دل کی بازار محبت مین نہ قیمت اوٹھی / ہمنے چاہا تہا کہ اس جنس کا سودا کچھ ہو
اپنے جانبازون کا دیکہا نہ تماشا تمنے / منتظر سب تھے اسی کے کہ اشارا کچھ ہو
قلب بیتاب کو تسکین عطا کر مالک / زندگی کے لیئے لازم ہے سہارا کچھ ہو
زور مجبور کا مختار سے چلتا ہے کہین / اپنی کرتا ہے وہ بندونکا ارادہ کچھ ہو
ایک منت نہ سنی میری یہ کہہ کر وہ اوٹھے / ابتو گھر جاتے ہین ہم حال تمہارا کچھ ہو
نہ بجھی دلکی لگی چھینٹون سے تیری ناصح / ہم بھی گھر پہونک کے دیکھینگے تماشا کچھ ہو
آنکھین حیرت مین ہین کیون دیکھہ کے نیرنگ جہان / نہین معلوم زمانے مین ابھی کیا کچھ ہو
ایکدن موت کا آنا تو ہے برحق یارب / چند ارمان ہین نکل جائین وہ ایسا کچھ ہو
قدردان کون ہے ایسا جو حکم بنکے کہے / آئے وہ جسکو فن نظم مین دعوی کچھ ہو

ہے فقط اونسے تغافل کا گلہ ہمکو حبیب
صاف کہدیجیے آپ امین جو بیجا کچھ ہو

دل مین وہ درد ہے جسکا نہ دوا سے کچھ ہو / ہان اگر ہو تو کبھی فضل خدا سے کچھ ہو

کہدیا ہے جو زبان سے وہ بنا ہین سے گے ضرور
بات رہجاے زمانے مین بلا سے کچھ ہو

داور روز جزا کا بھی نہین ڈر ظالم
باز آتا نہین تو جور و جفا سے کچھ ہو

سختئ راہ طلب کا نہین شکوہ سبکو
بالیقین ہو تو اوسے آبلہ پا سے کچھ ہو

کوسنے دو انہین کیون ڈرتے ہو تم میخوار
گر کبھی حضرت واعظ کی دعا سے کچھ ہو

حسرت اوس کشتۂ اندوہ کی مایوسی پر
جسکی کوشش سے نہ کچھ ہو نہ دعا سے کچھ ہو

ہے وہ جا خلد ترے زلف کے سودائیکو
فرق وحشت مین جہان آب و ہوا سے کچھ ہو

دیکھکر حالت اغیار سنبھل جائین یہہ
اُس حریفون کو اگر شرم و حیا سے کچھ ہو

اپنے محسن کے دل و جان سے رہینگے مشکور
بیوفائی تو نہوگی شرفا سے کچھ ہو

حشر ہونیکو ہے کہتے ہین بتا کیا ہے جواب
پرسش حال جو تیرے شہدا سے کچھ ہو

طالب نقد توکل ہون عطا کر یارب
نہ پہرون مین رہ تسلیم و رضا سے کچھ ہو

صحبت نیک سے بہرہ نہین بدگوہر کو
ہو اگر جوہر قابل تو جلا سے کچھ ہو

مظہر قدرت خالق ہے صفاے عارض
تم مری جان عنایات خدا سے کچھ ہو

اضطراب دل مایوس کا چارا ہی نہین
ہو اگر درد کسیجا تو دوا سے کچھ ہو

جان پژمردہ خیالات مین آجائے حبیب
نسبت اس نظم کو تب آب بقا سے کچھ ہو

شب جو یاد آگئی وہ زلف پریشان مجکو
صبح تک نیند نہ آئی کسی عنوان مجکو

قیس کا نام مٹا دونگا وہ دیوانہ ہون
وحشت دل نے دکھایا جو بیابان مجکو

تیغ ابرو کے تصور مین کٹے شب کیونکر
تار بستر ہے ہر اک خنجر بران مجکو

اون سے کہدو نہین تاب غم فرقت باقی
ایسے جینے سے ہے مرنا کہین آسان مجکو

مردم دیدہ ہین مشتاق دکہا دو دیدار
بام پر چڑہ کے کرو مورد احسان مجکو

تیغ قاتل سے لپٹ کر رگ جان نی یہ کہا
مدتون سے تہا ترے ملنے کا ارمان مجکو

کوہ صحرا مین پہرا ہین ترے غم مین پیارے
گہر نظر آنے لگا گوشۂ زندان مجکو

بت پرستی نہ چہٹی ہے نہ چھٹے گی ناصح
جائے محراب ہین ابروے حسینان مجکو

یاد مین اوس رخ روشن کی ہوا ہون مجنون
شجر طور ہے ہر نخل بیابان مجکو

فرقت یار مین ہاتہو پہ جو گل کہائے ہین
ملگیا مرتبۂ موسیٔ عمران مجکو

بندۂ زلف و رخ یار ہون زیبا ہے اگر
کوئی ہندو کہے اور کوئی مسلمان مجکو

کسطرح لایق تشبیہ رخ یار رکہون
خال و خط پہلے دکہائے مہ تابان مجکو

شیشۂ دل مے خون و جگر و ساغر چشم
تیری فرقت مین میسر ہے یہ سامان مجکو

گوش گل وا ہوئے سننے کو کلام رنگین
بلبلین چپ ہوئین دیکہا جو غزلخوان مجکو

کر دعا سوئے نجف ہاتہ اوٹہا کر یہ حبیب
حشر کے روز بچانا شہ مردان مجکو

ملایا خاک مین برق نگاہ یار نے تن کو
بگولا بنگیا لیکن نچہوڑا اوسکے دامن کو

ملامت کرنے آیا تہا مگر ساکت رہا واعظ
ہماری خاکساری نے کیا ہموار دشمن کو

رہ دور و دراز عشق مین پائے سبکدوشی
مرا حلق بریدہ کیون دعائین دے نہ رہزن کو

یہ بلبل کہہ رہی ہے جہوم کر فصل بہاری سے
ترے صدقے بنایا ہے دلہن شاخ نشیمن کو

بلا کچھ اور آئیگی اولٹ دیگا صف محشر
خدا کے واسطے صاحب سمیٹو اپنی دامن کو

پڑا چکر مین رہکر پاس اس برگشتہ قسمت کی
لئے جاتے ہین دیکہو آسیا گر سنگ مدفن کو

وہ بلبل ہون مرا جو حسرت فصل بہاری مین
نہ گاڑو پہیکدو للہ کانٹون مین مری تن کو

ہین جھگڑے ہر قدم پر کیسے طی ہو وادی ہستی
اولجھنے کا ابھی کانٹون مین ہی ارمان دامن کو

لیا بوسہ لب عاشق نی بڑھکر تیغ قاتل کا
حیا سے کٹ گئی خود آئی ایسی شرم گردنکو

فروغ صاحب جوہر کو حاجت کیا اعانت کی
ہوئی پروا‌ئے روغن کب چراغ روی روشن کو

حبیب خوش بیان ہی یادگار حضرت ناسخ
خدا بخشے جناب عشق سے سیکھا ہی اس فنکو

جو گذرے وادی تحقیق مین دیکھہ اونکے جادونکو
شرف ہے رہنمائی کا سوارونکو پیادونکو

کسی نے بھی جوان ہوتے نہ طفل اشک کو دیکھا
ملا کب لطف ہستی رنج و غم کے خانہ زادونکو

علامت ابتذال نفس کی ہے ہر ادا انکی
وہ خود کامی تہا ننگ اپنا ہے جنپر فخر سادونکو

ہوئین محرومیان اکثر محرک عرق غیرت سے
کیا ناکامیون نے مستقل میری ارادون کو

شیوع حکمت و تہذیب گر چاہے تو ممکن ہی
مٹا سکتا نہین انسان طینت کے فسادونکو

بدلتا ہے زمانہ کیطرح رنگ اہل دنیا کا
سبق دیتے ہین یہ شاگرد اپنے اوستادونکو

رہین شامت اعمال ہے تقدیر کی خوبی
لئے ہین گود مین مایوسیان میری مرادونکو

وہ کیون اعزاز کہوتے ہین لباس زہد و تقویٰ کا
تخالف ہے رہ ہموار سے جن کج نہادونکو

رفاہ عام کی فکرین ہر اک سے ہو نہین سکتین
جہاد نفس پر بہی ہے فضیلت ان جہادونکو

جو عاقل ہین وہ حل کرتے ہین آسانی سی ہر مشکل
کمانین باندہتے ہین کہینچکر برسون کہادونکو

حبیب مبتلا خوگر ہے الطاف احبا کا
ترقی دے ہمیشہ اے خدا ان اتحادونکو

دل جگر اے جانجان اہل وفا کے دیکھلو
جتنا جی چاہے انہین ہر دم ستا کے دیکھلو

جان دیدونگا اگر غیرون سے آنکھین چار کین
میری غیرت بہی او نہین صورت دکہا کے دیکھلو

اب نہین طاقت ہے اوٹھنی کی زمین سی نخل اشک
پہر نہ ہاتھہ آؤنگا نظرون سے گرا کے دیکھلو

تم جگاؤ گے تو چونک اوٹھونگا خواب مرگ سی
ہین اگر مرجاؤن تو شانہ ہلا کے دیکھلو

گو بگڑ کر کچھ نہین سنتے وہ پر کہتا ہی دل
پہر قدم پر رکھہ کے سر آنسو بہا کے دیکھلو

تیغ ابرو کے اشارے کہہ رہے ہین دمبدم
جان نثارو کاٹ شمشیر قضا کے دیکھلو

دل ہے افسردہ نکل آئینگے آنسو دوستو
اب نہ آئیگی ہنسی تم گدگدا کے دیکھلو

رنج و حیرت اونکے اوٹھ جانے سی دامنگیر ہی
رکھی آنکھون مین آنسو ڈبڈبا کے دیکھ لو

کچھ نہ کچھ حسرت نکل جاے دل صد چاک کی
چلتے چلتے اک نظر گر مسکرا کے دیکھلو

ای طبیب خستہ جان ہی درد فرقت لاعلاج
کچھ نہ ہوگا کہہ دیا آنسو بہا کے دیکھلو

سچ کہو چاہنے والو نکو گلا ہو کہ نہو
وعدہ کر لیتے ہو تم سب سے وفا ہو کہ نہو

دل ٹھہرتا نہین سطے راہ وفا ہو کہ نہو
تمپہ ہم مرتے ہین وزات قضا ہو کہ نہو

اب نہین ہے کوئی حد عشق مین رسوائی کی
حال وحشت کا مری تم نے سنا ہو کہ نہو

آپ نے کون سی بیداد اوٹھا رکھی ہے
اسکا کیا ذکر ہے عاشق کو گلا ہو کہ نہو

دل تو دل جان بھی الفت مین نہین تمسی عزیز
اب لکھ دیتے ہین لو پہلے کہا ہو کہ نہو

مارنا دل کا ہے مرجانے سے عاشق کو مراد
چھوڑ دنیا کو محبت مین قضا ہو کہ نہو

دیکھہ لینا جو لگایا ہے دل ای غنچہ دہن
اپنی کر جائینگے ہم تجھہ سے وفا ہو کہ نہو

طبع رنگین ہے مری جھوٹی بناوٹ سی نفور
راستی چاہیئے باتون مین مزا ہو کہ نہو

پختہ ہوجائے گا یہ رنگ سیہ کاری کا
وسمہ پیری مین ہے بیسود حنا ہو کہ نہو

تہا کبھی چاہنے والون مین ہمارا بھی شمار
دن بہت گذرے تمہین یاد رہا ہو کہ نہو

فائدہ آنے سے جب وقت عیادت نرہا — فوت ہے اصل غرض رسم ادا ہو کہ نہو
نام رہجاتا ہے آفاق مین ہر کامل کا — اور کچھہ اوسکا نشان بعد فنا ہو کہ نہو
اپنی ہستی کو مٹادونگا تری الفت مین — سر سے اونچا مرے سیلاب فنا ہو کہ نہو
نہ چہپی سنگ دلی اونکی مرے ضبط سے بہی — ہو گیا شیشہ دل چور صدا ہو کہ نہو

گر کسی نے کہا دنیا مین نہین آج حلیب
ہنس کے فرمایا ہمین کام ہے کیا ہو کہ نہو

بردل تجھسے کہون یہ ہے زبان کی آرزو — تجھکو دیکھون اہی یہ چشم خون فشان کی آرزو
خاک مین ملجاؤن یا کدن عمر بہر گردش مہون — یہ زمین کی آرزو وہ آسمان کی آرزو
ملگئی دستار واعظ آج حسن اتفاق — ایک مدت سے تہی یہ پیر مغان کی آرزو
جد وکد بالیدہ ہو کر خوب کی ایچرخ پیر — پر نہ نکلی کچھہ مرے عزم جوان کی آرزو
فصل گل مین فوت ہے ان نامرادون کی خوشی — کیون ہوئی قید عنادل باغبان کی آرزو
حرف رکہا عاقلون نے ہوگئے بے اعتبار — کر گئی ہمکو سبک رطل گران کی آرزو
ناحق وحشت رضائے سینہ کاوی دی تجہے — میزبان کیون بر نہ لائے میہمان کی آرزو
کب گمان تہا ہجر ہے انجام اوس آغاز کا — تمسے ملنے کی عبث اے جانجان کی آرزو
ہو یقین کیونکر نہین جب کوشش کسب کمال — شاعری ہے آجکل ہر بادخوان کی آرزو
فرش ہوجا نقش پائی طرح راہ عجز مین — تاقیامت ہے اگر نام ونشان کی آرزو

بہیل کر خفت اوٹہا جو تیری صحبت سی حلیب
کیا کرے گا وہ سخن مین امتحان کی آرزو

دمبدم شور ہے جدہر دیکھو — رشک عیسی ہے ہر ایک نظر دیکھو

دو ہی باتین ہین اے قمر دیکھو
ذبح کر ڈالو یا ادھر دیکھو

سیر ہو چاندنی مین تارون کی
چھنکے افشان جبین پر دیکھو

وقت ہی کون گھر کے جانیکا
رات آئی ہے دوپہر دیکھو

دور ہے زلف کا زمانہ مین
آفت تازہ ہے جدہر دیکھو

ہین کفن مین بھی نیم باز آنکھین
شوق دیدار نامہ بر دیکھو

فیض پایا ہے کس نے ادنی سے
نہ جھکے نخل بے ثمر دیکھو

لے کے دل کی نہ تم نے دلداری
بنگئی میری جان پر دیکھو

ذکر فرقت سے دل دھڑکتا ہے
میرا سینہ تو اے قمر دیکھو

چشم انصاف چاہیئے صاحب
ہم تمہین دیکھین تم اودہر دیکھو

وصل کی شب ہے باتون باتون مین
ہو نہ جائے کہین سحر دیکھو

وصف اون کا دہان جہان پہ سنو
اونکا شہرہ اودہر جدہر دیکھو

لب پہ ہے جان منتظر بولو
بند ہوتی ہے چشم تر دیکھو

ابہی وسعت ہے اس زمین مین حبیب
اور کچھ دیر فکر کر دیکھو

لالہ زار اب نہ اے قمر دیکھو
آؤ زخم دل و جگر دیکھو

چاک پہلو ہے تا کمر دیکھو
زور بیتابی جگر دیکھو

دل کی قیمت ہے ایک نظر دیکھو
چشم انصاف سے اگر دیکھو

کیون نہ تڑپون رہون نہ کیون بیتاب
سیکڑون داغ اک جگر دیکھو

شب فرقت مین خون رویا ہون
آستین ہے لہو سے تر دیکھو

سوز تن کا بیان جہان پہ سنو
درد دل کا گلہ جدہر دیکھو

جسم آجائے چھوڑ و بیداد
میری حالت کو تم اگر دیکھو

طوطے ہاتھون کے یہ اوڑاتا ہے
شوخی مرغ نامہ بر دیکھو

طرفہ ہی انقلاب لیل و نہار
عیب سب ہو گئے ہنر دیکھو

امتحان لین اگر وہ الفت کا
پھر ہمارا دل و جگر دیکھو

حق بجانب ہے لاکھ عاشق ہین
تم اکیلے کدہر کدہر دیکھو

بل کی لیگی کمال نازک ہے
آگئی زلف تا کمر دیکھو

رنج و ایذا ملال و محرومی
نخل الفت کے ہین ثمر دیکھو

چھوڑ دوائے حبیب عشق بتان
جان و ایمان کا ہے ضرر دیکھو

شرمائے گی گنہ کی سیاہی خضاب کو
چندے رہا قیام جو عہد شباب کو

فرقت کی رات روز قیامت سے کم نہین
اللہ ٹال سر سے میرے اس عذاب کو

ہونٹون پہ جان مردم مشتاق دید ہے
الٹو خدا کے واسطے رخ سے نقاب کو

ہو کیون نہ آتش غم حسرت سے دل کباب
ہم موسم بہار مین ترسین شراب کو

رندی ہی بہتر سے زہد ریائی سی خوب ہے
واعظ نہ چھیڑ بحث عذاب و ثواب کو

لکھا ہے اشتیاق بھی آنے کا قصد بھی
آنکھون سے کیون لگاون نہ خط کی جواب کو

دنیا کے اکل و شرب مین الشیخ پارسا
ہمنے کیا پسند شراب و کباب کو

وہ کیا گئے کہ دولت آرام لٹ گئی
آنکھین سیاہ پوش ہین روتی ہین خواب کو

سچ یون ہی اے حبیب وہ باطل پسند ہین
حق سے جدا سمجھتے ہین جو بوتراب کو

جان دین کسطرح جب خواہان جان کوئی نہو
دشمن جان چاہیئے گر مہربان کوئی نہو

ق

رخصت اے اہلوطن تخفیف زحمت چاہیئے
جائینگے اب روشناس اپنا جہان کوئی نہو

بے نشانی نامہ و پیغام کی ہو سد راہ
نیک و بد سن سنکے پھر یون بدگمان کوئی نہو

گریۂ خندہ نما کیون ہو نمک پاش جگر
ہر طرف مستفسر راز نہان کوئی نہو

مبتلا گر ہون مرض مین موت کے خواہان رہین
چارہ گر کوئی نہو راحت رسان کوئی نہو

کروٹین بدلین نہو ہمسایہ مین کوئی وقت نزع
غیر آواز نفس نوحہ خوان کوئی نہو

اپنی آفت سر پہ اپنی ہی گذرنید و حبیب
رنج کیسا بس ہی یہ گر شادمان کوئی نہو

بہار آئی بہرین مے سے آبگینون کو
پلا پلا کے لگائین گلے حسینون کو

ہمین تو ہجر کا ہر ایک دن ہے ایک برس
وہ اپنے دل مین سمجھتے ہین پل مہینونکو

خفا ہوئے تھے تو خنجر بھی پھیر دینا تھا
چڑھا کے رہگئے کیون آپ آستینونکو

شب فراق مین طوفان اشک روک لیا
نرکھون آنکھو نپہ کیون کر مین آستینونکو

ثبات جامۂ ہستی کا گر گمان ہوتا
تو چاک رکھتے نہ احباب آستینونکو

چلے جہان سے تہیدست مونہہ چھپائی ہوئے
کفن مین ہاتھ ہین محتاج آستینونکو

لپیٹے ساعد و بازو پہ ہار پھولون کے
چھپا نہین ہے مریجان آستینونکو

بتون سے جب ہوے بدظن جھکی خدا کیطرف
ہمیشہ سجدہ کی عادت ہے ان جبینونکو

زمین شعر مین ملتے ہین ہمکو یون مضمون
نکالتا ہے کوئی جسطرح دفینون کو

اڑے ہین یار ابھی فسخ عہد و پیمان پر
کہان کیا ہے کدورت سے صاف سینونکو

فلک پہ ہے مدد علم سے خیال اپنا
عروج پایا ہے طے کر کے ساری زینونکو

نہ کیسے چار حد خلق مین رہے مطعون
ستائے گر کوئی ہم زادیہ نشینونکو

کسی سے ہو نہ توارد خیال بٹتا ہے
حبیب چھوڑ دو روندی ہوئی زمینون کو

جان جانے کا محبت مین اگر ڈر ہے تو ہو
آگیا دل اوس پریوش پر ستمگر ہے تو ہو

یان قلمرو مین رہیگی تا ابد اقلیم نظم
اپنے ملک و مال پر نازان تونگر ہے تو ہو

ہے مخالف راستی کے سر بسر جسکا کلام
صاف کہدون مین نہین قائل سخنور ہی تو ہو

شخص بے جوہر سجھہ لو پیکر بے حسن کو
کیا تکلف سر سے پا تک غرق زیور ہی تو ہو

مین بہی کچھہ پوچھون گا واعظ سی طریق عشق مین
رہنما میرا جو اس کوچہ کا رہبر ہے تو ہو

جس سے مین الفت مین کوئی شی نہین بیجا عزیز
بے سبب ناراض مجھہ سے وہ ستمگر ہے تو ہو

خاک مین وہ بہی ملے جبکا رہا چند سے عروج
اے فلک تجھسے ڈرین کیون کینہ پرور ہی تو ہو

چاہیے افزایش دولت سے پہلے یہ دعا
یا الٰہی گر یہ میرے حق مین بہتر ہے تو ہو

جاہ و منصب سے کمال علم و فن بڑہتا نہین
بے ہنر خوبی طالع مین سکندر ہے تو ہو

دیکھا دل مین جگہہ تیری نگاہ ناز کو
ہر مژہ بہر رگ جان نوک نشتر ہے تو ہو

حافظ مطلق ترا غربت مین ہمدم ہی حبیب
درپئے آزار بدخواہ ستمگر ہے تو ہو

جلوہ فرما ہو جو وہ مہر منور شبکو
غیرت صبح حلب ہو مرا سب گھر شبکو

خود بہی بدنام ہوا گھر مرے آکر شبکو
مجکو رسوا کیا بلوا کے ستمگر شبکو

کچھہ تصور جو ترے قشقہ صندل کا رہا
درد سر مین ہوئی تخفیف نہ دم بھر شبکو

چنکے افشان وہ لب بام جو آکر بیٹھے
سب بنگئے دیدۂ حیرت مہ و اختر شبکو

کیا سبب دیر کا ہے آج خدا خیر کرے
ورنہ تشریف وہ لاتے تھے برابر شب کو

دیدلی ہے میرے قسمت کے ستارے کی چمک
اپنے جلوہ سے وہ دن کرتے ہیں اکثر شب کو

ظلمت جہل ہو کیا شعلہ مصباح علوم
کوئی بینا کبھی دن کرتا ہے باور شب کو

ہول اوٹہتی ہے جو دل میں تو نظر آتے ہیں
در کے روزن دہن افعی و اژدر شب کو

آپ کی یاد میں بیتاب تہا قلب مایوس
چہوٹے تھے یا مرے پہلو میں کبوتر شب کو

بر مین عاشق کے اگر شاہد مقصود رہے
کیون نہ سمجھے سحر عید سے بہتر شب کو

زلف کا وصف لکھا ذہن رسا نے تا صبح
کر گیا طے رہ ظلمات سکندر شب کو

کاٹنے والا ہے اے دل وہی ادبار کی رات
وہ فضل سے اپنے سحر کرتا ہے جو ہر شب کو

اک گل شمع کو محتاج ہے آج ان کی لحد
کل میسر تہا جنہیں پہولون کا بستر شب کو

رہے گلچین بہار چمن نظم جناب
تہا سوا گل سے دماغ اپنا معطر شب کو

ردیف ہائے ہوز

ڈرتے نہیں ہم فتنہ محشر سے زیادہ
ہرگز وہ نہو گا تری ٹہوکر سے زیادہ

ابرو میں ترے کاٹ ہے خنجر سے زیادہ
ہر نوک مژہ تیز ہے نشتر سے زیادہ

اب کثرت سودا ہے مرے سر سے زیادہ
ہنگامہ ہے یان عرصہ محشر سے زیادہ

دکہلا رخ پر نور شب ہجر میں آکر
بڑہ جائے نہ یہ زلف معنبر سے زیادہ

اک لاگ ہے ظالم مرے دلکو ترے دلکو
شیشہ سے سوا ہے وہ پتھر سے زیادہ

ہر دم طلب رزق میں بےسود ہی کوشش
ملتا نہیں انسان کو مقدر سے زیادہ

دل تیرے مزے لیتا ہے اے گرمی الفت
قیمت میں ہر اک اشک ہے گوہر سے زیادہ

رحمت پہ تری ناز ہے ہو جائے گا مجکو
آغوش لحد دامن مادر سے زیادہ

صیاد طلسمات محبت مین پہنسے گا
تڑپیگا خط شوق کبوتر سے زیادہ

تم دیکھہ لو سیماب کو بہی آگ پہ رکھہ کے
بیتاب نہ ہوگا دل مضطر سے زیادہ

کیا خوب گذرتی ہے کرم سے ترے ساقی
میخانہ ہے واللہ مجھے گہر سے زیادہ

رلوائے نہ کیون خون غم ابرو و مژگان
ہر پہانس رگ جان مین ہے نشتر سے زیادہ

غربت مین نہ پہنستا جو حبیب جگر افگار
ہوتی اسے الفت نہ کبھی گہر سے زیادہ

شب فرقت مین کرا ایدل فغان آہستہ آہستہ
نہو راز محبت تا عیان آہستہ آہستہ

شروع عالم پیری ہے اتمام جوانی ہے
ضعیفی اپنی ہوتی ہے جوان آہستہ آہستہ

گمان ہے تختہ سنبل کا بیجا میرے مرقد پر
جگر جلتا ہے اوٹھتا ہے دہوان آہستہ آہستہ

کلیجہ جلگیا اور پہک چکا دل آتش غم سے
لب اب سلگینگی اپنی ہڈیان آہستہ آہستہ

نہ خون اوڑ اوڑ کے آلودہ کرے دامان قاتلکو
تڑپ لے مرغ روح نیمجان آہستہ آہستہ

خفا ہوتے ہو کیون رہنے دو اسکو اپنے کوچہ مین
گرا ہے گا تمہارا نیمجان آہستہ آہستہ

دعا کی ہے تو ظاہر ہوگی تاثیر اجابت بھی
پلٹتا ہے سفر سے کاروان آہستہ آہستہ

محل صبر و تحمل کا ہے یہ مضطر نہو ایدل
وہ لیتے ہین ہمارا امتحان آہستہ آہستہ

ٹھہرنے دو طبیعت ہی بڑی روداد فرقت کی
سنا دینگے یہ ساری داستان آہستہ آہستہ

کہان ہین دل مین درد و داغ جذب عشق ای پیرا
مکین سب کرگئے خالی مکان آہستہ آہستہ

حبیب اتنا بھی تو مضطر نہو فکر علایق سے
کریگا مطمئن روزی رسان آہستہ آہستہ

ہوئے کیوں سامنے منظور تھا جہسی اگر پردہ
یہ چھپنا قہر ہے صاحب ستم کرتے ہو در پردہ

خدا کی شان دیکھو سات پردون مین ہی بینائی
خلاف وضع ہے عصمت کا گر پہاڑی نظر پردہ

نہان وہ دلکی پردہ مین ہی نور آنکھون کی پردہ مین
نظر کیا آئے مردم کو ادہر پردہ اودہر پردہ

سب ہے شرم گنہ سے اشک رحمت جو نہین آئے
خطا کارون کا تو نے رکھہ لیا اے چشم تر پردہ

مری حالت بیان کرنا ہو جب کوئی پاس اونکی
ہوا جب رازدان ہے تجھہ سے کیا اے نامہ بر پردہ

یہ ہے راز و نیاز عشق کوئی غیر کیا جانے
سمجھہ لیتے ہین ہم سب کچھہ وہ کہہ جاتے ہین در پردہ

جہانکے زشت و زیبا سے عیان ہی شان غفاری
حجاب لامکان ہے حکمت بالغ کا ہر پردہ

ہوئے ہم عرض حاجت سے سبک سبکی نگاہون مین
ہوس نے جا بجا غیرت کا پہاڑا اتا کمر پردہ

جو چند دربان کو ہے مجھسے تو اسکو ہی سایہ
ہی سد راہ اوسکا بنگئے جز و سنگ در پردہ

خدا کی یاد اور عشق صنم کیونکر رہے سب دل مین
بنے اس ایک گہر مین کسطرح آٹھون پہر پردہ

حبیب بادہ کش چھپ کے پیا کر نہین چھٹتی
خدا سے ڈر ذرا رکھہ شرع کا اے بیخبر پردہ

آج پیمان ہو گیا ساقی دریا دل کے ساتھ
کل اگر چاہا خدا نے پھر پئین گے ملکے ساتھ

صاف کیا ہو نفس سرکش سلے ہے دشمن دلکی ساتھ
مس طلا ہوتا نہین جب تک ہی اپنی ظل کی ساتھ

کج ادائی اک ذرا کی تو نے جب بسمل کی ساتھ
جان دی اوس نیمجان نے ہائے کس مشکل کی ساتھ

مین ملا کیا اونکو گویا وادی وحشت مل گئی
آہوان دشت سب رہنے لگے ہلمل کی ساتھ

شمع خود پہلے جلی لیکن اوسکی پروانہ جلا
لاگ ہے رخسار جانان کو یہ کسکے دلکی ساتھ

گر نہین دیتے ہو بوسہ بات تو سیدھی کرو
جانجان زیبا نہین کج بحثیان سائل کیساتھ

روح پرور ہوگئے عناب لب سیب ذقن
اب ترے بیمار کو دق ہو گئی تھی سل کی ساتھ

ہوگئی خود خوشہ چین خرمن سوز و گداز
برق پھر چشمک کر گئی تو مری حاصل کیساتھ

لوٹے انگارون پہ دہ برسون یہہ دم بھر خاک پر
کیا کسی مذبوح کو نسبت ترے بسمل کیساتھ

اتنی جلدی کیون شب فرقت مین ای ہوش و خرد
ٹھہرو چلتی ہین عدم کو آج ہم تم ل کے ساتھ

کسنے دیکھا آجتک اوس رشک لیلیٰ کا جمال
ہوش اوڑ جاتے ہین سب کی پردہ محمل کیساتھ

مے پرستی ہے مری واعظ دلیل بیخودی
کرلے بحث حرمت و حلت کسی عاقل کیساتھ

گردش چرخ ستمگر سے نہین اک جا قرار
مثل مجنون پھرتے ہین اس نیلگون محمل کیساتھ

ہوگیا پژمردہ دل رخصت ہوا جیسے شباب
جو چلے سب چل بسے اوس عہد مستعجل کیساتھ

زخم دامندار ہین رخت شہادت جسم پر
روز محشر اوٹھہ کھڑا ہوگا یہ ہین قاتل کیساتھ

میکدہ مین دعوت اسلام کرتا ہے جلیب
ہوتے ہین ہندو مسلمان پی کر اس غافل کیساتھ

نہ کرتا مین واعظ سے لینت زیادہ
اولجھتے اگر آج حضرت زیادہ

نہ کی میری حاجت روائی بتون نے
خدا سے بھی کی انکی طاعت زیادہ

غنی سب سے وہی میر و سلطان سے بڑھ کر
طمع سے ہے جسکی قناعت زیادہ

ستایا بہت ہمکو ناکامیون نے
مگر ہوتی جاتی ہے ہمت زیادہ

لگے ہاتھہ نااہل کو لاکھہ دولت
جہان مین ہے کامل کی وقعت زیادہ

تہہ خاک سوتے ہین محمل مین جنکی
سدا شور تھا عمر و دولت زیادہ

او نہین خون رولاتا ہے اکثر زمانہ
جو ہین خوگر عیش و عشرت زیادہ

جو کچھ ہو بلا دے حریفونکو ساقی
نہین ہے مجھے مے کی عادت زیادہ

نہین وضع کا پاس رہتا ہے اکثر
پڑے گر کسی پر مصیبت زیادہ

سے گئے ہم تو وہ بزم سے اوٹھ رہی تھی
نہین آئی باتون کی نوبت زیادہ

مثل سبحہ طبع کے ہین سب حرف خالی
قناعت سے ہوتی ہے عزت زیادہ

خدا پر ہوتے جو شاکر تو کرتے
فلک تیری ہم بہی شکایت زیادہ

اوٹھا شہر سے دل جانب حزین کا
ہوا دفعتًا جوش وحشت زیادہ

لیا دل اگر کی عنایت زیادہ
نہ رکھیئے عبث مجھپہ منت زیادہ

ہر اکدن ہے جانکاہ فرقت زیادہ
جدا رہ کے ہوتی ہے الفت زیادہ

پلادے یہی ہے جو موجود ساقی
نہین کچھ تکلف کی حاجت زیادہ

حسینونکا جوہر ہے جب بے نیازی
کرین کیون وہ اے دل مروت زیادہ

مرا دل بنا مقتدا ہو گئی جب
ہوا و ہوس کی جماعت زیادہ

جگایا فرشتون نے خواب لحد سے
ہم اس گہر مین سمجھے تھے راحت زیادہ

خیالات ہون پاک اور صاف بندش
تو ہوگی سخن مین لطافت زیادہ

دل ناتوان میرا یہ کہکے بیٹھا
جہان مین اوٹھائی اذیت زیادہ

ذرا دیکھیئے لیکے تصویر یوسف
نہ تھے آپ سے خوبصورت زیادہ

جنہین ناز ہے اونکی الفت پہ دیکھین
کبھی ہم پہ بھی تھی عنایت زیادہ

کہون اونسے کیا مدعا اپنے دل کا
نہین جن سے صاحب سلامت زیادہ

مخاطب نہین رند واعظ سے کہدو
اوٹھاتے ہین کیون آپ زحمت زیادہ

ہوا خاتمہ اپنا اے ناامیدی
مناسب نہین اب رفاقت زیادہ

وہ کہتے ہین دیدیجئے بے تکلف
اگر دے کوئی دلکی قیمت زیادہ

جلیب سے یہ مستانے کی توبہ
ہوئی ضد کا باعث نصیحت زیادہ

عکس روے یار ہے تصویر پشت آئینہ
دیکھئے چمکی ہے کیا تقدیر پشت آئینہ

کنگھی کرتا ہے حنائی ہاتھ سے وہ شعلہ رو
مہر کے پنجہ مین ہے زنجیر پشت آئینہ

تمسے آنکھین چار ہوتے ہی اڑگئی پائی ثبات
پشت بر دیوار ہے تصویر پشت آئینہ

سامنے اونکے رخ روشن کی ہے مثل نقاب
بڑھگئی ہے آجکل تنویر پشت آئینہ

تاب نظارہ ہو کسکو جب صباحت صبح کی
ہوتی ہے حیرت سے وان جاگیر پشت آئینہ

چھپکے جب سنتا تیری تقریر او شیرین بیان
کیون نہ پھر طوطی ہو دامنگیر پشت آئینہ

اولٹا آئینہ دیکھاتے ہی وہ پھر آئے ادھر
آج ثابت ہوگئی تاثیر پشت آئینہ

صاف ہین سینے نہ پوچھو عاشقون کے دلکا حال
چھپ نہین سکتی کبھی تحریر پشت آئینہ

عکس زلف یار سے رخسار روشن ہی عیان
دیکھلو آئینہ مین زنجیر پشت آئینہ

عشق ابرو ہوگیا تصویر جانان دیکھکر
دل سے کے ٹکڑے کرگئی شمشیر پشت آئینہ

سچ ہے منہ دیکھی کی ہین ساری یہ ظاہرداریان
کوئی بھی کرتا نہین توقیر پشت آئینہ

آج وہ آغوش مین منہ پھیر کے بیٹھے ہین جلیب
بنگئے ہین غم سے ہم تصویر پشت آئینہ

دل مین ہے سوا حد سے تمناے مدینہ
ہے وقت مدد اے شہ والاے مدینہ

اوس خاک سے ہے روشن ہی نگاہ ملک و حور
کس طرح سے آنکھون مین نہو جائے مدینہ

گلزار جنان وان کی ہوا سے ہی معطر
سو جان سے فدا ہے چمن آراے مدینہ

تسکین نہین اسے حجر اسود کعبہ
مہر مین ہے ازل سے مری سوداے مدینہ

ہون سخت مصیبت مین گرفتار خبر لو
اے زیب دہ مسند مولائے مدینہ

چھپ جاتی ہین وان سارے گنہگارونکی عصیان
ستار کا دامن ہے کہ صحرائے مدینہ

ہر دم ہے ہمین شوق طواف لحد پاک
کیا دور ہے اللہ جو دکھلائے مدینہ

مر جاؤن تمنائے زیارت مین تو لکھنا
تربت پہ میری عاشق شیدائے مدینہ

دل یاد محمد مین جو بیتاب ہو میرا
کس طرح سے آنکھون مین نہ پھر جائے مدینہ

کب دفن ہے وان احمد مرسل سا شہنشاہ
کیونکر کہون فردوس کو ہمسائے مدینہ

پوچھین جو ملک کونسی جا ہے تجھے مرغوب
بیساختہ لب پر مرے آجائے مدینہ

جب خلد مین پہونچے گا حبیب سخن آرا
آئے گی صدا دل سے یہی ہائے مدینہ

جو پڑا رہتا ہے کوچہ مین نظر آئے نہ وہ
شکل اپنی جو کبھی پردے سے دکھلائے نہ وہ

دل مایوس کا کیا حال بتاؤن جسدم
جاؤن مین دور سے اور پاس بھی بلوائے نہ وہ

گھر مین دم گھٹتا ہے بے یار کہ میر السکن
کہین جاؤن تو یہ کھٹکا ہے کہ آجائے نہ وہ

وہی فرسودہ خیالات ہین واعظ کے ہنوز
خود ہی کیا سمجھا ہے اکدن مجھے سمجھائے نہ وہ

کیا کہون قوت ہے اس خوف مین وعدیکی خوشی
حسب عادت کہین پھر کہہ کے مکر جائے نہ وہ

آپسے جاتی ہین گھر اوسکے بلانا کیسا
یہہ غنیمت ہے کہ محفل سے نکلوائے نہ وہ

عشق کا جسکے تغافل سے ہو وحشت انجام
کیون سر اپنا تری چوکھٹ ہی سے ٹکرائے نہ وہ

بے نیازی کی کوئی حد بھی ہے اللہ غرور
آگئی جان لبون پر میری پر آئے نہ وہ

آج گو شاد ہے ظالم نہین ممکن یہہ مگر
اکدن پھنس کے مکافات مین پچھتائے نہ وہ

جسکی امید یہہ ہر حال مین شاکر ہے حبیب
کون پوچھے نظر مہر جو فرمائے نہ وہ

ردیف یاے مثناۃ تحتانی

مری خوشی دل حاسد پہ ایسی شاق ہوئی — کہ چشم بد کی سیاہی شب فراق ہوئی
زبان کی کام نہ آئی کبھی حلاوت مہر — غذائے غم سبب تلخی مذاق ہوئی
ہر ایک سر مین بتون کی جمال کی شہرت — ہوائے عشق بنی برق اشتیاق ہوئی
رہے زمانہ سے مجبور صاحب جوہر — ہنر کو سختیٔ اہل دول سیاق ہوئی
نہین ہے طاقت سئے تاب ہجر ساقی مین — بڑہا جو کیف عیان حالت مراق ہوئی
رفاہ قوم کا باعث ہے مشترک اغراض — بلائے خود غرضی موجب نفاق ہوئی
خلاف شرع پیمبر ہماری طرز عمل — عدو سے دبدبہ و شان و طمطراق ہوئی
اُمید جنسے تہی جسدم وہ سرپٹ اوٹھے — تمام طاقت دل ایکبار طاق ہوئی
بلائین پہنس کے نکلتا ہے صاف کم کوئی — رخ قمر مین کلف ظلمت محاق ہوئی
عروس دہر خلائق فریب تھی ہرچند — حضور نفس ہی لائق طلاق ہوئی

حبیب ہو گئے پیری مین جب قوی کمزور
سپاہ آز بھی بے ساز و بے یراق ہوئی

ہزارون صورتین پیدا ہین اک آشفتہ حالی سے — نئی دنیا بسی ہو دل مین اشکال خیالی سے
ثبوت ذات واجب کب ہو تشبیہ خیالی سے — طلسم وہم جب ٹوٹا تو نقش بیمثالی سے
مدبر کرتے ہین ہمراز عالی ظرف کو اکثر — نئی کیفیت صہبا نہ کچھ مینائے خالی سے
ہمیشہ راستی جنکی سے ہے باعث سرفرازی کا — اونہین کیا غم کہ جہک جائے گر پیرانہ سالی سے
چھپانے سے چھپے کیونکر مسرت کامیابی کی — بدلجاتا ہے اضمحلال چہرے کی بحالی سے

اسی تن کی بقا تک حصہ ہے لذات عالم کا
دوبارا کون آیا خلق مین جسم مثالی سے

سبب ہوگی متانت حسن انجام محبت کا
حسین باوضع کب ملتے ہین رند لاابالی سے

چھپایا تھا زمین نے سینہ پر داغ عاشق کا
کھلے گل چھنکے نکلا عکس جب تربت کی جالی سے

خواص اکسیر کی رکھتی ہے طینت خاکسارونکی
سمجھتے ہین یہ جام جم کو کم جام سفالی سے

گلون کے لب نہوتے آشنائے خندۂ بیجا
جو آتی کچھ بھی شرم انکو خزان کی گوشمالی سے

کہان مال غنیمت اور کہان سرمایۂ ذاتی
ہمیشہ شاخ گل ممتاز ہے گلچین کی ڈالی سے

پڑے تھے نقش پا بنکے نہ سنگ راہ تھی ظالم
تجھے کیا مل گیا آخر ہماری پایمالی سے

یہی اردو مین دکھلاتا ہی رنگ صائب و حافظ
حبیب خوش بیان کی قدر پوچھی کوئی حالی سے

وفا کے جسمین سو پہلو ہون کی اُسنے جفا ایسی
مری اس نارسائی پر بھی ہے قسمت رسا ایسی

ہجوم ناامیدی مین اُمیدین ہو گئین پیدا
خدا کے فضل سے پیش آئین شکلین بارہا ایسی

جواب صاف سنکر پھر کہون کچھ غیر ممکن ہے
کسی سے آج تک مینے نہین کی التجا ایسی

جوانی اور شب فرقت کی بیتابی نہ بھولے گی
کرے پھر دل کی وہ حالت نہین کوئی بلا ایسی

ملا ابتک ہمین گاہک نہ کوئی جنس معنی کا
رسا گو ہے طبیعت پر ہی قسمت نارسا ایسی

اسے پہنے ہوئی دیکھا ہے اکثر ہمنے زاہد کو
بھلا لایا کہان سے محترم ساقی عبا ایسی

ہمیشہ بھولتے رہتے ہین وہ روز آنیوالون کو
نہین دیکھی طبیعت آج تک دیر آشنا ایسی

ثمر ہے اُنکی ہر بے اعتنائی میری اُلفت کا
عموماً ملنے جلنے مین نہین ہرگز ادا ایسی

نہین واقف وہ دلداری سے ہم دل دیکے بیٹھے ہین
ہے انکی ابتدا ایسی ہماری انتہا ایسی

ہین ارمان آتی جاتے رات دن ہی کشمکش دلمین
زمانہ مین نہین دیکھی کوئی مہمانسرا ایسی

مرین یا جانبری ہو جای فرقت کی کشاکش سے
بتا دے کوئی صورت ہمکو بہی ای پر جفا ایسی

نشانہ بنگئے آفاق مین تیر ملامت کا
بہلا کہئے تو کچہ ہمسے ہوئی تہی کیا خطا ایسی

گل خندان سے چلے رنجیدہ ہو کر چبگئے کانٹے
زمانہ کی یکایک دیکہئے پلٹی ہوا ایسی

الم کی طرح عشرت بہی تعجب خیز ہوتی ہے
کہان تہین غم کی شکلین ای دل صبر آزما ایسی

حبیب اک روز تم دیکہو گی انجام اپنی محنت کا
گمان جسکا نہین ہے ہوگی تائید خدا ایسی

چہٹون دنیا کے جہگڑون سی اجل آجای جان نکلے
کہین دل سے مری اندیشہ سود و زیان نکلے

تمہارے ابرو و مژگان کو ہم ایسا نسمجہے تہے
یہ تیغین جانستان نکلین یہ ناوک بی امان نکلے

دعائین دین نہ کیونکر تجہکو جان و دل سی اے ساقی
ہم آئی میکدے مین پیر اور بنکر جوان نکلے

نہ ٹہرا ایک اونمین سی جو دم الفت کا بہرتی تہے
نہین ثابت قدم آخر کو وقت امتحان نکلے

عدم کی راہ سے ہوش و خرد کا قافلہ گذرا
یہ نای صورت بانگ درای کاروان نکلے

ہوا دشوار بے تقلید چلنا راہ ہستی مین
ہمارے رہنما سب نقش پای رفتگان نکلے

بتون کے عشق مین پیش آئین کیا کیا دقتین ہمکو
ادائین آفت جان اور اشارے جانستان نکلے

عجب غواص ہوتے ہین شناور بحر الفت کے
نہین ڈوبے نہنگ آسا یہان ڈوبے وہان نکلے

خدا آباد رکہے تیری میخانے کو اے ساقی
یہان جب آئی ہم آشفتہ خاطر شادمان نکلے

لگی طاعت کی دہن جب کچہ نہ ہاتہہ آیا اطاعت سے
ہوس طوفان مین تیری ہم کہان ڈوبے کہان نکلے

جنہین سمجہے تہے ہم بیدین وہ ٹہری دین کی حامی
وہ رہبر ہین یہ تہے رہزن کے دہوکی پاسبان نکلے

ستم ہے یہ ستم اس ضبط کی تاکید بسمل پر
وہ دین چرکے پہ چرکا اور نہ یان لب سے فغان نکلے

حبیب اک دن سخن کی داد ملجائیگی غم کیا ہے

جو حالی کی طرح دو چار تیر سے ہم زبان نکلے

فروغ مہر سے یکتا جگر کے داغ بنے
تمام پارۂ دل لعل شبچراغ بنے

یہ انقلاب ہے بلبل سیاہ زاغ بنے
وہ باغ خلد کا جن پر گمان تہارا غ بنے

نہال و سبزہ و گل تو نے جب کئے پیدا
تو کین ہر اک نے چمن بندیان یہ باغ بنے

خدا کی دین ہے ہر چند مال ہو کہ جمال
خوشامدونکی بدولت وہ بدوماغ بنے

ق ١
تمام عمر رہی جنکو فکر نام و نمود
یہ بے نشان ہوئے اور وہ بیسراغ بنے

٢
جہان نہوتی تہی گل دن کو شمع کافوری
وہ گہر ہوا کے پلٹنے سے بیچراغ بنے

٣
زمین کے نیچے وہ سوتی ہین جنکی تہی یہ خیال
ادہر مکان ہوا اس رخ کو خانہ باغ بنے

چمن پہ عکس پڑا چشم مست کا کس کی
کہ سارے غنچہ گل کہلتے ہی ایاغ بنے

حبیب لا اے خدا وہ بہی دن کہ تجہسا رند
فرید کر کے علایق سے الفراغ بنے

مقتضاے وقت ہو جو کچہہ وہ کرنا چاہیے
اختلاف اچہا نہین فتنہ سے ڈرنا چاہیے

قول ''دیر آید درست آید'' مین پنہان ہی یہ رمز
کرگئے کوشش کے مدارج طی ٹہرنا چاہیے

رنج و راحت ہین نتیجے انقلاب دہر کے
پر نہ اپنی حد سے انسان کو گذرنا چاہیے

ہے تلون طبع کا رنگ صداقت کی خلاف
کہدیا جو کچہہ نہ اوس سی پہر مکرنا چاہیے

زندگی سے فائدہ کیا جب ہوئے بے اعتبار
بات ہی وہ شے ہی صاحب جسپہ مرنا چاہیے

سادہ لوحی سے نہین چلتا ہی کار عقل و عقد
ڈوب کر بحر تفکر مین ابہرنا چاہیے

ترک دنیا کے فوائد کہو رہی ہے حب جاہ
پہلے سر سے اس پریوش کو اوترنا چاہیے

جسکے وحشت بڑہتی ہے دیوانگان عشق کی
کوشش اصلاح چپکے چپکے کرنا چاہیے

یہ زمین روندی ہوئی ہی شاعرونکی ای حبیب
ڈہیہ کو مضمون کے پودونسی نہ بہرنا چاہیے

اونسے بگڑی تہی مگر کچہہ ایسی صورت بن گئی
غازہ روئی اہل گرد کدورت بن گئی

رنج کی تخفیف ناچاری مین راحت بنگئی
بدلی حالت جیسی ویسی ہی طبیعت بنگئی

نوشباب آیا ہوئین دلچسپ باتین دلفریب
طبع کی جودت وہ بچپن کی شرارت بنگئی

توبہ کرتے ہین مگر واعظ کبہی نبہتی نہین
عادتِ رندی بہی اب جزوِ طبیعت بنگئی

کوئی چارہ تہا نہ مجبور ہین کوشش کے سیوا
رہنمائے منزلِ مقصد ضرورت بنگئی

دوستونمین جب ہوئین باتین توقع کی خلاف
باہمی الفت سمجہہ لیجے عداوت بنگئی

ضبط مشکل تہا مگر جب پی گئے خونِ جگر
رفتہ رفتہ صبر کی تلخی حلاوت بنگئی

گہٹ گیا اقبال یا زشتی اعمالِ قبیح
سنعمون کے حق مین طالع کی نحوست بنگئی

مشکلین آسان ہوئین جسدم ہوئی نیت بخیر
دل کی استغنا کلید بابِ دولت بنگئی

بے تردد حل نہین ہوتے ہین قدرت کے نکات
عادتِ تحقیق کشافِ حقیقت بنگئی

وعدہ رحمت ترا دل نے دلایا مجکو یاد
فکرِ آمرزش اگر ہولِ قیامت بنگئی

دیکہکر اِس بے نیازی کو ہزارون سر جہکے
کج ادائی یار کی محرابِ طاعت بنگئی

فکرِ ایذا کی عدو نے لاکہہ لیکن اے رحیم
تیغ آفت کی سپر تیری حفاظت بنگئی

کوششین کرکے تہکی نکلا نہ ارمان ایک بہی
تنگئی دل قلّتِ آفت قناعت بنگئی

کردیا مایوس بندون نے تو رحم آیا اُسے
نااُمیدی کامیابی کی علامت بنگئی

دل سے ہے مالک فدا اس کارسازی پر حبیب
بات بگڑی جب کبہی تیری بدولت بن گئی

بہار آئی نہی ہر میکدہ کا سائبان بدلی
ہر اک میخوار کی پہر چال بگڑی پہر زبان بدلی

نفاق و خود پسندی عام ہی دیکھو جدہر مڑ کر
کدہر تہذیب پہلی قوم کی حالت کہان بدلی

ہوا جاتا ہی بیخود حسن کے ذکر دلفریب اونکا
یہ کیا حالت ہا کچہ تیری بہی نیت رازدان بدلی

چلا پورا فسون نرگس مخمور زاہد پر +
ابہی تسبیح مرجان سے شراب ارغوان بدلی

مجھے رنگ دیکی شادان کرنا ای بدعہد دشمن کو
ترا وعدہ ہی سچا سہ مینے شرط جان بدلی

کرم نے تیری یارب دور کردین کلفتین ساری
امید سود سے دم بہر مین تشویش زیان بدلی

مدار رنج و راحت ہی عتاب و لطف پر اونکے
ہمارا رنگ رخ بدلا اگر تیوری وہان بدلی

جرس ہین کاروان گل کو منقارین عنادل کی
خزان سے پہر بہار جانفزا ای باغبان بدلی

ابہی لایا نہ تہا لب تک مین حرف مدعا صاحب
کنہیوں ابرو کی شمشیرین نگاہ جانستان بدلی

بہت اچہا رہا وہ عاشق جانباز دنیا مین
دو روزہ عمر سے جنس حیات جاودان بدلی

ملاقاتین غرض کی بو سے یکرنگی سی خالی ہین
گیا لطف و لحاظ از سلوک دوستان بدلی

حبیب مبتلا جب نوکری وجہ معیشت ہے
تو شہر اپنا اوسی بستی کو سمجھو ہو جہان بدلی

دیدۂ دل کس طرف محو تماشا ہو گئے
جس قدر ارمان بہرے تہے سب عنقا ہو گئے

نیکنامی کی نہ کی جب قدر رسوا ہو گئے
ننگ ہین کا موسی تہا آخر گوارا ہو گئے

جا بجا عبرت ہی جہان اٹہتی ہی بزم آرائی عیش
اک چراغ غم کے بجہتے ہی تنہا ہو گئے

بسکہ ہر اک نقش قدم آئینہ روئے مرا
جلوہ گاہ یار سے سو لطف پیدا ہو گئے

دیکہنا جب ہوگا وصل یوسف مقصد نصیب
نوجوان پیری مین ہم مثل زلیخا ہو گئے

عشق تہا وحشت کی پردہ مین بہی معنی آفرین
داغ سودا قلب پر حرف تولا ہو گئے

تشنہ لب اک مین بہی ہون اُسکی زلال لطف کا
سیکڑون قطرے کرم سے جسکے دریا ہو گئے

ہمنے کین برباد ساری کوششین اسلاف کی
فائدے جانکاہیون کے خوان یغما ہو گئے

ہوتی ہے ناکامیابی کی خجالت لاعلاج
خودستائی مین بہت سے راز افشا ہو گئے

حسن سیرت آپکی صورت کا ہے اصلی جواب
غیرت یوسف بنے رشک مسیحا ہو گئے

بحر زخار کرم ہے جسکے ہین امیدوار
اک نظر مین دیکھنا ہم کیا تھے اور کیا ہو گئے

نقد جان دیکر خریداری پہ عاشق تل گئے
جنس بازار محبت ناز بیجا ہو گئے

سختیان سہہ سہکے عاشق بنگیا عالی نظر
داغ سودا دیدہ دل مین سویدا ہو گئے

نکتہ چینی سے عدو کی ہو گیا حصر عیوب
تھے فضائل جتنے مخفی آشکارا ہو گئے

وجہ آمرزش ہوا بڑہ بڑہ کی جوش انفعال
رنج سے سامان راحت کے مہیا ہو گئے

کی جسارت ہمنے عرض مدعا کی جب خطیب
دل کے مقصد زیب دامان تمنا ہو گئے

یہی امید ہے ہر دم خدایا تیری رحمت سے
غنی کر دیگا اکدم مین مجھے اپنی عنایت سے

بہت آسان ہوا دل رہائی قید کلفت سے
جو استقلال کا دامن نچھوٹے دست ہمت سے

ملا سب کچھہ چھٹی جب حرص کی بیہودہ زحمت سے
جسے کہتی ہین استغنا ہوے حاصل قناعت سے

بدی کا بد نتیجہ ہو گیا گمراہ کا ہادی
خمار بادہ نے بدلا مری رغبت کو نفرت سے

وہی ہے مستند جسکو جہان کے اہل فن مانین
نہو گر یہ تو کیا حاصل سخن کی عام شہرت سے

یوہین خوی کرم سے ہوتی ہے توقیر دولت کی
ہوا کرتی ہے جیسے عزم کی تائید جرأت سے

شرافت نفس کی وہ جوہر قابل ہے انسانمین
محاسن اخذ کرلیتی ہے جوہر قوم و ملت سے

دکہا کر دوستونکے دلکو وہ نادم بہی ہوتی ہین
مگر مجبور ہو جاتے ہین پہر اپنی طبیعت سے

توکل ہی جنہین دل سے تری رحمت پہ ای مالک
نہین پرواکسیکی اونکو بیٹھے ہین فراغت سے

طبیعت کا تغیر نقش رفتار زمانہ ہے
یہ صورت خود بدل جائیگی آنیوالی حالت سے

سلامت روبسر کرتی ہین اپنی عمر بل چل کے
نکل جاتے ہین کام اکثر فقط اصحاب ہمت سے

حقوق خلق پر تو نے نظر رکھی نہ اے منعم
مبدل ہوگئی آخر بد اعمالی فلاکت سے

بقا انسان کی ہی دوستی مین نوع انسانکی
ابھی تک نام ابراہیم کا زندہ ہے خلت سے

زمانہ مبتذل رکھتا ہے بدخواہ خلایق کو
بجز کاہش نہین ملتا ہی کچھہ حاسد کو غیبت سے

مناسب ہی غزل مین ہون حبیب اخلاق کے مضمون
سخن کی منزلت بڑہتی نہین لفظی رعایت سے

کوئی باتون سے عیان دلمین ہے پنہان کوئی
آرزو کا نہین میری حد و پایان کوئی

نظر آتا ہے یہ عالم مجھے بیہوشی مین
کھینچتا ہے طرف کوچہ جانان کوئی

ایکسان ہین تری درگاہ مین سب شاہ و گدا
مگر اس شان پہ حاجب ہے نہ دربان کوئی

اپنے دیوانونکی حالت کا تماشا دیکھو
کوئی بیخود ہے تو ہی سر بگریبان کوئی

میری دلمین ہے ترے مصحف عارض کا خیال
یا ہی یا بین حرم حافظِ قرآن کوئی

لیجئے چھوڑ کے مرقد مین چلے یار و عزیز
آج کہتا نہین اللہ نگہبان کوئی

عاشق زلف کی سودے مین سر مو نہین فرق
ہے پس پردہ دل سلسلہ جنبان کوئی

پوچھے اس راہ مین کون آبلہ پا کو جس مین
جان بلب ہے کوئی بسمل کوئی بیجان کوئی

کچھہ نہ کچھہ ہی خلش نشتر الم ہر دل مین
بچ سکا خار حوادث سے نہ دامان کوئی

بزم کو آئینہ خانہ کیا جلوہ نے ترے
کوئی حیران ہے تو انگشت بدندان کوئی

شمع مرقد کو بجھانا ٹھہر اے باد صبا
شاید آئے طرف گور غریبان کوئی

فاتحہ کو کبھی بھولے سے بھی ہاتھہ اوٹھے ہین
مرنیوالون پہ کیا آپ نے احسان کوئی

کیا کہین کس سے کہین جب یہ تمنا ہو حبیب
کچھہ سناتے کہین ملتا جو سخندان کوئی

ہزار شکر کہ نالے نہ بے اثر نکلے
ہماری حالت دل سے وہ با خبر نکلے

بڑا فسانہ ہے گھر چھوڑنے کا کوچۂ یار
تری تلاش مین ہم قصہ مختصر نکلے

خیال زلف بندہا اور ٹپک پڑے آنسو
اندھیری رات مین یہ طفل بے خطر نکلے

جگر کو توڑ کے گذرے ہین دل سے تیر نگاہ
گھر اپنا جان کے آئے ادہر ادہر نکلے

گناہ لائے ہین مجرم بنا کے تیرے حضور
جو راہزن تھے ہمارے وہ راہبر نکلے

خیال تک نہوا بیوسیلگی کا کبھی
ہم اپنے گھر سے خدا کی امید پر نکلے

رفیق راہ عدم کے بنے ہین کچھہ ارمان
بڑی تلاش سے دو چار ہم سفر نکلے

نصیب دیکھئے تھی جنسے جانبری کی امید
وہ میرے قتل پہ باندہے ہوئے کمر نکلے

دہن پہ قفل تھا وعدہ کسیکے آنے کا
ہجوم یاس مین نالے دم سحر نکلے

سنا کے آج ہمین شاد کیون ہوا ہے دشمن
عجب نہین جو کہین اسکی کل کسر نکلے

ہمیشہ خلق مین گذری ہے ایکسان کس کی
اونہین کا شکر ہے ارمان جسقدر نکلے

وہ کہتے ہین مری جامہ دری کا غل سنکر
نشان موت ہے لو چیونٹیونکے پر نکلے

حبیب پھنس کے بلا مین نہ ڈر عجب کیا ہے
کوئی نجات کی صورت یہین سے گر نکلے

کرون دل ہی نہ اپنا کرے کوئی دم فغان خالی
سوال وصل سے کیا ہوگا جائے گی زبان خالی

کشاکش کا تحمل تہا کہان روح مجرد کو
گئی سوئے عدم کر کے عناصر کا مکان خالی

رہیگا یوہین اک پتلا ہوس کا بنکے ہر انسان
ہوا سے ہوگا جسد تنگ جوف آسمان خالی

نہین ارمان کوئی دلمین وحشت کسکے پاس آئے
پلٹ جاتا ہے از خود دیکھکر گھر میہمان خالی

نہین کمظرف مین اک رند دریانوش ہون ساقی
کہا تنگ دلگا تو ہو جائیگی آخر دکان خالی

جسے سمجھے تھے سب لیلی وہ شاید روح مجنون تھی
مرا وہ پھر رہا ہے لیکے ناقہ ساربان خالی

تعلق سے کجی کے راستی ممتاز ہوتی ہے
نہ تنہا تیر مصرف کا نہ کار آمد کمان خالی

حریف اوٹھکر چلے جب بزم سے اوسوقت ہم پہونچے
ملے اولٹے خم و ساغر گزک کی کشتیان خالی

حبیب اس رنگ مین سرسبز ہو کوئی تو ہم جانین
تکلف کیا ہوئی یہی صاف گر اردو زبان خالی

مین نے کہا بصد نیاز جرم سے اعتراف ہے
رحمت حق نے دی صدا تیری خطا معاف ہے

سنتے نہین وہ درد دل آمین ہی کچھ خلاف ہے
ہے کہو نہ بار بار یہ بھی جواب صاف ہے

دل اگر ایک سو رہے مسجد و خانقاہ کیا
کوئی مقام کیون نہو عالت اعتکاف ہے

عمر گیا ہے اعتبار ہیچ ہین اپنے اقتدار
سب ہے اوسی کو اختیار ہم جو کہین وہ لاف ہے

خود غرضی ہی گمرہی کہو نہ پت رہی سہی
دوست تو خلق مین یہی باعث انحراف ہے

صحبت اتقیا مین تھا ذکر حبیب مے پرست
ذات مین اتحاد ہے وضع مین اختلاف ہے

ہر داغ آرزو کا کوئی چارہ چاہیے
پہلو مین شور ہے دل صد پارہ چاہیے

کب ہے بہار حسن یہ ازل مین خزان کو دخل
ہر زخم دل ز دامن نظارہ چاہیے

گردش زمین کی خواب اجل کیون نہ جلد لائے
سونے کے وقت جنبش گہوارہ چاہیے

بیحد مرے گناہ ہین کر عفو اے رحیم
اک عمر دیکھنے کو یہ پشتارہ چاہیے

فرقت مین میرے حال سے وہ بے خبر نہین
حاجت ہے قاصد ونکی نہ ہرکارہ چاہیئے

غربت مین ہمنشین ہے وہ مونس ملال مین
کیا اور تجھکو اے دل آوارہ چاہیئے

سمجھے ہین تاج آبلہ پا کو خار دشت
یون پاس خاطر وطن آوارہ چاہیئے

زیبا ہین بعد عیش کے چندے مصیبتین
تھوڑا تو ہر گناہ کا کفارہ چاہیئے

وقت سخن ہو کیون نہ دُر افشان زبان یار
چشمہ کی زیب کے لئے فوارہ چاہیئے

اے ضبط دیکھہ آنکھونکی ساغر چھلک نجائین
مچلے ہین طفل جنبش گہوارہ چاہیئے

ساقی ہے صحن باغ ہے دور شراب ہے
پہلو مین ایک شاہد مہ پارہ چاہیئے

ہون لاکھہ سد راہ نشیب و فراز دہر
کوشش کشود کار مین ہموارہ چاہیئے

صورت گر خیال سے ہے قدرت نما حبیب
اسکو نہ عکس اور نہ انگارہ چاہیئے

عمر بھر بیخود خیال چشم قاتل مین رہے
پھول نرگس کے ہمیشہ دامن دل مین رہے

شکل مجنون جستجوے مقصد دل مین رہے
چند ارمان تھے جو لیلی بنکے محمل مین رہے

عمر بھر دوڑے مگر پہلی ہی منزل مین رہے
پاونکے چھالونپہ رشک آنکھو ہی جو دلمین رہے

غیر ممکن ہے نہو مطلب مین اپنے کامیاب
صرف گر ثابت قدم انسان مشکل مین رہے

کی نہ مطلق کوشش سر سبزی کشت عمل
حرص کے بندے تھے ناحق فکر باطل مین رہے

تم بھی دیکھو آج کیون حیرت سے اہل بزم کو
اسطرح بیٹھو کہ آئینہ مقابل مین رہے

کیون کرے دل پر اثر ہمجنس کی نالے کیطرح
درد کا پہلو نہ گر صوت عنادل مین رہے

ہین امید و بیم مین وابستہ اہل دول
کسطرح بیخوف طوفان کوئی ساحل مین رہے

سرپرست ایسے ملے جنکو نہ تھی قدر ہنر
نو شدارو تھے مگر ہم دست غافل مین رہے

[٣١] دیکھلے بتیس دانتون مین زبان کی احتیاط
بنکے جو محسود اقران و اماثل مین رہے

سر کو تھی فکر علایق ابتداے عمر مین
پاے ہمت نوجوانی سے سلاسل مین رہے

شور بیجا ہو گا دہ کمظرف ملجائینگے جب
نخل نہو گر فصل افراد جلاجل مین رہے

ہے کمال فن شرافت کیطرح مضمون حبیب
رہنے دو گر منصب اعلیٰ اراذل مین رہے

سمجھہ مین کچھہ نہین آتا کہے ہزار کوئی
ستم ہے جب نرہے دلپہ اختیار کوئی

بچا نہ تیر نظر سے ترے شکار کوئی
جگر کے پار ہے کوئی تو دل کے پار کوئی

نچھوڑ نیک عمل تا با اختیار کوئی
جہا نہین آئے گا غافل نہ بار بار کوئی

پرائے دلپہ بہی ہوتا ہے اختیار کوئی
نچاہے وہ تو کرے کیا کسیکو پیار کوئی

یہ فکر کر کہ زبان زد ہو تیرا حسن سلوک
نہین زمانے کی حالت کا اعتبار کوئی

کوئی تو خلق سے ہر دلعزیز خلق مین ہے
ستم کی خو سے ہے سبکی نظر مین خوار کوئی

ہر اک سخن مین تمہارے بلا کی شوخی ہے
بنا نہو دل عاشق مین اضطرار کوئی

سناون حال دل زار کسکو فرقت مین
مجھے نظر نہین آتا ہے راز دار کوئی

تم آکے سامنے بیٹھو تو دل رہے یکسو
خیال اور نہو وقت احتضار کوئی

بجا ہے وعدہ کے دن کو کہین جو روز شمار
تمہارے وعدونکا ابتک نہین شمار کوئی

نہ اس کا وقت ٹلی اور نہ آئے قبل از وقت
قضا کے حصن سے محکم نہین حصار کوئی

بشر کو چاہیے یون عمر رفتہ کا افسوس
کسیکے غم مین ہو جس طرح سوگوار کوئی

رہے خدا پہ نظر شان بندگی ہے یہی
جو پیش آئے کبہی امر ناگوار کوئی

نہ ہوتی خلق مین ممتاز گر شرافت نفس
کبہی فقیر سے جہکتا نہ تاجدار کوئی

ہٹا و جادۂ عجز و نیاز سے نہ قدم
حبیب تم کو خدا دے جو اقتدار کوئی

وہ کرتے ہین ضد اپنی حاصل یہی ہے
سمجھتے نہین بات مشکل یہی ہے

بشر کو کبھی رنج ہے گاہ راحت
زمانے کی رفتار ایدل یہی ہے

سر شام جب تم لب بام آئے
ہر اک نے کہا ماہ کامل یہی ہے

کہلا ہم پہ جب دم لب گور پہونچے
محبت کے دریا کا ساحل یہی ہے

مرے دلمین آبیٹھ اے رشک لیلی
رہ ناز مین تیرا محمل یہی ہے

ملے داد روز حشر کا آئے ظالم
خدا سے کہون میرا قاتل یہی ہے

نہ پوچھی کسیدن مرے دلکی حالت
ذرا دیکھ لے تیر بسمل یہی ہے

کدہر کا ہے رخ اے مہ چرخ خوبی
مرے گھر مین آ تیری منزل یہی ہے

نہین تجھسا گل باغ ہستی مین کوئی
گلستان مین شور عنادل یہی ہے

نہین بڑھنے دیتی ہے قید تعلق
مرے پاؤن مین بس سلاسل یہی ہے

بہلا دو حبیب اب جوانی کی باتین
نہ سمجھو جو پہلے تہا وہ دل یہی ہے

پا کر در امید پہ جھگہٹ جو اس کے
اوڑنے لگین ہوائیان چہرہ پہ یاس کے

کیا آگیا زبان پہ عالم مین یاس کے
سن سنکے لوگ جمع ہوئے آس پاس کے

ہین جسکے ساتہہ ہمکو ہے اُس رہنما سے کام
پابند ہین خبر کے نہ پیرو قیاس کے

دل تیرے اعتماد پر ہر دم قوی رہا
سامان بارہا ہوے بیم و ہراس کے

کب کشف تن ہی کاشف اسرار معرفت
اسباب ہین کچھہ اور ہی ترک لباس کے

اہل سخن میں قوت ایجاد شرط ہے
کیا لطف سیکھ لینے میں ڈھنگ اقتباس کا

پایا ہے بعد مشق ریاضت کے حظ وصل
تار نفس پہ دھوکے ہیں خط مماس کے

جو بات جی میں آئے وہی کیجئے مگر
سُننے میں ہرج کیا ہے مری التماس کے

مایوس ہر طرف سے ہوں اب جلد لے خبر
راحت رسان ملول کے ہمدم اوداس کے

دکھ درد اپنا بھول کے غم اوسکا ساتھ لائی
بیٹھے جو پاس جا کے کسی روشناس کے

اک ساغر زلال کرم اور چاہیے
دے جلد لے کفیل مری بھوک پیاس کے

میخانہ میں مچائی ہے رندوں نے دھوم دھام
ساقی کرشمے ہیں یہ ترے اک گلاس کے

زینت سے تیرے بادیہ پیما کو کام کیا
ہیں جامۂ حریر یہ سپتے پلاس کے

نِعمت کا شکر اہل تنعم پہ فرض ہے
دولت رہی نہ پاس کبھی ناسپاس کے

کیا غم پھرا جو اک بت بیمہر ای حبیب
گاہک ہزار ہیں دل خلت اساس کے

کہتی ہے اجل آمرے آغوش کے پالے
سب کر چکا دنیا سے بس اب دلکو اٹھالے

گھر سے ہمیں یون گردش قسمت نے نکالا
تلوے سے کوئی کانٹے کو جسطرح نکالے

کیون چھیڑتے ہیں بادۂ راحت کے قدح نوش
چُپ بیٹھے ہیں اک گوشے میں ہم دلکو سنبھالے

ق ۱ رحم آئیگا ان سے نہ مرض کو نہ قضا کو
بیسود ہیں آہیں تری سب بیکار ہیں نالے

۲ کر صبر ہر اک دکھ میں خدا سے یہ دعا کر
مالک مرے اس درد سے تو جان بچا لے

کھلتی ہے جبھی اپنے معائب کی حقیقت
پڑتا ہے جب انسان کسی غیر کے پالے

ق ۱ اسلام کی دنیا میں ہر اک سمت ہے اندھیر
یارون نے ہیں جسوقت سے یہ تفرقے ڈالے

۲ ایک ایک کو کہتا ہے برا حاضر و غائب
کون انکو نصیحت کرے کون انکو سنبھالے

۳ اس دورِ دسلے پن مین نہین بنتا ہی کوئی کام
چڑہ آتے ہین جب غیر تو ٹلتے نہین ٹالے

۴ کچھ زور نفاق و حسد و کینہ تو گھٹتا
ہوتے اگر اچھے یہ نئی روشنی والے

۵ آفت تو یہ ہے یہان بہی وہی خود غرضی ہے
ہمدردی مین چہاپا کرین لکھہ لکھکے رسالے

بر آنے کا تیرے کوئی اسلوب نہین
اے دل کی تمنا تجھے اللہ نکالے

کہوٹا نہین بے عیب ہے نقد دل عاشق
ظالم تجھے شک ہو تو جہان چاہی دکہالے

سمجھے تھے ہم اک مشغلہ الفت کو بتون کی
معلوم نہ تہا جان کے پڑجائینگے لالے

رہتا ہی ہر اک وقت حبیب اپنی ہی دہن مین
اسکے تو خیالات ہین دنیا سے نرالے

ناامیدی مین تحمل کے مزے پائے ہوئے
رہتے ہین غم سے دل مضطر کو بہلائے ہوئے

وجہ سرتابی ہین قصر اپنے ہی بنوائے ہوئے
مخرب اہل دول آخر کو سرمائے ہوئے

کچھ نپوچھو ہے جو باغ دہر مین دلبستگی
آپ سے آئے تہے ہم جاتے ہین بلوائے ہوئے

کہتے ہین وہ ٹال کر عشاق کی گستاخیان
یون نمانوگے کبہی تم بے سزا پائے ہوئے

چاہتے تہے تذکرہ پر غیر کے داد سخن
میری خاموشی سے بیٹھے ہین وہ جھنجہلائے ہوئے

دل کی قیمت بہی نہین کرتے لئے جاتے ہین آپ
کہئیے کیا سمجھو نہین بے کچھ مونہہ سے فرمائے ہوئے

راستی جسمین نہو ہر وہ ستایش مبتذل
ہین یہ اگلی صحبتون کے راگ سب گائے ہوئے

دوستونکی جور بہی اہل وفا کو ہین عزیز
آؤ صاحب دور کیون بیٹھے ہو شرمائے ہوئے

نیک و بد افعال یان ہوتی ہین یون اکدن عیان
حشر مین اوٹھینگے مردے جیسے دفنائے ہوئے

خوبئے آغاز پر عاقل نہین کرتے ہین ناز
خوف سے انجام کے رہتے ہین گھبرائے ہوئے

میری اخلاقی سلوک اور انکے اغراض وسیع
خود نمائی کیلئے دلچسپ پیرائے ہوئے

خاک جسم نازنین ہی بوے خوش ہے خوی نیک
کہہ رہے ہین یہ حقیقت پہول مرجہا ہوے

دینگے ارباب حقیقت داد اکدن ای حبیب
لطف سے گر ہون بیان حالات پیش آئی ہوے

ہین تمناؤنکی بادل دلپہ پہر چہاے ہوے
دم نہ لے سوز جگر بے انکو برسائے ہوے

کچہہ تلافی ہمسے ہوسکتی نہین مافات کی
ہین امید مغفرت سے دلکو بہلائی ہوے

چار دنین بوالہوس لوگونکی حالت کہل گئی
آئینگے پہر اونکی محفل مین نکلوائی ہوے

صحبت ناجنس نے کہویا زمانہ سے ہمین
جن کے سائے سے سیوا موذی یہ ہمسائے ہوی

فصل گل ہی ہر طرف جہونکی ہوای صبح کے
عطر مین ڈوبی ہوئی پہرتے ہین اترائے ہوے

سلسلے ایسے تعلق کی جہائین ہین وسیع
زندگی بہر رکہتی ہین انسان کو الجہائی ہوے

ہوگا جو اوسکی مشیت مین وہ خود ہوجائیگا
ہم بہی چپ بیٹہی ہین اپنے دلکو سمجہائے ہوے

میکدہ ہے شیخ صاحب یہ کوئی مسجد نہین
آپ شاید آئی ہین رندونکے بہکائی ہوے

گر کری وہ رشک گل تکلیف گلگشت چمن
تازگی آجائی ہنس ین پہول مرجہائی ہوے

آ کے وہ تاب و توان آرام وراحت لیگئے
ہمسے کچہہ بنتی نہین بیٹہی ہین غم کہائی ہوے

ہاتہہ کیا اوٹہے گا ذرہ بہی نہین ہلتا حبیب
کچہہ نہ دیگا کوئی بے مالک کے دلوائے ہوے

گل کی بہائی مجہے ہنسی نہ کبہی
چاہیئے بے محل خوشی نہ کبہی

تم سے کہتا ہون میرا دل لے لو
کام آجائے گا کبہی نہ کبہی

ابر غم چہا گیا جو دل پہ مرے
آنسوونکی جہڑی تہمی نہ کبہی

دیکہہ لو آ کے تم طپان مجکو
دیکہی ہوگی یہ دلگی نہ کبہی

جب سے ہمنے کیا ہے ترک لباس
ہوا کوئی بھی مدعی نہ کبھی

اِس طرح سے گئی بضاعت صبر
پاس گویا ہمارے تھی نہ کبھی

ہو نہ کیونکر غرور یکتائی
دیکھی اوس گل نے آرسی نہ کبھی

مثل گل ہے وہ شوخ سادہ مزاج
ملی بھولے سے بھی ہنسی نہ کبھی

بعد مردن بھی تھا وہی عالم
کم ہوئی اپنی بے خودی نہ کبھی

گوش گل رہتے ہین سدا مشتاق
اوس کی آواز پر سُنی نہ کبھی

خود ہی الفت بتونکی اے ناصح
ترک ہو جائے گی کبھی نہ کبھی

ہاے تسکین ہو کسطرح دل کی
اوسنے تو پوچھی بات بھی نہ کبھی

لب جان بخش یار کے آگے
چلا اعجاز عیسوی نہ کبھی

کی قناعت تو اوس ستمگر سے
ہوے بوسہ کے ملتجی نہ کبھی

تھے نظر مین جلیب عارض یار
دیکھا دیوان مصحفی نہ کبھی

اسیری مین بلا نازل ہوئی وحشت کے پر نکلے
چلے صحرا کو زندان سے گریبان پھاڑ کر نکلے

برابر آ رہی ہین لخت دل ہمراہ اشکون کے
مزا ہی منہ سے بھی جب ساتھہ نالونکی جگر نکلے

جو کچھہ گذری وہ گذری دم خموشی مین نکلجاے
کہے تا پھر نہ یہ کوئی کہ نالے بے اثر نکلے

جگر ہی تھا نہ دل تھا آپکے عاشق کی پہلو مین
یہی باعث تھا جو ناوک اِدہر آئی اودہر نکلے

ہمارے سامنے لازم نہین چرچے رقیبونکے
کوئی ذکر اور چھیڑو باتون باتونمین نہ شر نکلے

ہوئی تسکین جنونمین مشغلہ سے خار و دامن کے
جنہین بیداد گر سمجھے تھے ہم وہ چارہ گر نکلے

ہماری ساتھہ جاتے ہین عدم کو حسرت و ارمان
یہ حُسن اتفاق اسوقت اچھے ہمسفر نکلے

کرے گر بخیہ میرے زخم دل پہ سوزن مژگان
رگ گل بنکے ہردم یار کا تار نظر نکلے

بتان سرو قامت کی محبت مین نہ پہل پایا
ریاضت جن پہ کی برون وہ نخل بے ثمر نکلے

جگر پر اپنے اپنے ہاتھ رکھ لو اہل محشر تم
یقین ہو اس طرف سے اب حبیب نوحہ گر نکلے

شکر کے بدلے زبان صرف شکایت ہوگئی
حب دولت موجب کفران نعمت ہوگئی

سختیان کرلین گوارا جب تو آسایش ملی
جو صعوبت پیش آئی وجہ راحت ہوگئی

کامیابی دیکھکر ہر سفلہ و نااہل کی
سچ تو یہ ہے ہمکو ناکامی غنیمت ہوگئی

کیا کہین جو انقلاب دہر سے صدمے سہے
ایک دم مین رائگان برسونکی محنت ہوگئی

کردیا روشن حریم دل کو نور عشق نے
گھر مین اس مہمان کے آجانیسے زینت ہوگئی

ہوگیا خود خاتمہ نام آوری کی فکر کا
اپنی گمنامی پہ جب ہمکو قناعت ہوگئی

تھی خطاے فاش گویا عرض حرف مدعا
ترک اتنی بات پر صاحب سلامت ہوگئی

جلوت و خلوت کجا ملتے ہین وہ بیگانہ وار
راہ مین بہی گر کہین صاحب سلامت ہوگئی

چاہیے وہ فکر جس کی داد دین اہل کمال
فخر کیا ہے عام لوگون مین جو شہرت ہوگئی

عرض مطلب کی سزا دیدی جواب صاف نے
ناامیدی پر بہی کچھ فایق خجالت ہوگئی

دربدر پہرنا چہٹا شاکر ہوئی قسمت پہ جب
آنکھ مین شاہ و گدا کی ایک حالت ہوگئی

پوچھتے ہو کیا حبیب مبتلا کا حال زار
کہہ رہا ہے اب سکوت اوسکا کہ وحشت ہوگئی

بتون سے عشق مین سودا ہوا ہے
خدا شاہد خدا بہولا ہوا ہے

نہین بے وجہ ہچکی آرہی ہے
مرا وان ہو نہو چرچا ہوا ہے

پلا ساقی شراب ارغوانی ۔۔۔ ہوا ٹھنڈی ہے ابر اوٹھا ہوا ہے
دکھا صورت مجھے او رشک عیسیٰ ۔۔۔ کہ آب آنکھون مین دم اٹکا ہوا ہے
دل نالان کی ان بیتابیون سے ۔۔۔ ہمارا راز کیا افشا ہوا ہے
دوا بیکار ہے میری طبیبو ۔۔۔ کہین بیمار عشق اچھا ہوا ہے
برہمن دیر بھولا شیخ مسجد ۔۔۔ ترے در کا ہر اک بندہ ہوا ہے
دلایا یاد جس دم وعدۂ وصل ۔۔۔ کہا کچھ نہین ہے سر سودا ہوا ہے
نہین سنتا کوئی مجنون کا قصہ ۔۔۔ مری وحشت کا یہ شہرہ ہوا ہے
بٹھا کر مجھکو غیرون سے تکلم ۔۔۔ یہ باسبب بے حجابی وا ہوا ہے

حبیب خستہ جان بیتاب کیون ہی ۔۔۔ بتا کس حور کا شیدا ہوا ہے

بدنامیون کا میری بھلا کیا حساب ہے ۔۔۔ وحشی لقب ہے عشق مین مجنون خطاب ہے
پیدا دیار تن مین عجب انقلاب ہے ۔۔۔ آتا ہے شیب رخصت عہد شباب ہے
آنے نہ دین وہ دل مین خیال رقیب کو ۔۔۔ نااتفاقیون کا یہی سد باب ہے
پیری مین دل فریب ہوئی گرمی سخن ۔۔۔ خوش کیف کیون نہو یہ پرانی شراب ہے
ہم کو تو کر دیا تری رحمت نے مطمئن ۔۔۔ دوزخ کا خوف ہے نہ خیال عذاب ہے
ہر بحر مین نمود ہے ساقی کے فیض کی ۔۔۔ گرداب دور مے ہے تو ساغر حباب ہے
کیونکر نہ اپنا نامہ اعمال ہو سیاہ ۔۔۔ ذوق گناہ باعث شغل خضاب ہے
ہر بات پر نہین کے سوا اور کچھ نہین ۔۔۔ صاحب مرے سخن کا یہی اک جواب ہے
بحر جہان مین کشتی تن کا ثبات کا ۔۔۔ لنگر نہین حیات مثال حباب ہے

برسون ہی رہ چکی ہے یہ دستار رہن مے
واعظ بڑا کہان کا مشیخت مآب ہے

شاہد حدیث لحمک لحمی ہے ای حبیب
حب علیؑ ولاے رسالت مآب ہے

ندامت یہ ہی کیون کی ہمنے امید وفا تجھسے
جہانمین یون تو دیکھے تھے بہت ناآشنا تجھسے

تحمل دلکو ہی دشوار غیرون کے اشارون کا
نہین تو اب بھی آتے گھر پہ ملتے بارہا تجھسے

نہ کیون مایوس پھرتا تیرے دروازیسے اے منعم
خدا کو بھولکر مانگا تھا مین نے مدعا تجھسے

رہو تم شاد و خورم خیر ہم ناکام ہی بیٹھین
کہین یہ اپنی محرومی پہ کیون سمجھے خدا تجھسے

دم مہر و وفا بھرتے ہین سب جور و جفا سھکر
ادائین تیری کہتی ہین نہونگے دلربا تجھسے

رکھون الزام کیون مین چارہ سازون پرہ کیا کرتے
یہ ہمدردی تھی آکر کہگئے جو کچھ سنا تجھسے

یہ راہین چل اگر فکر بقاے نام ہے غافل
نظر کر کہ رہے ہین سالکو نکے نقش پا تجھسے

امارت پر نہ کر تکیہ یہ دنیا چند روزہ ہے
غنیمت جان گر کچھ ہو سکے کار خدا تجھسے

سمجھ ولیمن ذرا لیکر چلا ہے درد مایوسی
وہ بیمار غرض جو مانگنے آیا دوا تجھسے +

جہانتک ہو سکا تدبیر کی اپنے تمتع کی
نہ پہونچا اہل استحقاق کو کچھ فائدہ تجھسے

بتا کوئی سبب کس بات پر اتنا کشیدہ ہے
سنا کیا میری جانب سے کسینے کیا کہا تجھسے

زمانے کا تغیر خضر دشت کامیابی ہے
جو آنکھین ہون تو چھپ سکتا نہین یہ رہنما تجھسے

اعانت کی عیوض مین گر کسیکی کچھ رعایت کی
تو اسپر یہ گمان کرنا غلط ہے خوش ہوا تجھسے

حبیب اچھا ہے گر کرتے قناعت نقد معنی پر
کوئی دن وہ بھی ہوگا خود جھکین گے اغنیا تجھسے

گردش سے ہی لحد مین یقین امان سے مجھے
زیر زمین دبائے گا کیا آسمان مجھے

اے رشک حور خلد سے ہے تیرا مکان مجھے
رضوان سے کم نہین ہے کوئی پاسبان مجھے

ساقی ہی اب نہ دور سے لالہ رنگ سے ہے
گردش دکھارہا ہے نئی آسمان مجھے

افسوس ہے پہونچ گئے منزل پہ ہمسفر
چھوڑا مثال گرد پس کاروان مجھے

مرنے پہ بہی جو گرم تقاضا ہی اے جنون
لیجائیگا لحد سے اوٹھا کر کہان مجھے

وحشت مین سوے وادی غربت جو رخ کیا
لینے کو آئے دور سے ریگ روان مجھے

کہلتا نہین ہے سیر چمن سے دل حزین
فرقت مین تیری خندہ گل ہی فغان مجھے

فصل بہار مین نہ اجاڑ آشیان مرا
دو چار دن تو رہنے دی اے باغبان مجھے

امید پاے بوس صنم مین ہوا ہون خاک
گرا ے صبا نہ بہر خدا رائگان مجھے

ایسا کیا ہے کاہش غم نے نحیف و زار
ہے ناگوار جنبش نبض روان مجھے

لیکر عصاے آہ جو بستر سے مین اوٹھا
آواز دی یہ درد نے چھوڑا کہان مجھے

اشکون کے ساتھہ روح ہوئی راہی عدم
تھا نالہ حزین جرس کاروان مجھے

ہنستی چمک چمک کے نہ گردون پہ اسقدر
بجلی نے اضطراب مین دیکھا کہان مجھے

قاتل کی باتین سنکے یہ کہتا ہی دل مرا
ناحق لگا رہا ہے کوئی برچھیان مجھے

پہنے کفن وہان جو سبکدوش ہون نارقیب
ہو کسطرح نہ جامۂ ہستی گران مجھے

دیکھون تو کیسے داغ سے ہے اے دل و جگر
تم دونون کا ہے مدنظر امتحان مجھے

افکار کے ہجوم مین کیا فکر ہو حبیب
کچھہ کہہ لیا ہے نظم کی فرصت کہان مجھے

برائی ہے کہین خودکام کے دل کی تمنا بھی
ہی اس کشت عمل سے تجھکو حاصل کی تمنا بھی

عیان ہو نکتہ سنجون پر کہ ہے پلہ گران کسکا
تلے نقد سخن نکلے مقابل کی تمنا بھی

جسے ہین پائے استقلال جب سے سطح ہمت پر
نظر آتی ہے آسان کار مشکل کی تمنا بھی

ہے مرنا ایک دن کیون مفت کا احسان کہہ جاؤن
چہٹون جہگڑونسی مین برائے قاتل کی تمنا بھی

طلب بے سود ہے گر ہو تقرب اہل دولت کا
دم طوفان نکلجاتی ہے ساحل کی تمنا بھی

بسر کر ہوشیاری سے اگر فکر ترقی ہے
سمجھہ دل مین کہین نکلی ہی غافل کی تمنا بھی

نقاب اُلٹو رخ روشن سے دکہلاؤ جمال اپنا
بیاض چشم شب ہو شمع محفل کی تمنا بھی

سناتے ہین تال اندیش کب ما فی الضمیر اپنا
کہین ظاہر ہوئی ہے مرد عاقل کی تمنا بھی

زمانہ گر دکہا دیتا جمال شاہد مقصد
نکل جاتی ہمارے دیدہ دل کی تمنا بھی

دکہاتی ہے تجلی ثبت ہو کر لوح ہستی پر
ہلال آسا قمر بنتی ہے کامل کی تمنا بھی

ہی نا پرسان زمانہ اور حبیب رند لا پروا
کیا جوا سنے ابتک تہی یہی دل کی تمنا بھی

نگاہ گر نہین محو جمال رہتی ہے
تو روح میری اسیر خیال رہتی ہے

تمہاری شکل نظر مین ہی جیسے آنکہہ مین نور
ہمیشہ سر مین یہ بنکر خیال رہتا ہے

کمال وہ ہے پڑے جسپہ مدعی کی نگاہ
مخالفت مین غضب دیکہہ بہال رہتی ہے

گیا شباب ڈہلی دوپہر جوانی کی
ہوئے ضعیف طبیعت نڈہال رہتی ہی

ہماری کشتئ اعمال بار عصیان سے
غریق بحر غم و انفعال رہتی ہے

وفور شوق سے ممکن نہین گلہ شب وصل
غلط ہے کس کو سخن کی مجال رہتی ہے

بنا ہے قاف قناعت ہمارا قفل دہن
ہمیشہ بند زبان سوال رہتی ہے

شال سبزہ ہے نشو و نما طبیعت کی
کسی روش پہ ہو یہ پائمال رہتی ہے

نہ کیون سبب ہو مری انزوا کا حسن بیان
اسیر بلبل رنگین مقال رہتی ہے

نہین وہ راہ پر آتے کہے ہزار کوئی
ہر ایک بات مین در پردہ چال رہتی ہے

ہمین عذوبت و تلخی مے سے ہے راحت و رنج
ہین خوش مذاق طبیعت بحال رہتی ہے

مرے مسیح دوا گر تپ جدائی کی
یہہ کچھہ دنون سے علی الاتصال رہتی ہے

حبیب موجب تسکین دل ہے نقش فنا
نہ فکر ملک نہ پرواے مال رہتی ہے

میری حالت نہ ہرگز اس قدر تغئیر ہو سکتی
اگر ان چارہ سازون سے کوئی تدبیر ہو سکتی

مسیحا بہی یہ کہتے دیکہتے گر تیرے کشتہ کو
قضا آئی تہی اسکی مجھسے کیا تدبیر ہو سکتی

امیدین جنسے کین ٹہری وہ ہر امید کے دشمن
خلافِ خواہشِ تقدیر کیا تدبیر ہو سکتی

نہوتا صانع مطلق کا قایل دلسے صورتگر
کسی صورت سے بہی گویا اگر تصویر ہو سکتی

عوض جوشن کے نقش بوریائی فقر ہی تن پر
عدو کی فکر سامان سوز کیا شمشیر ہو سکتی

نہ پہنستا دیدہ و دانستہ گر قید علایق مین
تو آزادی ہی پاے حرص کی زنجیر ہو سکتی

جگہہ پائی نہین ابتک خیالِ غیر نے دلمین
صنم خانہ کی اِس کعبہ مین کیا تعمیر ہو سکتی

مقرر کالعدم ہوتا جہان سے دردِ ناکامی
اگر ظاہر ہماری آہ کی تاثیر ہو سکتی

نکلتا قید مین جمعیت خاطر کا اک پہلو
پریشانی مسلسل ہو کے گر زنجیر ہو سکتی

تخالف گر نہوتا تیرے قول و فعل مین واعظ
تو اتنی بے اثر ہرگز نہ یہ تقریر ہو سکتی

ادا پر مر نیوالے بات کرنے کی قسم کہاتے
اشارو نمین ہمیشہ تم سے گر تقریر ہو سکتی

تغافل آپ کا مانع رہا مجکو حضوری سے
کبہی گر یاد فرماتے بہلا تاخیر ہو سکتی

کہین کیا سرگذشت اپنی کسی سے مختصر یہ ہے
عجائب داستان ہوتی اگر تحریر ہو سکتی

وفور شوق عرض مدعا کہتا ہے لکھہ دیتا
لفافہ پر عبارت خط کی گر تحریر ہو سکتی

تعلق کچھ نہ تھا جب جائے تن روح نے چھوڑا
شمیم گل کی کیونکر خاک دامن گیر ہو سکتی

حبیب رند مشرب تھا محب ساقی کوثر
نہ کرتا گر یہ توبہ بھی تو کیا تعذیر ہو سکتی

میکدے کو جا کے دیکھ آؤن یہ حسرت دل مین ہے
زاہد اوس مٹی کی الفت میری آب و گل مین ہے

ارمغان ہائے دل کہ پھر ترکش ہے تیرونسے بھرا
مژدہ اے گردن کہ پھر خنجر کف قاتل مین ہے

کرکے الفت جان لوگے اور مکر جاؤگے پھر
مجھسے سن لو صفا کہدون جو تمھارے دل مین ہے

مردم دیدہ کو اب تو دولت دیدار دو
چشم کا حلقہ نہین کاسہ کف سایل مین ہے

واہ واکہنے کو ناموزن ہین بہتیرے مگر
جو مبصر ہے وہ تفتیش حق و باطل مین ہے

عیش مین دشمن بھی ملجاتی ہین ہو کر مہربان
امتحان الفت و مہر و وفا مشکل مین ہے

گوشمائل مین تمہارا سامنہ گردون سے پر
فرق اتنا ہی کہ جتنا ناقص و کامل مین ہے

مجھپہ کیا اے نوح طوفان بلا خود آکے تم
ناخدا جسکے بنو کشتی وہی ساحل مین ہے

سنگ مین لعل اس سے پیدا ہو جگر ہوا ہے خون
ضو ہی کب وہ مہر مین جو عارض قاتل مین ہے

غیر ممکن ہی ہین تڑپون اور یہ فرمائین نہ وہ
دل پھڑکتا ہی وہ عالم جنبش بسمل مین ہے

ناقصونکی شہر مین ہین غور سے دیکھو حبیب
خلعت اعزاز دست خالق عادل مین ہے

یاس بیمار محبت کو ہے صحت کیسی
پوچھتے بھی نہین وہ اب ہے طبیعت کیسی

دیکھتے رہئے فقط مین ہون وفادار کہ وہ
امتحان گر ہے تو غیرونکی حمایت کیسی

جو مقدر مین ہے ہو جائیگا اکدن اے دل
دیکھ کیا کرتا ہے اللہ یہ عجلت کیسی

جو ہوا مجھپہ وہ سب آپکی الفت مین ہوا
پھر مرے حال کو سنکر ہے یہ حیرت کیسی

جب نہین خواہش تقدیر مین تدبیر کو دخل
پھر یہ ہر بات مین قسمت کی شکایت کیسی

کوئی شے کیون نہو امکا نہین ہی ترک و قبول
جب طبیعت ہوئی قابو مین تو عادت کیسی

خاکسارون کی روش دیکھکے سب کہتے ہین
نام نخوت کا نہین پاک ہی طینت کیسی

نام لیتا ہون اگر ہوتی ہے وحشت دل کو
کچھ نہ پوچھو میر بجان تھی شب فرقت کیسی

گرچہ مین خاک نشین ہون مگر اے اہل نظر
یہ تو دیکھو ہے خیالات مین رفعت کیسی

پسگئے کتنے ہی دل چال پہ او فتنہ خرام
دیکھ منہ پھیر کے برپا ہے قیامت کیسی

کس تردد مین رہے کچھ نہ کہا تمنے حبیب
اس زمین مین ابھی دیکھو تو ہی وسعت کیسی

تن بہ تقدیر جو ہو عشق مین راحت کیسی
طالب وصل کو فرقت کی شکایت کیسی

کبھی جانا ہی نہین ہوتی ہے راحت کیسی
ایکسان عمر کٹی تھی میری قسمت کیسی

ہاتھ کھینچا تو بڑہی خلق مین عزت کیسی
کام آئی ہے فلاکت مین قناعت کیسی

دیکھ آئے ہین عیادت کو وہ اے دیدہ شوق
دل بیمار سنبھل کیا ہے یہ غفلت کیسی

حرمت روزہ کجا صحبت میخانہ کجا
یہ ادہر آتے ہی بدلی میری نیت کیسی

نہ امارت کو بقا ہے نہ فقیری کو ثبات
امتحان ہوتا ہی دونون کی ہی نیت کیسی

کرتے رہتے ہین قیامت سے بہی آگی کا حساب
جنکی عقبے پہ نظر ہے انہین فرصت کیسی

اسپہ مرتا ہون کہ پوچھین وہ سمجھ کر بیمار
کیا ہوا خیر تو ہے اب ہے طبیعت کیسی

کہتے ہین جو مجھے بدخواہ ملون کیا اونسے
حرف جب وضع پہ آیا تو مروت کیسی

اب کھلا شیب کی آمد ہے تعجب تہا مجھے
روز افزون نظر آتی ہے نقاہت کیسی

اونسے پوچھے کوئی کچھ بھی جنہین اسکا ہے مذاق
سچی باتون کے بیان مین ہی حلاوت کیسی

بتندل آج وہ ہے علم و ہنر حسین نہین　　پاس نام آب وجد کس کا شرافت کیسی
مال رہتا نہ کبھی نام رہا حاتم کا　　آج تک سب کی لگا ہو نہین ہی وقعت کیسی

رشک فردوس ہو گلزار سخن کیون نہ حبیب
کی ہی تمنے بہی شب در وزر یاضت کیسی

عمر گذری کسکو روداد اسیری یاد ہے　　اب قفس گھر ہے ہمارا ہمنشین صیاد ہے
رات دن کی دلگی وہ ہر گھڑی کی چھیڑ چھاڑ　　خیر تم بہولے تو بہولے مجھکو ابتک یاد ہے
آج ہی تیری حقیقت کھل گئی اے جوش خون　　خشک خار آسا زبان نشتر فصاد ہے
صبح محشر ایک کروٹ مین ہوئی شام لحد　　آگیا وعدہ کا دن اب کہئے کیا ارشاد ہے
حاجت ناخن نہین سینہ کو میرے ای جنون　　پشت خار دست وحشت پنجہ فولاد ہے
سیکڑون پیکان پگھلکر بنگئے ہین خون دل　　اے ستمگر خاک میری کشتہ فولاد ہے
وصل مین مے تھی مغنی تھا شب مہتاب تھی　　ہجر مین دل خون ہوا اندھیر ہے فریاد ہے
آؤ یا کہدو نہ آئین گے ہمین ہم یا مرین　　یہ بہی ایک وجہ سکون خاطر ناشاد ہے
دیکھتے ہی دیکھتے نظرون سے ہوتا ہے نہان　　کھل گیا باغ جوانی جنت شداد ہے
کی ہے ساقی نے غضب آرائش بنت العنب　　طاق میخانہ مکان خلوت داماد ہے
خاک میری اوڑ کی پہونچی جتنی دامن تک ترے　　بس ہوا او سکے جو کچھ باقی ہی سب برباد ہے
عشق شیرین نے ہر اک صورت کی پردہ دری　　رشک تاج فرق خسرو تیشۂ فرہاد ہے

ہو کہین شاید اسیر گیسوی [illegible] حبیب
دیکھتے ہین ہم تو اک مدت سے وہ آزاد ہے

جو تہا دہ ربا نہین آنسے رسم وراہ تو ہے　　[illegible] مین کچھ ہوا ہی وضع کا نباہ تو ہے

مرض ہے یا غم فرقت یہ کہہ نہین سکتا
پر اسمین شک نہین حالت مری تباہ تو ہے

مہ صیام مین میخانہ بند ہے تو چلو
یہ تیس دن وہین کاٹین گے خانقاہ تو ہے

کمی کرے غم فرقت مین لاکھہ خون جگر
معاملہ دل و مژگان کا روبراہ تو ہے

گنہ کا بار ٹرہا مے کشی سے خیر ٹرہے
غم خمار مجھے وجہ انتباہ تو ہے

ہزار شکر خیالات قوم کے بدلے
کسی طریق سے ہو کوشش رفاہ تو ہے

نہین ہون عابد و زاہد تو کیا ہوا اے شیخ
ہر ایک وقت خدا پر مری نگاہ تو ہے

جفائین سہکے بچی جان کم نہین یہ بہی
دل ستم زدہ کا ایک دادخواہ تو ہے

نیا کمال ہے اسپر بہی لوگ نازان ہین
ہنر نہین ہے نہو ہم مین حب جاہ تو ہے

بلا سے گو شب فرقت مین کوئی وصف نہین
ہمارے بخت زبون کیطرح سیاہ تو ہے

ہے جنکے پاس مبارک ہو ملک و مال اونہین
حبیب اپنی طبیعت کا بادشاہ تو ہے

وہ صحبتین نہین پر مہوشون سے راہ تو ہے
روا روی کی ملاقات گاہ گاہ تو ہے

سمجھہ کے کچھہ نہین دیتے ہین کفر کا فتوے
ہماری وضع پہ لوگون کو اشتباہ تو ہے

غضب کی آگ نے پہونکا ہو جیتے جی اوسکو
عدو جہان مین سیہ قلب و روسیاہ تو ہے

بہانہ ہو گئی رحمت کا صرف اتنی بات
ہمارے آگے گناہون سے عذرخواہ تو ہے

بہت مفید ہے واعظ اگر موافق ہو
شراب پینے مین نقصان نہین گناہ تو ہے

لباس فقر مین کاٹینگے زندگی کچھہ دن
ذرا کشاکش افکار سے پناہ تو ہے

شب وصال اگر چاندنی نہین نہ سہی
تمام رات مقابل وہ رشک ماہ تو ہے

دکھاکے دل مرا ظالم نہو گا کچھہ حاصل
نہین ہے گر کوئی دل سوز برق آہ تو ہے

کرے نہ قدر کوئی پر جہان مین یہ سخن
ہمارے حال کا اک معتبر گواہ تو ہے

شرف ہے ہند کا سرکار بادشاہ دکن
برائے قوم یہی اک امید گاہ تو ہے

یہ شاعری کے مہوس سخن کے دشمن جہان
اسی پہ خوش ہین کہ اک شور واہ واہ تو ہے

حبیب دل پہ سہو اور صدمۂ غربت
وطن کے جھگڑے ونسی چندے یہان پناہ تو ہے

اس قدر قلب و جگر نا آشنا ہونے لگے
قطرہ ہائے خون مژہ سے بھی جدا ہونے لگے

قرض الفت دونون جانب سے ادا ہونے لگے
مہربان وہ ہم پہ ہم اون پر فدا ہونے لگے

ہوگیا مجبور مین اخفائے راز عشق سے
داغ سودا نافہ مشک خطا ہونے لگے

رخصت تاب و توان نزدیک ہے یا وقت مرگ
کان پھر مشتاق آواز درا ہونے لگے

بڑھتے ہین پیہم گریبان اور صحرا کی طرف
ضبط بیقابو ہے خود سر دست و پا ہونے لگے

قلب ماہیت اسی کہتے ہین اے دور فلک
باوفا معشوق عاشق بے وفا ہونے لگے

ڈھل گیا جوبن تو شان دلربائی گھٹ گئی
لو اسیر دام گیسو خود رہا ہونے لگے

سلب آزادی مین واعظ اس قدر کوشش نکر
رند کہنے سے ترے کیون پارسا ہونے لگے

جب کبھی ثابت ہوئی نکلی دلیل راستی
بت برہمن کے لئے قبلہ نما ہونے لگے

عجب و نخوت نے جہانمین اسقدر باندھی ہوا
خاکساری کے طریقے کیمیا ہونے لگے

گردش تقدیر پیسے گی بنا کر ناتوان
بالش پہلو بھی سنگ آسیا ہونے لگے

دیکھئے نبھتی ہے کیونکر رات دن کی چھیڑ چھاڑ
سیدھی باتونمین بھی وہ ہمپر خفا ہونے لگے

نام رکھینگے مسلمان توبہ کر ڈالو حبیب
اب تو میخواری کے چرچے جابجا ہونے لگے

فصل گل آئی دلِ نالان کو وحشت پھر ہوئی
نشترِ فصاد کی رگ رگ کو حاجت پھر ہوئی

پھر ہوا جوشِ جنون وحشت کی شہرت پھر ہوئی
ہر طرف سے بارشِ سنگِ ملامت پھر ہوئی

بڑھ گیا پھر ضعف بیتابی کی شدت پھر ہوئی
کیا اجل نزدیک آئی ہے جو الفت پھر ہوئی

ہوش آیا جبکہ وہ آئے عیادت کو مری
اوٹھ گئے دل مین اوٹھا پھر دردِ غفلت پھر ہوئی

سامنے غیرون کے بیتابانہ لوٹا خاک پر
آج طفلِ اشک سے ظاہر شرارت پھر ہوئی

بعد مدت دل ہوا آشفتہ زلفِ دوتا
پھر بلا ے تازہ آئی سر پہ آفت پھر ہوئی

سلسلہ جنبانِ ہوا جوشِ جنون آئی بہار
زلفِ جانان کی طرح برہم طبیعت پھر ہوئی

بیٹھتا اوٹھتا گیا در تک اگر مین ناتوان
دیکھکر وہ بولے یان آنے کی طاقت پھر ہوئی

لو طبیعت آگئی اک شوخ بے پروا پہ پھر
جس سے پچھتائے تھے برسون وہ حماقت پھر ہوئی

گھر مین جی گھبرا رہا ہے سیرِ گل بھاتی نہین
خارِ صحرا کی طرف تلوون کو رغبت پھر ہوئی

کوئی گل پھولے نہ یا رب آپ سے باہر ہوون
غیر سے مین نے سنا ہی آج خلوت پھر ہوئی

بعد مدت وصلِ جانان سے ہوئی یکجا ہوا ہی
ذہن مین آئی مضامین تازہ جودت پھر ہوئی

ہم تو کہتے تھے رقیبون کو نہ آنے دو کبھی
تمنے صحبت مین بلایا اونکو نخوت پھر ہوئی

شکر کا سجدہ ادا کر شاد ہو دل مین حبیب
مل گیا اشرف سے تو حق کی عنایت پھر ہوئی

ترے جمال پہ پڑتی اگر نظر تیری
مری طرح سے ہوتی تجھے خبر تیری

ہمیشہ دوشِ صبا پر عاشقون کا غبار
تلاش کرتے ہین مٹ کر بھی دربدر تیری

جلا لیا مجھے پہونچا کے خطِ شوق اونہین
خدا دراز کرے عمر نامہ بر تیری

عزیز کہین گا غفلت کو ہوشیاری سے
ملی جو عالمِ رویا مین کچھ خبر تیری

میرا خیال نہ پستی سے آشنا تھا کبھی
غضب ہوئی اسے ای آسمان نظر تیری

ادہر بھی دیکھہ ہوا ہے زمانہ پر آشوب
فسون کا گھر ہے ہر اک چشم فتنہ گر تیری

ہے میکشون کی مذمت کا نام غمخواری
اسی پہ ہوتی ہے اب واعظا بسر تیری

نہ بنتے عابد شب زندہ دار مردم چشم
جو دیکھتے نہ تجلی دم سحر تیری

فقیر ہو کے پھرے ہر گروہ مین ڈہونڈھا
کسی نے دی نہ مگر آج تک خبر تیری

نہین ہے گردش ایام کا گلہ زیبا
بھلا کرے کوئی کیا قدر بے ہنر تیری

سجین گے گوشۂ عزلت کو حسب خواہش دل
ہر ایک رنگ سے تصویر کھینچکر تیری

امید وصل غنیمت ہے ہجر مین اے دل
اسی خیال مین ہو جائے گی بسر تیری

اگر کفیل نہین کوئی رنج کر نہ حبیب
خدا معین ہے ہو جائیگی بسر تیری

کہان کہان نہین کی مین نے جستجو تیری
کشان کشان لئے پھرتی ہے آرزو تیری

ہمارے پارۂ دل کو عزیز رکھہ ورنہ
جہان مین نہ سمائے گی آرزو تیری

نہین ملا نہ سہی خیر دیکھہ لینگے کبھی
کرین گے حشر تک اب یونہین جستجو تیری

گلون نے آنکہہ چورائی ہی چاک دامان سے
بھری ہوئی ہی مرے پیرہن مین بو تیری

عیان ہو حال ابھی بے خودی کا گر ساقی
یہ شیشہ میری حقیقت کہے سبو تیری

مین ہون جفاؤنکا خوگر وگرنہ دل جل جائے
شکایتین جو کرون تیرے روبرو تیری

نہ تجھسا پردہ نشین ہے نہ ہمسا آوارہ
ہمارے عشق سے شہرت ہے چارسو تیری

کلیم کو ارنی کہنے کی نہ حاجت ہو
یقین ہے ہوش اڑین سنکے گفتگو تیری

نہ پاک ہو گا جلانے سے کافر بدکیش
ملیگی خاک مین اک دن یہ آبرو تیری

جگھہ جو لی کمر یار مین تو اے خنجر
گلا ہمارا کبھی لے گا آبرو تیری

کبھی نہ شانے سے سلجھے اگر پریشان ہو
ہمارے دل کی طرح زلف مشکبو تیری

صدائے حور پہ مائل نہو نگے سن لینا
یہ کان وہ ہین جو سنتے تھے گفتگو تیری

عبث عدو سے سیہ رو کا خوف کر نہ حبیب
خدا بچائے گا ہر وقت آبرو تیری

جو دل ہین لے گئے بے مہر آرزو تیری
ہے اونکی خاک کے ذرونکو جستجو تیری

گرا جب آنکھ سے دامن مین لیلیا اوٹھا
بچائی خاک مین ملنے سے آبرو تیری

کیا ہے جھوٹی شکایت کو سنکے مجھپہ ستم
نہین خدا سے حقیقت نہان عدو تیری

شب وصال ہین کیون مین نے درد ہجر کہا
سنی نہ شام سے تا صبح گفتگو تیری

مزے مزے سے ہی ہا مین لی جان جھٹکے دیدیکے
کمند زلف ثنا کیا کرے گلو تیری

نہ آئیگا مرے اعزاز و اعتبار مین فرق
برائی اچھونکی عادت ہے حیلہ جو تیری

خدا کے واسطے دیتے ہین پر نہین آتے
ہماری موت نے بھی سیکھ لی ہے خو تیری

بلائے جان تن لاغر ہوا ہے فرقت مین
جدائی کھینچتی پھرتی ہے چارسو تیری

شکایت ستم و جور کر نہ اے دل زار
سنے گا کون بھلا اونکے روبرو تیری

بہم ہین شیر و شکر جیسے ہو دعا مین اثر
کلیم لب ہین مسیحا ہے گفتگو تیری

بس اک حبیب تھا باقی جواب ہے دیوانہ
جفائین کون سہے شوخ تند خو تیری

طور اچھا نہین یہ دیکھئے کیا ہوتا ہے
آج دل مین مرے کچھ درد سوا ہوتا ہے

جا لگر شیفتۂ زلف دوتا ہوتا ہے
دل نادان مرا پابند بلا ہوتا ہے

غم فرقت بھی عجب ہوش ربا ہوتا ہے
خفقان فکر تسلی مین سوا ہوتا ہے

آدمی وہ بھی ہین معشوق نہین کیا ہوتا ہے
مگر اک آفت جان حسن ادا ہوتا ہے

کردیا ہم کو تغافل نے کسی کے برباد
چپ ہین گر منہ سے کہین کچھ تو گلا ہوتا ہی

کچھ نہین ہوتا ہے جبتک نہو اوسکی مرضی
جو کچھو ہوتا ہے جب فضل خدا ہوتا ہے

تیرے محتاج کو زیبا نہین غیر و نسے نیاز
تاج درویش مین کب بال ہما ہوتا ہے

اوس کی رحمت کے کرشمے ہین کرم کے حیلے
ہمسے کیا نیک عمل وقت دعا ہوتا ہے

ایک دن اوس گل رعنا کی نہ لائی خوشبو
کب وہان تک گذر باد صبا ہوتا ہے

ہوگا کیا گر دل عاشق مین نہو جذبہ شوق
سب غلط ہے کہین نالہ بھی رسا ہوتا ہی

کیا صلہ دیگا وہ سفاک وفاداری کا
نام سنتا ہے میرا گر تو خفا ہوتا ہے

دل جلے کرتے ہین یون ثروت ظالم معدوم
پانی جس طرح حرارت سے ہوا ہوتا ہے

بیگنہ جو رہے جس نے وہ پائیگا فروغ
کہین زائل اثر صدق و صفا ہوتا ہے

وائے غفلت نہین کچھ اپنی تباہی کا خیال
دیکھتے بھی نہین ہم خلق مین کیا ہوتا ہے

شاذ و نادر کوئی ہمدرد جو پیدا ہو حبیب
ہر طرف سے وہی انگشت نما ہوتا ہے

ثنائے یار سراپا سخن سخن مین رہے
زبان سے نکلے نہ لفظ دہن دہن مین رہے

دیا نہ ساتھ ہمارا کسی نے غربت مین
جلیس بزم نشاط وطن وطن مین رہے

جفائین یار کی فرقت مین یاد کر اے دل
ہے عین لطف جو ذکر محن محن مین رہے

ضرور چاہیے ترک مقام نشو و نما
کوئی نپوچھے جو مشک ختن ختن مین رہے

پھر اوس قبا سے تری لوگ کھینچین عطر عروس
تمام رات جو اے گلبدن بدن مین رہے

ہمارے لخت جگر لعل بے بہا نکلے
خفیف ہو کے عقیق یمن یمن مین رہے

شہید ناز کی ہے عاشقو نہین یہ تو قبر
کہ اوسکی خاک کا صرہ کفن کفن مین رہے

بجز جلاے وطن قدر دان نہین ملتا
نہ آبرو ہو جو در عدن عدن مین رہے

ہماری نظم مسلسل جو بلبلین سن لین
تو مدتون یہی چرچا چمن چمن مین رہے

حبیب حرف نہ نکلے کوئی تعلّی کا
خیال خاطر اہل سخن سخن مین رہے

جتنے تھے سب تیری محفل سے نکلوائے گئے
وہی اچھے رہے آخر کو جو کم آئے گئے

آج تقریر کا واعظ کی اثر دیکھہ لیا
رندسے پیتے گئے وعظ وہ فرمائے گئے

خاک مین ملکے یہ دیتا ہے صدا نقش قدم
اوسنسے بہتر ہین جو اس راہ سے اٹھوائے گئے

اس سے کچھہ گرمی بازار ہے شاید مقصود
کہتے ہین خط میرے اغیار کو دکھلائے گئے

ترے عاشق نے غرض یہ ہی کسیکی نہ سنی
اپنے بیگانے نصیحت کو بہت آئے گئے

کچھہ دنون سے ہے یہی محفل دلدار کا رنگ
آج یاد اونکی ہوئی کل یہ نکلوائے گئے

گوشہ نشین غیرونکی ہو جائینگی سب نقش برآب
دیکھنا ہم اگر اوس بزم مین بلوائے گئے

ہوے واعظ بہی تو اوس حور لقا کے عاشق
پر چلی کچھہ بہی نہ حضرت کی بہت آئے گئے

قابل ذکر ہے ان لوگون کی ثابت قدمی
مر کے بہی کوچہ دلبر مین جو دفنائے گئے

بیوفائی کی رقیبونسے شکایت ہی عبث
کیون یہ شانے کی طرح زلف مین الجہائے گئے

سخت تشویش ہی کیا امر ہوا انکے خلاف
صاف باتون سے تکدر کے نشان پائے گئے

شکر اللہ کا وہ میرا گلہ سن سن کے
عذر کرتے گئے ہر بات پہ شرمائے گئے

ہان ملین ان مین بہی ملایا گیا تہی بحث فضول
ناصح اتنا ہی سمجہے مجہی سمجہائے گئے

کیا بچے عشق مجازی کی اذیت سے بشر ❋ جب فرشتون کو کنوئین چاہ مین جھکوائے گئے

خاکساری سے نہ پلہ کبھی ادنیٰ کا حبیب
حشر کے دن مرے اعمال جو تلوائے گئے

ولہ

کہون کیا باتین کرتی ہی جب لکنت زبان میری ❋ گیا زور جوانی وہ طبیعت اب کہان میری
سخن سے صورت معنی عیان ہین شوخیان میری ❋ شباب شیب ہے لیکن طبیعت ہے جوان میری
تم آؤ یا نہ آؤ دیکھتا ہون راہ مدت سے ❋ نہ منہ پھیرونگا جب تک پھر نہ جائین پتلیان میری
نہ جسدم حضرت یوسف کی تنہائی پہ رحم آیا ❋ بھلا پھر بات کیا پوچھین گے اہل کاروان میری
جواب آسے نہ آئے اسمین کیا بس پر یہ کہدونگا ❋ لکھے خط تمکو یان تک جھک گئی ہین انگلیان میری
ہمیشہ باغ ہستی مین خلش ہے خار کو گل سے ❋ نہ کھٹکین کسطرح دلمین بدونکے نیکیان میری
یہان سے بیخودی کیونکر چلے بس چارہ سازونکا ❋ جو کہہ سکتا مین کچھ کرتے تسلی رازدان میری
مرے دل کیطرح ہر دم جلی فرقت کی راتومین ❋ تیری تعریف مین ای شمع قاصر ہی زبان میری
نہ کر اصرار بلبل بس اوٹھا لے آشیان اپنا ❋ سفارش مین کرون اوسدم نہی جب باغبان میری
جو کچھ کہنا ہی اُنسی دل سے کہہ لیتا ہون فرقت مین ❋ نہین ہمدم کوئی آہ رسا ہے رازدان میری
دیا ہے خوب آب ورنگ گلزار فصاحت کو ❋ روا ہی گر سخن مین دین سند اہل زبان میری

حبیب رند مشرب کہہ رہا تھا آج واعظ سے
عنایت ہی جو حضرت بخشدین گستاخیان میری

کچھ دنون اور رہی گر یہی وحشت میری ❋ آئینہ یار کا بنجائے گی حیرت میری
خواب مین آئے وہ بیدار تھی قسمت میری ❋ ہوشیاری کا مزا دے گئی غفلت میری
روکنے سے ہوئی بالیدہ طبیعت میری ❋ لیچلی سوئے بیابان مجھے وحشت میری

دل کے جلانے جسوقت اوڑا سے پُرزے
دیکھتی تھی مجھے کس یاس سے حسرت میری

جب کوئی پوچھتا ہی عشق و جنون کی حالت
ہر تشبیہ دکھادیتے ہین صورت میری

کشتۂ یاس نہ ایسا بھی ہوا ہوگا کوئی
میرے بالین پہ بلکا کرتی ہی حسرت میری

رنج بے وجہ بھی تم دیتے ہو جب کہتا ہون
ہنسکے کہتے ہین کہ اب سے یہی عادت میری

کیا ادا اوسکی پسند آگئی حیران ہون مین
حور پر بھی کبھی آئی نہ طبیعت میری

یار نے داد وفا دی مجھے بعد مردن
شکر کی جا ہے ٹھکانے لگی محنت میری

پھٹ چکے جیب و گریبان اب اُکتاتا ہون
المدد جوش جنون ہی وہی وحشت میری

نام سُنکر ترا کل اشک جو پیہم ٹپکے
خود بخود کھل گئی لوگون پہ حقیقت میری

جاؤن کسطرح یہ مونہہ لیکے مین پھر کعبہ کو
دم احرام بتون مین رہی نیت میری

عمر بھر جور سہے مرنے پہ برباد ہے خاک
پھر قیامت ہے کہ بھرتی نہین نیت میری

جاذب دل کھینچ کے لایا ہی دم نزع اونہین
کیا بُرے وقت مین پھل دیگئی نیت میری

ننگ ہستی ہون رہون گوشہ نشین کیون نہ حبیب
شرمساری کا سبب ہے مجھے شہرت میری

بیخودی کیونکر نہ ہو آنکھون مین تیرا نور ہے
خانہ دل مین مرے روشن چراغ طور ہے

کیون تردد مین عبث تو اے دل رنجور ہے
آپ ہوجائے گا جو اللہ کو منظور ہے

اوسکا عامل ہو نہین جو عشاق کا دستور ہے
دل مین تیرا دہیان ہی لب پر ترا مذکور ہے

پوچھتے ہین مجھسے کیون اب تجھکو کیا منظور ہے
ہو تمھین مختار بندہ ہر طرح مجبور ہے

کیا ہنسی ہی ڈہونڈہ لینا منزل مقصود کا
ای دل مضطر ابھی کوسون ہی دلی دور ہے

خوش نہوگا لاکھ دین تجھکو تسلی چارہ ساز
کہتے ہین بیمار سے اچھے ہو یہ دستور ہے

ایک دم اپنی حقیقت پر نظر پڑتی نہین
نفس سرکش کا برا ہو کسقدر مغرور ہے

مین رہا ساکت تو واعظ خود یہ فرما کر اوٹھے
اوسکو کیا سمجھائیے جو عقل سے معذور ہے

تھی جو کل تک وہ شکوہ گورکانی کیا ہوئی
آج بے برگ و نوا ذریت تیمور ہے

ہو رہا ہے مرگ سے پہلے ہی سامان حنوط
دیکھنا خوف گنہ سے رنگ رخ کافور ہے

یہ سمجھکر کرتے ہین نام آورونکا اعتبار
آخر اسمین کچھہ تو ہے جو اسقدر مشہور ہے

ہے غنیمت خاتمہ ہو جائے گر میرا بخیر
فکر جنت ہے یہان زاہد نہ ذکر حور ہے

ہر گھڑی صدمے نئے دیتا ہے سنگ تفرقہ
دل کا شیشہ سختیونسے اسکی چکنا چور ہے

اب تو بے تقلید کوئی بات ہی بنتی نہین
یہ نئی اردو زبان ناسخ مغفور ہے

بال آیا کاسۂ چینی مین جب آئی صدا
دور آخر مین یہ روداد سر فغفور ہے

سوزش غم درد مکرر دہات ہے دلمین مگر
کس طرح سب دیکھے کہ ان داغ ہی ناسور ہے

رشک یونان ہند مین مصر عزیزان کمال
کہتے ہین مولد حبیب خستہ کا کنتور ہے

گوارا زیست مین انسان کو آفت ہوتی جاتی ہے
متاع صبر پر قانع طبیعت ہوتی جاتی ہے

نظر کر حادثے ہر روز صبح و شام کے ناداں
قیامت تک یہ معمولی قیامت ہوتی جاتی ہے

طبیعت مین جہان ہونے لگی سنجیدگی پیدا
بدل کر رنگ کچھہ ویسی ہی صورت ہوتی جاتی ہے

خیالات اپنے ظاہر کر رہے ہین حضرت واعظ
مگر سنکر مجھکو اور وحشت ہوتی جاتی ہے

ذرا سی بات پر بگڑی تھی پر اب تک نہ ماننے سے
زیادہ خود بخود دل کی کدورت ہوتی جاتی ہے

جنہین عزلت سے رغبت اور نفرت ہے نمایش سے
انہین کی ہر طرف دنیا مین شہرت ہوتی جاتی ہے

مبدل ہو گئی ہے میری مایوسی قناعت سے
توقع جنسے تھی اب انسے نفرت ہوتی جاتی ہے

تلافی عمر رفتہ کی ہے امر آخری اے دل
ابھی تک ہر محل پر تجھسی غفلت ہوتی جاتی ہے

صفائی اوسنی کیا ہوگی نہین حد کوئی رنجش کی
مگر اتنا تو ہے صاحب سلامت ہوتی جاتی ہے

جوانی کا قلق کھوئے گی یہ مشق کہن میری
سخن مین کچہہ نہ کچہہ ہر روز جدت ہوتی جاتی ہے

حقیقت جب دل پرخون کی مین اُس گل کو لکھتا ہون
تو خط کی یک قلم رنگین عبارت ہوتی جاتی ہے

دعائین خوب کین اب منتظر رحمت کا بیٹھا ہون
قوی مالک سے اُمید اجابت ہوتی جاتی ہے

مذاق فقر خوش آیا حبیب پاک باطن کو
یہ نان خشک اُس کے حق مین نعمت ہوتی جاتی ہے

تقرب سے عیان تاثیر صحبت ہوتی جاتی ہے
ہوا بلبل کے ہر غنچہ سے نگہت ہوتی جاتی ہے

اسی پر شکر کرتا ہون جو حالت ہوتی جاتی ہے
طبیعت مین یونہین پیدا قناعت ہوتی جاتی ہے

خوشی سے کاٹ دیتے ہین جفاکش قید کلفت کو
کٹین دن جتنے کم اونہی ہی مدت ہوتی جاتی ہے

لطافت سے کبھی خالی نہین اُس شوخ کی باتین
شکایت مین بھی در پردہ ظرافت ہوتی جاتی ہے

تحمل جسقدر ہو کام لو زور طبیعت سے
عروس فکر کی اک تازہ زینت ہوتی جاتی ہے

وہ حالت اب نہین میری حریص بادہ تہا پہلی
کرم سے تیرے ساقی سیر نیت ہوتی جاتی ہے

مٹادیگی نشان وہ ٹھوکر دلنشے قبر عاشق کا
زمین سی دن بدن ہموار تربت ہوتی جاتی ہے

طبیعت جب نہین یکسو تو کیا لطف ایسی کہنے کا
سخن کی فکر مین فکر معیشت ہوتی جاتی ہے

ق تغیر سے قوے کے ہے تسلط ناتوانی کا
جوانی شیب سے ململ کر رخصت ہوتی جاتی ہے

لحد پہرتی ہی آنکھو نمین ہوئے ہین گھر سے لاپروا
پہنسے تہے جنمین اُن کامونسی فرصت ہوتی جاتی ہے

حبیب دلحزین گذری جفای حاکم جابر
ہمین تخفیف زحمت اوسکو خفت ہوتی جاتی ہے

خلق کا دیکھا نہ اک عالم کبھی
ہے یہان شادی کبھی ماتم کبھی

کر گئے مجروح اور بھیجا نہ آہ
زخم دل کا آپنے مرہم کبھی

شرح کی زلف رسائے یار نے
لب تک آیا گر سخن مبہم کبھی

روے برسون فرقت احباب مین
ایک دن بیٹھے اگر باہم کبھی

عمر بھر ہر شب تہی یاد زلف یار
چین سے سونی بناے ہم کبھی

زندگی جاودان حاصل ہوئی
یاد لب مین کہالیا گر سم کبھی

حال ابتر ہے مریض عشق کا
ایک دم ہوتی نہین تب کم کبھی

حسرت و یاس و قلق اندوہ و غم
عمر بھر چہوٹے نہ یہ ہمدم کبھی

موشگافی ہو سکے شانہ سے کیا
زلف جانان کا نہ نکلا خم کبھی

بخت کی برگشتگی دیکھو حبیب
مطمئن بیٹھے نہ ہم اک دم کبھی

عدم کو گئے نوجوان کیسے کیسے
نہ پوچھو چھٹے مہربان کیسے کیسے

لئے امتحان جان جان کیسے کیسے
ہوئے ہم سے تم بدگمان کیسے کیسے

غم و وحشت و انتظار و تمنا
ہین فرقت مین خواہان جان کیسی کیسے

کرم نے ترے خوب جان بخشیان کین
قوی ہو گئے ناتوان کیسے کیسے

نہین دہیان اللہ رے سرد مہری
ہین عشاق گرم فغان کیسے کیسے

کئے خاک دل سوز الفت نے کیا کیا
جلے کوہ آتش فشان کیسے کیسے

مذلت نتیجہ ہوا سرکشی کا
نگون سار دیکھے نشان کیسے کیسے

ہر ایک شے سے ظاہر ہین آثار قدرت
ہر اک جا ہین اسکے نشان کیسے کیسے

بنائے ہین مہر تولا نے تیری — ہر اک دل پہ اپنے نشان کیسے کیسے
چلے ہین طریق محبت مین سالک — عیان ہین قدم کے نشان کیسے کیسے
ثنا خوان ہین سب کشتگان وفا کے — جہان مین ہین قایم نشان کیسے کیسے
کسیکا تو ایفا بہی کرتا تہا آخر — کئے عہد ای جان جان کیسے کیسے
بلا خیز ہین زلف مشکین کی راہین — لٹے ہین یہان کاروان کیسے کیسے
بجانے دیا داغ شیرین سخن کو — دکن مین ہین قدردان کیسے کیسے

خدا بات رکہہ لے حبیب حزین کی
مخالف ہین اہل جہان کیسے کیسے

مکین خاک مین ہین نہان کیسے کیسے — ہین ویران ہزارون مکان کیسے کیسے
عیوض لے چکا آسمان کیسے کیسے — پہنسے دکہہ مین ایذا رسان کیسے کیسے
نہ کام آئی کچہہ باغبان کی ریاضت — ہوئے باغ صرف خزان کیسے کیسے
دکہاتے ہین نیرنگ آنکہونکے پردے — ہہین صورت آسمان کیسے کیسے
خیالات سنکر ہوئے سرد واعظ — تہے حضرت کو مجہہ پر گمان کیسے کیسے
سکوت و پشیمانی و ضبط حیرت — ہمارے بہی ہین رازدان کیسے کیسے
مٹے لاکہہ پہر لکہنؤ لکہنؤ ہے + — سخندان ہین اب بہی وہان کیسے کیسے
نہ کیونکر ہون وہ میری الفت کے قایل — محرک ہوئے خوش بیان کیسے کیسے
بہت پی کے بہکا نہ مین گر عجب کیا — تہے رہبر بہی پیر مغان کیسے کیسے
تری تربیت کا ہے سب فیض ساقی — بنے رند پیر مغان کیسے کیسے
ہین برہم دراندازئ محتسب پر — ہوا خواہ پیر مغان کیسے کیسے

پلا کرے ناب رندی کے شیوے
سکھاتا ہے پیر مغان کیسے کیسے

غضب عشق و وحشت نے پردہ دری کی
ہوئے پیرہن دھجیان کیسے کیسے

محبت مین نکلے رقابت کے جھگڑے
ہوئے جمع ایذا رسان کیسے کیسے

جمے جب تو سکے نہ پاے توکل
فلک نے لئے امتحان کیسے کیسے

عبث دل دکھایا حبیب حزین کا
کئے تو نے ظالم گمان کیسے کیسے

کچھ شکایت نہین دل مائل بیداد رہے
پر نہین بھول بچانا یہ تمہین یاد رہے

چاہیئے قید تکلف سے دل آزاد رہے
جام مے ہاتھ مین پہلو مین پریزاد رہے

طبع وارستہ اسیری مین بھی آزاد رہے
عمر بھر ہاتھ ہی ملتا ہوا صیاد رہے

ہون وہ بلبل کہ خزان مین جو کرون ذکر بہار
پھول کی طرح شگفتہ رخ صیاد رہے

جذبہ شوق اسیری کا تقاضا ہے یہی
جاؤن جب مین کہ فقط باغ مین صیاد رہے

بیڑیان توڑین یہانتک تیرے دیوانہ نے
سر کو ٹکرائے غم و رنج سے حداد رہے

تیری ہر تازہ ادا پر ہوئے خود آشفتہ
ہونٹھ ہی چاٹتے سارے ستم ایجاد رہے

اے بتو پھر نہو اللہ کا قایل کوئی
گر تمہارا یوہین یہ حسن خداداد رہے

نہین جینے کی ہوس آئین مسیحا کہ نہ آئین
ہان دم نزع سرہانے میرا جلاد رہے

کیون نہ انصاف کرے دادرس روز جزا
چشم مقتول مین جب حلیۂ جلاد رہے

ہند مین نام اسلام ہی سرکار نظام
یا خدا یوہین ہمیشہ یہ گھر آباد رہے

کیون نہو حالت حسّاد پہ افسوس حبیب
دیکھکر شاد ہمین مفت وہ ناشاد رہے

قید ہے دلمین آرزو آٹھہ پہر سے بیکلی
جلد مدد کو آئیے دم ہے لبون پہ یا علیؑ

مُرغ و حور روش ہین وہ سن ابہی گو سبب ہے کم
عہد شباب ہوگا قہر شور ہے یہ گلی گلی

دی مجھے وہ مئے صبوح جسمین ہو بو گلاب کی
ہے دم عیش ساقیا ابر اوٹھا ہوا چلی

وقت وصال ہی قریب سوچ مین ہین عبث طبیب
ہے یہ زندگی سے جی نبض نہ کیون ہو مُتلی

مفت نہ جان دو حبیب یار ابہی ہی نا سمجھہ
عیش کا سن ہی سمجھیگا خاک تمہاری بیکلی

عبث بہی روٹھی ہوئی کیون خفا سنو تو سہی
قدم پہ گرتے ہین مانو کہا سنو تو سہی

لبون پہ جان ہے فرقت مین دم نکلتا ہے
مسیح حال ہمارا ذرا سنو تو سہی

وہ بد مزاج جو اوٹھا نہ پہر پہر دیکہا
مین دور تک یہی کہتا گیا سنو تو سہی

بٹھا کے پاس رقیبون کو مجھکو بلوایا
تمھین یہ بات تہی لازم بہلا سنو تو سہی

جفائین آپ ہی کین ہو گئے خفا ہمسے
اور اوسپہ کرتے ہو الٹا گلہ سنو تو سہی

یہی قرار تہا دل لے کے جو کیا تم نے
ملاؤ آنکھہ تو مجھسے ذرا سنو تو سہی

مری طرح سے جو کرتے ہو دمبدم نالے
کہو ہوئے ہو کہان مبتلا سنو تو سہی

جفائین کرتے ہو عاشق پہ کیسے ہو نادان
مٹائے دیتے ہو نام وفا سنو تو سہی

حبیب خستہ تڑپتا ہے درد فرقت سے
اگر نہ آنکھہ سے دیکھو صدا سنو تو سہی

بہر دل کب کسی کاکل کا خیال اچھا ہے
کون مانیگا کہ آئینہ مین بال اچھا ہے

شاد ہو تجھہ مین اگر کوئی کمال اچھا ہے
یہ تو ہے قدرت صانع کہ جمال اچھا ہے

دہن قاف قناعت سے یہ پیدا ہے صدا
قطع ہو جائے اگر دست سوال اچھا ہے

نوش بے نیش ہی جب عالم امکان مین محال
اس گذرگاہ مین عشرت سے ملال اچھا ہے

دینگے کیا وہ مری خون نابہ فشانی کا صلہ
مشک سے جنکی نگاہو مین زغال اچھا ہے

درد دل کر کے ترقی ہوا درمان آخر
دو مسیحا کو نہ زحمت میرا حال اچھا ہے

اس تیقن سے نظر آئیگی آسان مشکل
کہ ہر ایک رنج و مصیبت کا مال اچھا ہے

اونگلیان اوٹھتی ہین ناقص کیطرف دنیا مین
دیکھہ لو بدر سے شہرت مین ہلال اچھا ہے

ہو نہ آفاق مین انگشت نما شکل ہلال
دور کر نقص کو بن بدر کمال اچھا ہے

نہ میری طرح سے ہو عیش منغص صاحب
آپ ہی دیکھئے اس کا ملال اچھا ہے

گرچہ اک وصف اضافی ہی مگر اے منعم
ہو مروت بہی تو تیرے لئے مال اچھا ہے

عبرت آگین وہ یہ ناظورۂ انظار فریب
جام جم سے ہمین یہ جام سفال اچھا ہے

نیکیان آئینگی وان سامنے حورین بنکر
واعظا تجہسے ہمارا یہ خیال اچھا ہے

چند احباب بہم بیٹھہ کے جب خوش ہون حبیب
عید کا دن ہی وہی وہ مہ و سال اچھا ہے

ادہر آ جور و جفا کر کے مکرنے والے
دیکھہ یون جی سے گذر جاتے ہین مرنیوالے

شام کو صبح بنائے گی صفائی عارض
آئینہ آیا ہے گیسو ہین سنورنے والے

تم نظر مین تھے نہان آنکھہ مین سیلاب سرشک
واہ رے ڈوب گئے طوفان مین ابہرنیوالے

ذکر فرقت پہ خفا ہو کے وہ فرماتے ہین
کیون بہرین عشق کا دم ہجر سے ڈرنیوالے

جوہر آئینہ دل ہو گئے گرفتارون کے
عارض یار پہ گیسو ہین بکہرنے والے

وصل کی بات ہے خوشی ملنے سے وسواس وہان
منتین پڑہتی ہین صدقے ہین اوترنیوالے

تم مرا خون بہاؤگے یقین ہے کس کو
ہر گہڑی منہ سے نہین کہتے ہین نیوالے

جنبش ابروے قاتل پہ فدا ہین عشاق
ایک ہی گہاٹ سبہی پہ سب ہین اُترنیوالے

کون روکیگا تری زلف کے آزادون کو
قید ہوسکتے ہین کب شہر بہرنے والے

خون عشاق کے دہبے نہ چہٹی دامن سے
ہاتہہ ملتے رہے ہر روز نکہرنے والے

اب وہ صحبت ہے نہ وہ گرمی ہنگامۂ حسن
کہئے کیا ہو گئے دم عشق کے بہرنیوالے

ذکر محشر پہ وہ کہتے ہین بہت نکلین گے
ہم سے بیدرد گنہگار ٹہرنے والے

اب تو اقرار مرے قتل کا کر لے للہ
اسے سر معرکۂ حشر مکرنے والے

بس خدا کے لئے اب عشق سے باز آؤ حبیب
جان بہی لینگے یہ دل لیکے مکرنے والے

عبث خون مہر و وفا کرنے والے
ہین اک دن قیامت بپا کرنے والے

یہ پابند عصمت حیا کرنے والے
ہین ہر دل مین در پردہ جا کرنے والے

سمجہتے ہین تلچہٹ کو بہی پہول ساقی
ترے میکدے کے دعا کرنے والے

کوئی کیون نہو اس سے مطلب نہین کچہہ
کرینگے کسی کا بہلا کرنے والے

نہین درد فرقت سے واقف ہین شاید
مرے سر کو تن سے جدا کرنے والے

نشانہ ملامت کا اکثر بنے ہین
کسی کام کی ابتدا کرنے والے

ستم جو ہین سب بے گناہون پہ کرلو
نہ آئینگے زد پر خطا کرنے والے

محل عبرتون کا بنی ہر عمارت
سدہارے عدم کو بنا کرنے والے

سنو گے نہ جب تم پشیمان ہونگے
شکایت مری بارہا کرنے والے

زمانہ مین ہین مظہر فیض خالق
غریبون کی حاجت روا کرنے والے

اشاعت مین حق کی ہین محکوم فطرت
بد و نیک کا تذکرہ کرنے والے

ہوئے ہون نہ ہمدرد اہل جہان کے
یہ تقلید حرص و ہوا کرنے والے

حبیب حزین دل کی آہون کو روکو
یہ نالے ہین آفت بپا کرنے والے

خبر ہے کسے اب ہین کیا کرنیوالے
ستم کرنے والے جفا کرنیوالے

بنایا نہ عیسےٰ کا ممنون تونے
مرے درد دل کی دوا کرنے والے

اشارے تیرے ابروے جانستان کے
ہین بے تیغ کار قضا کرنے والے

بُرے وقت مین ساتھہ دیتے ہین از خود
حقوقِ محبت ادا کرنے والے

کہون اور کیا خیر راحت سے بیٹھین
مجھے درد مین مبتلا کرنے والے

نہ سمجھو ہوا خواہ دشمن ہین صاحب
یہ ہر بات پر واہ واہ کرنے والے

پھرا کون خالی تہرے در سے مالک
غنی ہوگئے التجا کرنے والے

بچے کس طرح دل تمہاری نظر سے
یہ ناوک نہین ہین خطا کرنے والے

جہان کے بد و نیک سے بے غرض ہین
تیرا ذکر صبح و مسا کرنے والے

ریاضت سے کہوتے ہین زنگ کدورت
یہ مرآۃِ دل کے جلا کرنے والے

نہین ہین خدا کی مشیت پہ شاکر
مقدر کا ہر دم گلہ کرنے والے

ہمین چاہیئے داد حسن طلب کی
گدا دوسرے ہین صدا کرنے والے

حبیب سیہ کار مضطر کہڑا ہے
ادہر دیکھہ عفو و عطا کرنے والے

بیدلی کیا غم دل آیا اُن پہ جانیکے لئے
انے نقاہت مژدہ طاقت ہے گنوانیکے لئے

راحتین ہین ای خدا سارے زمانیکے لئے
دل دیا ہی مجھکو کیا صدمے اُٹھانیکے لئے

انقلاب ایسا نہو یارب زمانیکے لئے
خاص ہی بیگانگی اب ہر یگانیکے لئے

پھر ہے آغاز جنون بڑھ بڑھکر رہجاتے ہین ہاتھہ
دھجیان جیب و گریبان کی اوڑانیکے لئے

جان دی جنکے گلِ رخسار پر آئے نہ وہ
ایک دن دو پھول تربت پر چڑہانیکے لئے

خواب مین پاکر اونھین جی کھول کر دیکھا جمال
نیند آئی میری قسمت کو جگانیکے لئے

ہے تقاضا قابض ارواح کا ھر سو مگر
جان تجھہ مین ہے کہانسے آئے جانیکے لئے

اے مسیحا کہیئے عاشق سے پیام وصل یار
قم باذن اللہ ہے مردہ جلانیکے لئے

مین سمجھتا تھا جو باتین کر رہے تھے غیر کو آپ
ڈہال کر مجھپر رقیبون کے جلانیکے لئے

زورق گردون پہ ہون عیسی رواں مانند نوح
بیٹھہ جائین ہم اگر آنسو بہانیکے لئے

چادر اشک روان میرا کفن ہو بعد مرگ
ہے کدورت دل کی کافی تن چھپانیکے لئے

ہوتی ہی فکر معیشت بھی ہلاکت کا سبب
دام مین آتا ہے طایر ایک دانیکے لئے

وہ عیادت کو مری تشریف لاکر پھر گئے
کیا یہی ساعت تھی اے غش مجھکو آنیکے لئے

قدردان ہین جمع مشتاق سخن ہین سب حبیب
آپ بھی چلئے کلام اپنا سنانیکے لئے

تھے وہ آمادہ ہمارے پاس آنیکے لئے
ہوش کی حالت مین بیہوشی سے لانیکے لئے

ہے بجا گر اقربا روئین یگانے کے لئے
کس نے لی راہ عدم دنیا مین آنیکے لئے

چاہیئے جو کہئے وسعت ہی بہانیکے لئے
ورنہ مانع کون تھا تشریف لانیکے لئے

کیسی آنکھین نور آنکھون کا کرین ہم فرش راہ
وہ کسی دن منہ سے فرمائین تو آنیکے لئے

چھیڑنا منظور ہے آشفتگان زلف کا
شانہ منگواتے ہین وہ گیسو بنانیکے لئے

ہے وہی پامرد جو کچھہ کرکے دکھلائے کبھی
کچھہ نہین درکار ہے باتین بنانیکے لئے

بے نیازی اور کرلو جتنا جی چاہے بتو
ہے جبین میری تمہارے آستانیکے لئے

اور کوئی کیا نہ تہا آماج گاہ تیر ناز
تہا فقط میرا ہی اک سینہ نشانیکے لئے

کنگہیان کیون زلف مین کرتے ہو شاخ و عاج کی
یہ دل صد چاک تو حاضر ہے شانیکے لئے

خوش رہین یارب ہمیشہ جتنے ہین ہمدرد قوم
ایسے لوگون کی ضرورت ہے زمانیکے لئے

سمجھے ظالم کو نہ کیون ہر شخص نخل بے ثمر
بید مختص ہوگیا ہے تازیانیکے لئے

سب کلیجے تہام لین میرا فسانہ وہ نہین
شوق سے سنتے ہین جس کو نیند آنیکے لئے

ہونگے کیا سرسبز دنیا مین وہ بد باطن حبیب
جو کسیکو رنج دین راحت اوٹہانیکے لئے

جو کیا مالک نے اوسپر صبر کرنا چاہیے
غیر بنکر اپنی حالت کا تماشا چاہیے

ہوگا کیا بدخواہ سے ہرگز نہ ڈرنا چاہیے
قادر مطلق کی رحمت پر بہروسا چاہیے

کوچ ہے درپیش اک رہبر بہی ڈہونڈہا چاہیے
فکر دنیا تابکے اب ذکر مولا چاہیے

کسکو ہے یہان مسند فرمان روائی کی ہوس
پشت خم کو تیرے دروازے کا تکیہ چاہیے

ہم سیہ کارون سے جب چہوٹے یہ بزم دلفریب
منہ چہپا لینے کو تہوڑا صاف کپڑا چاہیے

تہا جدا ابتک مگر ہین اب ترا وابستہ ہون
یاولی اللہ اتنا یاد رکھنا چاہیے

کوئی بے جذب محبت دوڑ کر آتا نہین
شمع کو خود اپنے پروانونکی پروا چاہیے

ہے تنک ظرفی جو عاشق فاش کردے راز عشق
ایک ہو باطن مگر ظاہر مین پردہ چاہیے

سارے عقدے اک توجہ نے تری حل کردیے
پیشواے منزل مقصود ایسا چاہیے

کیون ترے آگے کرون نیک و بد کا اعتراف
حال نامحرم سے انسان کو چہپانا چاہیے

وہ ید بیضا کرین جب داغ کو چاہین مگر
عاشق جانسوز بہی مانند موسی چاہیے

کیا ہدایت کی ہی آتش کو خدا بخشے حبیب
"یا علی کہہ کر بت پندار توڑا چاہیئے"

رہے نہ قید فصاحت جہان زبان کے لئے
بڑا مزا ہے خموشی مین خوش بیان کے لئے

مباحثہ نہین زیبا ہے خوش بیان کے لئے
کنایہ بس ہے سمجھنے کو نکتہ دان کے لئے

روان لطمہ بحر ہوس مین کشتی عمر
ہمارا دامن ہمت ہے بادبان کے لئے

ڈبو دے ہجر مین طوفان اشک کشتی تن
اگر نہو علم آہ بادبان کے لئے

جدا ہے رنج کا عالم خوشی کے عالم سے
یہ اونکے عیش کو اور وہ مری فغان کے لئے

ملین وہ لاکہہ کسی سے کبھی نہین بنتی
ہے مغتنم یہ تلون مزاجدان کے لئے

اوداس کیون ہو نہ ٹھہرا اگر کوئی عاشق
یہ میرا سر ہے یہ شمشیر امتحان کے لئے

نہین ہے شہر خموشان کی سیر اے دل زار
چلے ہین پرسش یاران رفتگان کے لئے

بنا ہے پیکر حیرت مثال آئینہ
اخیر وقت مرا تن غم نہان کے لئے

تم ایک سنگ ہی رکہدو مزار عاشق پر
برائے نام تو کچہہ چاہیئے نشان کے لئے

عدم مآل ہے ہستی کا جسطرح ای دل
اسیطرح سے ہر ایک سود ہے زیان کے لئے

دکہادے گل رخسار بلبلون کو عبث
بہانہ ہو گیا اونکو بہی فغان کے لئے

حبیب عشق سے ہے ہمکو خیال رعنا سے
ہوئے ہین پیر اسی شاہد جوان کے لئے

جگر کو داغ تو سوز و گداز جان کے لئے
دئے شروع محبت مین امتحان کے لئے

فلک ہے پست وہ رفعت ہے اس مکان کے لئے
نہ کیون ہو چادر مہتاب سائبان کے لئے

کہلا ہے دور فلک مین اذیتین سہکر
یہ آسیا ہے اسی مشت استخوان کے لئے

نہو یقین وفا گر بہت آزما وا نہین
دل و جگر تو ہین موجود امتحان کے لئے

روان ہون اشک نہ کس طرح ساتھہ نالون کے
جرس منادیٔ رحلت ہی کاروان کے لئے

یہ کیا ستم ہے صبا تو نے کوے دلبر مین
ہماری خاک بھی رہنے نہ دی نشان کے لئے

بہت دنون مین وہ آئی ہین وصل کی شب ہے
موذن آج نہ یارب اوٹھے اذان کے لئے

نشان چمن مین نہ رکھا مرے نشیمن کا
روا نہ تھی یہ جفا دست باغبان کے لئے

گمان سایہ کا مجھہ ناتوان پہ فرما کے
چلے ہین قابض روح آکے قبض جان کے لئے

یہ خشکی لب سوفار سے ہوا ظاہر
لہو نہین دل عاشق مین اب نشان کے لئے

نہین ہے تاب سخن پہیر دے چھری صیاد
مصر زیادہ نہو گل کی داستان کے لئے

فدا ہون تم پہ اسی آرزو مین جیتے ہین
خضر نہین جو مرین عمر جاودان کے لئے

ہوائے گل مین ہے دیوانہ پن کی بو شاید
گیا تہا آج وہ گل سیر بوستان کے لئے

بڑہائی موت کے ڈر نے حیات کی توقیر
ہوئی ضرور مدارات میہمان کے لئے

حبیب بخت سکندر حضور کو میرے
کرے قدیر عطا شاہ مرسلان کے لئے

رنگ ہستی مین تغیر کوئی گر ہوتا ہے
امتحان نگہہ اہل نظر ہوتا ہے

درد جب تک نہو کرتا نہین کوئی فریاد
نالہ صوت دہن زخم جگر ہوتا ہے

حق کی تائید سے بنجاتی ہین بگڑے ہوئی کام
فائدہ حاصل اسباب ضرر ہوتا ہے

کہین دیکھے ہین تہی مغز اطاعت مسلک
خودسری جسمین نہو خم وہی سر ہوتا ہے

ترک لذات گنہ شاق ہے واعظ ورنہ
تم جو کہتے ہو یہ سب پیش نظر ہوتا ہے

کوشش حفظ خلائق کا ملا ہے یہ ثمر
بے خزان دہر مین گلزار سپر ہوتا ہے

فیض منعم سے غنی کیون نہون ارباب کمال
پرتو مہر سے تابندہ قمر ہوتا ہے

شرط الفت نہین نظارہ روے اغیار
یار سے یہ سبب قطع نظر ہوتا ہے

جس سی جو ہو سکے وامے درمے ہو سلوک
رفتہ رفتہ یوہین سامان سفر ہوتا ہے

شمع کاشانہ اقبال ہے توفیق کرم
غنچہ گل ہوتے ہی خود صاحب زر ہوتا ہے

عقلا اپنے ہوا خواہ کو سمجھے بد خواہ
کہنے سننے کا یہانتک تو اثر ہوتا ہے

مین نے پہچانا ہی مالک تجھے بخشش سے تری
قاعدہ ہے کہ گدا دست نگر ہوتا ہے

شکر منعم سے ہمین کام ہے ہر وقت حبیب
ذکر بخشایش حق شام و سحر ہوتا ہے

راہ فرقت اے دل بیتاب طے ہو جائیگی
پھر ملاقات اونسے گر قسمت ہی ہو جائیگی

ہے یقین ساقی دریا دل پلائیگا نبیذ
دور رُکنے کا نہین مانا کہ مے ہو جائے گی

بزم سے اوٹھ جائیگا جسوقت توای زہرہ وش
صرف شیون خود بخود آوازنے ہو جائیگی

گر کرونگا نظم روز وصل کا عیش و طرب
منبسط ہو ہو کے بحر شعر لے ہو جائیگی

کیا کوئی کم ظرف خم خالی کریگا میرے ساتھ
ایک چلو مین بہک جائیگا قے ہو جائیگی

فصل گل نزدیک ہے آیا مہ اردی بہشت
اب تلافی جفا و جور دے ہو جائیگی

کیا ہوا ویران کیا گر محتسب نے میکدہ
جمع پھر کل شام تک ہر ایک شے ہو جائیگی

دل گیا اک دن متاع جان بھی ہوتی ہے تلف
کار گر ہوگی حفاظت تا بہ کے ہو جائیگی

طالب بوسہ ہو نہین قاصد وہ ہین خواہان جان
یہ ذرا سی بات ہے ملتے ہی طے ہو جائیگی

نوش کر لو مہربان پھر شوق سے باتین کرد
جام مین کھا کر ہوا بے کیف مے ہو جائیگی

ای حبیب بادہ کش رندی کی شیوے ہین ہزار

گردن مینا اگر ٹوٹے گی سنے ہو جائیگی

فلک کی گردشین ایسی نہین جنمین قدم ٹھیرے
سکون دشوار ہی کیونکر طبیعت کوئی دم ٹھیرے

قضا نے دوستون سے دیکھیے آخر کیا نادم
گئے تھے عہد و پیمان جسقدر وہ کالعدم ٹھیرے

چھوا تو نے جسے مارا اوسے اے افعیِ گیسو
یہ سب تریاق میرے تجربہ کرنے مین سم ٹھیرے

کیا جب غور کوسون دور نکلی منزلِ مقصد
کبھی گر پائے شل اوٹھی تو چلکر دو قدم ٹھیرے

لگا کر دل جدا ہونا نہ تھی شرطِ وفا صاحب
غم فرقت کی شدت سے کرم جور و ستم ٹھیرے

جو کچھ دیکھا وہ آئینہ تھا آنے والی حالت کا
جہان دیکھا یہی آنکھونکی کانسے جام جم ٹھیرے

عمل کہنے پہ اپنے حضرتِ واعظ کرین پہلے
گنہ کے معترف جب ہین تو وہ کب محترم ٹھیرے

جوانی کی میہ مستی مین وصف زلف لکھا تھا
بڑھا وہ سلسلہ ایسا کہ ہم مشکین قلم ٹھیرے

یہ ثابت ہے کہ مطلق کا تعین ہو نہین سکتا
وہ سالک ہی نہین جو پہ چلکے تا دیر و حرم ٹھیرے

بشر کو قید کلفت مایہ اندوہ و آفت ہے
رہے اچھے جو اس مہمانسرا مین آکے کم ٹھیرے

حبیب ناتوان سے راہ الفت طے نہین ہوتی
عجب کیا گر یہ رستا جادہ ملک عدم ٹھیرے

یکسان ہی ہم ہوے نہ زمانے مین یا ہوئے
مدت ہوئی ہے راہ مین اوسکی فنا ہوے

پہونچا سکے نہ ہم کو کبھی کوے یار تک
پہر فائدہ ہی کیا جو خضر رہنما ہوئے

شکر خدا کہ ہنستے ہین فریاد سن کے وہ
نالے ہمارے نغمۂ عشرت فزا ہوئے

آلودہ جسم زار ہے خاشاک راہ سے
در پر تمہارے عضو بدن کہربا ہوئے

صحبت سے جنکی قلب کو فرحت ہو رات دن
کیون چرخ کجمدار وہ احباب کیا ہوئے

دل تم کو دیدیا ہے مگر یہ نہین خیال
جو جو بھرے تھے اوسمین وہ ارمان کیا ہوئے

دیکھا جو تیری زلف مسلسل کا پیچ و تاب
دیدے ہرن کے نافہ مشک خطا ہوئے

دل سے تو ہین قریب نہ ہم تک پہونچ سکین
کچھہ غم نہین نصیب اگر نارسا ہوئے

قدمونپہ ڈر کے رکھدیا سر تاکہ اوٹھہ نہ جائین
ناراض دلگی مین جو وہ اک ذرا ہوئے

ناصح یہ وعظ و پند سے بیکار جانے
ہمسے بہی بادہ کش ہین کہین پارسا ہوئے

بنکر غبار بہی نہ گئی تیرگی بخت
چشم رقیب کے لئے ہم توتیا ہوئے

غربت بس اب طریق محبت کو قطع کر
مدت ہوئی ہے اہل وطن سے جدا ہوئے

ہمراہ درد موت بھی آئی ہزار شکر
منت کش مسیح نہ بہر دوا ہوئے

لکھکر مقطعات مین دین اون کو عرضیان
جو دائرے تہے کاسۂ دست گدا ہوئے

پوچھو نہ کچھہ کہ لیتے ہی دل کیا ستم کیا
میرے ستانے کو ہمہ تن وہ جفا ہوئے

صورت طراز حسن سے حیرت کی جا نہین
آئینہ دیکھہ دیکھہ کے وہ خود نما ہوئے

جوش آگیا کریم کی رحمت کو اے حبیب
نادم خطا سے ہم جو دم التجا ہوئے

ہماری بزم عشرت مین کبھی گر دور چلتا ہے
تو کیسے رند زاہد کا بھی عمامہ اچھلتا ہے

بناوٹ سے ہے سر اسر جو سخن مونہہ سے نکلتا ہی
کہین واعظ کہ اس کہنے پہ انکی کون چلتا ہے

پلادی شیخ کو ساقی نے غصہ مین ٹہلتا ہے
عجب حالت ہی کہتا کچھہ ہے منہ سے کچھہ نکلتا ہے

تکلف کیا ہو اگر یار کے آنسو نکل آئے
یہ وہ آہین ہین جنکے سامنے پتھر پگھلتا ہے

شب مرقد کو شام وصل سمجھے ہین تری عاشق
نہین گھٹتی ہے انکی عمر دن فرقت کا ڈھلتا ہے

نقاب الٹو کہین دیدار کی حسرت نرہجائے
ادا دکھلا رہے ہو کس کو میرا دم نکلتا ہے

زبان انسان کی ہر حالت مین تابع ہی طبیعت کی
بھرا ہوتا ہے جو دل مین وہی مونہہ سی نکلتا ہے

گئی طفلی ہوئی رخصت جوانی آگئی پیری
جہان دیکھا اثر صحبت کا غالب تھا طبیعت پر
فروغ حسن و نور عشق دونون ایک ہی شے ہین

خزان کہتی ہے رنگ باغ ہستی یون بدلتا ہے
یہ وہ حکمت ہے جس سے آدمی سانچے مین ڈہلتا ہے
نہ جبتک شمع روشن ہو کہین پروانہ جلتا ہے

حبیب مبتلا کے دلکی حالت کچھ نہین کہلتی
مگر باتون سے اوسکے درد کا پہلو نکلتا ہے

اجل جسوقت آجاتی ہے کسکا زور چلتا ہے
محیط نور سے کب چشمہ ظلمت اوبلتا ہے
ستم ہے جوش بیتابی مین اپنی حد سے بڑہنا
یہ شگلین آپکی بے اعتنائی سے نمایان ہین
عجب کیا گر ہوا پر داغ سینہ فوت مقصد سے
ہٹا دو شیشہ و پیمانہ آیا سادہ دل زاہد
نہ نکلے زندگی بھر کوچہ دلدار سے عاشق
ٹہیر دم بھر تڑپنا دیکھہ ہر بلبل کا اے گلچین
تعصب چھوڑ دو دیکھو ترقی غیر قومون کی
نہین دیتا ہے کوئی ہاتھہ سے ملتی ہوئی دولت

بہر صورت غنیمت ہے وہی جو وقت ٹلتا ہے
چراغ خانہ امید بے روغن ہی جلتا ہے
ذرا دیکھو کہین اشک روان گر کر سنبھلتا ہے
کوئی ہی جان بلب حسرت سے کوئی ہاتھہ ملتا ہے
حقیقت یہ ہی ارمان دلکے گھر ہی مین پلتا ہے
یہ مرد آدمی جب دیکھیے بیوقت کھلتا ہے
اوٹھی ہی گر تو یون جیسے کوئی گر کر سنبھلتا ہے
کلیجہ جیسے ان کا کوئی چٹکی سے مسلتا ہے
جہانمین ایک دن نخل ریاضت یونہین پھلتا ہے
یہ ہے ایسی ریت مدت کا قدم جسپر پھسلتا ہے

حبیب اکدن کڑی منزل الم کی کٹ ہی جائیگی
ہمیشہ توسن عمر روان سشہ گام چلتا ہے

دیکھہ لو تم خوے آتش اسے قمر شیشہ مین ہے
لوگ کہتے ہین ترے رخسار تابان دیکھہ کر

عکس داغ مہر کا اتنا اثر شیشہ مین ہے
شمع ہے فانوس مین یا آب زر شیشہ مین ہے

رات دن رہتی ہی نسبت بادہ گلرنگ مین
یہ پری وہ ہے کہ جو آٹھون پہر شیشہ مین ہے

ساعد سیمین سے تیرے اوسکو کیا النسبت بھلا
توبہ توبہ کب لطافت اسقدر شیشہ مین ہے

ہوتی ہی غرق عرق کیون تو سیوای بوے گل
اور کیا اے بلبل شوریدہ سر شیشہ مین ہے

میکدہ تیرا رہے آباد خم کی خیر ہو
ہان پلادی مجھکو ساقی جس قدر شیشہ مین ہے

خاک سے میری بھلا کیا وقت کا ہو امتیاز
ہر گھڑی بنکر بگولا منتشر شیشہ مین ہے

یہ گمان ہوتا ہے عکس مہر صہبا دیکھہ کر
داغ الفت کو لئے خون جگر شیشہ مین ہے

حضرت واعظ نہ ایسا وقت ہاتھہ آئیگا پھر
سب ہین بیخود تم بھی پی لو کچھہ اگر شیشہ مین ہے

کھنچ سکی ہرگز مصور سے نہ تمثال عدم
دیکھلو تصویر جانان تا کمر شیشہ مین ہے

تھوڑی تھوڑی راہ مین پی لینگے گر کم ہو تو کیا
دور ہے میخانہ یہ زاد سفر شیشہ مین ہے

ہے پلا کر مجھسے کہتے ہین وہ ہو کر بے حجاب
پڑ گئی آنکھون پہ جب عینک نظر شیشہ مین ہے

کیون نہ زور طبع سب احباب دکھلائین حبیب
امتحان حسن نظم یکہ گر شیشہ مین ہے

شب کو نالہ جو مرا تا بہ فلک جاتا ہے
صبح کو مہر کے پردے مین چمک جاتا ہے

اپنا پیمانہ دل ہے مے غم سے لبریز
بوند سے بادہ عشرت کی چھلک جاتا ہے

کمر یار کی لکھتا ہون نزاکت جس دم
خامہ سو مرتبہ کاغذ پہ لچک جاتا ہے

یاد آتی ہے کبھی صحبت احباب اگر
ایک شعلہ ہے کہ سینے مین بھڑک جاتا ہے

چاندنی چھپی ہے تکیونکے تلے آنکھونین خواب
سوتے مین اونکا دوپٹہ جو سرک جاتا ہے

وصل کے ذکر پہ کہتے ہین بگڑ کر دیکھو
ایسی باتون سے کلیجہ مرا پک جاتا ہے

دل لیا ہے تو خدا کے لئے کہدو صاحب
مسکراتے ہو تمھین پر مرا شک جاتا ہے

پیار کرنے کو جو بڑہتا ہون تو کہتے ہین ہٹو | نشۂ مین آکے کوئی ایسا بہک جاتا ہے

ساقیا جام پلا سیخ سے اُترا ہے کباب | ویراچھی نہین اب لطف گزک جاتا ہے

لب خندان سے ندین کسلیئے قاتل کو دعا | روز زخمون پہ نمک آکے چہڑک جاتا ہے

شیفتہ شاہد رعنائے سخن کا ہون حبیب
سنئے انداز پہ دل میرا پہڑک جاتا ہے

ہے وفا ہر حال مین لازم دل بیتاب سے | رنج غربت تو ملا ہے چہوٹ کر احباب سے

ہو بہلا خوف عدم سے کسکو جینے کی خوشی | ہے سیہ پوش آنکہہ داغ مردم نایاب سے

تو وہان برسو لنے سے ہے آگاہ کرنا چاہیئے | ہم کو بہی اے درد کچہہ حال دل بیتاب سے

ایک دن پہونچیگا تا فلک عدم طوفان چشم | نوح جنت مین امان مانگین گر اس سیلاب سے

جام کوثر بہی نہ پیین گے ہو وہ ساقی بحر فیض | یان رہین محروم کیون دور شراب ناب سے

منت دنیا سے دون ہرگز نہ لے بہتر سمجہہ | یہ پہٹے کپڑے گزی کے قاقم و سنجاب سے

ہجر کی شب تہا فلک آئینہ سوز جگر | عکس داغ دل عیان تہا بستر کمخواب سے

صاحب گنجینۂ باطن ہین جتنے خلق ہین | وہ نہین رکہتے علاقہ ظاہری اسباب سے

کیا پسند آتی ہمین حور بہشتی کی ادا | یاد ہے انگڑائی لینا اون کا اوٹہکر خواب سے

شان خالق تہی بتون کے طاق ابروسے عیان | جہک گئے ہم بہی مشابہ دیکہہ کر محراب سے

ہون وہ عاشق گرمی ہوتی ہی تو لیتا ہون قرض | مہر سے دلکی تپش داغ جگر مہتاب سے

کون یاد آیا کہو گذری ہے کیا دلپر حبیب
دیکہتا ہون خود بخود ہو آج کچہہ بیتاب سے

رونا اِن کا کام ہے ہر دم جل جل کر مر جانا بہی

جان جہان عشاق تمہارے شمع بھی ہین پروانہ بھی
ساری عمر مین جو گذری تھی ہمپر وہ روداد لکھی
پر ہوئی یون مشہور کہ جیسا ہو نہ کوئی افسانہ بھی
عشق سبھی کرتے ہین مگر جو حالت مجھپر طاری ہے
مُنہ سے کہون گر ہاتھہ ملے گا اپنا بھی بیگانہ بھی
پوچھتے کیا ہو میرا ٹھکانا ایک جگہہ گر ہو تو کہون
راہ گذر ہے یار کا در ہے مسجد بھی میخانہ بھی
راہ طلب مین چلتے پھرتے لاکھون آتے جاتے ہین
خلق مین ہے عشاق کی منزل کعبہ بھی بتخانہ بھی
مجھپر وہ بے طور خفا ہین غیرونکے بہکانے سے
مانا کیسا بات کہان کی بند ہے آنا جانا بھی
ایک ہین کیا پیچ مین ہین اُس زلف دوتا کی الفت سے
مار سیہ ہم رنگ ہے اپنا سنبل تر بھی شانہ بھی
کر دی صحبت درہم برہم کسکی چشم کے افسون نے
بہکا ساقی ڈہلکی بوتل اور چھلکا پیمانہ بھی
واعظ کے مُنہ پر نہ کہو کچھہ شرع کی حرمت لازم ہے
رندی مین مشروط نہین ہین باتین آزادانہ بھی
خنجر ابرو تیغ نگہہ تقریر مسلسل چشم سیاہ
تیز بھی ہے خونریز بھی دل آویز بھی ہے مستانہ بھی

کوچہ مین اوس کے جمع ہین عاشق بھیڑ لگی ہی کوسون تک
شور بھی ہے ہنگامہ بھی ہی شانہ سے چھلتا شانہ بھی
خلوتِ دل مین چین سے بیٹھو کس سے تکلف کرتے ہو
گھر ہے تمہارا تم ہو یہان مہمان بھی صاحب خانہ بھی

نام حبیب مضطر کا معلوم نہین سب کہتے ہین
در در رسیدہ آفت دیدہ وحشی بھی دیوانہ بھی

ہوئی خلق جب سے جہا نمین ہمہ ہوس نظارہ یار ہے
ٹھہرا اے اجل کہ وہ آئینگے دم واپسین کا قرار ہے
رہین محو کیون نہ ہر ایک دم کہ نظر مین جلوۂ یار ہے
دل منتظر ہے جو آئینہ تو خیال آئینہ دار ہے
یہ خطاے عشق کی دی سزا کہ مژہ سے مردم چشم نے
مرا دل دیکھا کے یہ کہدیا اسے لو یہ قابل دار ہے
یہ خدا ہی جانے وہ کون تہا جو شہید ناز و ادا ہوا
کہ اوڑی ہے خاک رہ صنم تو جز ان مین رنگ بہار ہے
ہوئین ترک ساری محبتین مرے سر پہ ڈہائی ہین آفتین
یہی دل کے لینے مین شرط تھی یہی مجھسے قول و قرار ہے
یہ جنون کی دیکھیے پختگی جو کبھی کسی نے نہ ہو سنی
مرے پیرہن کا جو تار ہے وہ ہر ایک ریشہ خار ہے
کوئی دل کی نکلی نہ آرزو ہوا رنج و غم سے جگر لہو

پھرے خاک چھانتے کو بکو نہ تو صبر ہے نہ قرار ہے
پس مرگ بھی ہین وہی ستم ہین اپنی جفائین روح پہ دمبدم
ادہر آتے آتے وہ پہر گئے جو سنا کہ میرا مزار ہے
مرے سینہ کو نہ ہدف کرو تپش جگر سے ڈرے رہو
پر مرغ تیر نہ جل اوٹھین کہ لہو برنگ شرار ہے
وہ خوشی دکہائی نہ چرخ نے کہ عوض مین جسکے نہ غم دئے
کبھی فرش گل سے ہے جو ایک شب تو مہینون بستر خار ہے

جسے درد نالہ و آہ سے ہے جو شہید تیغ نگاہ ہے
شب ہجر اسکی گواہ ہے وہ حبیب سینہ فگار ہے

بڑہا دی اک نظر مین تو نے کیا توقیر پتھر کی
بنا کحل البصر اللہ رے تقدیر پتھر کی
اسیر زلف کیونکر چھوٹ سکین گے قید وحشت سے
کہ ہے ہر جادۂ دشت جنون زنجیر پتھر کی
یہ جلوہ ہے کنشت و دیر مین صانع کی قدرت کا
کہ دعوائے خدائی کرتی ہے تصویر پتھر کی
تلاش رزق مین ہو آسیا کی طرح سرگردان
اگر دانا ہے تو بھی سیکھہ لے تدبیر پتھر کی
بنا سنگ جراحت آکے زخم تیغ ابرو پر
ہوا اچھا ترے عاشق کو دی تعذیر پتھر کی
فسون چشم قاتل سے بنا ہون سحر کا پتلا
جو چھو لے میری گردن کو تو ہو شمشیر پتھر کی
شب فرقت مین جو سوچے تھے کرتے وہ شکایت کیا
نظر کرتے ہی اونپر بن گئے تصویر پتھر کی
نہ نکلی ہے نہ نکلے گی جمی ہے دلمین جو اونکے
مٹانے سے بھی مٹتی ہے کہین تحریر پتھر کی
سزائے عشق مژگان بتان سنگدل پائی
ہوئی بارش ہر اک جانب سے ہم پر تیر پتھر کی

نہ فرق آیا حبیب صابر و شاکر کی راحت مین

بنا دنیا مین قسمت کا لکھا تحریر پتہر کی

جہان دیکھا ہر اک لب پر تمہاری بیوفائی تہی
مرے ہمدرد تہی سب ہمزبان ساری خدائی تہی

بہت روز و شبی گو معلوم نالون کی رسائی تہی
مگر کل بیٹھے بیٹھے ہمنے قسمت آزمائی تہی

جو لے لیتے ہو یون ہر ایک کا دل باتون باتون مین
بتاؤ سچ یہ چالاکی تمہین کسنے سکہائی تہی

مسیحائی دکہائی آپنے اسمین بہی کچہہ شک ہے
یہ سب کہنے کی باتین ہین کہ جان لب تک آئی تہی

کیا تہا میرا شکوہ غیر کے گہر آپنے اک دن
خبر یہ اوڑتی اوڑتی میری کانون تک بہی آئی تہی

کرو باتین ہٹا و آینہ بس بن چکے گیسو
انہین جہگڑون ہی مین اوسدن بہی کتنی رات آئی تہی

رقیب اور میری گرما گرم فقرے سُنکے اوٹھہ جائین
مروت یہ نہ تہی ہرگز سراسر بے حیائی تہی

وہ پوچھین غیر ممکن ہے جیئے یا کوئی مرجائے
مرے بہلانیکو اک بات یارون نے بنائی تہی

کہون کیا خیر گذری ہمنشین کچہہ کہہ نہین سکتا
بُری حالت تہی جن روزون طبیعت اُنپہ آئی تہی

دکہا کر مجکو اتنا کوئی کہدے اُس پری رو سے
انہین دیکہو کبہی انسے بہی صورت آشنائی تہی

بہر ین کیون ٹہنڈہی سانسین اچہی صحبت دیکہکر اے دل
کوئی تقریب یاران وطن کیا یاد آئی تہی

نہین پروا بہی اب کچہہ تم کو آئین یا نہ آئین ہم
وہ دن کیسے تہے جب دشوار دم بہر کی جدائی تہی

مجہے چہوڑا تہا روتا اوس پہ ہنسکر کہتے آئے ہین
کہو اوس روز پہر کب سانس سینہ مین سمائی تہی

بہانہ ہوگیا اک منعمون کا جی بڑہانے کو
خبر لی اوسنے جسکے ہاتہہ مین حاجت روائی تہی

حبیب اب ذکر بہی بیسود ہی اون کی شکایت کیا
جو کچہہ گذری وہ گذری خیر قسمت کی برائی تہی

جگر سے آکے لبون تک جو میری آہ رُکی
تو کشمکش ہوئی ایسی نفس کی راہ رُکی

دم سحر مری شمع لحد کی خاطر سے
چلی نسیم دبے پاؤن گاہ گاہ رُکی

کہی ہین پہپتیان مسجد مین ریش واعظ پر — کہین نہ میری طبیعت خدا گواہ رُکی
خدا کرے کہین میخانہ کی طرف نہ مڑے — وہ محتسب کی سواری قریب راہ رُکی
چڑہائیان تہین مرے دل پہ لشکر غم کی — ہزار شکر تم آئے کہ یہ سپاہ رُکی
چہپا نہ راز محبت ہزار کوشش کی — کسیطرح سے نہ آنسو تہمے نہ آہ رُکی
اوچٹ اوچٹ گئے تیر و سنان مڑی تلوار — مگر کہین نہ ستمگر تری نگاہ رُکی
یہ کون عاشق بیتاب صرف شیون ہے — سواری آپ کی کیون سُنکے شور آہ رُکی
بچی طلاطم بحر الم سے جان خفیف — خدا کی شان ہے دہار مین یہ گیاہ رُکی

حبیب دین بہی لیا تہا بتون نے انکے ساتہہ
طبیعت اپنی ہی کچہہ کرکے اشتباہ رکی

گوارا جان دیدنی خوشی سے ہو نہین سکتی — قیامت تک بہی سیری زندگی سے ہو نہین سکتی
اطاعت صاحب دولت کی جی سے ہو نہین سکتی — حمیت مین کمی کچہہ مفلسی سے ہو نہین سکتی
چمن کی سیر اوس سرو سہی سے ہو نہین سکتی — گوارا گل کی خوشبو نازکی سے ہو نہین سکتی
بہڑک جائیگا دیکہے گا تہیدستی مین بہی جسدم — کبہی توہین جوہر جوہری سے ہو نہین سکتی
کسی کا کب ترا سا روے زیبا ہی زمانے مین — نگہہ جسکے مقابل ششدری سی ہو نہین سکتی
یہ مانا ہمتے ہو تم سے مقابل بہی وہ صورت مین — ادا ہر بات مین ایسی پری سے ہو نہین سکتی
عجب وقت فلاکت ہے کہ ابنائے زمانہ کی — اعانت اک نمک کی کنکری سے ہو نہین سکتی
کمال فن خدا گر دے تو کسر نفس لازم ہے — زیادہ قدر عجب و خودسری سے ہو نہین سکتی
ہماری خاک ہی ای رخش گردون کوئی جانا نہین — پریشان یہ تری جولانگری سے ہو نہین سکتی
وہ ہین فرد زمانہ مجہکو نسبت عشق سے کیا ہی — شبیہ ذرہ مہر خاوری سے ہو نہین سکتی

مناہی سے حبیب رند خود ہے محترز واعظ
خلاف وضع توبہ میکشی سے ہو نہین سکتی

ہو قمر کی طرح اوس رخ سے پشیمان توسہی
داغ لگجائے تجھے بہی مہر تابان توسہی

ظاہر و باطن محبت مین ہون یکسان توسہی
چاک ہون قلب و جگر مثل گریبان توسہی

مرکے بہی چہوٹے نہ ایدل کوی جانان توسہی
تاقیامت ہاتہہ رہجائے یہ میدان توسہی

دل کو ہو جوش جنون قطرے سے طوفان ہو عیان
نقش پا ہو میری آنکہون مین بیابان توسہی

تیر کہینچے جذب الفت اسطرف قاتل اودہر
چٹکی رہجائے سرے سے دلمین پیکان توسہی

سر رقیبون کے قلم ہون میری برق آہ سے
ہو مجسم صورت شمشیر عریان توسہی

ای جنون وحشت مین راہین مین نکالون اسقدر
دہجیان بنکر اوڑین صحرا کے دامان توسہی

مرکے بہی دکہلاؤن اونکو عشق کاکل کا اثر
میری تربت کے بنین کالے نگہبان توسہی

جیتے جی جنپر فدا ہون گر وہ لاشہ پر بہی آئے
پہر بہلا گردان ہوا اوٹہکر جسم بیجان توسہی

سخت جان ایسا ہون تہک کر ہاتہہ گردن پر رکے
پہیر کر خنجر کو ہو قاتل پشیمان توسہی

اونکے دل پر یک بیک چہا جاؤن مین بنکر غبار
بعد مرنیکے نکالون اپنا ارمان توسہی

تیغ گر رک جائے جان دیدون خم ابرو پہ مین
مرتے مرتے بہی کرون قاتل پہ احسان توسہی

عکس داغ دل سے ہو تاریک روی آفتاب
حشر کا کردون مہیا دم مین سامان توسہی

لیس ہو کر سب سے کہتا ہی یہ وہ ابرو کمان
دیدۂ دل کو پردلے نوک مژگان توسہی

شیخ کہتے ہین ملک زہد ریائی پر ترے
دور رحمت سے رہے مانند شیطان توسہی

دیکہکر روے ضیا پرور ترا اے رشک حور
ہر بت کافر کرے اقرار قرآن توسہی

عشق فرماتے ہین یہ فرط محبت سے حبیب

تجھکو کردو نین سخن مین رشک سحبان تو سہی

کوئی بات ایسی آج اے میری گلعذار بنجائے ۔ کہ بلبل باتون باتونمین دم گفتار بنجائے
عیان ہو جذب شوق ایسا حسین آئین زیارت کو ۔ مری تربت کا ٹیلہ مصر کا بازار بن جائے
مرے ہنسنے پہ وہ کہتے ہین ایسا ہی نہو بیخود ۔ کہ کوئی آدمی سے قہقہہ دیوار بن جائے
تعجب کچھ نہین ہے گر وفور سوز فرقت سے ۔ مرا ہر موے تن منقار موسیقار بن جائے
ٹہلتے گر چلے آئین وہ داغونکے تماشے کو ۔ ابھی سرو چراغان میرا جسم زار بن جائے
برہمن شیخ کو کردے نگاہ ناز اوس بت کی ۔ گلوے زہد مین تار نظر زنار بن جائے
اگر گھر سے بقصد سیر نکلے وہ کمان ابرو ۔ تو ہر طایر دل ہر مژہ سوفار بن جائے
تبسم کر تماشا دیکھہ کے وحشت کا پھر ظالم ۔ میرا چاک گریبان زخم دامن دار بن جائے
یونہین ہنس ہنس کے تم عاشق کا رونا دیکھتے جاؤ ۔ کہ ہر تار نظر اک موتیون کا ہار بن جائے
بڑہاؤ منزلت تیغ ادا کی تند خوئی سے ۔ مناسب ہے جو یہ شمشیر جوہر دار بن جائے
اگر آئینۂ دل صاف ہو حسن توجہ سے ۔ ہر اک آنکھونکا پردہ پردہ اسرار بن جائے

یہی ہے خون بہا چلکر ذرا کہدو اشارے سے
حبیب خستہ کا مرقد پس دیوار بن جائے

وصف علی ثنای رسول انام ہے ۔ کہتے ہین جسپہ صل علیٰ یہ مقام ہے
ہمنام حق وصی رسول انام ہے ۔ حاجت روا ہے عقدہ کشا ہے امام ہے
لاشونپہ لاشین گرتی ہین وان قتل عام ہے ۔ روحون کو راستہ نہین کیا ازدحام ہے
اوس زلف تک رقیب سیہ رو کا دسترس ۔ اک خواہش محال ہے سودا کے خام ہے
ظاہر ہے شان فاعتبروا قد یار سے ۔ رخ صبح شیب زلف جوانیکی شام ہے

برہم ہے آہ سرد سے میری مزاج یار
کرتا ہی درد سر کی شکایت زکام ہے

زاہد ہمین تو خرقۂ رندی پسند ہے
اس جبّہ اور عمامہ کو اپنا سلام ہے

آمادہ ہو گی قتل پہ میرے نہ تم ہنسو
ان جان نثار یونکا بھی اب اختتام ہے

منظور ہر طرح ہی تمہاری خوشی ہمین
جو کچھہ کہو درست بجا لا کلام ہے

خالی گیا ہے غمزۂ خونریز کا جو وار
غصہ مین وہ بھری ہین دم انتقام ہے

مضطر نہو معین نہین گر کوئی طبیب
تیری مدد کو شافع روز قیام ہے

فراق مین دم اُلجھہ رہا ہے خیال گیسو مین جانکنی ہے
طناب جلّاد کی طرح سے رگ گلو آج کل تنی ہے

نہین ہے پروائے مال و دولت صفائے باطن سے دل غنی ہے
گدا ہین حاجت روائے سلطان یہ کیمیائے فروتنی ہے

جگر مین ہین داغ مہر و الفت شگاف پہلو ہے جیب مشرق
شب لحد ہی کہ صبح محشر یہ کس قیامت کی روشنی ہے

فضائل اتحاد ملت جہان مین وجہہ مخالفت ہین
معاف ہی رکھئے شیخ صاحب یہ رہبری ہے کہ رہزنی ہے

غرض نہ رکھے مے جہان سے تو ہم بھی قائل ہون تیرے واعظ
کمال کیا جب امید فردا ہی علت پاک دامنی ہے

ہمین نہ راس آیا دل لگانا غضب ہوا پھر گیا زمانہ
کوئی تو کہتا ہے قید کر دو کوئی یہ کہتا ہے کشتنی ہے

رقیب کو پاس گر بٹھایا تو مجھسے ہرگز نہ ضبط ہوگا
مٹا ہی دون ایک دن یہ جھگڑا بس اب تو دلمین یہی ٹھنی ہے
کوئی کسی سے نہ دل لگائے نہ سر پہ کوہ الم اوٹھائے
نہین بھروسا خدا بچائے کہ عشق مین جان پر بنی ہے
کبھی ہے دل مین ہنسی تمہاری فراق مین کوندتی ہے بجلی
رہین نہ کیون اشک سرخ جاری جگر مین الماس کی کنی ہے
کبھی تو آمیرے رشک عیسیٰ ہوئی ہے مزمن تپ جدائی
نہین شفا کی امید باقی نمود چہرے سے مردنی ہے
ہوا یہ لاغر اسیر تیرا کہ سب کو ہے نقش پا کا دہوکھا
گلے مین جو طوق تھا پہنایا وہ اب اسے حصن آہنی ہے
نہ تیغ قاتل کا کیون ہو شہرا کیا ہے جو رنگ جسم ایسا
دئے جو ٹانکے تو ہے یہ دہوکھا بدن کا ملبوس سوزنی ہے
زمین پر گرتے گرتے ہم کو سنا گیا کاسۂ سفالین
ہوا جہان دور عمر آخر یہ ساز ہستی شکستنی ہے
جگر مین برسون کھٹک رہیگی پہنکین گے پہلو چپک رہیگی
خیال مژگان یار جانی سنان دل دوز کی انی ہے
ازل سے رندون کو مے کی عادت ہے اور واعظ کو سرزنش کی
تخالف وضع سے ہے جھگڑا نہ دوستی ہے نہ دشمنی ہے

حبیب پیری مین ہین رنگیلی وہ سبزہ رنگون ہی پر ہین مرتے

ہوئے ہین دو دن پتہ نہین ہے کسی سے گہری کہین چہپی ہی

ہے نوجوانی مین ضعف پیری بدن مین رعشہ کمر مین خم ہے
زمین پہ سایہ ہے اپنے قد کا کہ جادۂ منزل عدم ہے
یہی ہے رسم جہان فانی اسی مین کٹتی ہے زندگانی
کبہی ہے سامان عیش و راحت کبہی ہجوم غم و الم ہے
بتاؤ کیون چپ ہو منہ سے بولو گہر فشان ہو دہن تو کہولو
عزیز رکہتے ہو جسکو دل سے اوسی کے سر کی تمہین قسم ہے
ہٹاؤ آئینہ کو خدارا لبون پہ آیا ہے دم ہمارا
بناؤ تم دیکہتے ہو اپنا یہان ہے دہڑکا کہ رات کم ہے
تمہارے کوچہ مین جب سے بیٹہے بہلا دئے دل سے سب طریقے
خدا ہی شاہد جو جانتے ہون کہان کلیسا کہان حرم ہے
عبث ہے کوشش حصول زر مین خیال فاسد کو رکہہ نہ سر مین
وہی ملیگا ازل سے جو کچہہ ہر ایک کے نام پر رقم ہے
فرشتے جنت کو لیچلے تہے پہ تیرے کوچہ مین ہم جو پہونچے
مچل گئے اونسے کہکے چہوڑو ہمین یہی گلشن ارم ہے
جدا ہو جب یار اپنا ساقی کہان کی صحبت شراب کیسی
بلائین گر خضر آب حیوان ہم اوس کو سمجہین یہی کہ سم ہے
جلائے یا ہم کو کوئی مارے بہشت دے یا سقر مین ڈالے
رہیگا اوس بت کا نام لب پر ہمارے جبتک کہ دم مین دم ہے

حبیب تا چند فکر دولت کبھی تو کر دل سے شکر نعمت ÷
÷ کریم کو ہے کرم کی عادت مگر یہ غفلت تری ستم ہے

لیس ہوکر جو میرا ترکِ جفاکار چلے
سیکڑون خون ہون ہر گام پہ تلوار چلے

ناتوانی نے دریا پہ جانے نہ دیا
اوٹھہ کے سو بار گرے راہ مین سو بار چلے

تیرا کوچہ ہے وہ اے بت کہ ہزارون زاہد
ڈال کہ سبحہ مین یان رشتہ زنار چلے

اے شہ حسن مکدر نہو گر تیرا مزاج
خاک اپنی بہی جلو مین پس رہوار چلے

سنکے یہ گرمی بازار تیری اے یوسف
نقد جان رکہکے ہتیلی پہ خریدار چلے

ہے یقین حشر مین بہی ایک نیا محشر ہو
اوٹھہ کے گر کاکل جانانکے گرفتار چلے

فصل گل آئی اوٹھا ابر چلی سرد ہوا
سوے میخانہ اکڑتے ہوئے میخوار چلے

ہوگا احسان پئے گلگشت اگر تو صیاد
ساتہہ لیکر قفس مرغ گرفتار چلے

دیر سے بیٹھے تہے مشتاق سخن سب یہ حبیب
دیکہہ اوٹھتے ہی تیرے بزم سے حضار چلے

کام سب بن بنکے بگڑے گردش تقدیر سے
کہل سکا عقدہ نہ کوئی ناخن تدبیر سے

گوشہ نشین ملنے کی کین چہوٹے بت بڑی پیر سے
زور کچہہ تدبیر کا چلتا نہین تقدیر سے

ہوتی ہے نیکونکی حق مین نیک دشمن کی بدی
شمع روشن تر ہوئی جب سر کٹا گلگیر سے

مہربان ہوکر حسینون نے کئے ایسے ستم
ہوگئی آنکہون کو نفرت سرمۂ تسخیر سے

میرے عصیان حد سے افزون تیری رحمت بیقیاس
کیون ڈرون مین کاتب اعمال کی تحریر سے

خوش ہوا دل پہر ملے تم چہٹکے ہمسی ورنہ ہم
اب یہ سمجہے تہے کہ راحت اوٹھہ گئی تقدیر سے

گو شکایت مین ہے خط اوس غیرت گلزار کا
بوے الفت صاف آتی ہے مگر تحریر سے

کی خطا ناوک نے صید افگن رہا جھنجھلا کی وان
ڈہل پڑے یان اشک حرمان دیدۂ نخچیر سے

رنج غربت درد فرقت کو چھپاتا ہون مگر
صاف ظاہر ہے مری تحریر سے تقریر سے

دست قاتل کی صفائی پر نکیون پھڑکا کرون
تیغ بران کام پہلے کر گئی تکبیر سے

ضبط کرنے مین کھلا تن آتش خاموش سان
دل ہے اے سوز جگر واقف تیری تاثیر سے

نکلی آنکھونسے رخ روشن کے نظارہ مین جان
مین نہین موسیٰ جو غش کھا کر گرون تنویر سے

فرقت جانانہ مین لب پر جان آئی ہے جلیب
دل تصور سے بہلتا ہے نہ اب تصویر سے

سیہ گیسو ہین بادل اور شفق چہرے کی لالی ہے
خدا کی شان ہے شمشیر ابرو بھی ہلالی ہے

کمر کی فکر مین پیچیدہ کیون ای طبع عالی ہے
بس اب جانے دے بند جائیگا مضمون خیالی ہے

نہ گل مین باس باقی ہے نہ اب لالے مین لالی ہے
خزان کی آمد و شد سے چمن کی پائمالی ہے

خدا کا فضل ہے اچھے ہین چہرہ پر بحالی ہے
نہ بہکین گے کبھی ساقی ہمارا ظرف عالی ہے

جمال اوسکا ہے آتش بال پرواز تصور کو
پری پروانہ شمع رخ پہ فانوس خیالی ہے

دکھاو دل نہ پامالون کا بس صاحب چلے آو
چمن کی سیر ہے سبزے کی ناحق پائمالی ہے

مریض عشق ہون سرکو طبیبو میرے بالین سے
وصال یار کی شکل اب تو جان دیکر نکالی ہے

کوئی سرو چراغان ہے کوئی گلشن ہے داغونسے
شب و روز اوس بت کافر کے کوچہ مین دوالی ہے

قیامت ہین خیالات کہن کو بند شین تازہ
یہ جدت روح مضمونکے لیئے جسم مثالی ہے

کھنچے تھے تند دلوسے ہنسی تھے اس پہ پریو سے
قلم ہوتے ہین شمشاد اور گلونکی گوشمالی ہے

محرک ہے شکست رنگ گل شور عنادل کا
سمجھتے ہین کوئی تازہ مصیبت آنیوالی ہے

کوئی گر بیوفا کہتا ہے مجھسے کہتے ہین سن لو
عجب طبع روان ہے دیکھو اپنی منہ پہ ڈہالی ہے

بھرا ہے سر بسر بتخانہ جہل و خودی اسمین
سر ارباب نخوت بادۂ عرفان سے خالی ہے

جناب مرتضیٰ مین عرض حاجت کی نہین حاجت
جو تیرا حال ہے ایدل وہ کعبہ کا اونپہ حالی ہے

شکایت کیا حبیب مبتلا کی آؤ جانے دو
کسی کا شیفتہ اک رند مشرب لا اوبالی ہے

آج مین ہون فصل گل ہے باغ ہے گلفام ہے
رشک اسکا مجکھو ہے لیکن کہ بزم عام ہے

یہ روش کیسی تری اے چرخ نیلی فام ہے
پاشنہ ہے عیش کی منزل مین غم مین گام ہے

پھر خرامان باغ مین وہ سرو گل اندام ہے
قمریان ہوتی ہین ناحق ذبح قتل عام ہے

کہدیا کیون تو نے ظالم لو اجبری جام ہے
اور دے ساقی ابھی میرا تو نشہ جام ہے

اونکے بوسہ کا تو مین خوگر نہین اصلا مگر
آج تک باقی زبان پر لذت دشنام ہے

آج فرمائین وہ یارب سن کے میرا حال زار
مدتین گذرین بلا لو آج تک ناکام ہے

مر گیا عاشق تمہارا آج اس حسرت کے ساتھ
رو رہا ہے جسکو دیکھو ہر طرف کہرام ہے

آ کے فقر و نمین مرے نادم ہوے وہ اسقدر
ملنے سے انکار یہان ہے اوسطرف ابرام ہے

سنتے ہو باور نکر گر کہے کچھ بھی رقیب
ناتوان مین ہی حسد پیشہ ہے اور نمام ہے

ہاتھہ مونھہ کی طرح دھو ڈالو کدورت دلکی بھی
آؤ اب ہو جاؤ ہم سے صاف دور جام ہے

الفت ساقی سے جب دیکھو عجب لبریز ہون
نعرہ یا مرتضےٰ شور شکست جام ہے

لے خبر للہ اے مشکل کشاے دوجہان
آج تک واللہ یہ سائل ترا ناکام ہے

مست صہباے ولاے ساقی کوثر حبیب
اک زمانہ جسکو کہتا ہے یہی بدنام ہے

سنین کیا ذکر مجنون کا یہ سب قصہ کہانی ہے
ابھی ہمنے بھی اس کوچہ مین برسون خاک چھانی ہے

جنون کا جوش ہے آغاز عشق یار جانی ہی — ہنسی ہوتی ہی ہر سو میرا چہرہ ارغوانی ہے

وہ پوچھین یا نہ پوچھین پر جو کچھہ گذری ہی فرقت مین — ہمین یہ اپنی حالت ایکدن اونکو دکھانی ہے

تمہاری ابروونسی کیون نہ جانین سنکے نالان ہون — کمان ہی ایک کیانی ایک تیغ اصفہانی ہے

کیا ہی رام معشوقونکو ہمنے میٹھی باتون سے — زمانہ جسکا قائل ہی یہ وہ جادو بیانی ہے

شکایت کی شب فرقت کی اونسے ملکی جب ہمنے — کہا ہنسکر کہ ہان چھیڑی یہ ابتک ناتوانی ہے

ہوا ہی جب سے عشق زلف و مژگان کل نہین دم بھر — غضب کی ٹیس ہی دلمین بلا کی سرگرانی ہے

بشارت نیک ہے خط دیکے قاصد مسکراتا ہے — کہے دیتا ہی دل کچھہ آج پیغام زبانی ہے

اجل کا خوف ہے کسکو کل آنی ہی تو آج آئے — تمہاری عشق مین مرنا حیات جاودانی ہے

ہمین ہاتھہ آئی مضمونکی طرح معدوم ہونے پر — کھلا عقدہ کمر کا اب یہ ناحق لن ترانی ہے

حبیب رند مشرب اور ترک الفت ساقی
کہا جسنے غلط ہی افترا ہے بدگمانی ہے

جب شام ہوئی دل گھبرایا لوگ اوٹھکے براے سیر چلے
تفتیش صنم کو سوے حرم ہم جان کے دلمین دیر چلے
گو بحر الم طوفانی ہے ہر موج عدوے جانی ہے
اب پاؤن رکین گے کیا اپنے اس دریا کو ہم پیر چلے
اب کام ہمارا یان کیا ہے یہ آنا جانا بیجا ہے
جس وقت تمہاری صحبت مین ہم ہون اور حکم غیر چلے
ہم سمجھے تھے یان آئینگے دن تھوڑے ہے رہجائین گے
پر دل کی حسرت دل مین رہی جب سوے مکان غیر چلے

گو رنج جدائی ہے دل پر ہو وقت ہے یہ دور ساغر
بیٹھے ہین حبیب احباب مگراب تم بھی کہدو خیر سے چلے

کیف مے سے باغ عارض پر بہار آنیکو تھی
برق بھی ہمراہ یاران بے قرار آنیکو تھی

اُن سے ملتے ہی خیال روز فرقت آگیا
ڈھل پڑے آنسو ہنسی بے اختیار آنیکو تھی

شش جہت مین شور مجریہا و مرساہا کا تھا
دل کی کشتی یا بچشم اشکبار آنیکو تھی

صبح سے آنکھین پھڑکنے کا کھلا آخر سبب
شام ہوتے ہی نوید وصل یار آنیکو تھی

خشکی تیری سے پابوسی کی بھی مہلت نہ دی
خاک میری تا رکاب اے شہسوار آنیکو تھی

آگئے تم ورنہ نالونکی تو اب طاقت نہ تھی
کوئی دم مین لب پہ جان بیقرار آنیکو تھی

ہو گئی آندہی بجھانے کو ہواے کوے یار
بعد مدت آج پھر شمع مزار آنے کو تھی

رات بھر تڑپا ہون یاد گیسوے خمدار مین
اب مجھے نیند اے خیال چشم یار آنیکو تھی

توبہ کیا تھی میری بخشش اوسکو خود منظور تھی
حیلہ تھا یہ رحمت آمرزگار آنیکو تھی

فاتحہ پڑھکر چلے جب وہ یہ تڑپا جسم زار
لوح مرقد ہٹ کے پائین مزار آنیکو تھی

اک نظر مین دیکھہ ہی لیتا تم آجاتے اگر
موت بھی دم بھر ٹھہر جاتی ہزار آنیکو تھی

بلبلونکی سرو آہون نے بھی باندہی کیا ہوا
باغبان کہتے ہین بے موسم بہار آنیکو تھی

جسطرح آئے تھے دو باتین بھی کر لیتے اگر
پھر تن بیجان مین جان بے قرار آنیکو تھی

انتساب حضرت ناسخ ہوا حاصل حبیب
سر تک اپنے بھی کلاہ اعتبار آنیکو تھی

کونسا ظلم ہے اب اے بت ترسا باقی
قتل کر یہ بھی نہ رہجائے تمنا باقی

خون کا آنکھون مین ہو شاید کوئی قطرہ باقی
چاک پہلو نہ کرو دل مین ہے اب کیا باقی

کچھ دنون گر رہے یہی وحشت و سودا باقی   رہ سکیگا نہ کبھی سلسلہ پا باقی
قصہ زندگی ایک ہاتھہ مین فیصل ہی ابھی   چھوڑ مجھکو نہ ستمگار سکتا باقی
لالہ رویون کو دکھاؤن گا محبت کی بہار   دل مین چند سے جو رہا داغ تمنا باقی
اور نیرنگ دکھا اے فلک عربدہ ساز   اپنی آنکھین ہین ابھی بہر تماشا باقی
کوئی خواہان اجل آکے نہ محر دم پھرا   تا قیامت رہے قاتل ترا کوچہ باقی
دیکھلے چیر کے پہلو نہ اگر باور ہو   دل مین ہے تیری محبت کے سوا کیا باقی

دم ہی جبتک نہ بچوگے غم فرقت سے حبیب
جان کے ساتھہ ہے واللہ یہ جھگڑا باقی

کیا تجھے اے دل سیوای یار دلبر چاہیے   بلبل شوریدہ کو ذکر گل تر چاہیے
کیا شہید ناز کو غسل و کفن کی احتیاج   خاک کوے یار کی بس ایک چادر چاہیے
فضل حق کے سامنے کیا مال ہی تاج و نگین   ساتھہ ہمت کے رسا ہونا مقدر چاہیے
شان مجنونی نہین معشوق ہو گر رشک حور   فتنہ گر طاقت ربا شوخ و ستمگر چاہیے

تنگدستی سے نہو دل تنگ اتنا اے حبیب
ہے خدا رزاق مطلق دل تونگر چاہیے

دل لئے جاتے ہین داغو نسے بدلنے کیلئے   کوئی صورت تو ہو ارمان نکلنے کیلئے
نہین ہوتا ہے بپا پے یہ تشنج دم نزع   پاؤن مضطر ہین رہ دوست مین چلنے کیلئے
دہوتے ہین اشکون سی لکھہ لکھکی حقیقت اپنی   شغل ہے یہ دل مضطر کے بہلنے کیلئے
پاؤن بڑہنے نہین دیتا ہے ہجوم حسرت   کسطرف نکلین کہان جائین ٹہلنے کیلئے
میری آنکھون ہی مین دن رات پھرا کرتی ہو   کیا تمھین اور جگہہ تھی نہ ٹہلنے کیلئے

اشک تھمتے نہین کھلجاے نہ راز الفت
دمبدم اوٹھتے ہین یہ طفل مچلنے کے لئے

رشتہ عمر محبت مین بنا رشتہ شمع
آتش حسن جہان سوز سے جلنے کیلئے

کیا ہے گر بچ بہی گیا تیرا مریض فرقت
مدتین چاہئین اب اسکو سنبھلنے کیلئے

بار لایا نہ کبھی نخل محبت اے چرخ
کیا نہین ہے یہ شجر پہولنے پہلنے کیلئے

ہاہبر فکر رسائی تو کرین اوس در تک
مین تو ہر طرح سے آمادہ ہون چلنے کیلئے

صورت نقش قدم اوٹھ نہین سکتا ہی حبیب
کیا یہ بیٹھا ہے ترے کوچہ مین ٹلنے کیلئے

روا روی مین بگولا بہی غبار بھی ہے
پیادہ بہی تری راہ مین سوار بھی ہے

چھٹی الم کی گھٹا ساقیا چلے پہر دور
ہوا ے باغ بہی ابر نوبہار بھی ہے

امید و بیم کا انجام دیکھئے کیا ہو
جناب شیخ بہی ہین رند بادہ خوار بھی ہے

ترا ے ہو دم آخر تو اک ذرا ٹھہرو
تکان راہ بہی ہے وقت احتضار بھی ہے

ترے کرم پہ یہ تکیہ ہے دل کو ای معبود
خطا بہی کی ہے عطا کا امیدوار بھی ہے

کبھی ترے شہدا کا نشان نہین مٹتا
جہا مین نام بہی ہی سبکا یادگار بھی ہے

ق
ابھی سنبھلنے کی قوت ہے بہائیو دیکھو
مٹے نفاق تو عزت بھی ہی وقار بھی ہے

۲
گدا نشان شہنشہ تھے کل گدا ہو آج
زمانے مین کوئی تمسا ذلیل و خوار بھی ہے

ہے ناگوار عمل ہم سبہو نکو اوس پہ جو حکم
خلاف شرع بہی ہے دلکو ناگوار بھی ہے

کہے گئے مونہہ سے بس اب کیجئے جو کرنا ہو
کسیکو آپکے وعدہ کا اعتبار بھی ہے

خدا کی تہی اطاعت نہ غیر کی لازم
ہمین کسی کی غلامی سی ننگ و عار بھی ہے

کہ خلاف طبیعت نہو ٹھہرا ے دل
ابہی تو اپنے گئے سے و شرمسار بھی ہے

نہین ہے نوش بلا نیش راوق ہستی
سرور و کیف بھی ہے زحمت خمار بھی ہے

کرین جو کرتے ہین واعظ ہماری پردہ دری
خدا غفور ہے بندونکا پردہ دار بھی ہے

حبیب کیون پیری مین انتشار حواس
خیال نزع بھی ہے ہیبت مزار بھی ہے

کل جو دمساز تھے کیا یاد بہلائین اون کی
ابھی کانون مین ہین دلچسپ صدائین اونکی

دانہ زد کرتے ہین کیون اہل کرم پر چشمک
ڈھانپ لیتی نہین عیوب اونکی عطائین انکی

محو نظارہ ہین مشتاقونکی آنکھین دیکھو
ہتلیان غرفونسے لیتی ہین بلائین اونکی

لاکھ چاہے کوئی لائیگا کہانسے وہ بات
الفتین اور کسی کی نہ جفائین اونکی

ظالمو کیون نہ ڈرے آہ سے مظلونکی
لو پہرین باب اجابت سے دعائین اونکی

جاے حیرت ہے جو رندون کو ہنسا کرتے تہی
رہن مے ہونیکو آئی ہین عبائین اون کی

ق
۱ نہ رہی عاقل واشک اور ادیب و شعلہ
الیقین یاد کرین ہم کہ وفائین اونکی

۲ اوٹھ گئے وہ کہ گئی بزم سخن کی رونق
سنکے اشعار وہ تحسین وہ رائین اون کی

۳ ملنے والونکی زبانی وہ پیام اور سلام
تہین غنیمت کرم آمیز ادائین اون کی

۴ تہا ہر اک نکتہ رس و فاضل و نقاد سخن
گو چھپائین وہ نہین دلمین ہین جائین اونکی

مسلک عشق پہ ہین جتنے گنہگار حبیب
عفو کر دیتا ہے ستار خطائین اون کی

آجائے گا بلوالو جلدی منظور جو درنکا چارہ ہے
عاشق کا پتہ کیا پوچھتے ہو وہ اک وحشی آوارہ ہے
ناحق جو زمانہ دے ایذا چھوٹے نہ رہ تسلیم و رضا

سمجھو کہ خدا نے فضل کیا عصیان کا یہی کفارہ ہے
نادان کیون اوج پہ نازش کی لازم ہے بلندی کو پستی
دولابی گردش گیتی کی کہتی ہے زمین گہوارہ ہے
اوس مصحف رخ کے پرتو سے ایام شہور و سال ہے
دو ٹکڑے ہوا تہا قمر جیسے ہر ماہ یوہین سپارہ ہے
سمجھے تہے جواب نامہ ہم جبتک نہ کہلا تہا اونکا ستم
دیکہا تو لفافہ کے اندر خط اپنا پارہ پارہ ہے
گل چن چنکر لیجاینگے ہم حورون کو دکہلائین گے
لبریز گل صفت ہر دم یان دامانِ نظارہ ہے
معلوم ہے اوس کو خطا میری محجوب کہڑی ہی دعا میری
لیکن حسن لیگا خدا میری عام اوس کا کرم ہموارہ ہے
ہر شخص کے منہ سے جو نکلی اگر روز نہ کیونکر ہو جائے
کہتے ہین زبان خلق جسے وہ قدرت کا نقارہ ہے

سب چہوڑ حبیب نکتہ سرا رکہہ فکر سخن سے کام سدا
کاشانہ ہے قصر خیال یہ معشوق مہ پارہ ہے

محو نیرنگ جہان گر نہ طبیعت رہتی
مدتون تک میری آنکہون مین وہ صورت رہتی
دلمین زاہد کے اگر تیری محبت رہتی
حور و غلمان پہ مائل نہ طبیعت رہتی
تل برابر جو ان آنکہون مین مروت رہتی
بہولے چوکے کبہی ملنے کی بہی صورت رہتی
چار دن اور ٹہہر کر اگر آتی یہ بہار
کچہہ دنون پیر مغان سے ابہی بیعت رہتی

بہت اچھا تھا پھر آتا جو چہری گرد پہر
تیرے دلمین نہ تو ظالم یہ کدورت رہتی

گرم ہوتا نہ کبھی خود غرضی کا بازار
پہلے جو تھی اگر اے چرخ وہ صحبت رہتی

ہم قفس سیکھتے انداز نوا سنجی کا
کچھہ دنون اور انہین گرمی صحبت رہتی

پھر تو اے یاد صنم دیر نشین بنتا مین
تجھسے چندے جو اسیطرح یہ صحبت رہتی

درمیان آگیا جن دوستونکے پای غرض
اون کی آنکھون مین بھلا کیسے مروت رہتی

اپنے مالک ہی پہ رہتا جو بھروسا ایدل
مانگنے کی نہ کسی غیر سے حاجت رہتی

لطف جتنا تمہین ہر حال مین غیر ونسے رہا
کم سے کم اتنی ہی مجھپر بھی عنایت رہتی

بار عصیانسے نہ پیری مین کمر جھک جاتی
نوجوانی مین اگر مشق ریاضت رہتی

لطف شاہی تہا ہمین فقر کی حالتمین حبیب
مال دنیا سے اگر سیر یہ نیت رہتی

رہی عمر بھر یہی آرزو کوئی شوخ ماہ لقا ملے
اوسے ہمسے لطف دلا ملے ہمین اُس سے داد دعا ملے

غم دہر سے نجات کب ہمین انتشار مین کیا ملے
جو حضور قلب نصیب ہو تو ثواب یاد خدا ملے

نہ اثر ہو جسکے بیان مین اوسے داد کیسے بھلا ملے
جو کسیطرح کا مذاق ہو تو سخن کا دل کو مزا ملے

وہ عجب طرح کا جمیل ہے میری حیرتون مین دلیل ہے
نہ تو کوئی اوسکا عدیل ہے نہ کسی سے اوسکی ادا ملے

نہ برآئی گر کوئی آرزو تو حصول کیا جو مساعدہ

اوسے دوسرا تو یہ شرط ہے میری الفتون کی جزا ملے
ہے زمانہ دشمن آرزو نہین دوستون مین وفا کی خو
یہ مجال کیا ہے اوڑا ے بو جو گلو نسے باد صبا ملے
نہ کوئی طریق طلب چہٹا رہا دور شاہد مدعا
ہے وہ خضر منزل شوق کا مجہے جس سے ٹہیک پتا ملے
تہی بلا ے جان وہ روا روی کہی اپنی کچہہ نہ میری سُنی
یہ ادا بہی ہوش رُبا ہوئی کبہی گر ملے بہی تو کیا ملے
کوئی دم تو فکر مآل کر نہ اِن دنیا سے ملال کر
اوسی در پہ کیون نہ سوال کر کہ تیری طلب سے سیوا ملے
میرے دامنون سے ہو کیا جدا کوئی خار دشتِ جنون بہلا
ایک ایسا لپٹا ہے جسطرح مدتونکا چہٹا ملے

وہی چارہ گر ہے غریب کا نہ اوٹہتا ناز طبیب کا
ہے مدام ورد حبیب کا مرے درد دل کی دوا ملے

دنیا مین غیرونسے اک دن مقابلہ ہوجا ے
بقا فنا سے جو بدلے دوئی کا نام مٹے
زبانسے کچہہ نہین کہتا اوٹھا کے صدمہ ہجر
کبہی تفہم حقیقت مین ہو بشر عاجز
دیا ہے اسلئے پیر مغانکے ہاتہہ مین ہاتہہ
رد کا ہی دلمین کہین رو کنے سی جوش ملال

تو جلد بحث رقابت کا فیصلہ ہوجا ے
کسیطرح سے نہین طے یہ فاصلہ ہوجا ے
نہ درد دل کا بیان بہی کہین گلہ ہوجا ے
اگر ازالۂ اوہام باطلہ ہوجا ے
کسی گہرانہ سے بیعت کا سلسلہ ہوجا ے
نہ نکلے آنکہہ سے آنسو تو آبلہ ہوجا ے

دباؤ مشق ریاضت سے نفس سرکش کو
خدا کے ہاتھہ ہے نصرت مجادلہ ہو جائے

نکل کے دل سے گرا فرش خاک پر اک اشک
نہ اس قدر بھی کوئی پست حوصلہ ہو جائے

کبھی سنو بھی تو ہے دل کو آرزو کیا کیا
نئی سپاہ کا ایک روز داخلہ ہو جائے

ہوس کی چھاؤن مین یون چھپ رہی ہین سب ارمان
نہان غبار مین جسطرح قافلہ ہو جائے

وہ روح تازہ رگ و پے مین پھونک دے ساقی
عیان شباب کا پیری مین ولولہ ہو جائے

جو پیرو بن رہین اپنے پیشواون کی
ہر ایک نقش قدم ہمکو راحلہ ہو جائے

سخن حبیب کا سنلین جو شوق سے احباب
تو اس زمانہ مین کافی یہی صلہ ہو جائے

گھبراتا ہے کیون اے دل ہر دم اب ختم مصیبت ہوتی ہے
کہتے ہین جہان مین بعد الم انسان کو راحت ہوتی ہے

آپسمین محبت ہوتی ہے بے لوث طبیعت ہوتی ہے
جب اوس کی عنایت ہوتی ہے کچھہ اور ہی صورت ہوتی ہے

وہ عشق ہے وحشت سے بدتر معشوق کو جس کی ہو نہ خبر
کرتی ہے اثر اک دن دل پر گر دل سے محبت ہوتی ہے

کرکے آسایش کی فکرین ہم لاکھہ مصیبت پر سر پر لین
ہوتا ہے وہی ہر حالت مین جو اوس کی مشیت ہوتی ہے

ہو جاتی ہے تکمیل ہنر بنتا نہین دل تشویش کا گھر
بڑھتا ہے وقار انسان کو اگر ممکن پہ قناعت ہوتی ہے

اقوام کی حالت کو دیکھو اسباب ترقی کے سوچو

بڑہجاتے ہین آخر مین جنکو اچہون سے رقابت ہوتی ہے
ہم یاد نہین کرتے ہین اوسے ہین غفلت مین بہولے بیٹھے
کام اوس کو ہے ہر دم رحمت سے ہر لحظہ اعانت ہوتی ہے
کرجاتے ہین حاکم خودغرضی پروا کیا محکومون کی +
پڑتی ہے جب اون پر چوٹ وہی اوس وقت ندامت ہوتی ہی
سب عمر گذاری محنت مین کب چین سے بیٹھے غربت مین
جب پڑتا ہون تہک کر غفلت مین جنت کی بشارت ہوتی ہے
جس سر مین ہوا ہے وصال نہین جس دل کو درد فراق نہین
سمجہانے سے وہ سمجھے کیونکر کیسی شب فرقت ہوتی ہے

ساکت ہے حبیب انکتہ سر اکیا چہوڑ دیا بالکل کہنا
کیون اوس کا دل ایسا سرد ہوا اس یاس پہ حسرت ہوتی ہے

باطن کی کشش دل مین ہر جا فطرت کی ودیعت ہوتی ہے
ہوجاتے ہین عاشق بہی پیدا جب حسن کی شہرت ہوتی ہے
پژمردگی و ناکامی مین کہلائی صورت ہوتی ہے
لب غنچہ صفت کہلجاتے ہین جب دل کو مسرت ہوتی ہے
آئینہ قدرت صانع کا آفاق مین ہے ذرہ ذرہ
ہو غور حقایق پر جتنا اوتنی ہی بصیرت ہوتی ہے
آوارہ پریشان سرگردان بیتاب حسرین مضطر حیران
ہر سو نگران رسوا ہے جہان عاشق کی یہ حالت ہوتی ہے

جو زلف مین دل اُلجھاتے ہین پھر کب وہ رہائی پاتے ہین
سارے قیدی چھٹ جاتے ہین جب پوری مدت ہوتی ہے

گر یاد کیا بھی ایذا مین بھولے حق کو استغنا مین
پاتے ہین دولت دنیا مین کیا طاری غفلت ہوتی ہے

ہے نیکیون کی یان نیک جزا ملتی ہے بدی کی بد کو سزا
ایک مٹ کے بنا ایک بنکے مٹا یون روز قیامت ہوتی ہے

بیسود درازی ہے سن کی محدود ہے وسعت باطن کی
کیا ہونگے رجال فن جن کی تھوڑی سی بضاعت ہوتی ہے

ہے صانع خلق حکیم ایسا کرتا ہے بکثرت وہ پیدا
جس جا آرزو ہے آب و ہوا جس شے کی ضرورت ہوتی ہے

ہم یاد مین تیری رہتے ہین فرقت کی جفائین سہتے ہین
جو آتا ہے دل مین کہتے ہین جب بیحد وحشت ہوتی ہے

اک دن تو زمانہ بدلے گا چمکے گا یہ نکھرا رنگ تیرا
کیون ہے مایوس حبیب اتنا ضائع کہین محنت ہوتی ہے

کرکے تعجب ہر گھڑی کیون میری حیرت دیکھیے
آئینہ لیجیے ہاتھ مین اور اپنی صورت دیکھیے

نکلے ہوئے گھر سے ہمین گذری ہے مدت دیکھیے
کس وقت دل سے دور ہو اندوہ غربت دیکھیے

دمساز اہل نغمہ ہے زاہد کی حالت دیکھیے
آہنگ وحدت کر گیا دل مین سرایت دیکھیے

ہے شاق دل کو کس قدر شکل رقابت دیکھیے
سایہ سے بھی مجھے اپنے ہوتی ہے وحشت دیکھیے

رکھتے ہین خورشید و زمین تاثیر مقناطیس کی
اللہ رے جذب و کشش دونو کی قوت دیکھیے

شیدا نہین یہ حور کا کیا درد ہو مہجور کا — شاہد پرستون سے ذرا زاہد کی نفرت دیکھیے
القتین چشم یار کی صہبائی کوثر پیجیے — عشق گل رخسار مین گلزار جنت دیکھیے
ایسا بگولا ایک اوٹھا مہر درخشان چھپ گیا — یہ بھی ہوا کا پھیر تھا ذرون کی رفعت دیکھیے
صورت ہمین دیکھلائی نقد دل و دین لیجیے — ہم رونمائی مین کسقدر دیتے ہین ہمت دیکھیے
ہین اہل سب عزلت گزین نااہل ہی مسند نشین — کیا دور ہا پرسان ہی یہ جاہل کی جرأت دیکھیے
حق نے ہمین گوکر دیا سلطان اقلیم سخن — لیکن نہین ابتک ہوئی دولت دیکھیے

اکدن حبیب نکتہ دان دینگے صلہ اہل جہان
جاتی نہین ہے رائگان انسان کی محبت دیکھیے

چمکا رہی ہے حسن کو مے کی حرارت دیکھیے — گل سے زیادہ سرخ ہے چہرہ کی رنگت دیکھیے
دربان سے اونکے پینے کی شبکو سماجت دیکھیے — مجبور کردیتی ہے یون انسان کو حاجت دیکھیے
بیکار کردی کبر نے شیطان کی طاعت دیکھیے — نخوت سے ہاتھ آیا نہ کچھہ جز طوق لعنت دیکھیے
ہین سفلہ پرور کس قدر ارباب دولت دیکھیے — کیا رتبہ اعلیٰ ملا ادنیٰ کی قسمت دیکھیے
معلوم ہو فرقت مین گر برسون مصیبت جھیلیے — ناصح کسی بیمہر سے کر کے محبت دیکھیے
دم آپ کا بھرتا رہا سہکر ہزارون سختیان — ہون آج تک ثابت قدم میری بھی الفت دیکھیے
ق ۱ اے رحمۃ للعالمین محبوب رب ختم رسل — ہے ہند مین بے دست و پا حضرت کی امت دیکھیے
۲ رائج ہوئے ہین ہر طرف شرک و مناہی آجکل — اہل شریعت کی ہوئی معدوم ہمت دیکھیے
۳ مفقود ہے نور یقین مغلوب ہین اعیان دین — ہر سمت جہل و کفر کی چھائی ہی ظلمت دیکھیے
۴ جس سرزمین کیواسطے دیندار لاکھون مٹ گئے — جاری ہی وان مولا مرے بحر ضلالت دیکھیے
۵ ہر سو ہین رائج بدعتین ویران ہین لاکھون مسجدین — باقی نہین اسلام مین شان جماعت دیکھیے

آنکھو نمین ہی شکل آپکی مژگان کی چلمن ہی پڑی
دل مین مرے آجاے اکدن یہ خلوت دیکھیے

پیری مین یہ مے نوشیان بس ای حبیب خوش بیان
کرنے لگی اب تو زبان بانو نمین لکنت دیکھیے

احسان قاتل کا لیا شوق شہادت دیکھیے
اُترے ہمارے سر سے کب یہ بار منت دیکھیے

زاہد ہو شاید یہ وہ مے ہی جسکی حرمت دیکھیے
ایک گھونٹ پیکے کسقدر ہوتی ہی فرحت دیکھیے

ناقص کی عزت دیکھیے کامل کی ذلت دیکھیے
اندھیر ہے اب نور پر غالب ہے ظلمت دیکھیے

نخوت ہی دیندارو نمین اب جای اخوت دیکھیے
منسوخ کیسا ہو گیا آئین خلعت دیکھیے

باقی نہین تاب و توان کروٹ بدلنا ہی گران
کیا رنگ دکھلائی ہمین اندوہ فرقت دیکھیے

افسانہ ہونگے راز سب ہونا جنونکا ہی غضب
روکی نہین رکتی ہے اب میری طبیعت دیکھیے

ہر بات مین عیاری اہل حکومت ہے عیان
کوئی نہ کوئی اپنے اب آتی ہی آفت دیکھیے

ہین خوگر افعال بد چھٹتے نہین افعال بد
بننے کو ہین تمثال بد یارونکی شامت دیکھیے

پنہان شرر ہی سنگ مین پیدا چمک ہے زنگ مین
دلبستگی آہنگ مین صانع کی قدرت دیکھیے

دلمین مرے غم اوسکا ہو آوارہ محرم اوسکا ہو
ناچیز ہمدم اوسکا ہو یہ عزم و جرات دیکھیے

کسکی بنا ہے پوچھکر کیجیے عمارت پر نظر
دکھلاتی ہی کیا کیا سمان پھر چشم عبرت دیکھیے

دشوار ہے دیدے خدا سب خوبیان اکشخص کو
یا حسن صورت دیکھیے یا حسن سیرت دیکھیے

کل تذکرہ تہامے سے کی توبہ حبیب رندنے
پیر مغان سے آج کی پھر اوسنے بیعت دیکھیے

جمتا نہین دل پر کبھی زنگ کدورت دیکھیے
ہین بوترابی پاک ہے ہر وقت طینت دیکھیے

جب نظم ہو مد نظر قانون فطرت دیکھیے
اپنی سخندانی کی پھر دنیا مین شہرت دیکھیے

اب صلح پر مجبور ہین ارباب دولت دیکھیے
ہو جاتی ہے بے چادری یون وجہ عصمت دیکھیے

ہر بات مین ہے سادگی رنگ حقیقت دیکھیے
زور و نہیہ ہے طبع رسا آج اسکی جودت دیکھیے

سب سے زیادہ خلق مین انسان حاجتمند تھا
پتلا بنا کر درد کا سکھلائی حکمت دیکھیے

ہر شخص شیدا ہو گیا اہل کرم کے نام کا
دنیا مین کیسا دلربا ہے حسن نیت دیکھیے

ارباب علم و فضل کی جس قوم نے تقلید کی
اک روز آخر لیگئی وہ گوے سبقت دیکھیے

ناچیز ہے کی بھی اگر اہل غرض نے آفرین
غیبت مین کیا کیا آپکو کہتی ہے خلقت دیکھیے

جسکے موافق ہو ہوا موسم ہے اوسکو جانفزا
جب کھولین گل بند قبا بلبل کی عشرت دیکھیے

ہین آتش و آب و ہوا قابو مین مشت خاک کے
دی حضرت انسان کو کیا خالق نے طاقت دیکھیے

جب عیش غربت مین ہوا یاد وطن مین جی کڑہا
گردون ہمین دکھلائیگا کب روی راحت دیکھیے

پابند اپنی وضع کا نکلا حبیب مبتلا
جھیلی خوشی سے ہر بلا یہ صبر و ہمت دیکھیے

پاک ایسا ہو دل کدورت سے
آئینہ دیکھے جسکو حیرت سے

اونس ہے اونکی اچھی صورت سے
کام کیا ہم کو حسن سیرت سے

عاشقون کی کبھی نہ لین گے خبر
ہین وہ مجبور اپنی عادت سے

بد ہے انجام جھوٹھے وعدونکا
حاصل اس طرح کی مروت سے

جانتے ہین فضیلت طاعت
یہ واعظ کرین گے فرصت سے

کھا سکے خود نہ دوسرونکو کھلاے
فائدہ کیا دنی کو دولت سے

بام اعزاز و جاہ گر ہے بلند
کام لو نردبان ہمت سے

ق

کیا ہے پھر عرض حال کی حاجت
جب ہو پیدا سوال صورت سے

۲

اڑ گئی آج اون کی چشم ناز — خود ہی میری نگاہ حسرت سے
جھکتے ہین جنکے مرتبے ہین بلند — کون ملتا ہے پست فطرت سے
چلی ساتھہ اونکے جان عاشق کی — نہ اوٹھا بار غم نقاہت سے
ہو نہ زاہد رجوع قلب اگر — فائدہ کچھہ نہین عبادت سے
کینہ پرور کے دل پہ الفت کا — رنگ جمتا نہین کدورت سے
مر گیا آج عاشق نالان + — ہوئی لیجے نجات زحمت سے
جبکہ لاتقنطو خدا فرمائے — یاس کیونکر ہو ہم کو رحمت سے

در بدر پھر چکے حبیب بہت
اب تو بیٹھو کہین قناعت سے

جہان رہے نہ کسی دل پہ بار بنکے رہے — گلون مین رنگ چمن مین بہار بنکے رہے
وہ خاکسار اوٹھین کیا تیری گلی سے بھلا — عدو کے دلمین جو برسون غبار بنکر رہے
کیا فلک نے دل صاف کا کچھہ ایسا رشک — ہمیشہ کدرہے کہ یہ داغدار بنکے رہے
وہ آئے خواب مین راحت سے تا سحر گذری — تمام شب مرے دلمین قرار بنکے رہے
وبال شان امارت نکیون ہو عسرت مین — ستم ہے جب اثر مے خمار بنکے رہے
ہمیشہ سوز محبت مین سختیان جھیلین — وہ سنگدل تھے تو ہم بھی شرار بنکے رہے
فراق یار سے پیدا تھی وہ خلش دل مین — کہ پھول بھی مرے بستر پہ خار بنکے رہے
کہے زبان سے جو انسان اوسی بنا ہے بہی — کبھی جہان مین نہ وہ اعتبار بنکے رہے
ہوئے وطن سے زیادہ عزیز غربت مین — ملے ہم ایسے کہ اغیار یار بنکے رہے
مآل ذلت و خواری ہے عجب و نخوت کا — وہ سر بلند ہین جو خاکسار بنکے رہے

گنہ سے کرتی ہے مجبوب نیک و بد کی سمجھ
ہم اپنے ہاتھ سے خود شرمسار بنکے رہے

قمر کے چہرے سے ہو جائے دور عیب کلف
جو چار دن ترا آئینہ دار بنکے رہے

یہ جذبہ عشق سے ہے نادیدہ تیری دیوانے
ہمیشہ ایک سے دو و دسے چار بنکے رہے

ہے گلرخون کی محبت دلیل خار الم
ضرور بگڑے گی کوئی ہزار بنکے رہے

صلای عام تہا ساقی کی انجمن مین عجب
تمہین علیحدہ کیون روزہ دار بنکے رہے

لطف وطن ہمیشہ میسر سفر مین ہے
دل جسکو چاہتا ہے وہ میری نظر مین ہے

اوس آگ کے دہوئین سے جو پیدا جگر مین ہے
سیل سرشک تازہ نہان چشم تر مین ہے

آفت کا توڑ یار کے تیر نظر مین ہے
دل مین اگر سپر ہی ہو تو پیکان جگر مین ہے

وجہ بقاے نام ہے کب کوشش نمود
غواص کا پتہ کہین آب گہر مین ہے

ہے عیب بھی صواب جو مقبول خلق ہو
لالہ کا حسن تابش داغ جگر مین ہے

کہتا ہی اوٹہہ کے کوچۂ قاتل سے گردباد
برباد یونہین ہوگا جو اس رہگذر مین ہے

لیکر پہرا ہے آج مقرر پیام وصل
چہرے سے ہے عیان جو دل نامہ بر مین ہے

اکدن غرور حسن پہ بھی پہوٹتے نہین
کیا ایسی بات عاشق شوریدہ سر مین ہے

ای رشک گل تپش دل عاشق کی دیکہلے
عالم ہوا کا طایر بے بال و پر مین ہے

وصف دہان یار سے شیرین ہی کام جان
سچ پوچھئے تو کب یہ حلاوت شکر مین ہے

دل کو تلاش دور ہم داغ جنون ہے پہر
یہ ماہرو تجسس زاد سفر مین ہے

بہمیریون کا لطف ہے خوی کرم کی ساتہ
وہ خوشگوار ہے جو حلاوت شکر مین ہے

بعد زوال چاہئین فکر عروج کی
کوشش کا نور تازہ جمال قمر مین ہے

کھٹکا تھا خار الفت عارض کبھی یہان
دامان گل کی بو سیری چاک جگر مین ہے

برسون بنا چکے ہدف ناوک نگاہ
پھر پوچھتے ہو ضبط کی قوت جگر مین ہے

فرماتے ہین وہ ناز سے آئینہ دیکھکے
ایسا حسین کوئی تمہاری نظر مین ہے

کھوتا ہے انتساب فرومایہ اختیار
نعمت ذلیل کاسہء دریوزہ گر مین ہے

آئے گا روز عیش کٹی غم کی شب حبیب
کچھ تو اثر تمہاری دعائے سحر مین ہے

جینے کا لطف صحبت اہل وطن مین ہے
غربت مین جو پھنسا ہے وہ قید محن مین ہے

گو پیر ہین شباب کا عالم سخن مین ہے
ہر وقت کیف تازہ شراب کہن مین ہے

جان تازہ یاد عارض جانان سے تن مین ہے
یوسف کی بو بھری ہوئی اس پیرہن مین ہے

ہے سادگی مین اور نہ کسی بانکپن مین ہے
ترکانہ وہ ادا جو مرے تیغ زن مین ہے

پہونچا دیار یار مین عاشق پس فنا
اب خاک مین کفن ہے نہ مردہ کفن مین ہے

جو شے بلائے جان ہے وہی اسکو ہے عزیز
فکر اپنی مخلصی کی دل راہزن مین ہے

وقت سحر ہے گرم فغان کاروان گل
افسردگی کا رنگ ہوائے چمن مین ہے

مجرم کے ساتھ جانے مین ایسا ہی انتشار
تارون کو فکر قطع روابط کفن مین ہے

کیا پوچھتے ہو پڑھ کے نکیرین دیکھ لو
حاضر جواب نامہ ہمارے کفن مین ہے

کیا عطر بیز خاک در گلعذار تھی
بو جامہء عروس کی میرے کفن مین ہے

خوش ہو گی روح جامہ ہستی اوتار کے
لرزان ہوائے دہر سے اس پیرہن مین ہے

جو کچھ کہین ہمیشہ اوسی سے ہے اتفاق
گویا زبان اونہین کی ہماری دہن مین ہے

ناقوس دیر بنگیا پردہ حجاب کا
لب پر ہے شیخ کے جو دل برہمن مین ہے

تڑپا رہا ہے دل کو سحر سے پیام وصل
آمد نشاط عید کی بیت الحزن مین ہے

ہنس دو تو عاشق لبِ شیرین ہو کامیاب
پوشیدہ جو ہے شیر تمہارے دہن مین ہے

یون چاہیے ثبات قدم راہ عشق مین
پروانہ جل گیا مگر اب تک لگن مین ہے

غازہ بنے گی گرد یتیمی سفر کے بعد
موتی کی آبرو نہین جب تک عدن مین ہے

دل ایک ہون تو باتون مین کیون اختلاف ہو
میری زبان پر ہے جو اونکے دہن مین ہے

عارض ہے زیر زلف جبین ہے تہ نقاب
پوشیدہ چاند ابر مین سورج گہن مین ہے

آ ینگا وعدہ کر کے بلایا ہے دیکھیے
کیا بات آج خاطر پیمان شکن مین ہے

عقبے کا گر ہو دھیان تو دنیا ہو کیون عزیز
غربت ہے اور یہ شاق جو یاد وطن مین ہے

شوخی سے شاہدونکی متانت سے ہے دلفریب
دلکش ادا سے شرم و حیا ہر دلہن مین ہے

دیکھین حضور شاہ مین کس دن ہو باریاب
افسردہ دل حبیب سخنور دکن مین ہے

لشکر غم فتحیاب دیکھیے کب تک رہے
عیش کا یون سدباب دیکھیے کب تک رہے

چہرہ پر اونکے نقاب دیکھیے کب تک رہے
ابر مین [illegible] آفتاب دیکھیے کب تک رہے

دل طپش غم سے آب دیکھیے کب تک رہے
[illegible] کباب دیکھیے کب تک رہے

ضبط پہ اب کیا مزہ ناز ہو گیا افسانہ راز
[illegible] رقیب حجاب دیکھیے کب تک رہے

پوشیدہ تکرار ہے وصل سے انکار ہے
رات سے [illegible] شباب دیکھیے کب تک رہے

وقت ہے ساقی پلا بیٹھے ہین واعظ تو کیا
بخشش عذاب و ثواب دیکھیے کب تک رہے

ہون وہ خفا طلب [illegible] تو کون [illegible]
غیرون سے اون کا خطاب دیکھیے کب تک رہے

رشک رگِ گل نگاہ [illegible] آہ
[illegible] رقیب سحاب دیکھیے کب تک رہے

میں ہوں قتیل فراق آتا ہے قاصد یہ شاق
پھر وہ ہیں خانہ خراب دیکھئے کب تک رہے

لو وہ خفا ہو گیا ہاے یہ کیا ہو گیا
چپ ہیں مرا حاضر جواب دیکھئے کب تک رہے

ہوتا ہے رخصت شباب دل میں توان ہے نہ تاب
زور و نہ یہ انقلاب دیکھئے کب تک رہے

حرمت واعظ یہ کی رندوں نے مے خوب پی
گرم نصیحت جناب دیکھئے کب تک رہے

چھٹ گئی بچپن کے ساتھ بیٹھے ہیں مل کی بات
یاروں سے ہم کو حجاب دیکھئے کب تک رہے

آئیگی اب کیا وہ بات اوٹھ گیا لطف حیات
رنج بہار شباب دیکھئے کب تک رہے

دیدۂ دل ہیں اودھر خیرہ ہے میری نظر
آئینہ میں آفتاب دیکھئے کب تک رہے

دور ہی کیوں اے نصیب شاہ دکن سے حبیب
روز یہی پیچ و تاب دیکھئے کب تک رہے

وصل سے واں اجتناب دیکھئے کب تک رہے
روح کو تن کا حجاب دیکھئے کب تک رہے

دل کا مکیں اضطراب دیکھئے کب تک رہے
عمر کی مٹی خراب دیکھئے کب تک رہے

آئی شب انتظار قلب ہے سیماب دار
روز یہی پیچ و تاب دیکھئے کب تک رہے

رہتے ہیں بے نصیب دور گئے پاس قریب
کیسے اٹھے یہ حجاب دیکھئے کب تک رہے

دل کو تمنا وہ آئے آنکھوں کو ارمان نجا سئے
شوق کو یہ اضطراب دیکھئے کب تک رہے

سوتے الم زدگان باعث سوہان جان
جوش پہ چشم پر آب دیکھئے کب تک رہے

فکر معیشت کے ساتھ ساتھ ہے فکر نجات
جان کو دوہرا عذاب دیکھئے کب تک رہے

درد کے ہاتھوں لٹے آہ کشور دل ہے تباہ
گھر میں یہ خانہ خراب دیکھئے کب تک رہے

زلف معنبر کی پیچ سے چھپ ہے نہار سے
خون جگر مشک ناب دیکھئے کب تک رہے

لب پہ نہیں ہے سوا حرف نہیں دوسرا
ان کا یہی اک جواب دیکھئے کب تک رہے

اونسے ملا پھر رقیب ہم ہین جدا یا نصیب
دشمنِ جان کامیاب دیکھئے کب تک رہے

دل کا ہے سوداگران ہین وہ سرِ امتحان
حجت عیب و صواب دیکھئے کبتک رہے

وہ متلون مزاج باتو نہین بگڑا ہے آج
لطف کے بدلے عتاب دیکھئے کبتک رہے

چھوڑتے ہین نیکنخو محفل عالم مین تو
مٹ گیا گل پر گلاب دیکھئے کبتک رہے

ہو گئے رخصت حبیب دلسے توان و شکیب
حسرت و غم باریاب دیکھئے کبتک رہے

روز ازل سے پٹ غم الفت کی جا نہین ہے
لذت بلا کی اس خلشِ جاودانین ہے

صادق ہو جذب دل تو خلوداس مکانین ہے
جو منزلت کی حد نظر سالکان مین ہے

جو دل ہے بیقرار غم رفتگان مین ہے
اک شور الرحیل کا اس کاروان مین ہے

تسخیر کا اثر تیری میٹھی زبان مین ہے
سحر حلال پردۂ حسن بیان مین ہے

تڑپا رہی ہے دل کو ہوا کوے یار کی
کیا رہبرون کا قافلہ ریگ روانین ہے

عشاق کو مدارج الفت پہ کیا ہو ناز
ہر دم ہجوم بیم و رجا امتحان مین ہے

اوراق گل ہین پردۂ ہر ساز عندلیب
آہنگ نغمہ ہاے مسرت فغانین ہے

لے بھر کے جام عیش خرابات دہر سے
وافر یہ بادہ ظرف زمان و مکان مین ہے

بدلی نہ آج تک تیری رفتار اے فلک
اب کونسی ہوس دل ایذا رسان مین ہے

سینہ مین سر ہین آنکھو نہین پہلو مین قلب ہین
وہ کیا ملے جو وہم مین ہے نہ گمانین ہے

افسانہ ہاے عشق ہون یا قصہ ہاے حسن
لطف انمین وہ نہین جو تری داستانین ہے

ہر شے کی ہی بقا و فنا صورت حباب
صنعت کا تیری شور محیط جہانین ہے

کروٹ بھی لی نہ طالع خفتہ نے ایک بار
مدت سے بیخبر اسی خواب گران مین ہے

اہل ہنر عزیز ہین جنس ہنر گران — پر دخل یان نصیب کو سود و زیان نہین ہے
جبتک ہے نور مہر مین اور ماہ مین ضیا — محمود کے کمال کا شہرہ جہان مین ہے
ق
نور ولائی شاہ ولایت کی آب و تاب — مانند شمع طور دل خواجگان مین ہے

توبہ اخیر عمر مین زیبا نہین حبیب
تا حال پاہن وضع بہی اہل جہان مین ہے

کسیکی سنکے نہ ہرگز تمہارے در سے پہرے — ہم اک زمانہ سے بگڑے جہان بہر سے پہرے
کریم دے پر پرواز مرغ دل کو مرے — یہ جائے گر تو بہت پہلے نامہ بر سے پہرے
نہ درد ہجر وہ آفت کہ آکے سر سے ٹلے — نہ وہ بلا شب فرقت جو آکے گہر سے پہرے
ادہر کا رخ کیا ہمنے وہ جس طرف کو چلے — وہ ہین کہ ہم نظر آئے جدہر ادہر سے پہرے
ہزارون منزل الفت کے رہنما پاکر — جناب خضر حسینون کے رہگذر سے پہرے
وہی ہین نام خدا آپ مجکو حیرت ہے — جو پتلیون نہین میری مدتون نظر سے پہرے
طریق عشق مین اے دل دکہا ثبات قدم — بہٹک گئے وہین پہر وہ جو راہبر سے پہرے
پناہ ہے تیرے جمال و جلال کا پرتو — کمال تیز بہی خورشید گر قمر سے پہرے
ہمین تہے ایک جو دریائے عشق پر گئے — نہنگ وار شناور کمر کمر سے پہرے
کہان وہ عارض و کاکل کہان گل و سنبل — اسی خیال مین ہم شام تک سحر سے پہرے
نہ ایک دم بہی رکی ہستی و عدم کی راہ — یہان کچہ آئے ادہر سے تو کچہ ادہر سے پہرے
وہ کب ہین کوچہ الفت کے مرد میدان جو — کسیکے زور پہ ٹہیرے کسیکے ڈر سے پہرے
یہی ہے عشق کا مسلک کہ خار زار و نہین — چلے پیادہ اسیر اور قتیل سر سے پہرے
جری وہ ہے جو غضب مین خدا کا خوف کرے — وہی بشر ہے ختیر جو راہ شر سے پہرے

جہاں تک نہ پستی فطرت کی دیکھئے گا حبیب
زمانہ لاکھ کسی صاحب ہنر سے پھرے

جنون میں لڑ گئے ناصح سے چارہ گر ہی پھرے — رہے کہیں کے نہ وہ پھر جو تیرے در سے پھرے
نگاہ ناز کی اچھی ہزار ہیں مدارائیں — وہ سارے تیر رہے دل میں جو جگر سے پھرے
ہجوم باب اجابت پہ ہے قیامت کا — ہے ناتوان میرا پیک دعا کدھر سے پھرے
نفاق لال لہو کو سپید کرتا ہے — وگرنہ لخت جگر کسطرح جگر سے پھرے
خدا نے یاس میں دکھلائی صورت اُمید — جو ڈبڈبا ہی تھی وہ اشک چشم تر سے پھرے
نکیون جہان میں آوارگی کا رنگ جمائے — نگاہ جب کوئی لڑ کر تیری نظر سے پھرے
چمن کے لٹنے پہ کرتی ہے کیون فغان بلبل — خزان محال ہے فریاد و شور پر سے پھرے
ہین وہ مسافر ملک عدم ہون اسے قسمت — گنوا کے رخت تہیہ سفر سے پھرے
مریض ہجر یہ سمجھے مسیح آ پہونچے — نسیم صبح جو قاتل کی رہگذر سے پھرے
ستم ہے دن نہ پھرے گر ابھی پھری قسمت — وہ آتے آتے مجھے دیکھ کر ادھر سے پھرے

نہ تھی امید شفا دل کو اس مرض میں حبیب
بچے ہم ایسے کہ گویا خدا کے گھر سے پھرے

دل بچے کیونکر بت عیار سے — سامنا غافل کا ہے ہشیار سے
گل بچا جاتے ہین پہلو خار سے — اہل زر ہین کیون جھکین نادار سے
ہٹ نہین سکتے کبھی پا سے ثبات — بھاگتا ہے سایہ خود دیوار سے
یہ ریاضت کا ثمر ہے عندلیب — پھول جھڑتے ہین تری منقار سے
کچھ نہ کچھ ہے کہئے کب پہ ہوگا ہاتھ صاف — مشورے کرتے ہین کیون اغیار سے

خون کرتا دل کو خوف معصیت
سابقہ ہوتا نہ گر غفار سے

ہوتی ہے شان شرافت خود عیان
مرد کی رفتار سے گفتار سے

ہم بُرے واعظ تمہین اچھے سہی
فائدہ ہر وقت کی تکرار سے

چاہئین معقول اصحاب و جلیس
عقل لے سکتے نہین بازار سے

دل مین کر لی ایک پریوش نے جگہ
جنس الفت لائے ہم بازار سے

کچھہ زمانہ کرنے دیتا ہی نہین
دست و پا ہین آج کل بیکار سے

کیون لہو دل کا بہایا بے سبب
کوئی پوچھے دیدۂ خونبار سے

کہدیا اہل وفا کو خود غرض
یہ خطاب اچھا ملا سرکار سے

دل کو یہ وعدے تسلی خاک دین
جلد پھر جاتے ہو تم اقرار سے

حد نہ تھی میرے گناہون کی مگر
چھپ گئے سب دامن ستار سے

ہوسکے فکر سخن کیونکر حبیب
ایک دم فرصت نہین اذکار سے

وہ اُٹھے ہین تیور بدلتے ہوئے
چلو دیکھین تلوار چلتے ہوئے

نہ دیکھا تھا عاشق کو جلتے ہوئے
وہ اُلٹے پھرے ہاتھہ ملتے ہوئے

اوٹھو سونیوالو لگے گی نہ دیر
زمانے کو کروٹ بدلتے ہوئے

نہ دیکھا ترے دور مین ای فلک
نہال تمنا کو پھلتے ہوئے

ہین انگشت حیرت بدندان مسیح
وہ مردے جلاتے ہین چلتے ہوئے

چلو میکدہ محفل وعظ سے
یہ عمامے دیکھو اُچھلتے ہوئے

زبان پر ترا نام جب آگیا
تو گرتے کو دیکھا سنبھلتے ہوئے

محبت مین پلے ہر اک راہ سے — ہزارون ہی رستے نکلتے ہوئے
ہین کیا اونکی زلفین یہ ایدل نپوچھہ — چھلاوے کو دیکھا ہی چھلتے ہوئے
بنے جز و تن جب چبھے خار غم — یہ کانٹے نہ دیکھے نکلتے ہوئے
کیا کچھہ نہ جب تک رہا اختیار — جہان سے چلے ہاتھہ ملتے ہوئے
غم عشق پیدا ہوا میرے ساتھہ — اسے گذری اک عمر پلتے ہوئے
رُکے کس طرح تیغ ابرو کا وار — سُنا ہے اجل کو بھی ٹلتے ہوئے
اُن آنکھونکے فتنونکا کیا پوچھنا — یہ جادو ہین لاکھون مین چلتے ہوئے
نہین شمع عارض پہ خط جمع ہین — ہزارون ہی پروانے جلتے ہوئے
فسانے ہین مشہور عشاق کے — ق — کٹی عمر فرقت مین جلتے ہوئے
جوان مرتے دیکھے بہت نامراد — سنا ہوگا ارمان نکلتے ہوئے
نہین کھیل چلنا رہ عشق مین — ق — ذرا پاؤن رکھنا سنبھلتے ہوئے

جو مشہور ثابت قدم تھے حبیب
او نہین ہمنے دیکھا پھسلتے ہوئے

چمن مین ایک دم آکر وہ رشک گل اگر بیٹھے — تو میری طرح بلبل بھی کلیجہ تھام کر بیٹھے
اسیران ہوس محشر دم بھر کر در بدر بیٹھے — یقین کب تھا جو دینا ہی خدا دیگا گھر بیٹھے
کبھی افسانہ الفت سُنانے ہم اگر بیٹھے — تو سارے درد والے تھام کر قلب و جگر بیٹھے
نہ اوٹھے جسجگہہ جم کر ترے آشفتہ سر بیٹھے — ہزارون زلزلے آئے اُٹھے طوفان گھر بیٹھے
قیامت ہین شب فرقت مین یہ وحشت فزا نالے — گلا تیرا کہین ای بلبل شوریدہ سر بیٹھے
یہی وارستگی رکھتی ہے ہم کو سب سے بیگانہ — جو کچھہ سوجھی وہ کہہ بیٹھے جو آیا جی مین کر بیٹھے

یہ کیون ہے اونکے دربانونکو ضد ہم خستہ حالون سے ۔ اوٹھا دیتے ہین ظالم عاشق محزون جدہر بیٹھے
اونہین کیا مذہب و ملت سے جنکی عمر یون گذری ۔ لڑے اس سے ملے اوس سے ادہر بیٹھے ادہر بیٹھے
سخندان ہوگئے بشاش ساری ہرزہ گو ساکت ۔ جہان دو چار نقاد سخن اہل نظر بیٹھے
کرین کیا عرض مطلب ملکے جب یہ رنگ صحبت ہے ۔ خبر اون کو نہین اسکی بہی کب آئی کدہر بیٹھے
مراتب عالم حادث مین پایا تلخ و شیرین کا ۔ لیے تیغ حوادث بنکے جب سینہ سپر بیٹھے
نہ آنا تہا اگر تم کو تو وعدہ کیون کیا صاحب ۔ عبث بہی تارے گنتے شام ہی سے ہم تا سحر بیٹھے
کٹی عزت سے مالک نے دیا دینا تہا جو اوسکو ۔ جما ہے پاے ہمت جب پکڑ کر ایک در بیٹھے
کوئی ایسا نہین وان جو کہے کچھہ دو جواب انکو ۔ گلی بہر جاے گی یوہین رہی گر نامہ بر بیٹھے

خدا رکہے سلامت شاہ آصف جاہ سادس کو
حبیب خستہ خاطر کو طلب کرلین گے گہر بیٹھے

اب مسلمانون مین دولت ہی نہ عزت باقی ۔ کیا ہے اے ہند کوئی اور بہی ذلت باقی
گہل چکی شمع صفت صدمۂ محرومی سے ۔ مگر اے بخت سیہ ہے وہی ظلمت باقی
صحبتین جتنی تہین برہم ہوئین سب آخر کار ۔ ہم ہین اور قبر کا اک گوشۂ عزلت باقی
دینگے اعمال بد و نیک کا اوس وقت نشان ۔ غیر صانع نرہے جب کوئی صنعت باقی
نیک لوگونکے مخالف ہین ازل سے بدخو ۔ دیکہئے رہتی ہے کبتک یہ رقابت باقی
مٹ گئے لاکہہ نشان نامورونکے لیکن ۔ جا بجا اب بہی ہے سرمایۂ عبرت باقی
نسل کا عیب مٹانے سے کہین مٹتا ہے ۔ بدلین اوضاع پہ رہتی ہی رذالت باقی
کار بد کرنے مین کچھہ دیر مزا ملتا ہے ۔ عمر بہر رہتی ہے اعمال کی شامت باقی
سوء تدبیر ہے ادبار کے لشکر کا نشان ۔ راے مین خود نہین رہتی ہے اصابت باقی

سعی بیت کا رونگی کیونکر ہو بہلا پردہ دری
ہے چہپا نیکو تیرا دام من رحمت باقی

چہنتے ہین ہم چمنستان حقیقت سے وہ پہول
تازگی جن کی مخلد ہے لطافت باقی

شحنہ لے لیتا ہے جو چیز ہو رہزن کے پاس
نہین ممکن کہ رہے مال غنیمت باقی

بہول سکتا نہین دل الفت یاران وطن
ہے ابہی گوشۂ خاطر مین وہ صحبت باقی

اوٹہہ گیا بزم سے وہ آئینہ رو پر اب تک
در و دیوار پہ ہے عالم حیرت باقی

وصف کا کل نہوا ختم گیا عہد شباب
رات آخر ہوئی لیکن ہے حکایت باقی

کیون ڈرین موت سے ہم جب ہے بقا بعد فنا
کہ تیری ذات سے ہے ایخالق عزت باقی

رہ گئے ہستی کے مرقع مین ہے بیجا نازش
آئینہ مین بہی کہین رہتی ہے صورت باقی

شاد کیون ہو نہ مری صلح پسندی پہ رقیب
دل نہین جب تو رہے خاک کدورت باقی

ربط باطن سے ہین پیغام کی راہین مسدود
کہنے سننے کی کسی سے نہین حاجت باقی

صبح پیری ہے گیا دور سیہ مستی کا
نور کے آگے کہین رہتی ہے ظلمت باقی

کون دیتا ہے گل و شمع کی تکلیف اونہین
رہنے دین اپنی گلی مین یوہین تربت باقی

ٹہیرو کچہہ دیر کو یہ دم کا ہے مہمان عاشق
نہ رہے سنکے خبر آنے کی زحمت باقی

خود کہے دیتی ہے صورت تیری سودائی کی
اب بہی اظہار محبت کی ہے حاجت باقی

حوصلے پست کئے شومئے قسمت نے حبیب
ہے خیالات مین لیکن وہی رفعت باقی

اونکے وعدے مین کوئی دم کی ہو مدت باقی
اے اجل دید کی رہجائے نہ حسرت باقی

اوسکی امید پہ ہے یاس مین ہمت باقی
ہے ہمیشہ جسے ہر بات کی قدرت باقی

لا ادہر خط کے لفافہ ہی پہ لکھدون قاصد
رہگئی ہے ابہی تہوڑی سی عبارت باقی

قبر مین چھوڑ کے تنہا گئے احباب و عزیز
اب نکیرین سے کچھ دیر ہے خلوت باقی

کیون نظر پھیر لی آنکھین تو ملاؤ صاحب
کیا جہان مین نہین اب رسم مروت باقی

موسم گل مین رہا زور سیہ مستی کا
کوئی ارمان نہین ساقی کی بدولت باقی

حق پہ مرنیکو یہ سمجھے ہین حیات ابدی
تیرے جان بازون مین ہی شوق شہادت باقی

پارسائی کی یہ کی رندون نے مٹی برباد
کہ رہی بنت عنب کی بہی نہ حرمت باقی

کبہی طینت کا تخالف نہین زائل ہوتا
مار و طاوس مین ابتک ہے خصومت باقی

یہ بہی سوچے نہ کہ عاشق کو ذرا دیکھہ آئین
عمر بھر کے لئے رہتی ہے شکایت باقی

دیکھہ گل گشت وطن کی ہے تمنا ای چرخ
دور آخر مین نہ رہجائے یہ حسرت باقی

عاشق زار یہان ہوگیا پیوند زمین
ران ابہی ہے فہر مرگ کی صحت باقی

تمنے آتے ہی شفا دی مجھے کتنی رہے سب
اسمین بچنے کی نہین کوئی علامت باقی

نہ طبیعت پہ ہوا زنگ حوادث کا اثر
رہگئے جوہر شمشیر اصالت باقی

نیند آنے کے لئے چاہئے تہوڑیسی ضرور
مے کی بے قید کم و کیف ہی عادت باقی

متحمل تیرے عاشق سا ہوا کب کوئی +
صبر ایوب کی رکھی نہ حقیقت باقی

عالم یاس سے نمدیدہ گلون پر دم صبح
نہ رہی شام کو جو تھی وہ بشاشت باقی

اپنے کوچہ مین او نہین شاق ہی عاشق کا نشان
دیکھئے رہتی ہے کس شخص کی تربت باقی

دیکھتے ہی تجھے جان آگئی ای رشک مسیح
ناتوانی ہے کہین اب نہ علالت باقی

کہاتے ہین غصہ و غم صابر و شاکر عشاق
اب اگر ہے تو یہ ہے وجہ معیشت باقی

جی مین آتا ہے پڑہون ایک غزل اور حبیب
اس زمین مین ہے ابہی کہنے کو وسعت باقی

سر مین سودا ہے نہ اب ولین ہی وحشت باقی
جان کی طرح مگر ہے غمِ الفت باقی

رکہہ نہ اندہیر کوئی اے شب فرقت باقی
آج لا ساتہہ اوسے کل تہی جو آفت باقی

خط لکہا مجہکو پتا غیر کا قاصد کو دیا
ایسا بہولے نہ رہی نام کی صحت باقی

ساتہہ کیا لیگئی رکہتے تہے دلونمین جو غبار
قبر پر ہین فقط آثار کدورت باقی +

مشغلہ اون کا ہے عشاق کو لڑوا دینا
ہے جوانی مین بہی بچپن کی شرارت باقی

قبر مین چین سے سوتے جو نہ ہوتا یہ خیال
قید تنہائی کی تا حشر ہے مدت باقی

گرمیٔ عشق گئی جوشش جوانی کے ساتہہ
دل مین کچہہ درد طبیعت مین ہی وحشت باقی

سب کو کرتا ہے خمارِ مئے عشرت بیچین
ہے قیامت رہی جب تک یہ مصیبت باقی

خلق مین صاحب غیرت نہ مرین نام پہ کیون
خاک مین ملکے بہی رہجاتی ہی غیرت باقی

جان تن مین نہین لب پر ہے دم باز پسین
مگر آنکہونمین ہی کچہہ کچہہ تیری صورت باقی

دل ویران مین محبت کے خزانے ہین نہان
اِس لئے شہر مین بہی ہی ابہی دولت باقی

دے چکے کفر کا میخوارونکے فتوے واعظ
اور فرمائیے جو بات ہو حضرت باقی

جسم سے تاب وتوان سے گئی ہوش وخرد
دل سے ہے الفت دلدار کی رخصت باقی

سُن لیا آپنے افسانۂ فرقت غم ہجر
کیا کہون اب نہین کچہہ کہنے کی حاجت باقی

قبر عاشق پہ حسینونکی نظر پڑتی ہے
نہ رکہین گے یہ ہرن سبزۂ تربت باقی

ہوشیاری کی صفت ہو گئی اغیار پہ ختم
جسمین ہم ہین اسی صحبت مین ہی غفلت باقی

شورش عشق ہی پیری مین نہ الفت کا مذاق
ہان زبان پر ہے کچہہ اِس درد کی لذت باقی

ہاتہہ ملتے ہین یہ کہہ کہکے وہ تربت پہ میرے
رہگیا نام وفا تیری بدولت باقی

ٹہرا ہے روز قیامت ابہی جلدی کیا ہے
قطع ہونیکو ہے طول شب فرقت باقی

ہے نہ قارون کا پتہ اور نہ حاتم کا نشان
رہ گیا تذکرہ بخل و سخاوت باقی

توبہ کرنیکو چلے تہے کہ بہار آئی حبیب
اور کچہہ دن نسہی ہی ابہی فرصت باقی

وہ بوکر تخم داغ عشق کیا حاصل کو ڈہونڈہینگے
میرا دل ہوگا پہلو مین جو اپنی دل کو ڈہونڈہینگے

نہین مجنون سے کم اوس غیرت لیلی کے دیوانے
غبار راہ وحشت بنکے یہ محمل کو ڈہونڈہینگے

فزون کچہہ شوق خونریزی سے ہین ارمان شہادت کے
نہ ڈہونڈہیگا ہمین قاتل تو ہم قاتل کو ڈہونڈہینگے

نہ دم لینگے کبہی بہونچین نہ جبتک اونکی کوچہ مین
طریق عشق کے سالک یونہین منزل کو ڈہونڈہینگے

نہنگ آسا نہین رکتی شناور بحر الفت کے
جنہین ہی شوق غواصی وہ کیا ساحل کو ڈہونڈہینگے

مزہ لے لیکے تڑپینگے نگاہ ناز کے گہائل
بدن مین ان کے جبتک جان ہی قاتل کو ڈہونڈہینگے

شب فرقت مین مغز استخوان شمعین جلائیگا
اسیر کنج تنہائی تیری محفل کو ڈہونڈہینگے

کسے معلوم تہا ہا تہو نسی اک غارتگر جان کے
کبہی دل ہمکو ڈہونڈہیگا کبہی ہم دلکو ڈہونڈہینگے

اوٹہینگے ہر طرف لاکہون نگاہ ناز کے کشتے
جو وہ گنج شہیدان مین کسی بسمل کو ڈہونڈہینگے

تمنائین بر آئین دن کہین آئے تو محشر کا
اوسی ظالم کو ہم ڈہونڈہینگے سب اپنا دل کو ڈہونڈہینگے

یہ دیکہینگی شراب عشق کا ہی کون متوالا +
مزا ہوگا جو ہوشیار ہونہین وہ غافل کو ڈہونڈہینگے

رہی دشمن ہنر کی گر یونہین ناقدری عالم
نہ پائینگے کہین ناقص اگر کامل کو ڈہونڈہینگے

تعلق کب ہے دنیا سی غرض کیا ہے مسیحا سے
تمنائی شہادت ہے جنہین قاتل کو ڈہونڈہینگے

حبیب مبتلا پاکر تجہے مایوس وہ اک دن
بہری تہی جسمین ارمان سیکڑون اوس دلکو ڈہونڈہینگے

تیغ قاتل اور ہے ابرو ے قاتل اور ہے
رقص بسمل اور ہے بیتابی دل اور ہے

ایک ہی صورت کے ہین دونون حجاب ظاہری
اوس سے ملجائین جگر اس سے نہ برگ گل ملے
جان فزا ہے اسکی تلخی اوسکی شیرینی ہے سم
مین شہادت خواہ منظور نظر وان قتل غیر
جان لے دنیا کو انسان کشت زار آخرت
برگ گل سینہ کو وہ سنگ گران جانی ہے یہ
وان غم پروانہ یان پروانہ ہونے کا قلق
کیا ملے اونکی لطافت سے ظرافت غیر کی
سب ہے آسان ہے اسیر زلف کا چھٹنا محال
یک بیک باور نہ کرلو جانچ لو اوس قول کو
وہ بساط حرص ہے یہ ساز و برگ انبساط
پاک دخل غیر سے ہے جلوہ گاہ حسن و عشق
کب تجلی اوس کے رخ کی پای مہر و ماہ نے
کرکے دعواے خدائی بت نہین کیونکر خدا
پردۂ اسرار خالق ہے حجاب جسم و روح

قیس کا دل اور ہے لیلی کا محمل اور ہے
نالۂ دل اور ہے شور عنادل اور ہے
پند عاقل اور ہے گفتار جاہل اور ہے
حسرت دل اور ہے نشتر قاتل اور ہے
فکر حاصل اور ہے تحصیل حاصل اور ہے
صبر کی سل اور ہے دانوے قاتل اور ہے
شمع محفل اور ہے حسرت بھرا دل اور ہے
نقل محفل اور ہے زہر ہلاہل اور ہے
بند مشکل اور ہے قید سلاسل اور ہے
جسکا قائل اور ہے پر سننے ناقل اور ہے
خوان باذل اور ہے کشکول سائل اور ہے
خلوت دل اور ہے آئین محفل اور ہے
جنس قابل اور ہے مد مقابل اور ہے
نقش باطل اور ہے نقاش کامل اور ہے
حد فاصل اور ہے یہ سد حائل اور ہے

ورثہ یاب حضرت ناسخ بھی ناسخ ہین حبیب
ہان مماثل اور ہے نسخہ اماثل اور ہے

سختیان سہلین ہین سب تا ہے اجل اور ہے
اتنی بات اوس سے فقط کہنے کے قابل اور ہے

اب وہ گر آسان کردین ایک مشکل اور ہے
اسکو بھی لے لیجئے لٹھ اک دل اور ہے

ہے کہین دلدار ہی کوئی نہ اب دل اور ہے
سب کو ہین آسانیان ہم کو یہ مشکل اور ہے

ہو سکے تجھسے تو پہونچادے خطِ آخر مرا
نامہ بر یہ زحمت قطع منازل اور ہے

اے فلک اکدن تو بر آتین تمنائین مری
پوچھتا وہ شوخ کوئی حسرت دل اور ہے

قیس ہر وادی مین ہون پوچھی تو وہ لیلیٰ جمال
کوئی سایہ کے سوا ہمراہ محمل اور ہے

سن ہمیشہ مجھسے وصف رشک گل ای باغبان
چار دن گلزار مین شور عنادل اور ہے

آتی ہے ہر پہر کے کیون مرے سینہ خانہ مین برق
شک ہے کیا خرمن جلاکے بہی کہ حاصل اور ہے

تمکو ہین جنپر گمان یہ سب حسین ہین بیقصور
چپ رہو ای چارہ ساز و میرا قاتل اور ہے

صبح کا پچھلا پہر کہتا ہے پروانو چلو
کوئی دم گرمی حسن شمع محفل اور ہے

جذب دل سے ہے کوچۂ الفت مین میر کاروان
ہو کہان اے حضرت سالک یہ منزل اور ہے

یہ نہ سمجھا کون ہون کاٹی خطا کاری مین عمر
ای دلِ نادان کوئی تجھسا بہی غافل اور ہے

لو خودی پر بیخودی پیتے ہی مے غالب ہوئی
کوئی ایسا نسخہ تصفیۂ دل اور ہے

عیب بہی بہجاتے تہے آپس کی صحبت مین صواب
اب سنبہل کر بیٹھیے مد مقابل اور ہے

رند تہے پیر مغان کے خوف سے سب دم بخود
اوٹھ گیا وہ دیکھیے اب رنگ محفل اور ہے

تو ہمیشہ شاد رکھہ یارب جناب شاد کو
ق
یون تو سب ہین پر یہ جوہر ہین وہ باذل اور ہے

بو چکے تخم ارادت مزرعہ دل مین حبیب
اوسکی رحمت سے ہمین اب فکر حاصل اور ہے

اگر ہم پہلوئے نفع وضرر بہی دیکھتے جاتے
ہمیشہ حسن کوشش کا ثمر بہی دیکھتے جاتے

نہ کچھہ ہوتا جو عیسے ہر سحر بہی دیکھتے جاتے
مین جی جاتا اگر وہ اک نظر بہی دیکھتے جاتے

مصیبت مین جو رہتی یاد تیری تیرہ بختون کو
تو جیتے جی شب غم کی سحر بہی دیکھتے جاتے

ملا کیا مرے مرغ نامہ بر کو صید کرنے سے
تماشائی وفاے مشت پر بھی دیکھتے جاتے

چھپا رہتا نہ کتنے نیم جان ہین جان بلب کتنے
ٹہل کر تم جو سوے رہگذر بھی دیکھتے جاتے

نہ دل کڑہتے کبھی جوہر شناسون کی عطاؤن سے
دم بخشش جو یہ عیب و ہنر بھی دیکھتے جاتے

صواب و عیب کہدیتے وہ رشک ماہ گر ہوتا
اوسے بھی دیکھتے روی قمر بھی دیکھتے جاتے

دم آخر نہ ملتے ہاتھہ گر ہم عمر رفتہ مین
کبھی سرمایہ زاد سفر بھی دیکھتے جاتے

ہلا دیتے کلیجہ ہم دل صد چاک دکہلا کے
اگر وہ تیزیٔ تیغ نظر بھی دیکھتے جاتے

مین مر جاتا مسیحائی کا دعوے وہ اگر کرتے
دکہاتے سبزہ بھی سیر اگہر بھی دیکھتے جاتے

رہا مین نیم جان جان بخشیان غیر کی کین تمنے
بگڑتا کیا اگر ہڑ کر ادہر بھی دیکھتے جاتے

گلے بے تیغ و خنجر کتنے ہی کٹتے جو وہ تنکے
سر وہی تو لیتے جاتے کمر بھی دیکھتے جاتے

سنبھل جاتی مٹی جو لڑکے آپسمین یہ غافل گر
مآل اتفاق یکدگر بھی دیکھتے جاتے

جنازہ کوئی قاتل سے اگر احباب لے چلتے
تو ہم کشتہ ہین جسکے اسکا گہر بھی دیکھتے جاتے

دکہاتا نقش گر تو نہ اپنی شان ستاری
جہان مین کیفر شر اہل شہر بھی دیکھتے جاتے

انہین کرنا تہا پہلو چاک میرا قتل سے پہلے
ہجوم یاس تقلب نوحہ گر بھی دیکھتے جاتے

اجل برحق ہے لیکن الحذر اتنی تمنا ہے
دعائین کین تہین جوان کا اثر بھی دیکھتے جاتے

بُرا کیا تہا کسی عاشق پہ گر وہ ملتفت ہوتے
ذرا بیداد کا اپنی اثر بھی دیکھتے جاتے

کہان یہ ہوش تہا سوداے الفت کرنیوالونکو
کہ ہر دم پہلوے نفع و ضرر بھی دیکھتے جاتے

کسی پر گر ہماری طرح معشوقون کا دل آتا
مزہ بیداد کا بیدادگر بھی دیکھتے جاتے

بتا دیون عدو آنکہین بچہاتے راہ الفت مین
جفائی ناوک انداز نظر بھی دیکھتے جاتے

خدا ندا مآل ایسا حبیب رند کا ہوتا

به حسرت بے خبر کو باخبر بھی دیکھتے جاتے

جاتا نہین جو دل سے وہ تیرا خیال ہے — جیتا ہون جسپہ مین وہ امید وصال ہے
الفت کی آب و تاب صفائی خیال سے — ہر پیچ دل کا حلقۂ دام ملال ہے
اب زلف پرشکن کا سلجھنا محال ہے — سر پر ترے شکستہ دلونکا وبال ہے
الفت کا پاس ہے نہ وفا کا خیال ہے — بیوجہہ دل دکھانے مین تمکو کمال ہے
انسان کو ادا کا سمجھنا محال ہے — اونکی ہر ایک بات مین پہلو ہی چال ہے
تفریق حسن و عشق مین اے دل محال ہے — کہتے ہین خود جمیل محبّ جمال ہے
روز فراق ہے کبھی شام وصال ہے — دنیا بھی سیر گاہ عروج و زوال ہے
پربستہ اون کو دیکھکے مرغ خیال ہے — تارنگاہ رشتۂ دام ملال ہے
ذرہ ہے جسکا مہر وہ تیرا جلال ہے — دیکھیگا کیا کوئی کسے تاب جمال ہے
دود چراغ عمر بنا ہے ہر اک نفس — فرقت مین سوز دل کا ہماری یہ حال ہے
سمجھے یہ دوڑ دوڑ کے لب تشنۂ ہوس — بحر جہان بھی ایک سراب خیال ہے
یون زینت مرقع ہستی ہے شکل یار — ممدوح فن نظم مین جیسے مثال ہے
جویائے نقص رہتی ہے حساد کی نظر — خیرہ رخ کمال سے عین الکمال ہے
ساقی کی چشم مست کے لاکھون خراب ہین — یہ مفت کی شراب سبھی کو حلال ہے
عاشق کو اب تو ایک نظر دیکھ لیجئے — آنکھین کھلین ہین بند زبان سوال ہے
بیگانہ وار پوچھتے ہو مدعا ے دل — مین کیا کہون زبان سے صورت سوال ہے
احباب ہین عروج کی کوشش مین رات دن — اور آفتاب عمر سریع الزوال ہے
وان اک یہی جواب ہے اظہار شوق پر — سوداے خام ہے یہ خیال محال ہے

ہے عاشقوں کو زہر اجل شربت عسل
پیغام موت ہے کہ نوید وصال ہے

کیا ہو کسی سے دل کی تمنا کا انحصار
شیشہ مین اس پری کا اُترنا محال ہے

دل دادگان نرگس مخمور یار کا
خضر طریق وحشت چشم غزال ہے

مکن بہ چند روز قناعت کرو حبیب
بے ترک حرص رزق مین وسعت محال ہے

لب کو مدحت گوش کو تیری کہانی چاہیے
ہجر مین کوئی تو شغل زندگانی چاہیے

وصف چشم یار کو جادو بیانی چاہیے
بہر تسطیر سراپا کلک مانی چاہیے

مثل موسی مین نہین نادیدہ عاشق آپکا
ہر گھڑی ناحق نہ اتنی لن ترانی چاہیے

جان دی ہے جسنے یاد ابروی خمدار مین
غسل میت کو اوسے خنجر کا پانی چاہیے

رنج کی کیا بات ہے صدقے ہوا عاشق اگر
وہ بہت خوش تھا تمہین بھی شادمانی چاہیے

بے تعلق تم تھے یان دلدادہ ہم ہین ای مسیح
مرنے والونکو نہ ایسی زندگانی چاہیے

کر نشانہ اس کو پر تیر نظر دل سے نہ کھینچ
جو خلش کا لطف دے ایسی نشانی چاہیے

حور وش کہنے پہ سمجھے مجکو عاشق غیر کا
اب تو صاحب کچھ علاج بدگمانی چاہیے

بار الفت عالم پیری مین اوٹھا سکے کہین
بو الہوس اسکے لیے روز جوانی چاہیے

آہ عالم سوز سے بیٹھی ہو کیون اتنے نڈر
یہ مرے دل کی لگی تم کو بجھانی چاہیے

جسنے عالم کو بنایا منظر مردم فریب
دل کو ایسے میہمان کی میہمانی چاہیے

آج اوڑھا ہے ڈوپٹہ آسمانی یار نے
اے فلک مجکو بلائے آسمانی چاہیے

ذات واجب کی خبر دی کیون نہ ممکن کا وجود
جو بنا ہے اوس کا آخر کوئی بانی چاہیے

لیکے تاب و توان باقی ہے اک جان حزین
سچ بتا اب کیا تجھے اے ناتوانی چاہیے

قدردان اپنا جناب شاد کو پایا حبیب
اب تو بس ہم کو انھین کی مہربانی چاہیے

فریاد بھی مین کر نہ سکا بے خبری سے — دل کھینچ لیا اوسنے کمند نظری سے
اوس بت کو کیا رام نہ سوز جگری سے — نالے مرے بدنام ہوئے بے اثری سے
کب دل پہ اثر کرتا ہے ظالم کا تملق — جلتے ہین کہین زخم جگر بخیہ گری سے
ہے سایہ فگن تازہ نہال چمن حسن — نسبت مرے دل کو ہے عقیق شجری سے
اوڑ جاتے تیرے ہوش مرے نغمونسے بلبل — گر شکر کہ مجبور ہون بے بال و پری سے
ہر لطف سے خالی ہی فروغ دم پیری — روشن ہوا یہ نور چراغ سحری سے
دامن کی کلی باد صبا کھول سکے کب — ساتر نہین ڈرتے ہین کبھی پردہ دری سے
الفت کا شجر سرو قدونکی ہے ہری شاخ — عشاق کو باور ہوا یہ بے ثمری سے
کہتے ہین وہ سنکر خبر رحلت عشاق — جلدی گیا کہنا تھا ہمین کچھہ سفری سے
ہون لاکھہ خطر کوچہ دلبر نہ چھٹے گا — اوٹھہ سکتی ہے ذلت بھی کہین دربدری سے
نفرت نہین لازم تجھے ظالم عوض رحم — بیٹھا ہون مین دل کھوکے تیری حیلہ گری سے
عامل کرین اکبار اگر بند تو میکش — خالی کرین سو مرتبہ شیشہ کو پری سے
کردیتے ہین یون ہرزہ درا کو کھلا بند — لب زخم کے جسطرح ملین بخیہ گری سے
اغیار ہوے کب مری ناکامی کا باعث — محرومیان پیدا ہوئین آشفتہ سری سے
کر غیر کو اپنا کہ مرادون کا نشان دے — بیکار وہ پیکان ہے جدا ہو جو سری سے

اعمال حبیب جگر افگار کی کشتی
ساحل پہ پہونچ جائیگی اشکونکی تری سے

ملنے سے عار بھی ہی شوق کا اظہار بھی ہے
اونکے انکار مین اک پہلو می اقرار بھی ہے

کبھی نیرنگ سے خالی نہین قدرت کا چمن
جس جگہہ دیکھئے وان پھول بھی ہی خار بھی ہے

ہمپہ گذری جو گذرنی تھی رہی چپ احباب
نکہا یہ ہمین کچھہ ان سے سروکار بھی ہے

تئے ہو گر تو نہ حال شب فرقت پوچھو
ہے وہ افسانہ بھی اک رنج کا طومار بھی ہے

دیکھنا ہو جسے دیکھے میری رونے کی بہار
چشم خونبار بھی ہے ابر گہربار بھی ہے

ٹھنڈہی آہونکا محل داغ محبت کا مقام
آگ دلمین میرے روشن بھی ہوادار بھی ہے

عقدے الفت کے ہین سو رشتہ جان کی ہمراہ
میری گردن مین یہ تسبیح بھی زنار بھی ہے

پھرے ہے بازار محبت کا یہ دل سودائی
خود بھی بکنے کو ہی تیار خریدار بھی ہے

سب طلب دیتا ہے مالک جسے جو ہو درکار
تیری سرکار سے بڑہ کر کوئی سرکار بھی ہے

جو سزا دے وہ سزاوار ہے اے داور حشر
یہ گنہگار محبت کا گرفتار بھی ہے

دوستی ہو کہ بناوٹ نہین چھپتی اوس سے
یار یارونکا ہے عیارون مین عیار بھی ہے

دم الفت نہ بھرین کس لئے خوبان جہان
فرد ہے حسن مین وہ شوخ طرحدار بھی ہے

ہو نہ کسطرح اوسے راہ عدم کا کھٹکا
ناتوان جو ہے گناہون سے گرانبار بھی ہے

تیرے دربار مین اک شان سے سب آتی ہین
ہے گدا جسمین اوسی جامہ مین زردار بھی ہے

دیکھین بیخود سے وہ راضی ہو کہ خود دارونسے
زاہد خشک بھی ہے عاشق سرشار بھی ہے

تم سے جو جسنے کہا تہا وہ خدارا کہدو
ہین مخالف بھی حبیب جگرافگار بھی ہے

بو ہین دل منظور ہے صاحب اگر لے لیجئے
ہم بھی سمجھین گے اسے حق نظر لے لیجئے

شاد ہوگی روح کچھہ لوگونکی جی اوٹھین گے کچھہ
چلتے چلتے اپنے کشتونکی خبر لے لیجئے

بک رہی ہین پارہ ہای لخت دل مٹی کے مول
آئیے سودائے بازار ہنر لے لیجیے

کہنے والا ہائے اتنا بہی وہان کوئی نہین
خط لئے بیٹہا ہے کب سے نامہ بر لے لیجیے

ماہ چمکے مہر بنکر اپنے اک عارض کا نور
شام کو دیدیجئے وقت سحر لے لیجیے

دن بہت غفلت مین کاٹے آئیے اب ہوش مین
کوچ ہے درپیش کچہ زاد سفر لے لیجیے

جنبش ابرو ہی کافی قتل عاشق کے لئے
پہر زینت یونہی سہی تیغ و سپر لے لیجیے

اچہی قسمت لائی پہلے خدا کے گہر سے پہر
مال و دولت کی ہوس ہو جسقدر لے لیجیے

کیون یہ سب طول امل مہمان سرائے دہر مین
چار دن راحت کا سامان مختصر لے لیجیے

دیکہئے پہر شوق سے گلزار عالم کی بہار
پہلے غنچونکی طرح مٹہی مین زر لے لیجیے

دلمین آداب دعا ملحوظ رکہئے دو گہڑی
تازہ پہر نخل اجابت کا ثمر لے لیجیے

مال و زر صدقے کیا دل دیدیا پہر کچہ نہین
واہ صاحب اب کسیکا مفت گہر لے لیجیے

نذر کرتا ہے دل درد آشنا اپنا حبیب
آپ کو پاس محبت ہے اگر لے لیجیے

پلا ساقی مے گلرنگ کالی گہٹا آئی
چہپانیکو گنہ مستونکے کعبے کی ردا آئی

سنا ہی سحر جسے تیرے عاشق کی قضا آئی
اجل آغوش کہولے صورت لطف خدا آئی

چلی ہے ساتہ حسن صورت و تاب توان لیکر
ٹہر کچہ ہی جوانی تو جو آئی بہی تو کیا آئی

جہان مین بے عرق ریزی کے دولت مل نہین سکتی
ہوس مین ٹلگئے لاکہون کسیکو کیمیا آئی

فلک تجہکو نہ آئی چارہ سازی ہم غریبونکی
جو آیا بہی تو کیا آیا ستم آیا جفا آئی

ملے ہمدرد اور وونکی مصیبت کا قلق سمجہکر
گیا زنگ کدورت دلسے تب کاہل صفا آئی

شناسا دل تہا ہر تیر نگاہ یار کا گویا
دہان زخم سے پیہم صدائے مرحبا آئی

کبھی بدلا نہ میرا خواب غفلت خواب راحت سے
نظر کب عالم رویا مین شکل مدعا آئی

کہون کیا کیون پہرا مین وادیٔ وحشت مین سرگردان
نظر کے سامنے اوس بت کی صورت بارہا آئی

تمہارے عارض پرنور پر شیدا ہوئی ایسی
صباحت ہو کے روے ماہ کامل سے جدا آئی

وئے دنیا مین آکر کیسے کیسے امتحان دل نے
بتون کا عشق بنکر بارھا یاد خدا آئی

توکل نے لباس فقر مین ایسا غنی رکھا
نظر ہر چشم منعم شکل کشکول گدا آئی

یہان کی آہ مین نے وہ اُدہر دل تہام کر بولے
کہ ہر سے آج آواز حبیب مبتلا آئی

ہونے والی بات ان پر یون طبیعت آگئی
دل مین آنکھونکی طرف سے پیاری صورت آگئی

رُخ سے ملکر کاکل مشکین کی نکہت آگئی
ساتہہ جام آب حیوان لیکے ظلمت آگئی

یا دوقت نزع کس گلرو کی صورت آگئی
موت آئی یا بغل مین حور جنت آگئی

یا علی کہکر پیا جس وقت جام آب سرد
بادۂ تسنیم کی ہونٹونپہ لذت آگئی

دیکے دل اون کو جو فرقت مین بہائے ہمنے اشک
دامن تر خود بکار اوٹہا کہ قیمت آگئی

ہوگا پایان شب غم مطلع صبح اُمید
کٹ بہی جائیگی یوہین جیسے مصیبت آگئی

آب خجلت روے زیبا پر بنا دل کا غبار
ہوگئین جب اونسے چار آنکھین مروت آگئی

خاک کوے یار نے ہمکو بنایا خاکسار
رہتے رہتے ایک با اثیر صحبت آگئی

جانکنی مین رکہدیا سینہ پہ کسنے اپنا ہاتہہ
دل مین قوت آگئی رخ پر بشاشت آگئی

لطف از خود رفتگی پر مٹے شاہد پرست
ہاتہہ سے جاتا رہا دل جب طبیعت آگئی

دل کے ہر گوشہ مین الفت کے خزانہ ہین نہان
اس خرابی مین تو دنیا بہر کی دولت آگئی

ناز پر مین مٹ گیا اون کو پسند آیا نیاز
اونکی خو مجہمین تو اونمین میری سیرت آگئی

دیکھکر فرو گنہ کانپا جو میرا بند بند — پھر تسکین دل مین اُمید شفاعت آگئی
جیب مرقد سے نکالے پھر میری وحشت نے ہاتھ — اب تو نوبت تا بہ دامان قیامت آگئی
چین سے جی بھر کے ہم سونے نپائے قبر مین — لیٹتے ہی غل ہا اوٹھا صبح قیامت آگئی
مجکو مٹی مین ملا کر حسرتین رخصت ہوئین — بال کھولے قبر پہ صبح قیامت آگئی
حشر برپا کر دیا کس کے خرام ناز نے — خفتگان خاک چلائے قیامت آگئی
یون کھلے ہم پر رموز عالم کون و فساد — لطفِ حق سے جسطرح لقمان کو حکمت آگئی
قبر عاشق پر پڑا جب اون کا دامان نظر — دلمین چھنکر سات پردون سے کدورت آگئی
دونون کہتے ہین اوسے میرے سیوا دیکھے نہ غیر — مردم دیدہ مین بھی اب تو رقابت آگئی

قبر سے اوٹھیگا یہ کہتا ہوا اک دن حبیب
کام اپنے الفت شاہ ولایت آگئی

سمجھکر اپنا گھر مہمان سرا مین کی بسر تونے — کیا ابتک نہ غافل ٹھیک سامان سفر تونے
شب وصل صنم کی باتون باتون مین بسر تونے — کہا افسانہ فرقت ہے اے دل تا سحر تونے
ہوئین جب بند آنکھین میری تب دیکھا ادہر تونے — خبر لی فتنہ گر آخر بنا کر بیخبر تونے
نقاب گل اوٹھی نرگس پہ بلبل کی یہ قدغن ہے — نکلواؤن گا مین آنکھین اگر دیکھا ادہر تونے
کیا کیا مردم دیدہ پہ احسان سوزن مژگان — سیا کس دن بشفقت چاک دامان نظر تونے
ملا بے فیض سے قطرہ بھی کوئی اے صدف تبلا — یہ چلو مدتون رکھے تو آب گہر تونے
جلایا آب اشک گرم کو اے آہ ناکامی — لگا کر برف مین ساغر کیا ٹھنڈا جگر تونے
جواب نامہ اونسے لوٹ کر قدمون پہ لکھوایا — کیا ہے کار انسان آج مرغ نامہ بر تونے
لکھا تھا جو مقدر مین بھر صورت وہ پیش آتا — ہمیشہ اے ہوس ناحق پھرایا دربدر تونے

محبت کی کشاکش مین بہا خون ہوکے آنکھونسے
ریاض دہر مین خندان نہوگا دیکھہ اے منعم
یقین ہوتا ہے پھر بہولی رہ باب اجابت کو
گری برق نظر پہر خرمن صبر و تحمل پر
نہین آتا خیال غیر وہ سکہ بٹھایا ہے
چھری سے کم نہین یہ بدگمانی جان بلبل کو
تیری مستانہ چالین دل جلونکو سیف بران ہین

گیا جب منفعل دل کو ادہر سینے ادوہر تو نے
مثال غنچہ مٹھی مین جو رکھا اپنا زر تو نے
کہان جا کر ڈبوئی دی اسے دعاے بے اثر تو نے
کرامت اپنی دکھلائی نہ اس دم چشم تر تو نے
بڑی کوشش سے پائی کشور دل پر ظفر تو نے
قفس مین رکھہ کے ای صیاد کیون باندہی ہین پر تو نے
وہ خود بجھتی بجھائی شمع کیون باد سحر تو نے

حبیب رند سرمستی مین بہی تہا اپنے مسلک پر
پھرایا اسکو ہوکر ساتھہ ناحق راہبر تو نے

ملتے ہین زمانے مین کہان پوچھنے والے
دے حکم دریچہ سے ادہر دیکھنے والے
کسطرح تیرے تیر تغافل سے بچے جان
اتنا تجھے کہنا تہا وہ جب آئے تہے ای غش
ہوش و خرد و صبر گئے اے غم فرقت
تکلیف لحد کشتۂ الفت پہ ستم ہے
دل بیٹھہ گیا عشق کے کوچہ مین مچل کر
دیکھے تیرا کشتہ نہ کبہی آنکھہ اوٹھا کر
ملتا ہے جسے خوگر بیداد بنا کے
آزاد تیرے دست نگر بیٹھے ہین ساقی

ارمان تو ہزارون ہین اگر کوئی نکالے
رستے پہ جو بیٹھا ہے کوئی اسکو بلالے
آئی ہے قضا سر پہ تو ٹلتی نہین ٹالے
اک لحظہ تو ٹھہرو یہ ذرا ہوش مین آلے
باقی ہے فقط جان جو لینا ہے تو آلے
رستے ہی مین کردو اسے مٹی کے حوالے
جو جامہ سے باہر ہوا اوسے کون سنبھالے
گر خضر کہین لائے ہین ہم آب بقا لے
کسطرح نہ کچھہ دن وہ ابہی وعدے کو ٹالے
دینا ہے جو کچھہ دیکھے فقیرون کی دعا لے

منت سے عدم کی سفری رُک نہین سکتی ۔ دیکھین کوئی اِن روٹھے ہوؤن کو تو منالے
اُف اُف کی صدا مُنہ سے نکلتی ہی دم ضبط ۔ مجبور ہون احباب جو سمجھین اسے نالے
وہ آج حنا باندہ کے ہاتھون مین جو سوئین ۔ کچھ بے خودی شوق بہی رنگ اپنا جمالے
دانا ہے تو نادانون کی صحبت سے حذر کر ۔ بینا ہے تو فیض نظر اہل صفا لے
سمجھین رہ الفت مین اوسے بستر گل پانون ۔ تلوؤن مین پڑین دشت نوردی سے جو چھالے
ظالم کو ہے شوریدہ گئے ظلم حلاوت ۔ خنجر کی زبان مین بہی کہین پڑتے ہین چھالے

پرسش سے لرزتا ہے حبیب جگر افگار
ستار اسے دامنِ رحمت مین چھپالے

ہان ہان کے سیوا کچھ نہین گرداو وفا لے ۔ بد عہد سے آخر جو کوئی لے بہی تو کیا لے
کہتے ہین یا تیرے نقش قدم دیکھنے والے ۔ بینا ہے جو ان چشمونکو آنکھونسے لگالے
آسان ہے کوہ الم و غم کا تحمل ۔ شہزور وہ ہے دلکو جو دنیا سے اُٹھالے
لازم ہے نبا ہے اوسے دم تن مین ہی جبتک ۔ جس بات کو انسان کبہی مُنہ سے نکالے
عارف کی نظر مین مئی وحدت سے بہری ہین ۔ پیمانے گل سرخ کے لالے کے پیالے
حق بین جو نگاہین ہون تو انصاف کرے دل ۔ کج فہمونکی آنکھونمین تعصب کے ہین جالے
کہتی ہے نظر مجھسے دکہا کر تیری تصویر ۔ دل مین اسے رکھ لے اسی آنکھونمین بٹھالے
پچھتاؤگے شوریدہ سرون کو نہ رلاؤ ۔ سوتون کو تہہ خاک جگادینگے یہ نالے
بنتے نہین مرغ قفسی رنگ کے طائر ۔ آزاد ہین ان کو کوئی پالے کہ نہ پالے
سمجھے کوئی کسطرح سے اوس شوخ کا منشا ۔ جو بات کہے ایک سے اور ایک پہ ڈہالے
واعظ نہ بنین عاشق و معشوق کے مصلح ۔ رنگ انکے انوکہے ہین تو ڈہنگ انکے نرالے

وہ شوخ کرے قبر پہ آنے کا جو وعدہ
مر جائین یہ فرقت کی جفا جھیلنے والے

رہتا ہے جلیب اپنے خیالات مین سرشار
کون اسکو نصیحت کرے کون اسکو سنبھالے

چل گئی تیغ ادا تیر نظر سے پہلے
ہو گیا کام میرے دل کا جگر سے پہلے

وہ چلے گھر سے تو پلٹا میرا دم آنکھون سے
آگیا ہوش مین آنے کی خبر سے پہلے

یون سہی ہو گئے ہم آپکی الفت مین مقیم
آج کرتے ہین گدائی اسی در سے پہلے

بعد خالق سبقت اشرف مخلوق کو ہے
شک نہین اسمین بشر ہی تھے بشر سے پہلے

دور کیون جاتے ہو گر دل سے ہو مشتاق جمال
اپنے انفاس کو دیکھو تو نظر سے پہلے

کیا ہے طالب عقبے کو خیال دنیا
منزلین کرتی ہین گھر دل مین سفر سے پہلے

رزق مقسوم بہر طور یہین ملتا ہے
آیا ہر پھر کے گیا جو تیرے در سے پہلے

آتش فتنہ خموشی مین بھڑکتی ہے کہین
جب لڑے سنگ صدا نکلی شرر سے پہلے

فکر بے سود ہے جب جان کے لالے پڑ جائین
چاہیئے نفع کی تدبیر ضرر سے پہلے

کھلگیا یہ بھی ہین دو خامۂ ایجاد کے نقش
نام روشن تھا تیرا شمس و قمر سے پہلے

فکر شہرت کبھی زیبا نہین بے کسب کمال
عیب کو دیکھتے ہین لوگ ہنر سے پہلے

جس سے آغاز ہے ہوتا ہے اسی پر انجام
تخم آخر ہے ثمر سے تو شجر سے پہلے

پیچ دتاب اپنا گوارا ہو تو دے اور کو رنج
زلف دلدار نے بل کھائے کمر سے پہلے

شہرت نقص ہے آفاق مین جاہل کا فروغ
صبح کاذب ہے جو ہوتی ہے سحر سے پہلے

شاد و شادان ہین تو مغموم رہیگا نہ جلیب
قدر ناسخ کی ہوئی تھی اسی گھر سے پہلے

دل لیگا تیرا طرۂ طرار اور بھی
جادو ہے یہ سلاست گفتار اور بھی

دامن مین بھیگنے کو ہین کچھ تار اور بھی
دو چار قطرے کر دیدۂ خونبار اور بھی

زاہد تو لوٹے ہوش ہین واعظ ہین ساقیا
بیٹھے ہین ان کی آڑ مین دو چار اور بھی

دیکھے جو عاشقون نے وہ نیرنگ کچھ نہ تھی
بدلیگی رنگ چشم فسون کار اور بھی

دو چار خون کرکے ستمگر کدھر چلا
بیٹھے ہین جان دینے کو دو چار اور بھی

شہرۂ جہان مین بڑھ گیا یوسف کے آپ کا
کیا ہے خیال گرمئ بازار اور بھی

سنتے ہو گر تو کہتے ہین ورنہ نہین سہی
کچھ حال دل ہے قابل اظہار اور بھی

شاہ و گدا ہین سب میرے مالک سے ملتجی
اس سے بڑی ہے کیا کوئی سرکار اور بھی

میرے پری جمال کا ثانی نہین کوئی
ہونیکو ہین جہان مین طرحدار اور بھی

ساقی ہے دل تو سیر پہ نیت بھری نہین
بھر بھر کے جام دے ہمین دو چار اور بھی

عصیان سے مجکو کرکے سبکدوش ای رحیم
احسان سے اپنے کردے گرانبار اور بھی

ساقی نے آنکھ سے جو اشارہ کیا کہ لو
ہم پی کے جام ہوگئے سرشار اور بھی

کافی نہوگا حشر کا اک دن حساب کو
نکلے جو مجھسے چند گنہگار اور بھی

میرے کریم کو وہی سائل پسند ہے
لے لیکے کہتا جائے جو ہر بار اور بھی

اہل سخن ہین تشنۂ فیض شہ دکن
باقی ہے اک حبیب نمک خوار اور بھی

بالخیر

اعلان

اس دیوان کی رجسٹری سرکار نظام و سرکار انگلشیہ دونون جگہ کرادی گئی ہے کوئی صاحب بے اجازت چھاپنے یا چھپوانیکا قصد نہ کرین ورنہ خلاف ورزی قانون کا خمیازہ اوٹھانا پڑیگا۔ جس شخص کو جتنی جلدین مطلوب ہون محمد ابراہیم خان اکبرآبادی مہتمم مطبع شمسی حیدرآباد دکن بازار شیدی عنبر سے طلب کرے قیمت فی جلد عہ کمپنی یا عہ ۸ حالی قرار پائی ہے۔ فقط

المشتہر

سیّد محمدؐ کاظم متخلص بہ حبیب کنتوری

اشتہار چھپائی مطبع شمسی حیدرآباد دکن

[illegible]

... مہتمم مطبع شمسی حیدرآباد دکن